CLASS - 7

جماعت - ہفتم

SOCIAL SCIENCE

SEMESTER - 1

سماجی علوم

سمسٹر - 1

© Government of Andhra Pradesh, Amaravati

First Published 2026

DISCLAIMER

Any form of copying of the content, information and illustrations from this textbook is a punishable offence.

All rights reserved

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published. Without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser. The copyright holder of this book is the Commissioner of School Education, Amaravati, Andhra Pradesh.

This book has been printed on 70 GSM, SS Maplitho, Title Page 220 GSM, White Artcard.

Published by Samagra Shiksha & SCERT - Government of Andhra Pradesh, Amaravati.

Our National Anthem قومی ترانہ

Jana-gana-mana-adhinayaka jaya he
Bharata-bhagya-vidhata
Panjaba-Sindhu-Gujarata-Maratha
Dravida-Utkala-Banga
Vindhya-Himachala-Yamuna-Ganga
uchchala-jaladhi-taranga
Tava Subha name jage,
tava subha asisa mage,
gahe tava jaya-gatha.
Jana-gana-mangala-dayaka jaya he
Bharata-bhagya-vidhata.
Jaya he, Jaya he, Jaya he,
jaya jaya jaya jaya he.

– Rabindranath Tagore

جن گن من ادھی نایک جیہ ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا
ڈراوڈ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا
اچھل جل دھی ترنگا
توشبھ نامے جاگے
توشبھ آسش ماگے
گاہے توجیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیہ ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیہ ہے، جیہ ہے، جیہ ہے
جیہ جیہ جیہ جیہ ہے

–رابندر ناتھ ٹیگور

Pledge || عہد

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی اور بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گونا گوں ورثے پر فخر کرتا ہوں / کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا / کرتی رہوں گی۔ میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا / کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا / کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ کروں گا / کروں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں / کرتی ہوں۔

–پیڈی مرّی وینکٹا سُبّاراؤ

India is my country. All Indians are my brothers and sisters.
I love my country and I am proud of its rich and varied heritage.
I shall always strive to be worthy of it.
I shall give my parents, teachers and all elders respect,
and treat everyone with courtesy. I shall be kind to animals.
To my country and my people, I pledge my devotion.
In their well-being and prosperity alone lies my happiness.

- Pydimarri Venkata Subba Rao

Printed in India
at the A.P. Govt., Textbook Press
Amaravati, Andhra Pradesh.

National Education Policy - 2020

The National Education Policy 2020 (NEP 2020) envisions a holistic, flexible, and learner-centred education system. It emphasizes competency-based learning and experiential approaches that make education meaningful and engaging. NEP 2020 highlights the importance of 21st-century skills such as critical thinking, creativity, communication, and problem-solving. It encourages the integration of real-life learning, innovation, and technology-enabled pedagogies. Overall, the policy aims to build an inclusive and future-ready education system that empowers every learner to thrive in a rapidly changing world.

قومی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP 2020) ایک ہمہ جہت، لچکدار، اور طالبِ علم مرکز تعلیمی نظام کا تصور پیش کرتی ہے۔ یہ قابلیت پر مبنی تعلیم اور تجرباتی طریقۂ تدریس پر زور دیتی ہے، جو تعلیم کو بامعنی اور دلچسپ بناتے ہیں۔ NEP 2020 تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیت، ابلاغ، اور مسئلہ حل کرنے جیسی اکیسویں صدی کی مہارتوں کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ حقیقی زندگی سے متعلق سیکھنے، اختراع، اور ٹیکنالوجی پر مبنی تدریسی طریقوں کے انضمام کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ مجموعی طور پر، یہ پالیسی ایک ایسا جامع اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی نظام قائم کرنے کا مقصد رکھتی ہے جو ہر سیکھنے والے کو تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں کامیابی کے ساتھ آگے بڑھنے کے قابل بنائے۔

AP SCERT

NCF (SE) 2023 - Curricular Goals

Mathematics education in the middle stage (Grades 6–8) aims to nurture holistic development by building logical thinking, sound reasoning, and confident problem-solving skills in every learner. In alignment with NCF 2023, the focus shifts from rote memorization to deep conceptual understanding, encouraging students to explore, question, and connect mathematical ideas meaningfully. The Curriculum Goals and Competencies outlined in each chapter guide this journey by linking mathematical learning to real-world contexts, preparing students to apply their knowledge thoughtfully in everyday life.

National Curriculum Framework 2023 کے مطابق مڈل اسٹیج (جماعت 6 تا 8) میں ریاضی کی تعلیم کا مقصد ہر طالبِ علم میں ہمہ جہتی نشوونما پیدا کرنا ہے، جس کے ذریعے منطقی سوچ، درست استدلال، اور پُراعتماد مسئلہ حل کرنے کی مہارتیں فروغ پاتی ہیں۔ اس مرحلے میں توجہ رٹنے کی بجائے تصورات کی گہری سمجھ پر دی جاتی ہے، تاکہ طلبہ ریاضیاتی خیالات کو معنی خیز انداز میں دریافت کریں، سوال کریں، اور آپس میں جوڑ سکیں۔ ہر باب میں بیان کردہ نصابی اہداف اور صلاحیتیں اس تعلیمی سفر کی رہنمائی کرتی ہیں، جو ریاضی کے سیکھنے کو حقیقی زندگی کے حالات سے جوڑتی ہیں اور طلبہ کو اپنی معلومات کو روزمرہ زندگی میں سوچ سمجھ کر استعمال کرنے کے لیے تیار کرتی ہیں۔

APSCERT

CONTENTS

Chapter	Chapter Name	Month	Page No.
	Readiness (آمادگی)	June/جون	2-27
	Theme A – India and the World : Land and the People		
1.	Geographical Diversity of India ہندوستان کا جغرافیائی تنوع	July جولائی	28-69
2.	Understanding the Weather موسم کو سمجھنا	July جولائی	70-99
3.	Climates of India ہندوستان کی آب وہوا	July جولائی	100-139
	Theme B – Tapestry of the Past		
4.	New Beginnings : Cities and States نئی ابتدا: شہر اور ریاستیں	July جولائی	140-161
5.	The Rise of Empires سلطنتوں کا عروج	August اگست	162-217
6.	The Age of Reorganisation تنظیم نو کا دور	August اگست	218-261
	Theme C – Our Cultural Heritage and Knowledge Traditions		
7.	How the Land Becomes Sacred? زمین کس طرح مقدس بنتی ہے	September ستمبر	262-295
	Theme D – Governance and Democracy		
8.	From the Rulers to the Ruled: Types of Governments حکمراں سے رعایا تک: حکومت کی اقسام	September ستمبر	296-337
	Theme E – Economic Life Around Us		
9.	From Barter to Money مبادلہ کاری سے زر تک	September ستمبر	338-367
10.	Understanding Markets بازاروں کو سمجھنا	October اکتوبر	368-407
11.	Integrated AI مصنوعی ذہانت کا انضمام	October/اکتوبر	408-427
	Glossary فرہنگ ذہنی خاکہ		428-431

A7U7L3

Teacher Corner

D5F4H6

Student Corner

DAY 1

READINESS

LONGITUDES AND LATITUDES

Q8T3U7

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Recall the concepts of latitude and longitude.
2. Identify the longitudes and latitudes of india and Andhra Pradesh.



Discuss the students about the concepts related to latitudes and longitudes.




ACTIVITY - 1 :

1. writes down the major latitudes and longitudes in the book.
2. Find out the location of Andhra Pradesh and India with help of teacher.

ACTIVITY - 2 :

Draw & name the major latitudes and longitudes below in the circle.



ACTIVITY 3 :

Write the longitudes and latitudes of the

1. India's location ..... latitudes, ... longitudes.
2. Andhra Pradesh's location ..... latitudes, ... longitudes.

ACTIVITY 4 :

1. ..... is an imaginary line about which a body rotates.
2. 23½° Narthern latitude .....
3. ..... are imaginary lines that run parallel to the equator.
4. ..... are imaginary lines that run between the North pole and South pole.
5. ..... is the half of the earth that lines Norht of the Equator.

AP SCERT

دن 1

طول بلد اور عرض بلد

B2M1M3

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) عرض بلد اور طول بلد کے تصور کو یاد کریں گے۔

(2) ہندوستان اور آندھرا پردیش کے طول بدل اور عرض بلد کی شناخت کریں گے۔




معلم کی سرگرمی:

عرض بلد اور طول بلد کے متعلق تصورات کے بارے میں طلبا سے بحث و مباحثہ کریں گے۔





طلبا کی سرگرمی

مشغلہ-1

(1) طلباء اپنے نوٹ بک میں اہم طول بلد اور عرض بلد لکھیں گے۔

(2) طلباء اپنے استاد کی مدد سے آندھرا پردیش اور ہندوستان کے محل وقوع کو معلوم کریں گے۔

مشغلہ-2



دیے گئے دائرے میں اہم عرض بلد اور طول بلد کی لکیریں کھینچئے اور ان کے نام لکھئے۔

مشغلہ-3

طول بلد اور عرض بلد لکھئے۔

(1) ہندوستان کا محل وقوع _____ عرض بلد _____ طول بلد۔

(2) آندھرا پردیش کا محل وقوع _____ عرض بلد _____ طول بلد۔

مشغلہ-4

(1) _____ ایک خیالی خط ہیں جس کے اطراف سیارے گھومتے ہیں۔

(2) $23\frac{1}{2}^{0}$ شمالی عرض بلد _____۔

(3) _____ وہ خیالی لکیریں، جو خط استواء کے متوازی چلتے ہیں۔

(4) _____ خیالی لکیریں جو قطب شمالی اور قطب جنوبی کے درمیان چلتے ہیں۔

(5) _____ زمین کا وہ نصف حصہ ہے جو خط استواء کے شمال میں واقع ہے۔

APSCERT

DAY 2

KEYWORDS OF GEOGRAPHY

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Understand the meanings of keywords of geography.
2. Apply the knowledge in the process of learning geography.



Teacher introduce the new words and ask the students to read the keywords aloud, write them as homework



ACTIVITY - 1 :

Learn new words from geography and write them in notebook Geography

ACTIVITY - 2 :

KEY WORDS - DEFINITIONS

Landform / Water Body	Definition
Mountain	A very high land with a peak.
Plateau	A high, flat land above the area around it.
Desert	A very dry area with little vegetation.
Valley	A low area between mountains or hills.
Waterfall	A river falling from a high place.
Delta	A triangle of land at a river's mouth.
River	A natural flowing stream of water.
Island	A land surrounded by water.
Peninsula	Land with water on three sides.
Plain	A large, flat area of land.
Gulf	A part of sea partly enclosed by land.
Bay	A broad inlet of the sea.
Sea	A large body of salty water.
Ocean	The biggest body of water.
Lake	A large water body in the land.

APSCERT

دن 2

جغرافیہ کے متعلق کلیدی الفاظ

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

1 جغرافیہ کے کلیدی الفاظ / تصورات کے معنی کا فہم حاصل کریں گے۔

2 جغرافیہ کے اکتسابی عمل میں معلومات کا اطلاق کریں گے۔



معلم کی سرگرمی

معلم اپنی جانب سے کلیدی الفاظ / تصورات کا شروع سے آغاز کرتے ہوئے طلباء کو پڑھنے کے لئے کہتے ہیں اور انہیں ہوم ورک کے طور پر لکھنے کے لئے کہتے ہیں۔



طلبا کی سرگرمی

مشغلہ-1 جغرافیہ کے متعلق سے نئے الفاظ لکھتے ہیں اور اپنے جغرافیہ کی نوٹ بک میں نوٹ لکھتے ہیں۔

مشغلہ-2

زمینی اشکال / آبی ذخائر	وضاحت
پہاڑ	ایک بہت اونچی زمین جس کی چوٹی ہو۔
سطح مرتفع	بلند اور ہموار زمین کا حصہ۔
صحرا / ریگستان	ایک بہت خشک علاقہ جہاں بناتات بہت کم ہو۔
وادی	پہاڑوں یا پہاڑیوں کے درمیان موجود نشیبی علاقہ۔
آبشار	اونچی جگہ سے گرنے والی ندی کی دھار۔
ڈیلٹا	مثلث نما شکل جو دریا کے دہانے پر موجود ہوتی ہے۔
دریا	قدرتی طور پر بہنے والی پانی کی نہر۔
جزیرہ	وہ زمین جو چاروں طرف سے پانی سے گھری ہوئی ہو۔
جزیرہ نما	وہ زمین جو تین طرف سے پانی سے گھری ہوئی ہو۔
میدان	زمین کا ایک بڑا اور ہموار حصہ۔
کھاڑی	سمندر کا وہ حصہ جو خشکی کے اندر تک داخل ہو جاتا ہے۔
خلیج	وہ حصہ کو کھاڑی کے مقابلے میں زیادہ کھلا ہوتا ہے۔
سمندر	نمکین پانی کا ایک بڑا جسم جو زمینوں کے درمیان موجود ہوتا ہے۔
بحر	براعظموں کو علیحدہ کرنے والا عظیم پانی کا حصہ۔
جھیل	ہر طرف زمین سے گھرا ہوا پانی کا ایک بڑا ذخیرہ۔

DAY 3

OUR STATE - ANDHRA PRADESH

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. locate the boundaries of andhra pradesh in a map.

Teacher Activity

1. The teacher initiates a discussion to introduce Andhra Pradesh.
2. Teacher makes the students write the new districts of Andhra Pradesh and mark the boundaries in the given map.


Student Activity

Activity-1 : Locate the boundaries and identify the newly created distrcits.

MAAPING SKILLS :

Activity-2 : Locate the boundries of Andhra Pradesh.

Activity-3 : Locate the newly Formed Districts Polavaram, Markapuram in the map (use the same map given here).



AP SCERT

دن 3

ہماری ریاست۔ آندھرا پردیش

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) آندھرا پردیش کے سرحدوں کی نشاندہی کریں گے۔

معلم کی سرگرمی:

(1) آندھرا پردیش کے بارے میں طلباء کو تعارف کراتے ہوئے بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔

(2) معلم طلباء سے آندھرا پردیش کے نئے اضلاع کے نام لکھواتے ہوئے دیے گئے نقشہ میں سرحدوں کی نشاندہی کرواتے ہیں۔

طلبا کی سرگرمی:

مشغلہ-1 سرحدوں کی نشاندہی کرتے ہوئے نئے اضلاع کی نشاندہی کریں گے۔

نقشہ جاتی مہارتیں

مشغلہ-2 آندھرا پردیش کی سرحدوں کی نشاندہی کریں گے۔

مشغلہ-3 نقشے میں نئے بننے والے اضلاع پولاورم اور مارکاپورم کی نشاندہی کریں گے۔



AP SCERT

DAY 4

KEYWORDS OF HISTORY

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Learn new words from history and Use the keywords to understand the history lessons better.



The teacher initiates discussion to introduce key words from history.



ACTIVITY-1 : **Oral Quiz :** One student says the word the other tells its meaning.

ACTIVITY-2 : Read the keyword and write them in notebook.

S.No.	Keyword	Definition
1.	Ancient	Very old, belonging to a time thousands of years ago.
2.	Mediaeval (Medieval)	The period of history between ancient and modern times, roughly from the 5th to the 15th century.
3.	Excavation	The process of digging the earth to find remains of past human life such as tools, buildings, or bones.
4.	Historian	A person who studies and writes about the past using historical sources.
5.	History	The study of past events, and human life.
6.	Archaeologist	A person who studies ancient remains like tools, pot-tery, and bulidings to learn about the past.
7.	Kingdom	A country or region ruled by a king or queen.
8.	Empire	A lange group of countries or regions ruled by one emperer or rules.
9.	Invasion	When an army enters another country by force to take control of it.
10.	Culture	The customs, traditions, beliefs, language, and way of life of a group of people.

APSCERT

دن 4 تاریخ کے متعلق کلیدی الفاظ

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) تاریخ سے متعلق نئے الفاظ سیکھیں گے اور تاریخ کے اسباق کو بہتر طور پر سمجھنے کے لئے کلیدی الفاظ استعمال کریں گے۔



معلم تاریخ کے کلیدی الفاظ کو متعارف کرانے کے لئے بحث ومباحثہ شروع کریں گے۔



مشغلہ-1 زبانی کوئز: ایک طالب علم ایک لفظ کہتا ہے دوسرا طالب علم اس کا مطلب بتاتا ہے۔

مشغلہ-2 کلیدی الفاظ پڑھیں اور انہیں نوٹ بک میں لکھیں۔

سلسلہ نمبر	کلیدی الفاظ	تعارف
1	قدیم	بہت پرانا ہزاروں سال پہلے کے زمانے سے تعلق رکھتا ہے۔
2	عہد وسطیٰ	قدیم اور جدید دور کے درمیان کے تاریخ کا دور تقریباً 5ویں صدی سے 15ویں صدی تک۔
3	کھدائی	قدیم زمانے کے انسانی زندگی کے باقیات جیسے عمارتیں، اوزار یا ہڈیاں تلاش کرنے کیلئے زمین کھودنے کا عمل۔
4	مورخ	وہ شخص جو تاریخی ذریعہ کا استعمال کرتے ہوئے ماضی کا مطالعہ کرتا اور تاریخ لکھتا ہے۔
5	تاریخ	ماضی کے واقعات اور انسانی طرز زندگی کا مطالعہ۔
6	ماہر آثار قدیمہ	وہ شخص جو قدیم واقعات کا مطالعہ کرتا ہو جیسے کہ آوزار، برتن اور عمارتوں کے ذریعہ ماضی کی تاریخ کے بارے میں جاننا۔
7	سلطنت	ایک ملک یا علاقہ جس پر بادشاہ یا ملکہ حکومت کرتے ہو۔
8	شہنشاہیت	وہ ممالک یا علاقہ ایک لمبا گروہ جس پر ایک شہنشاہ یا قائد حکمرانی کرتا ہو۔
9	حملہ	کوئی فوج اپنے طاقت کے ذریعہ دوسرے ملک میں زبردستی داخل ہوتا ہو۔
10	ثقافت	لوگوں کے ایک گروہ کا رہن سہن، رسم ورواجات یا عقائد، زبان اور طرز زندگی

DAY 5

WEATHER

Learning Outcomes : Students will be able to -

Understand the meaning of weather and its components.



The teacher initiates the discussion on the concept of weather and its influence on us.



ACTIVITY - 1 : Writes down answers and draws the picture.

ACTIVITY - 2 : Write all the places you and classmates have visited in summer vacation.

ACTIVITY - 3 : You might have observed that the summer was incredibly hot. Did it remain the same all days were there any differences in conditions. yes this change of conditions frequently called weather. Here is a clear definition to weather. Understand it with help of your teacher.

Weather : Weather is a state of the Earth's atmosphere at a particular time and place.

Write the differences in weather conditions of summer, winter and rainy seasons in your notebook.

ACTIVITY - 1V : Draw pictures showing different weather conditions (Sunny, rainy, clowdy, windy)

APSCERT

دن 5

موسم

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

موسم اور اس کے اجزاء کے معنی کا مفہوم حاصل کریں گے۔



معلم موسم کا تصور اور ہم پر اس کے اثرات پر بحث و مباحثہ کی شروعات کمرۂ جماعت میں کریں گے۔



مشغلہ-1 جوابات لکھیے اور تصویر اتاریے۔

مشغلہ-2 گرما کی چھٹیوں میں آپ اور آپ کے ہم جماعتی ساتھیوں کے دورہ کردہ مقامات کے نام لکھئے۔

مشغلہ-3 آپ نے مشاہدہ / محسوس کیا ہوگا کہ موسم گرما نا قابل یقین حد تک گرم تھا۔

کیا اس کی کیفیت میں کوئی فرق محسوس ہوا، یا سارے دن ویسے ہی رہے؟

ہاں کیفیت کی اس تبدیلی کو موسم کہتے ہیں۔ یہ موسم کی واضح تعریف ہے۔ اسے اپنے معلم کی مدد سے سمجھئے۔

موسم: کسی خاص وقت اور جگہ پر زمین کی فضائی کیفیت بشمول درجہ حرارت کو موسم کہتے ہیں۔

اپنے نوٹ بک میں موسم گرما، موسم سرما اور موسم برسات کے موسمی حالات کے درمیان فرق کو تحریر کریں۔

مشغلہ-4 مختلف موسمی حالات منصوبے جیسے دھوپ، بارش، بادل اور تیز ہوا کو ظاہر کرنے والی تصویریں بنائیں۔

APSCERT

DAY 6

ORGANS OF GOVERNMENT

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Recalls his previous knowledge about organs of the government.
2. Differentiate the organs of the government.

Teacher Activity

The teacher initiates a discussion to introduce the concept.

Student Activity

ACTIVITY - 1 : Read the words and definitions given in the picture.

ACTIVITY - 2 : Classify the following into legislature, executive and judiciary.

ORGANS OF GOVERNMENT

LEGISLATURE	EXECUTIVE	JUDICIARY
This is decision (laws)making body	This is decision (laws)implementing body	This is the system of courts that interprets the laws
 Parliament of India	 Rastrapathi Bhavan	 Supreme Court

Answer the questions below.

1. Who makes the laws in our country?
2. Who implements or carries out the laws?
3. Who gives justice and solves disputes in a country?
4. Name the three organs of the government.
5. Which organ of the government runs the day-to-day administration?

دن 6

حکومت کے شعبے

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) حکومت کے شعبوں کے بارے میں سابقہ معلومات کو یاد کریں گے۔

(2) حکومت کے شعبوں میں فرق کریں گے۔

معلم کی سرگرمی

معلم بحث و مباحثہ کے عمل سے مواد کو متعارف کرواتے ہیں۔

طلبا کی سرگرمی

مشغلہ-1: تصویر میں دیے گئے الفاظ اور اس کے معنی پڑھیں۔

مشغلہ-2: درج ذیل کو مقننہ، عاملہ اور عدلیہ میں درجہ بندی کیجئے۔

حکومت کے شعبے

عدلیہ

یہ عدالتوں کا نظام ہے جو قوانین کی تشریح کرتا ہے



سپریم کورٹ

عاملہ

یہ فیصلہ (قوانین) نافذ کرنے والا ادارہ ہے



راشٹرپتی بھون

مقننہ

یہ فیصلہ (قوانین) بنانے والا ادارہ ہے



ہندوستان کی پارلیمنٹ

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

- ہمارے ملک میں قوانین کون بناتا ہے؟
- قوانین کو کون نافذ کرتا ہے؟
- ملک میں انصاف کون دیتا ہے اور تنازعات کون حل کرتا ہے؟
- حکومت کے تین شعبوں کے نام لکھئے۔
- حکومت کا کون سا ادارہ روزانہ کا انتظامیہ چلاتا ہے؟

DAY 7

LOCAL GOVERNMENT

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Recalls their previous knowledge about the local government.



Teacher initiates the discussion on the concepts related to the local government.



ACTIVITY - 1 : Read the table and fill with corret answers (with the help of your teacher).

Designation	Elected by	Direct / Indirect Election
World Member		
Sarpanch		
Upa-sarpanch		
MPTC		
ZPTC		
Mandal Parishad President		
Zilla Parishad Chairman		
Muncipal Chairman		
Mayor		

ACTIVITY - 2 : Write the facilities that are available in your village and facilites that are not available.

Available facilities	Not available facilities

AP SCERT

دن 7

مقامی حکومت

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) مقامی حکومت کے بارے میں اپنی سابقہ معلومات کو یاد کریں گے۔



معلم کی سرگرمی



معلم مقامی حکومت سے متعلق تصورات کو یاد دلانے کے لئے بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔



طلبا کی سرگرمی



مشغلہ-1 جدول پڑھ کر اپنے معلم کی مدد سے پُر کیجئے۔

		راست / بلواسطہ انتخاب
وارڈ ممبر		
سرپنچ		
نائب سرپنچ		
ایم پی ٹی سی		
زیڈ پی ٹی سی		
منڈل پریشد		
ضلع پریشد چیئرمین		
میونسپل چیئرمین		
میئر		

مشغلہ-2 اپنے گاؤں میں دستیاب سہولیات اور غیر دستیاب سہولیات جدول میں لکھئے۔

دستیاب سہولتیں	غیر دستیاب سہولتیں

DAY 8

MAPPING SKILLS

Learning Outcomes : Students will be able to -


1. Locate the states and union territories of India in the map.

Teacher Activity

Teh teacher initiates the discussion on the states and union territories.

Student Activity

ACTIVITY -1 Label the states and union territories in the given map of India.



APSCERT

دن 8

نقشہ جاتی مہارتیں

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...


(1) ہندوستان کے نقشے میں ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کی نشاندہی کر سکیں گے۔

معلم کی سرگرمی

معلم ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں پر بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔

طلبا کی سرگرمی

مشغلہ-1 دیے گئے ہندوستان کے نقشے میں ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے نام کی نشاندہی کر کے لکھیے۔



APSCERT

DAY 9 KEYWORDS OF POLITICAL SCIENCE

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Learn new words from Political Science and use them to understand the content better.



The teacher initiates the discussion to introduce keywords from the Political Science.



ACTIVITY-1 : Reads the keywords with proper pronunciation with the help of their teacher and write them in their notes.

ACTIVITY-2 :

1. **Government :** The government is a group of people who run the country and make decisions for the people.
2. **Democracy :** Democracy is a form of government where people choose their leaders by voting.
3. **Monarchy :** A monarchy is a system of government where a king or queen rules the country.
4. **Elections :** Elections are the process of choosing leaders by voting.
5. **Universal Adult Franchise :** Universal adult franchise means all citizens above 18 years have the right to vote.
6. **Representatives :** Representatives are people elected by citizens to speak and make decisions on their behalf.
7. **Constitution :** The constitution is the highest law of a country that explains how the country is governed.
8. **Parliamentary System :** A parliamentary system is a system where the government is formed by representatives elected to the parliament.
9. **Rule of Majority :** Rule of majority means the decision supported by most people is accepted.
10. **Bill :** A bill is a proposed law that is discussed in the parliament before it becomes a law.

AP SCERT

دن 9

سیاسیات کے کلیدی الفاظ

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) سیاسیات سے متعلق نئے الفاظ کو سیکھیں گے جس سے سبق کو اچھی طرح سمجھنے میں مدد ملے گی۔



سیاسیات کے کلیدی الفاظ کا تعارف کراتے ہوئے بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔



مشغلہ-1 اپنے معلم کی مدد سے کلیدی الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھ کر اپنی کتاب میں لکھیں گے۔

مشغلہ-2

1	حکومت	:	حکومت، لوگوں کا گروہ ہے جو ملک چلاتے ہیں اور عوام کے لئے فیصلہ کرتے ہیں۔
2	جمہوریت:	:	حکومت کی وہ شکل ہے جہاں لوگ اپنے ووٹ کے ذریعہ اپنے لیڈروں کا انتخاب کرتے ہیں۔
3	بادشاہت:	:	حکومت کا وہ نظام ہے جہاں بادشاہ یا ملکہ ملک پر حکومت کرتے ہیں۔
4	انتخابات	:	انتخابات ووٹ کے ذریعہ لیڈروں کو منتخب کرنے کا عمل ہے۔
5	عام بالغ حق رائے دہی	:	جس کی عمر 18 سال سے زائد ہے ان تمام شہریوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔
6	نمائندے	:	نمائندے وہ لوگ ہوتے ہیں جنہیں عوام اپنے ووٹ کے ذریعہ منتخب کرتے ہیں اور انہیں اپنی طرف سے بات کرنے کے لئے اور فیصلے کرنے کے لئے منتخب کیا جاتا ہے۔
7	دستور	:	دستور کسی ملک کا اعلیٰ ترین قانون ہوتا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ ملک کا نظام کیسے چلایا جائے۔
8	پارلیمانی نظام	:	پارلیمانی نظام ایک ایسا نظام ہے جہاں حکومت ان نمائندوں سے بنتی ہے جو پارلیمنٹ کیلئے منتخب ہوتے ہیں۔
9	اکثریت کی حکمرانی:		اکثریت کی حکمرانی کا مطلب اکثریت کے فیصلہ کو قبول کرنا۔
10	بل	:	بل ایک تجویز کردہ قانون ہوتا ہے جس پر قانون بننے سے پہلے پارلیمنٹ میں بحث کی جاتی ہے۔

DAY 10

KEYWORDS OF ECONOMICS

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Learn new words from economics and Use the keywords to understand the lessons better.



The teacher initiates the discussion to introduce key words from the Economics.



ACTIVITY-1 : Reads the keywords with proper pronunciation with the help of their teacher and write them in their notes.

ACTIVITY-2 : Read the keyword and write them in notebook.

1. **Market :** A market is a place where people buy and sell goods and services.
2. **Producer :** A producer is a person who makes or grows goods such as farmers, craftsmen, or factory workers.
3. **Consumer :** A consumer is a person who buys and uses goods.
4. **Shop :** A shop is a place where goods are sold to customers.
5. **Supermarket :** A supermarket is a large shop where many different goods are sold in one place.
6. **Weekly Market :** A weekly market is a market that opens once a week in a particular place.
7. **Shopping Mall :** A shopping mall is a big building with many shops under one roof.
8. **Price :** The price is the amount of money paid to buy something.
9. **Wholesale Market :** A wholesale market is a place where goods are sold in large quantities to traders.
10. **Transaction :** A transaction is a process of exchanging goods, services, or money.

APSCERT

دن 10

معاشیات کے کلیدی الفاظ

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

(1) معاشیات سے متعلق نئے الفاظ سیکھیں گے اور کلیدی الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے سبق کو اچھی طرح سمجھیں گے۔



معلم معاشیات سے متعلق کلیدہ الفاظ کا تعارف کراتے ہوئے بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔



مشغلہ-1 کلیدہ الفاظ کو صحیح تلفظ سے پڑھیں گے، اور معلم کی مدد سے اپنی کتاب میں لکھیں گے۔

مشغلہ-2 کلیدی الفاظ کو پڑھیں گے اور اپنی کتاب میں لکھیں گے۔

(1) بازار : بازار وہ جگہ ہے جہاں لوگ اشیاء اور خدمات کی خرید و فروخت کرتے ہیں۔

(2) پیدا کنندہ گان : پیدا کنندہ گان وہ شخص ہے جو چیزیں بناتا ہے یا پیداوار کرتا ہے جیسے کسان، کاریگر یا فیکٹری کے ملازمین۔

(3) صارف : صارف وہ شخص ہے جو اشیا خریدتا اور استعمال کرتا ہے۔

(4) دکان : دکان وہ جگہ ہے جہاں گاہک کو سامان فروخت کیا جاتا ہے۔

(5) سوپر مارکیٹ : ایک بہت بڑی دکان، جہاں بہت مختلف اشیاء ایک ہی جگہ فروخت کی جاتی ہے۔

(6) ہفتہ واری بازار : ہفتہ واری بازار وہ مارکیٹ ہے جو کسی خاص جگہ پر ہفتہ میں ایک بار کھلتی ہے۔

(7) شاپنگ مال : شاپنگ مال ایک بڑی عمارت، ہوتی ہے جس میں ایک ہی چھت کے نیچے بہت ساری دکانیں ہوتی ہیں۔

(8) قیمت : قیمت وہ رقم ہے جو کسی چیز کو خریدنے کے لئے ادا کی جاتی ہے۔

(9) ٹھوک بازار : ٹھوک بازار وہ جگہ ہے جہاں سامان بڑی مقدار میں تاجروں کو فروخت کیا جاتا ہے۔

(10) لین دین : لین دین اشیاء، خدمات یا رقم کے تبادلے کا ایک عمل ہے۔

APSCERT

DAY 11

LANDFORMS AROUND US

Learning Outcomes : Students will be able to -


1. Understand the concepts of landforms with examples.

Teacher Activity

Teacher initiates discussion on the types of landforms with examples.

Student Activity

ACTIVITY - 1 : Colour these land forms and write one key feature of each.




Mountains



Plateau



Plains



Delta

ACTIVITY - 2 : Match the following mountain ranges with the districts in which they are found.

1. Yarada and ananthagiri hills	A. Kurnool
2. Konda palli hills	B. Visakhapatnam
3. Nallamala hills	C. NTR
4. Seshachalam hills	D. Eluru
5. Papikondalu	E. Tirupathi

دن 11

ہمارے اطراف کے زمینی اشکال

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...


(1) مثالوں کے ساتھ زمینی اشکال کے تصور کا فہم حاصل کریں گے۔

معلم کی سرگرمی

معلم کمرۂ جماعت میں زمینی اشکال کے تصور سے متعلق بحث و مباحثہ شروع کریں گے۔

طلبا کی سرگرمی

مشغلہ-1 زمینی اشکال میں رنگ بھریں اور ہر ایک شکل کے متعلق ایک خصوصیت لکھئے۔



پہاڑ



سطح مرتفع



میدان



ڈیلٹا

مشغلہ-2 درج ذیل پہاڑی سلسلوں کو ان اضلاع سے جوڑیں جس میں وہ پائے جاتے ہیں۔

(1) یاراڈا اور آب۔۔۔ گری پہاڑ

(2) کونڈاپلی پہاڑ

(3) نلاملا پہاڑ

(4) شیشا چلم پہاڑ

(5) پاپی کونڈا پہاڑ

A - کرنول

B - وشاکھاپٹنم

C - این ٹی آر

D - ایلور

E - تروپتی

DAY 12

UNITY IN DIVERSITY

Learning Outcomes : Students will be able to -

1. Recall their previous knowledge about Unity in Diversity in previous class.



Make students recall the lessons from previous classes.



Complete the work given below.

ACTIVITY - 1 : Match the following.

Column A - Religion	**Column B - Sacred Book**
1. Hinduism	A. Quran
2. Islam	B. Tripitikas
3. Christianity	C. Angas
4. Buddhism	D. Guru Granth Sahib
5. Sikhism	E. Bible
6. Jainism	F. Bhagavad-Gita

ACTIVITY-2 : Write different languages, festivals you know.

ACTIVITY-3 : Write the names of 22 languages recognised by the Indian constitution.

AP SCERT

دن 12

کثرت میں وحدت

اکتسابی نتائج: طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

پچھلی جماعت میں سیکھے ہوئے سابقہ معلومات کی جانکاری یاد کریں گے۔



پچھلی جماعت میں سیکھے ہوئے سابقہ معلومات کو دہراتے ہیں۔



دیے گئے مشاغل کو مکمل کریں۔

مشغلہ-1 جوڑ لگائیے۔

کالم - A مذہب		کالم - B مذہبی کتاب
(1) ہندومت	A -	قرآن
(2) اسلام	B -	تری پیٹاکاس
(3) عیسائیت	C -	انگاس
(4) بدھ مت	D -	گرو گرنتھ صاحب
(5) سکھ مت	E -	بائبل
(6) جین مت	F -	بھگوت گیتا

مشغلہ-2 مختلف زبان اور تہوار کے بارے میں لکھئے جو آپ جانتے ہیں۔

مشغلہ-3 دستورِ ہند کے ذریعہ تسلیم شدہ 22 زبانوں کے نام لکھیے۔

APSCERT

SLIP TEST

PART – A : Fill in the Blanks (Knowledge & Mechanical)

1. The imaginary lines running east to west on the globe are called .....
2. Weather is the condition of the Earth's ..... at a particular time and place.
3. The three organs of government are Legislature, ... and .....
4. A proposed law is called a .....
5. A market that opens once a week is called a ..... market.

PART – B: Multiple Choice Questions (Understanding & Application)

6. Which of the following is an example of a producer? ( )
   A) Farmer B) Student C) Teacher D) Doctor
7. Which type of government is ruled by a king or queen? ( )
   A) Democracy B) Republic
   C) Monarchy D) Parliamentary system
8. Which organisation conducts elections in India? ( )
   A) Parliament B) Election Commission
   C) Supreme Court D) President
9. A large building with many shops under one roof is called: ( )
   A) Weekly Market B) Shopping Mall
   C) Shop D) Wholesale Market
10. The rule that accepts the decision supported by most people is called:
    A) Democracy B) Rule of Majority ( )
    C) Constitution D) Monarchy

PART – C: Short Answer (Understanding & Application)

11. What is weather?
12. Name any two facilities available in your village or town.
13. What is a market? Write about the markets in your surroundings.

PART – D: Creative Question

13. If you live in a mountain area, how would your lifestyle be different from your present living place. Write in your own words.

APSCERT

تشخیص

Part - A: خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔(معلومات اور میکانیکل)

(1) وہ خیالی خطوط جو گلوب پر مشرق سے مغرب کی طرف چلتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ _____

(2) موسم ایک خاص وقت اور جگہ پر زمین کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حالت ہے۔

(3) حکومت کے تین شعبے یہ ہیں۔ مقننہ، _____ اور _____۔

(4) ایک تجویز کردہ قانون _____ کہلاتا ہے۔

(5) ہفتے میں ایک مرتبہ کھلنے والا بازار _____ کہلاتا ہے۔

Part - B: معروضی سوالات۔(تفہیم اور اطلاق)

(6) پیدا کنندگان کی ایک مثال ہے۔ ( )

a) کسان b) طلباء c) معلم d) ڈاکٹر

(7) وہ کس طرح کی حکومت ہے جہاں بادشاہ یا ملکہ کی حکمرانی ہو۔ ( )

a) جمہوریہ b) جمہوریت c) بادشاہت d) پارلیمانی نظام

(8) وہ کونسی تنظیم ہے جو ہندوستان میں انتخابات کراتی ہے؟ ( )

a) پارلیمنٹ b) الیکشن کمیشن c) سپریم کورٹ d) صدر

(9) ایک بڑی عمارت جس کے چھت کے نیچے بہت ساری دکانیں موجود ہوتے ہیں؟ ( )

a) ہفتہ واری بازار b) شاپنگ مال c) دکان d) ٹھوک بازار

(10) زیادہ تر لوگوں کو حمایتی یافتہ فیصلہ کو قبول کرنا کہلاتا ہے؟ ( )

a) جمہوریت b) اکثریت کی حکمرانی c) دستور d) بادشاہت

Part - C: مختصر سوالات۔(تفہیم اور اطلاق)

(11) موسم کسے کہتے ہیں؟

(12) آپ کے گاؤں یا شہر میں موجود دو سہولیات کو بیان کیجئے؟

(13) مارکیٹ کیا ہے؟ آپ کے اطراف پائی جانے والی مارکیٹ کے بارے میں لکھئے۔

Part - D: تخلیقی سوالات۔

(14) اگر آپ ایک پہاڑی علاقے میں رہتے ہوں تو آپ کی طرز زندگی آپ کی موجودہ رہائش گاہ سے کس طرح مختلف ہوگی، اپنے الفاظ میں لکھئے۔

CHAPTER

1

GEOGRAPHICAL DIVERSITY OF INDIA

F3C7H7

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Identify the diverse geographical features of India. (CG - 1)
- Classify and compare the different geographical features of India. (CG - 1)
- Appreciate the rich geographical diversity of India and its role in shaping Indian civilisation. (CG - 4)
- Analyse the key role of the Aravalli Range in shaping the geography and climate of the north-western India. (CG - 4)
- Locate major physical features and the states with significant tribal communities on the map of India. (CG - 4)

"To us, by its very geography, the country [India] appears to be quite distinct from other countries, and that itself gives it a certain national character." - Sri Aurobindo

Fig. 1.1. Jog Falls in Karnataka. Notice the plateau and the waterfalls. The power of the waterfall is converted into electricity (hydroelectricity; 'hydro' means water) through special turbines.



The Big Questions ?

1. *What are some key geographical features of India?*
2. *How does India's geographical diversity affect our lives?*

باب

1

ہندوستان کا جغرافیائی تنوع

E1S8T2

اکتسابی نتائج

طلبا اس قابل بنیں گے کہ...:

- ہندوستان کی متنوع جغرافیائی خصوصیات کی نشاندہی کریں گے۔ (CG-I)
- ہندوستان کی مختلف جغرافیائی خصوصیات کی درجہ بندی اور موازنہ کریں گے۔ (CG- I)
- ہندوستان کی بھرپور جغرافیائی تنوع اور ہندوستانی تہذیب کی تشکیل میں اس کے کردار کی تعریف کریں گے۔ (CG- 4)
- شمال مغربی ہندوستان کی جغرافیائی اور آب وہوا کی تشکیل میں اراولی پہاڑی سلسلے کے اہم کردار کا تجزیہ کریں گے۔(CG- 4)
- ہندوستان کے نقشے پر اہم طبعی خصوصیات اور نمایاں قبائیلی آبادی والے ریاستوں کی نشاندہی کریں گے (CG- 4)

”اپنے جغرافیہ کی وجہ سے ہندوستان ہمیں دیگر ممالک سے کافی مختلف نظر آتا ہے اور یہی اسے ایک خاص قومی کردار دیتا ہے۔“

سری اروبندو

شکل 1.1 جوگ آبشار، کرناٹک۔ سطح مرتفع اور آبشاروں کو دیکھیں۔ پانی کی طاقت کو بجلی میں تبدیل کیا جاتا ہے، خاص طور پر ہائیڈرو الیکٹرک ٹربائنز کے ذریعہ (ہائیڈرو الیکٹرک سٹی: ہائیڈرو کا مطلب پانی ہے)



اہم سوالات ؟

1 ہندوستان کی چند اہم جغرافیائی خصوصیات کیا ہیں؟

2 ہندوستان کا جغرافیائی تنوع ہماری زندگیوں کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

In 1984, Rakesh Sharma, the first Indian astronaut to go into space, spoke with the then Prime Minister of India, Indira Gandhi. When she asked him, "How does India look from space?", he replied, "Sare jahan se achchha" - better than the whole world. (This is the title of a well-known poem of the early 20th century.)



LET'S EXPLORE



Look at the map of India at the end of this book. What are you able to observe? Recall your lesson on different types of landforms - mountains, plains and plateaus. Which landforms can you identify on the map? What do the different colours on the map mean? (Hint: The legend on the map shows the heights of each area.)

As you go through this chapter, remember to refer periodically to the physical map.

India is the seventh-largest country in the world, and a part of Asia. Along with its neighbours-Pakistan, Bangladesh, Nepal, Bhutan, Sri Lanka, and Myanmar it forms the region known as the Indian Subcontinent (subcontinent: since it is part of the continent of Asia). Often, for the purpose of discussion, we refer to five regions - the great mountain zone, the plains of the Ganga and the Indus, the desert region, the southern peninsula, and the islands. In this chapter, we will 'fly' over these zones, providing you with a bird's eye view of these features and offering glimpses of what things look like in closeup at some of these places. It would be difficult to go into all the details at this stage since, as you will soon see, India is large and diverse.

The Himalayan Mountain range stands as a natural barrier in the north, while the Thar Desert and the Arabian Sea mark its western limits. To the south, the Indian Ocean and to the east, the Bay of Bengal form a natural boundary. These geographical features create a separation between India and the rest of the continent and have played a crucial role in shaping India's climate, culture, and history.



LET'S EXPLORE



→ Do you recall your lesson on latitudes and longitudes? Look at the map. Can you read, approximately, the latitude and longitude where India lies?

→ Identify the above features on India's physical map.

© NCERT not to be republished

1984ء میں، راکیش شرما، جو خلاء میں جانے والے پہلے ہندوستانی خلاباز تھے، نے اس وقت کی وزیر اعظم ہند اندرا گاندھی سے بات کئے۔ جب انہوں نے ان سے پوچھا "خلاء سے ہندوستان کیسا دکھائی دیتا ہے؟" تو انہوں نے جواب دیا "سارے جہاں سے اچھا"۔ یعنی پوری دنیا سے بہتر۔ (یہ بیسویں صدی کے اوائل کی ایک مشہور نظم کا عنوان بھی ہے۔)



کتاب کے آخر میں دیے گئے ہندوستان کے نقشے کو دیکھیں آپ کیا مشاہدہ کرسکتے ہیں؟ زمین کی مختلف شکلوں جیسے پہاڑ، میدان اور سطح مرتفع کے بارے میں اپنا سبق یاد کریں۔ نقشے پر آپ کونسی زمینی شکلیں پہچان سکتے ہیں؟ نقشے میں مختلف رنگوں کا کیا مطلب ہے؟ (اشارہ: نقشے کی وضاحت میں ہر علاقہ کی اونچائی دکھائی گئی ہے)

جب آپ اس باب کو پڑھیں، تو وقتاً فوقتاً طبعی نقشے کو دیکھتے رہیں۔

ہندوستان دنیا کا ساتواں بڑا ملک ہے اور ایشیاء کا حصہ ہے۔ اپنے پڑوسی ممالک پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال، بھوٹان، سری لنکا اور میانمار کے ساتھ مل کر یہ علاقہ "برصغیر ہند" کہلاتا ہے۔ (برصغیر: کیونکہ یہ ایشیاء کے براعظم کا حصہ ہے)۔ عام طور پر بحث کے لئے ہم اسے پانچ خطوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ عظیم پہاڑی خطہ، گنگا اور سندھ کا میدان، صحرائی علاقہ، جنوبی جزیر نما اور جزائر۔ اس باب میں ہم ان خطوں پر "پرواز" کریں گے، تاکہ آپ کو ان خصوصیات کا پرندے کی نظر سے جائزہ مل سکے اور کچھ جگہوں کی قریب سے جھلک بھی دکھائی جاسکے۔ اس مرحلے پر تمام تفصیلات میں جانا مشکل ہوگا کیونکہ، جیسا کہ آپ جلد ہی دیکھیں گے، ہندوستان بہت بڑا اور متنوع ملک ہے۔

ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ شمال میں قدرتی رکاوٹ کی طور پر کھڑا ہے، جبکہ تھار کا صحرا اور بحر عرب اس کی مغربی سرحدیں بناتے ہیں۔ جنوب میں بحر ہند اور مشرق میں خلیج بنگال قدرتی حدود بناتے ہیں۔ یہ جغرافیائی خصوصیات ہندوستان کو باقی براعظم سے جدا کرتی ہیں اور ہندوستان کے موسم ثقافت اور تاریخ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔



کیا آپ کو عرض البلد (Latitude) اور طول البلد (Longitude) کا سبق یاد ہے؟ نقشہ دیکھیں۔ کیا آپ تقریباً بتاسکتے ہیں کہ ہندوستان کس عرض البلد اور طول البلد پر واقع ہے؟

ان خصوصیات کو ہندوستان کے طبعی نقشے پر شناخت کریں۔

Let us now journey together from the Himalayas to the islands in the Indian Ocean, and onward to the east of India. The diverse colours on the map already give us a sense of the geographical diversity. Familiarise yourself with the legend on the map. The different colours indicate the altitudes.

The Himalayas

Look at the length of the Himalayan Range on the map. It is like a massive wall. From the legend, can you guess the altitude at different points of the Himalayas?




Fig. 1.2. These are satellite images of the Himalayan range. Note that the length of the range is about 2500 km.

LET'S REMEMBER


The Himalayas seem to touch the sky. In fact, many of its peaks are over 8000 metres in height and are together called the 'Eight Thousanders'. This mountain range stretches across six countries in Asia: India, Nepal, Bhutan, China, Pakistan, and Afghanistan. Can you name the highest mountain in the world?

In the summer, the snow on the mountains melts and feeds major rivers, such as the Ganga, Indus, and Brahmaputra. These rivers and their tributaries provide water for drinking, farming,and industrial use, connecting with the lives of hundreds of millions of people. Hence, the Himalayas are sometimes called the 'Water Tower of Asia'. The Himalayas are also important to many cultures and belief systems. The mountains themselves are considered sacred, and temples and monasteries have been built within them, attracting monks and spiritual seekers from around the world who come to pray and meditate.

آیئے اب ہم سب مل کر ہمالیہ سے لے کر بحر ہند کے جزائر تک اور پھر ہندوستان کے مشرق کی طرف سفر کریں۔ نقشے پر مختلف رنگ ہمیں جغرافیائی تنوع کا احساس دلاتے ہیں۔ نقشے کے فہرست علامات (Legend) کو اچھی طرح سمجھیں۔ مختلف رنگ مختلف بلندیوں کو ظاہر کرتے ہیں۔

ہمالیہ

نقشے پر ہمالیہ پہاڑی سلسلوں کی لمبائی کو دیکھیں۔ یہ ایک بہت بڑی دیوار کی طرح ہے۔ فہرست علامات (Legend) کی مدد سے کیا آپ ہمالیہ کے مختلف مقامات کی بلندی کا اندازہ لگا سکتے ہیں؟



شکل 1.2 یہ ہمالیہ پہاڑی سلسلوں کی سیٹلائٹ تصاویر ہیں کہ ان پہاڑی سلسلوں کی لمبائی تقریباً 2500 کیلو میٹر ہے۔

یاد رکھیں

ہمالیہ آسمان کو چھوتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں درحقیقت اس کی بہت سی چوٹیاں 8000 میٹر سے زیادہ بلند ہیں اور انہیں مجموعی طور پر "آٹھ ہزار میٹر والی چوٹیاں" کہا جاتا ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ ایشیاء کے کچھ تمام ممالک میں پھیلا ہوا ہے: ہندوستان، نیپال، بھوٹان، چین، پاکستان، اور افغانستان۔ کیا آپ دنیا کے سب سے بلند پہاڑ کا نام بتا سکتے ہیں؟

گرمیوں میں پہاڑوں کی برف پگھلتی ہے اور بڑی ندیوں کو پانی فراہم کرتی ہے، جیسے گنگا، سندھ اور برہما پتر ا۔ یہ ندیاں اور ان کی معاون ندیاں کروڑوں لوگوں کو پینے، زراعت اور صنعت کے لئے پانی فراہم کرتی ہیں اور ان کی زندگیوں سے جڑی ہوئی ہیں۔ اس لئے ہمالیہ کو بعض اوقات "ایشیاء کا پانی کا مینار" بھی کہا جاتا ہے۔ ہمالیہ بہت سی ثقافتوں اور عقائد کے لئے بھی اہم ہیں۔ ان پہاڑوں کو مقدس سمجھا جاتا ہے اور ان میں مندر اور خانقاہیں بنائی گئی ہیں، جو دنیا بھر سے راہبوں اور روحانی تلاش کرنے والوں کو اپنی طرف کھینچتی ہیں جو یہاں عبادت اور مراقبہ کرانے آتے ہیں۔

DON'T MISS OUT

The Bhagirathi River, a major tributary of the Ganga, originates from Gaumukh ('Cow's Mouth'), in Uttarakhand. It is the edge of the Gangotri Glacier.



Fig. 1.3. Gaumukh

This glacier is one of the largest in the Indian Himalayas. It is considered sacred and attracts many pilgrims. Gaumukh is also a popular trekking destination. Next time you see the Ganga, remember- its journey began there!

How the Himalayas were formed.. an interesting story

A long, long time ago, India was part of a much bigger landmass called 'Gondwana', where its neighbour was Africa! At some point, it broke away and slowly started moving north. About 50 million years ago, it reached the landmass of Eurasia and collided with it. As India pushed against Eurasia, the land between them crumpled and rose up – just like how a carpet wrinkles when you push it. That's how the mighty Himalayan mountains were formed! Amazingly, India is still pushing into Asia today, very slowly – about five centimetres each year, which is much slower than the rate at which your hair grows. This means the Himalayas are still growing taller, just a tiny bit each year – about five millim -etres, but over a millennium, that adds up to five metres!




Fig. 1.4. India's journey to Eurasia

اسے دیکھنا نہ بھولیں

بھگیر تھی ندی، جو دریائے گنگا کا ایک اہم معاون دریا ہے، اتراکھنڈ میں گومکھ (گائے کا منہ) سے نکلتی ہے۔ یہ گنگوتری گلیشیر کا کنارہ ہے۔






شکل 1.3 گومکھ

یہ گلیشیر ہندوستانی ہمالیہ کے سب سے بڑے گلیشیرس میں سے ایک ہے۔ اسے مقدس مانا جاتا ہے اور یہ بہت سے زائرین (تیرتھ یاتروں) کو اپنی طرف راغب کرتا ہے۔ گومکھ ٹریکنگ (پہاڑی سفر) کے لئے بھی ایک مقبول مقام ہے۔ اگلی بار جب آپ گنگا کو دیکھیں، تو یاد رکھیں کہ اس کا سفر وہیں سے شروع ہوا تھا!

ہمالیہ کیسے وجود میں آئے۔ ایک دلچسپ کہانی...

ایک طویل عرصہ پہلے، ہندوستان ایک بہت بڑے زمینی خطے کا حصہ تھا جسے "گونڈوانا" کہا جاتا تھا جہاں اس کا پڑوسی آفریقہ تھا! ایک وقت آیا جب یہ اس سے الگ ہو گیا اور آہستہ آہستہ شمال کی طرف بڑھنے لگا۔ تقریباً 50 ملین سال ہے، یہ یوریشیاء کے زمینی خطے تک پہنچا اور اس سے ٹکرا گیا۔ جیسے جیسے ہندوستان سے یوریشیاء کے خلاف دباؤ ڈالا، ان کے درمیان کی زمین سکڑ گئی اور اوپر اُٹھ گئی۔ بالکل اس طرح جیسے جب آپ کسی قالین کو دھکا دیتے ہیں تو اس میں سلوٹیں پڑ جاتی ہیں۔ اس طرح عظیم ہمالیہ کے پہاڑ وجود میں آئے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ہندوستان آج بھی بہت آہستہ رفتاری سے ایشیاء کی طرف بڑھ رہا ہے۔ تقریباً 5 سنٹی میٹر سالانہ، جو کہ آپ کے بالوں کے بڑھنے کی رفتار سے بھی کم ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمالیہ اب بھی ہر سال تھوڑا سا بلند ہو رہا ہے۔ تقریباً 5 ملی میٹر، لیکن ایک ہزار سال (Millennium) میں یہ پانچ میٹر بن جاتا ہے!



شکل 1.4: ہندوستان کا یوریشیاء کی طرف سفر



Fig. 1.5. Folded layers of Himalayan rock

DON'T MISS OUT

The word 'Himalaya' is a combination of two Sanskrit words - hima, meaning 'snow', and alaya, meaning 'abode' or 'dwelling' - thus, 'abode of snow'.

The Himalayas are broadly categorised into three main ranges:

- **The Himadri (the Greater Himalayas) :** are the highest and most rugged part of the range, home to towering peaks like Mount Everest and Kanchenjunga. This region remains snow-covered throughout the year. Life here is tough, and there are not many human settlements.
- **The Himachal (the Lower Himalayas) :** lie south of the Greater Himalayas and have a more moderate climate, allowing rich biodiversity and human habitation. Popular hill stations, such as Nainital (Uttarakhand), Darjeeling (West Bengal), Shimla (Himachal Pradesh), and Mussoorie (Uttarakhand), are located in this region.
- **The Shivalik Hills (the Outer Himalayas) :** form the outermost and lowest range, consisting of rolling hills and dense forests. These foothills are rich in wildlife, serving as a transition zone between the Himalayas and the Gangetic Plains (also called the Northern Plains).

LET'S EXPLORE

Can you locate the names of the states in the different parts of the Himalayas? Take the help of both the physical and political maps for this exercise.



شکل 1.5 ہمالیائی چٹانوں کی تہہ دار شکل

اسے دیکھنا نہ بھولیں

لفظ "ہمالیہ" دو سنسکرت الفاظ کا مجموعہ ہے۔ ہما (hima) جس کے معنی ہیں "برف" اور آلیہ (Alaya) جس کے معنی ہیں "مسکن" یا "گھر"۔ اس طرح ہمالیہ کا مطلب ہے "برف کا گھر"۔

ہمالیہ کو وسیع پیمانے پر تین اہم سلسلوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

- ہمادری (عظیم ہمالیہ) : یہ اس سلسلے کا بلند ترین اور ناہموار ترین حصہ ہے، جہاں ماؤنٹ ایوریسٹ اور کنچن جنگا جیسی بلند ترین چوٹیوں کا گھر ہے۔ یہ خطہ سال بھر برف سے ڈھکا رہتا ہے۔ یہاں زندگی مشکل ہے اور انسانی بستیاں بہت کم ہیں۔
- ہماچل (صغیرہ ہمالیہ) : یہ عظیم ہمالیہ کے جنوب میں واقع ہے اور یہاں کی آب و ہوا معتدل ہے، جس کی وجہ سے یہاں بھرپور حیاتی تنوع اور انسانی آبادکاری ممکن ہے۔ مشہور پہاڑی مقامات (Hill Stations) جیسے نینیتال (اتراکھنڈ)، دارجلنگ (مغربی بنگال)، شملہ (ہماچل پردیش) اور مسوری (اتراکھنڈ) اس خطے میں واقع ہیں۔
- شوالک کی پہاڑیاں (بیرونی ہمالیہ) : یہ ہمالیہ کا سب سے بیرونی اور نچلا سلسلہ ہے، جو کہ ڈھلانی پہاڑیوں اور گھنے جنگلات پر مشتمل ہے۔ یہ پہاڑی دامن جنگلی حیات سے مالا مال ہیں اور ہمالیہ اور گنگا کے میدانوں (جنہیں شمالی میدان بھی کہا جاتا ہے) کے درمیان ایک عبوری زون کا کام کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

کیا آپ ہمالیہ کے مختلف حصوں میں واقع ریاستوں کے نام تلاش کر سکتے ہیں؟

اس مشق کے لئے طبعی (Physical) اور سیاسی (Political) دونوں نقشوں کی مدد لیں۔

DON'T MISS OUT

The traditional house construction method in the western Himalayan region is known as ***'kath-kuni'*** **or** ***'dhajji-dewari'*** style of houses. A combination of locally available stone and wood is used, which not only keeps the house warm but also resists damage in the event of mild earthquakes.



Fig. 1.6. Kath-kuni House, Himachal Pradesh

DON'T MISS OUT

The Great Himalayan National Park in Himachal Pradesh has a wide diversity of flora and fauna. The park has been declared a World Heritage Site by UNESCO. The biodiversity of the park is being preserved by the government as well as the village communities that live inside the park.



Fig. 1.7. 1.Great Himalayan National Park Conservation Area. 2. Himalayan monal (male). 3. A monastery in Ladakh. 4. The Beas river in Himachal Pradesh. 5. Snow Leopard 6. A display of produce in a local market in the Himalayas. 7. Rhododendron - a type of sherbet is made out of this fiower.

اسے دیکھنا نہ بھولیں



شکل 1.6 کاٹھ۔ کونی گھر، ہماچل پردیش

مغربی ہمالیائی خطے میں گھروں کی تعمیر کا روایتی طریقہ "کاٹھ۔ کونی" یا دھجی۔ دیواری" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس میں مقامی طور پر دستیاب پتھر اور لکڑی کا امتزاج استعمال کیا جاتا ہے، جو نہ صرف گھر کو گرم رکھتا ہے بلکہ ہلکے زلزلے کی صورت میں نقصان سے بھی بچاتا ہے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

ہماچل پردیش میں واقع 'گریٹ ہمالین نیشنل پارک' نباتات اور حیوانات کے تنوع سے مالا مال ہے۔ یونیسکو (UNESCO) نے اس پارک کو عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیا ہے۔ پارک کی حیاتیاتی تنوع کو حکومت کے ساتھ ساتھ وہاں رہنے والی دیہی برادریاں بھی تحفظ فراہم کر رہی ہیں۔



شکل 1.7، 1. گریٹ ہمالین نیشنل پارک کا تحفظی علاقہ۔ 2. ہمالین مونال (نر مور) ۔ 3. لداخ میں ایک خانقاہ۔
4. ہماچل پردیش میں دریائے بیاس۔ 5. برفانی چیتا۔ 6. ہمالیہ کی ایک مقامی مارکیٹ میں پیداوار کی نمائش۔
7۔ روڈوڈینڈرون۔ اس پھول سے ایک قسم کا شربت اتیار کیا جاتا ہے۔

The cold desert of India



Fig. 1.8. Moonland, Ladakh

The word 'desert' immediately evokes an image of a hot place. However, there are also cold deserts, and we have one in India. Ladakh is a cold desert where winter temperatures drop below -30°C. There is very little rainfall, and the landscape is rugged, with rocky terrain, deep valleys, and lakes such as Pangong Tso (tso means lake). The terrain here resembles that of the moon; hence, it is called 'moonland'. Geologists explain the formation of this terrain, as we saw earlier, by the fact that the mountains were 'folded' when the Indian landmass collided with Eurasia. This folded portion was part of an ocean, and so the rocks in this area made largely of sand and clay.



Fig. 1.9. Yaks are very important for the lives of people in the Himalayas. They are reared for their milk, meat, wool and dung, and are also used for transport.



Fig. 1.10. Pangong Tso, Ladakh. This lake has salty water, unlike most other lakes. The saltiness is a result of the minerals that dissolve from the surrounding mountain areas.

ہندوستان کا سرد ریگستان



شکل1.8 مون لینڈ، لداخ

لفظ ریگستان فوراً ایک گرم جگہ کا تصور ذہن میں لاتا ہے۔ تاہم، سرد ریگستان بھی ہوتے ہیں اور ہندوستان میں بھی ایک ایسا ہی ریگستان موجود ہے۔ لداخ ایک سرد ریگستان ہے جہاں سردیوں میں درجہ حرارت $-30^{\circ}C$ سے بھی نیچے گر جاتا ہے۔ یہاں بارش بہت کم ہوتی ہے، اور زمین ناہموار ہے، جس میں پتھریلے علاقے گہری وادیاں اور پینگونگ تسو (Pangong Tso) جیسی جھیلیں شامل ہیں (تسو کا مطلب جھیل ہے)۔ یہاں کی زمین چاند کی سطح سے مشابہت رکھتی ہے، اس لیے اسے "مون لینڈ" کہا جاتا ہے۔ ماہرین ارضیات اس خطے کی ساخت کی وضاحت اس حقیقت سے کرتے ہیں کہ جب ہندوستانی زمینی حصّہ یوریشیا سے ٹکرایا تھا تو پہاڑ "تہوں" کی شکل اختیار کر گئے تھے۔ یہ تہوں والا حصہ کبھی سمندر کا حصہ تھا اس لیے اس علاقے کی چٹانیں زیادہ تر ریت اور مٹی سے بنی ہوئی ہیں۔



شکل1.9 ہمالیہ کے لوگوں کی زندگی میں یاک بہت اہم ہیں۔ انھیں دودھ، گوشت، اون اور گوبر کے لیے پالا جاتا ہے، اور یہ آمد و رفت کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں۔



شکل1.10 پینگونگ تسو، لداخ۔ اس جھیل کا پانی کھارا ہے جو زیادہ تر دوسری جھیلوں کے برعکس ہے۔ یہ نمکینی ان معدنیات کا نتیجہ ہے جو آس پاس کے پہاڑی علاقوں سے پانی میں حل ہوتی ہیں۔

Wind and rain have eroded the mountains into the shapes you see in the photograph.

Despite the harsh conditions, Ladakh is home to unique wildlife like snow leopards, ibex, and Tibetan antelopes. The Ladakhi people lead a simple life. The region is known for its ancient monasteries and colourful festivals such as Losar and the Hemis Festival.

The Gangetic Plains

As we move southwards from the Himalayas, we reach the vast and fertile Gangetic Plains. These plains have been an important part of the history and civilisation of India. These plains are nourished by mighty rivers originating from the Himalayas, providing a vital lifeline: water. The Ganga, Indus, and Brahmaputra river systems, along with their extensive network of tributaries, enrich the soil with minerals, making the region highly fertile and ideal for agriculture. The rivers bring with them minerals that enrich the soil, enabling abundant agriculture. The rivers are also a source for generating electricity. A large proportion of India's population lives in these plains.



Fig. 1.11. Modern agriculture practices in the plants



Fig. 1.12. Aerial view of Delhi with the river Yamuna on top right



Fig.1.13.Multi-cropping in Uttar pradesh



Fig. 1.14. Rural women working in a paddy field in West Bengal

ہوا اور بارش نے پہاڑوں کو ان شکلوں میں تراش دیا ہے جو آپ تصویر میں دیکھ رہے ہیں۔

سخت حالات کے باوجود لداخ نایاب جنگلی حیات جیسے کہ برفانی چیتے، آئی بیکس (پہاڑی بکرا) اور تبتی ہرنوں کا گھر ہے۔ لداخی لوگ سادہ زندگی گذارتے ہیں۔ یہ خطہ اپنی قدیم خانقاہوں اور رنگارنگ تہواروں جیسے کہ "لوسار" اور "ہیمس تہوار" کے لئے جانا جاتا ہے۔

گنگا کے میدانی علاقے

جیسے ہی ہم ہمالیہ سے جنوب کی طرف بڑھتے ہیں، ہم وسیع اور زرخیز گنگا کے میدانوں تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہ میدان ہندوستان کی تاریخ اور تہذیب کا ایک اہم حصہ رہے ہیں۔ ان میدانوں کو ہمالیہ سے آنے والے طاقتور دریا سیراب کرتے ہیں، جو زندگی کی اہم ضرورت یعنی پانی فراہم کرتے ہیں۔ گنگا، سندھ اور برہماپتر ادریاؤں کا نظام، اپنے معاون دریاؤں کے وسیع جال کے ساتھ، مٹی کو معدنیات سے مالامال کرتا ہے۔ جس سے یہ خطہ انتہائی زرخیز اور زراعت کے لئے موزوں ہو جاتا ہے۔ دریا اپنے ساتھ وہ معدنیات لاتے ہیں جو مٹی کو زرخیز بناتے ہیں، جس سے وافر مقدار میں کاشتکاری ممکن ہوتی ہے۔ دریا، بجلی پیدا کرنے کا ذریعہ بھی ہیں۔ ہندوستان کی آبادی کا بڑا حصہ ان میدانوں میں رہتا ہے۔



شکل 1.12 دہلی کا فضائی منظر جس میں اوپر دائیں جانب دریائے یمنا دکھائی دے رہا ہے



شکل 1.11 پودوں کی کاشکاری میں جدید زرعی طریقے



شکل 1.14 مغربی بنگال میں دھان کے کھیت میں کام کرتی ہوئی دیہی خواتین



شکل 1.13 اتر پردیش میں کثیر فصلی نظام

The flat land of the Northern Plains has allowed for the development of an elaborate transportation network. Road and railway networks facilitate the movement of people and goods over long distances. As you will see in the "Tapestry of the Past" chapters, the Ganga, the Brahmaputra and other rivers have been used for millennia for travel and trade.





Fig.1.15. Modes of transport in the Gangetic plains

DON'T MISS OUT

Most rivers are named after goddesses - Ganga, Yamuna, Kaveri, etc. The name of Brahmaputra, however, means 'the son of Brahma'. This river gets bigger during summer instead of drying up! Can you guess why?

LET'S EXPLORE

Notice the concentration of lighting in the plains. What could be the reason for this concentration?



Fig.1.16. Satellite image of the Gangetic plains



Fig.1.17. The Northern plains grey langur sits on a wooden beam in Bandhavgarh National park, Madhya Pradesh



Fig.1.18. The majestic tiger that was on the verge of extinction. Project Tiger has supported the return of the tiger to its habitats

شمالی میدانوں کی ہموار زمین نے حمل و نقل کے ایک وسیع نیٹ ورک کی ترقی میں مدد دی ہے۔ سڑکوں اور ریلوے کا جال طویل فاصلے تک لوگوں اور سامان کی نقل و حرکت میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ جیسا کہ آپ "ماضی کی داستان" کے ابواب میں دیکھیں گے، گنگا، برہم پتر ااور دیگر دریا ہزاروں سالوں سے سفر اور تجارت کے لئے استعمال ہوتے رہے ہیں۔





شکل 1:15 گنگا کے میدانی علاقوں میں حمل و نقل کے ذرائع



اسے دیکھنا نہ بھولیں



زیادہ تر دریاؤں کے نام دیویوں کے نام پر رکھے گئے ہیں۔ جیسے گنگا، یمنا، کاویری وغیرہ۔ تاہم برہم پتر ا کے نام کا مطلب "برہما کا بیٹا" ہے۔ یہ دریا گرمیوں کے دوران خشک ہونے کے بجائے مزید بڑا ہو جاتا ہے؟ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کیوں؟



آیئے معلوم کریں



میدانی علاقوں میں روشنیوں کے ارتکاز پر غور کریں۔ اس کثرت کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔



شکل 1.16 گنگا کے میدانی علاقوں کی سیٹیلائٹ تصویر



شکل 1.17 مدھیہ پردیش کے باندھو گڑھ نیشنل پارک میں لکڑی کے شہتیر پر بیٹھا ایک سرمئی لنگور.



شکل 1.18 وہ عظیم الشان ٹائیگر جو معدومی کے دہانے پر تھا۔ پروجیکٹ ٹائیگر نے شیروں کی ان کی قدرتی مسکن میں واپسی میں مدد کی ہے۔



Fig. 1.19. A peacock and peahen — the Indian peacock is our national bird



Fig. 1.20. The Indian gharial; an adult is between 2.5 and 4.5 m long. This reptile is on the verge of extinction. There are laws that prohibit harming it or hunting it.

The Great Indian Desert or Thar Desert

If we move westward on the map, you will notice a yellowish area. This area is the Thar Desert. What do you see? A vast stretch of golden dunes, rugged terrain, and a wide-open sky?



Fig. 1.21. A traveller among the sand dunes of the Thar Desert

LET'S EXPLORE

What is the shape of a sand dune? While mountains are made of rock and their shape is fixed, why do you think sand dunes also have a similar shape, even though they are made of sand?



Fig. 1.22. A Jaisalmer, the 'Golden City', located in the middle of the Thar desert in India. The Jaisalmer fort is a UNESCO World Heritage site.



شکل 1.19 ایک مور اور مورنی۔ ہندوستانی مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔



شکل 1.20 ہندوستانی گھریال؛ ایک بالغ گھریال کی لمبائی 2.5 سے 4.5 میٹر کے درمیان ہوتی ہے۔ یہ رینگنے والا جانور ناپید ہونے کے دہانے پر ہے۔ ایسے قوانین موجود ہیں جو اسے نقصان پہنچانے یا اس کا شکار کرنے سے روکتے ہیں۔

ہندوستان کا عظیم ریگستان یا تھار ریگستان:

اگر ہم نقشے پر مغرب کی جانب بڑھیں تو آپ کو ایک زرد رنگ کا علاقہ نظر آئے گا۔ یہ علاقہ تھار ریگستان ہے۔ آپ کو وہاں کیا نظر آتا ہے؟ سنہری ریت کے ٹیلوں کا ایک وسیع سلسلہ، ناہموار زمین اور ایک کھلا آسمان؟



شکل 1.21 تھار ریگستان کے ریتیلے ٹیلوں کے درمیان ایک مسافر

آیئے معلوم کریں

ریت کے ٹیلے کی شکل کیسی ہوتی ہے؟ جبکہ پہاڑ چٹانوں سے بنے ہوتے ہیں اور ان کی شکل مستقل ہوتی ہے ۔ آپ کے خیال میں ریت کے ٹیلوں کی شکل بھی ویسی ہی کیوں ہوتی ہے، حالانکہ وہ ریت سے بنے ہوتے ہیں؟



شکل 1.22 جیسلمیر جسے "سنہرا شہر" کہا جاتا ہے، ہندوستان کے صحرائے تھار کے وسط میں واقع ہے۔ جیسلمیر کا قلعہ یونیسکو (UNESCO) کا عالمی ثقافتی ورثہ ہے۔

Sand dunes are formed when the wind shifts and shapes the sand into hill-like formations. Sometimes these rise as high as 150 metres.

The Thar is a vast arid region. Most of it lies within India, spanning the states of Rajasthan, Gujarat, Punjab, and Haryana. The desert acts as a natural barrier due to the harsh conditions that deter human and animal movement - including very high daytime temperatures and cold nights, as well as a lack of access to water.



Fig. 1.23. Camel vendor at the Pushkar Mela (at the edge of the Thar Desert)

People living in the Thar have adapted their way of life to the place and what it offers; food habits, clothing and lifestyle are suited to these harsh conditions.

DON'T MISS OUT





Fig. 1.24. (Left) Women fetching water from a source far away from home. (Right) Rainwater harvesting structure in a hamlet.

Water is scarce in the desert. Women often need to travel long distances every day to fetch water for their families. So, the traditional method for cleaning utensils is to scour them with sand until they are clean. A little water can be used for a light rinse. The water used for rinsing is reused for purposes like watering a plant. So, the next time you leave the tap running, remember the people of the Thar Desert. Rajasthan is also famous for its ingenious water conservation methods, including taanka or kunds. These are special water collection systems that store rainwater, often for drinking purposes.

The Aravalli Hills

LET'S EXPLORE

Let's go back to the map. Trace your path slowly from the Thar Desert towards the east. Do you see the Aravalli Hills?



شکل1.23 پشکر میلے میں اونٹ فروش
(صحرائے تھار کے کنارے)

ریت کے ٹیلے اس وقت بنتے ہیں جب ہوا ریت کو ٹیلوں کی شکل میں ڈھالتی ہے۔ کبھی کبھی یہ 150 میٹر تک بلند ہو جاتے ہیں۔

تھار ایک وسیع بنجر علاقہ ہے۔ اس کا زیادہ تر حصہ ہندوستان میں واقع ہے، جو راجستھان، گجرات، پنجاب اور ہریانہ کی ریاستوں تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ صحرا اپنی سخت موسمی حالات کی وجہ سے ایک قدرتی رکاوٹ کا کام کرتا ہے جو انسانوں اور جانوروں کی نقل و حرکت کو مشکل بنا دیتا ہے۔ بشمول دن کا شدید درجہ حرارت، سرد راتیں اور پانی کی کمی۔

تھار میں رہنے والے لوگوں نے اپنے طرز زندگی کو اس جگہ اور اس کی فراہم کردہ سہولیات کے مطابق ڈھال لیا ہے۔ ان کی غذا، لباس اور طرز زندگی ان سخت حالات کے عین مطابق ہے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں



شکل1.24 (دائیں) خواتین گھر سے دور پانی کے ذرائع سے پانی لا رہی ہیں۔
(بائیں) ایک رہائشی علاقے میں بارش کے پانی کو جمع کرنے کا ڈھانچہ

ریگستان میں پانی کی شدید قلت ہے۔ خواتین کو اکثر اپنے خاندان کے لئے پانی لانے کے لئے روزانہ لمبا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے برتن صاف کرنے کا روایتی طریقہ یہ ہے کہ انہیں ریت سے اس وقت تک رگڑا جائے جب تک وہ صاف نہ ہو جائیں۔ تھوڑا سا پانی صرف ہلکا سا کھنگالنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کھنگالنے کے لئے استعمال ہونے والا پانی دوبارہ پودوں کو دینے جیسے کاموں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ لہٰذا، اگلی بار جب آپ نل کھلا چھوڑ دیں، تو تھار کے ریگستان کے لوگوں کو ضرور یاد رکھیں۔

راجستھان اپنے پانی کے تحفظ کے ذہین طریقوں کے لئے بھی مشہور ہے؟ جن میں ٹانکا اور کنڈ شامل ہیں۔ یہ پانی جمع کرنے کے خاص نظام ہیں جو بارش کا پانی محفوظ کرتے ہیں، جو اکثر پینے کے مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اراولی کی پہاڑیاں

آیئے معلوم کریں

آیئے نقشے پر واپس چلتے ہیں۔ تھار کے ریگستان سے مشرق کی طرف آہستہ آہستہ اپنا راستہ تلاش کریں۔ کیا آپ کو الاولی کی پہاڑیاں نظر آ رہے ہیں؟

The Aravallis are among the oldest mountains in the world, some 2.5 billion years old! The range has many peaks and ridges. Although its highest peak, Mount Abu, towers at over 1700 m, most of its hills are between 300 and 900 metres high. Isn't it fascinating that a drive of about 4 and a half hours can take





Fig. 1.25. (Left) A part of the Aravallis; just beyond this range, the Thar Desert begins. (Right) A part of the Aravallis seen from space.

from Mount Abu in the Aravallis to Jodhpur in the Thar Desert, a drive into a completely different geography?

LET'S EXPLORE

Look at the political map in the textbook and identify the states that the range spans. Did you see Delhi, Rajasthan, Haryana and Gujarat?

The Aravallis play a vital role in shaping the geography and climate of north-western India. One of its most important functions is acting as a natural barrier, preventing the Thar Desert from expanding further eastward. You will read more about this later.

The Aravallis, rich in minerals like marble, granite, zinc, and copper, have supported mining and construction activities for centuries. In fact, evidence from its ancient mines at Zawar has shown that over eight centuries ago, Indians were the first in the world to master the delicate process of extraction of zinc. Historic forts, such as Chittorgarh, Kumbh Ialgarh, and Ranthambore, are located here.



Fig. 1.26. Kumbhalgarh Fort surrounded by the Aravallis; this location in the hills proved to be an excellent deterrent to the enemy.

اراولی دنیا کے قدیم ترین پہاڑوں میں سے ایک ہے جو تقریباً 2.5 بلین سال پرانے ہیں! اس سلسلے میں بہت سی چوٹیاں اور ٹیلے ہیں۔ اگرچہ اسکی بلند ترین چوٹی "ماؤنٹ ربو" 1700 میٹر سے زیادہ بلند ہے، لیکن اسکی زیادہ تر پہاڑیوں کی بلندی 300 سے 900 میٹر کے درمیان ہے۔





شکل 1.25 (بائیں) اراولی کا ایک حصہ، اس سلسلے سے آگے صحرا سے تھار شروع ہوتا ہے۔ (دائیں) اراولی کا ایک حصہ جو خلا سے نظر آتا ہے۔

کیا یہ حیرت انگیز نہیں کہ ماؤنٹ ابو (اراولی) سے جودھپور (تھار کا ریگستان) تک تقریباً ساڑھے چار گھنٹے کا سفر آپ کو ایک بالکل مختلف جغرافیائی ماحول میں لے جاتا ہے؟

آیئے معلوم کریں

اپنی درسی کتاب میں سیاسی نقشہ دیکھیں اور ان ریاستوں کی نشاندہی کریں جہاں یہ سلسلہ پھیلا ہوا ہے۔ کیا آپ نے دہلی، راجستھان، ہریانہ اور گجرات کو دیکھا؟

اراولی شمال مغربی ہندوستان کے جغرافیہ اور آب وہوا کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس کا ایک اہم ترین کام ایک قدرتی رکاوٹ کے طور پر کام کرنا ہے، جو تھار ریگستان کو مشرق کی طرف مزید پھیلنے سے روکتا ہے۔ آپ اس کے بارے میں مزید تفصیل سے بعد میں پڑھیں گے۔

اراولی سنگ مرمر، گرینائٹ، اور تانبے جیسی معدنیات سے مالا مال ہے، جس نے صدیوں سے کان کنی اور تعمیراتی سرگرمیوں کو سہارا دیا ہے۔ درحقیقت، زوار کی قدیم کانوں سے ملنے والے شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ آٹھ صدیوں پہلے، ہندوستانی دنیا میں زنک (جست) نکالنے کے نازک عمل میں مہارت حاصل کرنے والے پہلے لوگ تھے۔ یہاں تاریخی قلعے جیسے چتوڑ گڑھ، کمبھال گڑھ اور رنتھم بھور واقع ہیں۔



شکل 1.26 اراولی کے پہاڑوں میں گھرا ہوا کمبھال گڑھ قلعہ : پہاڑیوں میں اس کی یہ موجودگی دشمن کے لئے ایک بہترین رکاوٹ ثابت ہوئی۔

The Peninsular Plateau

LET'S REMEMBER

A plateau is a landform that rises up from the surrounding land and has a more or less flat surface; some of its sides are often steep slopes.

India has several plateaus; the most important one is the triangular peninsular area in the middle and south of the country.

It is also a very old land formation! Since this region is a peninsula, surrounded by water on all three sides by the Arabian Sea, the Bay of Bengal, and the Indian Ocean, it is called a peninsular plateau. The plateau is bordered by two mountain ranges, the Western Ghats and Eastern Ghats. The Western Ghats are taller and run along the western coast like a wall, with many beautiful waterfalls flowing down their steep sides during the monsoon sea-

Peninsula: A peninsula is a piece of land that is surrounded by water on three sides.

DON'T MISS OUT

The Western Ghats have been declared a UNESCO World Heritage Site. They are home to many rivers and have a rich biodiversity. The northern portion of the Western Ghats are also known as the Sahyadri Hills.

The Eastern Ghats are lower and broken into smaller hills along the eastern coast. Between these mountain ranges lies the Deccan Plateau, a vast area of flat highlands.

Rivers like the Godavari, Krishna, and Kaveri flow across the plateau from west to east. These rivers are important for farming and provide water to millions of people.

LET'S EXPLORE

Look at the physical map of India given at the end of the book. Notice the direction of the flow of the rivers.

APSCERT

جزیرہ نما کا سطح مرتفع

آیئے یاد رکھیں

سطح مرتفع ایک ایسی زمین ہوتی ہے جو ارد گرد کی زمین سے بلند ہوتی ہے اور اس کی سطح کم و بیش ہموار ہوتی ہے؟ اس کے کنارے اکثر ڈھلانی پر ہوتے ہیں۔

ہندوستان میں کئی سطح مرتفع وہ ہیں؟ سب سے اہم ملک کے وسط اور جنوب میں واقع مثلثی جزیرہ نما علاقہ ہے۔ یہ ایک بہت قدیم زمینی ساخت بھی ہے چونکہ یہ علاقہ ایک جزیرہ نما ہے، جو تینوں طرف پانی یعنی بحر عرب، خلیج بنگال اور بحر ہند سے گھرا ہوا ہے؟ اس لئے اسے جزیرہ نما کا سطح مرتفع کہا جاتا ہے۔ یہ سطح مرتفع دو پہاڑی سلسلوں، مغربی گھاٹ اور مشرقی گھاٹ کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ مغربی گھاٹ مشرقی گھاٹ سے زیادہ بلند ہیں اور مغربی ساحل کے ساتھ ایک دیوار کی طرح پھیلے ہوئے ہیں۔ جہاں مانسون کے موسم میں ان کی ڈھلانوں سے کئی خوبصورت آبشاریں بہتی ہیں۔

جزیرہ نما: جزیرہ نما زمین کا وہ ٹکڑا ہے جو تین طرف پانی سے گھرا ہوا ہے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

مغربی گھاٹ کو یونیسکو (UNESCO) کا عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ بہت سے دریاؤں کا منبع ہے اور یہ علاقہ بھرپور حیاتیاتی تنوع کا حامل ہے۔ مغربی گھاٹ کے شمالی حصے کو سہی یادری پہاڑیاں بھی کہا جاتا ہے۔

مشرقی گھاٹ نسبتاً کم بلند ہیں اور مشرقی ساحل کے ساتھ ساتھ چھوٹی پہاڑیوں میں بیٹے ہوئے ہیں۔ ان پہاڑی سلسلوں کے درمیان سطح مرتفع دکن واقع ہے، جو کہ ہموار بلند زمین کا ایک وسیع علاقہ ہے۔

گوداوری، کرشنا اور کاویری جیسے دریا سطح مرتفع پر مغرب سے مشرق کی طرف بہتے ہیں۔ یہ دریا زراعت کے لئے بہت اہم ہیں اور لاکھوں لوگوں کو پانی فراہم کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

کتاب کے آخر میں دیے گئے ہندوستان کے طبعی نقشے کو دیکھیں۔ دریاؤں کے بہاؤ کی سمت پر غور کریں۔

This plateau is rich in minerals, forests, and fertile land, making it vital for India's economy. It tilts a little to the east, so a few of the rivers in this region flow towards the Bay of Bengal. East-flowing rivers like the Godavari, Krishna, and Mahanadi originate here, providing water for farming, industries, and hydroelectric power. There are west-flowing rivers (Narmada, Tapti) too, which drain into the Arabian Sea.




Fig. 1.27. Dense forests of Chhattisgarh, home to many tribal communities

Dense forests on the plateau are home to tribal communities, including the Santhal, Gond, Baiga, Bhil, and Korku. These tribes have distinct languages, traditions, and ways of life closely connected to Nature.

LET'S EXPLORE

Tribal communities are largely spread over the states of Jharkhand, West Bengal, Odisha, Assam, Madhya Pradesh, Chhattisgarh, Maharashtra, Telangana, Aandhra Pradesh and Gujarat. Examine the physical and political maps at the end of this book to locate the states and connect them to their location on the physical map.

Plateaus are home to many beautiful waterfalls in India, as rivers flow over their uneven and rocky surfaces. These waterfalls not only attract tourists but also help in hydroelectric power generation and provide water for irrigation.



Fig. 1.28. Powerhouse Waterfalls at Periyakanal, near Munnar, Kerala



Fig. 1.29. Lion-tailed macaque in the Western Ghats



شکل 1.27 چھتیس گڑھ کے گھنے جنگلات، جو بہت سی قبائلی برادریوں کا گھر ہیں

یہ سطح مرتفع معدنیات، جنگلات اور زرخیز زمین سے مالا مال ہے، جو اسے ہندوستان کی معیشت کے لئے انتہائی اہم بناتی ہے۔ اس کا جھکاؤ تھوڑا سا مشرق کی طرف ہے، اس لئے اس خطے کی کچھ دریا خلیج بنگال کی طرف بہتے ہیں۔ مشرق کی طرف بہنے والی دریا جیسے گوداوری، کرشنا اور مہاندی یہاں سے نکلتے ہیں، جو کاشتکاری، صنعتوں اور ہائیڈرو الیکٹرک پاور کے لئے پانی فراہم کرتے ہیں۔ یہاں مغرب کی سمت بہنے والی دریا جیسے نرمدا اور تاپتی بھی ہیں جو بحر عرب میں گرتے ہیں۔

سطح مرتفع کے گھنے جنگلات قبائلی برادریوں کا گھر ہیں، جن میں سنتھال، گونڈ، بیگا، بھیل اور کور کو شامل ہیں۔ ان قبائل کی اپنی الگ زبانیں، روایات اور طرز زندگی ہے جو فطرت سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔

قبائلی برادریاں زیادہ تر جھارکھنڈ، مغربی بنگال، اڈیشہ، آسام، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مہاراشٹرا، تلنگانہ، آندھرا پردیش اور گجرات کی ریاستوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ان ریاستوں کا پتہ لگانے کے لئے اس کتاب کے آخر میں موجود طبعی اور سیاسی نقشوں کا جائزہ لیں اور انہیں طبعی نقشے پر ان کے مقام سے جوڑیں۔

سطح مرتفع ہندوستان میں بہت سے خوبصورت آبشاروں کا مسکن ہے، کیونکہ دریا ان کی ناہموار اور پتھریلی سطحوں پر بہتی ہیں۔ یہ آبشار نہ صرف سیاحوں کو اپنی طرف راغب کرتے ہیں بلکہ پانی سے بجلی کی پیداوار میں بھی مدد دیتے ہیں اور آبپاشی کے لئے پانی فراہم کرتے ہیں۔



شکل 1.28 پیریا کنال، منار کے قریب کیرالہ میں پاور ہاؤس آبشار



شکل 1.29 مغربی گھاٹ میں پایا جانے والا شیر کی دم والا بندر



Fig. 1.30. King cobra of the Western Ghats



Fig. 1.31. This is an insectivorous plant, meaning it feeds on insects, found in the Western Ghats. It catches small insects in sticky traps and digests them!



Fig. 1.32. Coal mines in the plateau; an important resource, especially in the production of electricity. Coal is a fossil fuel, the use of which contributes to global warming.



Fig. 1.33. Mumbai, on the west coast, is India's financial centre

India's Amazing Coastlines

India's coastline is dotted with beautiful beaches, rocky cliffs, and lush green forests. Some beaches have golden sand while others have black rocks. Some islands have coral reefs while others are covered in thick jungles. India's coasts are full of surprises! The Indian coastline is over 7500 km long.

LET'S EXPLORE

→ Look at the physical map of India in your school atlas or wall map and find the names of five rivers that flow into the Bay of Bengal. Find out India's coastal states and discuss the difference between the western and eastern coastal plains.

→ Do you know what it is called when these rivers split into multiple streams near the coast? Discuss with your teacher in class to find out!



شکل 1.30 مغربی گھاٹ کا کنگ کوبرا



شکل 1.31 نیپ ایک حشرات خور پودا ہے، یعنی یہ کیڑے مکوڑے کھاتا ہے جو مغربی گھاٹ میں پایا جاتا ہے۔ یہ چھوٹے کیڑوں کو چپچپے جال میں پھنساتا ہے اور انہیں ہضم کر لیتا ہے۔



شکل 1.32 : سطح مرتفع میں کوئلے کی کانیں ایک اہم ذریعہ، خاص طور پر بجلی کی پیداوار کے لئے۔ کوئلہ ایک رکازی ایندھن ہے جس کا استعمال عالمی حدت میں اضافہ کرتا ہے۔



شکل 1.33 : مغربی ساحل پر واقع ممبئی، ہندوستان کا لیاتی مرکز ہے۔

ہندوستان کی حیرت انگیز ساحلی پٹیاں

ہندوستان کی ساحلی پٹی خوبصورت ساحلوں (Beaches)، پتھریلی چٹانوں اور سرسبز جنگلات سے بھری ہوئی ہے۔ کچھ ساحلوں پر سنہری ریت ہے جبکہ دیگر پر سیاہ چٹانیں ہیں۔ کچھ جزائر میں مونگے کی چٹانیں ہیں جبکہ دیگر گھنے جنگلوں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ ہندوستان کے ساحل حیرتوں سے بھرے ہوئے ہیں! ہندوستانی ساحلی پٹی 7500 کیلو میٹر سے زیادہ طویل ہے۔

آیئے معلوم کریں

← اپنے اسکول کے اٹلس یا دیوار پر لگے نقشے میں ہندوستان کا طبعی نقشہ دیکھیں اور ان پانچ دریاؤں کے نام تلاش کریں جو خلیج بنگال میں گرتے ہیں۔ ہندوستان کی ساحلی ریاستیں تلاش کریں اور مغربی اور مشرقی ساحلی میدانوں کے درمیان فرق پر تبادلہ خیال کریں۔

← کیا آپ جانتے ہیں کہ جب یہ دریا ساحل کے قریب متعدد ندیوں میں ایسے تقسیم ہو جاتے ہیں تو اسے کیا کہا جاتا ہے؟ یہ جاننے کے لئے کمرۂ جماعت میں اپنے استاد سے بات کریں!

The West Coast of India

The West Coast of India stretches from Gujarat to Kerala, passing through Maharashtra, Goa, and Karnataka. Most rivers here originate in the Western Ghats, flow swiftly, and form estuaries. The coastline is shaped by alluvial deposits from short rivers and features coves, creeks, and estuaries, with the Narmada and Tapti estuaries being the largest.




Fig. 1.34. An aerial view of a part of the west coast. Note how close the hills of the Western Ghats are to the Arabian Sea.

The west coast has many important ports and cities. These have been the centres of economic activity for millennia.

The East Coast

The East Coast lies between the Eastern Ghats and the Bay of Bengal, stretching from the Ganga delta to Kanyakumari. It has wide plains and major river deltas, including Mahanadi, Godavari, Krishna, and Kaveri. Important water bodies like Chilika Lake and Pulicat Lake (a lagoon, which is a body of water separated from larger bodies of water by a natural barrier) are found here. Deltas are landforms formed at the mouth of a river when it deposits sediments into a larger body of water, such as an ocean, a lake, or another river. Over time, these sediments build up, forming a triangular or fan-shaped area. The Godavari, Krishna, Kaveri and Mahanadi rivers create fertile deltas, making the land ideal for farming.



Fig. 1.35. Satellite view of the East Coast of India.

© NCERT

ہندوستان کا مغربی ساحل

ہندوستان کا مغربی ساحل گجرات سے لیکر کیرالہ تک پھیلا ہوا ہے، جو مہاراشٹرا، گوا اور کرناٹک سے گزرتا ہے۔ یہاں کے زیادہ تر دریا مغربی گھاٹ سے نکلتے ہیں، تیزی سے بہتے ہیں اور مصب دریا (Estuaries) بناتے ہیں۔ ساحلی پٹی چھوٹے دریاؤں کے ذریعے لائی گئی سیلابی مٹی سے بنی ہے اور اس میں کھاڑیاں اور مصب دریا شامل ہیں، جن میں نرمدا اور تاپتی کی مصب دریا سب سے بڑی ہیں۔




شکل 1.34 مغربی ساحل کے ایک حصے کا فضائی منظر - غور کریں کہ مغربی گھاٹ کی پہاڑیاں بحر عرب سے کتنی قریب ہیں۔

مغربی ساحل پر کئی اہم بندرگاہیں اور شہر واقع ہیں۔ یہ ہزاروں سالوں سے معاشی سرگرمیوں کے مراکز رہے ہیں۔

مشرقی ساحل

مشرقی ساحل مشرقی گھاٹ اور خلیج بنگال کے درمیان واقع ہے، جو گنگا کے ڈیلٹا سے کنیا کماری تک پھیلا ہوا ہے۔ یہاں وسیع میدان اور بڑے دریاؤں کے ڈیلٹا موجود ہیں، جن میں مہاندی، گوداوری، کرشنا اور کاویری شامل ہیں۔ یہاں پانی کے اہم ذخائر جیسے چیلکا جھیل اور پولی کاٹ جھیل (لاگون، جو پانی کا وہ حصہ ہے جو قدرتی رکاوٹ کے ذریعے پانی کے بڑے ذخائر سے الگ ہو جاتا ہے) پائے جاتے ہیں۔ ڈیلٹا وہ زمینی اشکال ہیں جو دریا کے دہانے پر اس وقت بنتے ہیں جب وہ اپنے ساتھ لائی گئی مٹی اور تلچھٹ کو پانی کے کسی بڑے ذخیرے جیسے سمندر، جھیل یا کسی دوسرے دریا میں چھوڑ دیتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ تلچھٹ جمع ہو کر ایک مثلث یا پنکھے کی شکل کا علاقہ بنا دیتی ہیں۔ گوداوری کرشنا، کاویری اور مہاندی دریا زرخیز ڈیلٹا بناتے ہیں، جس سے یہ زمین کاشتکاری کے لئے بہترین بن جاتی ہے۔



شکل 1.35، ہندوستان کے مشرقی ساحل کا سیٹیلائٹ منظر

Indian Islands

The Indian Islands refer to the group of islands scattered across the Indian Ocean, the Arabian Sea, and the Bay of Bengal, which form part of India's territory. India has two major island groups - Lakshadweep in the Arabian Sea and the Andaman and Nicobar Islands in the Bay of Bengal. These islands have unique wildlife, beautiful beaches, coral reefs, and volcanoes. Several ancient tribes made these islands their home tens of thousands of years ago.

Lakshadweep islands

Lakshadweep is an archipelago (a group of islands) located in the Arabian Sea, close to the Malabar coast of Kerala. It is made up of 36 islands made of coral. Not all islands are inhabited by people. India controls a vast marine area, allowing for fishing, resource exploration, and environmental protection.

Andaman and Nicobar islands

This archipelago comprises more than 500 large and small volcanic islands, divided into two distinct groups - the Andaman and the Nicobar Islands. Their location is very important.



Fig. 1.36. Coral reef in the Lakshadweep Islands




Fig. 1.37. Coral reef in the Andaman Islands



Fig. 1.38. A floating dock (a small port) of the Indian Navy near the Andaman Islands.

ہندوستانی جزائر

ہندوستانی جزائر سے مراد جزیروں کا وہ مجموعہ ہے جو بحر ہند، بحر عرب اور خلیج بنگال میں پھیلے ہوئے ہیں، جو ہندوستان کی سرزمین کا حصہ ہیں۔ ہندوستان کے دو بڑے جزیروں کے گروہ ہیں۔ بحر عرب میں لکشادیپ اور خلیج بنگال میں انڈمان اور نکوبار جزائر۔ ان جزائر میں منفرد جنگلی حیات، خوبصورت ساحل، مرجانی چٹانیں (Coral Reefs) اور آتش فشاں پائے جاتے ہیں۔ کئی قدیم قبائل نے دسیوں ہزار سال پہلے ان جزائر کو اپنا گھر بنایا تھا۔

لکشادیپ جزائر

لکشادیپ بحر عرب میں واقع ایک جزیروں کا مجموعہ (Archipelago) ہے، جو کیرالہ کے مالابار ساحل کے قریب واقع ہے۔ یہ 36 جزائر پر مشتمل ہے جو مرجان (Coral) سے بنے ہیں۔ تمام جزائر پر انسانی آبادی نہیں ہے۔ ہندوستان ایک وسیع سمندری علاقے کو کنٹرول کرتا ہے، جو ماہی گیری، وسائل کی تلاش اور ماحولیاتی تحفظ کی اجازت دیتا ہے۔

انڈمان اور نکوبار جزائر

یہ جزیروں کا مجموعہ (Archipelago) سے زائد چھوٹے اور بڑے آتش فشانی جزائر پر مشتمل ہے۔ جو دو الگ الگ گروہوں۔ انڈمان اور نکوبار جزائر میں تقسیم ہیں۔ ان کا محل وقوع بہت اہم ہے۔



شکل 1.36؛ لکشادیپ جزائر میں مرجانی چٹان



شکل 1.37 انڈمان نکوبار جزائر میں مرجانی چٹان



شکل 1.38 انڈمان نکوبار کے قریب ہندوستانی بحریہ کا ایک تیرتا ہوا گودی (ایک چھوٹا بندرگاہ) (Floating Clock)

They are like the outposts of India, keeping an eye on the ocean. It is home to a variety of flora and fauna. The Andaman Islands are also significant from a historical point of view - many of our freedom fighters were jailed there under the most severe conditions in a prison complex called 'Cellular Jail'. It has been preserved to remind us of the tremendous sacrifices that our forefathers made so we could be free. We will discuss this some more in higher classes.



Fig. 1.39. An aerial view of the active volcano on Barren Island, the only one in India

DON'T MISS OUT

Barren Island (Fig. 1.39 above) in the Andaman and Nicobar Islands is the only active volcano in India. It sometimes erupts, sending smoke and lava into the sky!

The Delta in West Bengal and the Sundarbans

As we travel back from the islands towards the eastern side of the Himalayas via the Bay of Bengal, we come to the Sundarbans. This is located in the delta of the Ganga, Brahmaputra (you saw them earlier in the chapter) and their tributaries. This delta has a unique combination of the river, sea and land. About half of it is located in India, and the rest is in Bangladesh. This is also a UNESCO Heritage site. The Sundarbans are home to many species, including the Royal Bengal Tiger.



Fig. 1.40. Mangroves of the delta in the Sundarbans of West Bengal

Note : Do remember to look at the map and identify where the delta is.

وہ ہندوستان کی سرحدی چوکیوں کی طرح ہیں، جو سمندر پر نظر رکھتے ہیں۔ یہ جگہ نباتات اور حیوانات کی ایک بڑی قسم کا گھر ہے۔ تاریخی نقطہ نظر سے بھی انڈمان کے جزائر بہت اہم ہیں۔ ہمارے بہت سے مجاہدین آزادی کو وہاں ایک جیل میں انتہائی سخت حالات میں قید رکھا گیا تھا جسے "سیلولر جیل" کہا جاتا ہے۔ اسے اس لئے محفوظ رکھا گیا ہے تاکہ ہمیں ان کی یاد دلائے جو ہمارے ان عظیم قربانیوں کی آباواجداد نے دی تھیں تاکہ ہم آزاد ہو سکیں۔ ہم اس بارے میں مزید بحث اگلی جماعتوں میں کریں گے۔



شکل 1.39 ہندوستان کا واحد فعال آتش فشاں کا فضائی منظر ہے جو بیرن جزیرے میں واقع ہے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

انڈمان اور نکوبار جزائر میں واقع بیرن جزیرہ ہندوستان کا واحد زندہ آتش فشاں ہے (شکل نمبر 1:39)۔ یہ کبھی کبھار پھٹتا ہے، جس سے آسمان میں دھواں اور لاوا نکلتا ہے۔

مغربی بنگال میں ڈیلٹا اور سندربن:

جیسے ہی ہم جزائر سے واپس خلیج بنگال کے راستے ہمالیہ کے مشرقی جانب سفر کرتے ہیں، ہم سندربن پہنچتے ہیں۔ یہ گنگا برہم پترا اور ان کے معاون دریاؤں کے ڈیلٹا میں واقع ہے۔ یہ ڈیلٹا دریا سمندر اور زمین کا ایک منفرد امتزاج رکھتا ہے اس کا تقریباً نصف "نصف حصہ" ہندوستان میں واقع ہے اور باقی بنگلہ دیش میں ہے۔ یہ ایک یونیسکو (UNESCO) کا عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیا گیا ہے۔ سندربن بہت سی نسلوں کا گھر ہے، بشمول "رائل بنگال ٹائیگر"۔



شکل 1.40 مغربی بنگال کے سندربن ڈیلٹا علاقے کے مینگرو کے جنگلات۔

نوٹ: نقشے کو دیکھیے اور پہچانیے کہ ڈیلٹا کہاں واقع ہے۔



Fig. 1.41. Left to right, Seven Sisters Waterfalls, Meghalaya, India; The Shad Suk Mynsiem festival is celebrated by the Khasi people as a form of gratitude towards nature; Living roots bridge near Nongriat village, Cherrapunjee, Meghalaya

The hills of the Northeast

Stay on the map as we move towards the hills of the Northeast, our final destination for now. Can you see Garo, Khasi, and Jantia marked on the map? These hills, part of the Meghalaya Plateau, are known for their lush greenery, heavy rainfall, and breathtaking waterfalls. This region experiences one of the highest rainfalls in the world, making it rich in forests, unique wildlife, and fertile land.

DON'T MISS OUT

Mawlynnong Village, situated in the East Khasi Hills of Meghalaya, is renowned as the 'cleanest village in Asia'. This picturesque village is famous for its well-maintained cleanliness, bamboo dustbins, and eco-friendly living practices. The village is also known for its living root bridges, which are created by weaving tree roots over the course of many years.




Fig. 1.42. Living root bridges showcase the craftsmanship of the tribes of the Northeast.



شکل 1.41 بائیں سے دائیں، سیون سسٹرز آبشار میگھالیہ، ہندوستان؛ شادسک منسیم تہوار کو خاصی لوگوں کی جانب سے قدرت کی شکر گزاری کے طور پر منایا جاتا ہے نانگریاٹ گاؤں کے قریب "زندہ جڑوں کا پل" چیرا پنجی، میگھالیہ۔

شمال مشرق کی پہاڑیاں

نقشے پر نظر جمائے رکھیں کیونکہ اب ہم اپنے آخری مقام، شمال مشرق کی پہاڑیوں کی طرف بڑھ رہے ہیں کیا آپ نقشے پر گارو، کھانسی اور جینتیا کے نشانات دیکھ سکتے ہیں؟ یہ پہاڑیاں میگھالیہ سطح مرتفع کا حصہ ہیں جو اپنی سرسبز شادابی، شدید بارشوں اور دلکش آبشاروں کے لئے مشہور ہیں۔ اس خطے میں دنیا کی سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے، جسکی وجہ سے یہ جنگلات، منفرد جنگلی حیات اور زرخیز زمین سے مالا مال ہیں۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

ماولین نونگ (Mawlynnong) گاؤں، جو مشرقی کھاسی پہاڑیاں، میگھالیہ میں واقع ہے۔ "ایشیائی سب سے صاف ستھرا گاؤں" کے طور پر مشہور ہے۔ یہ خوبصورت گاؤں اپنی صفائی ستھرائی، بانس کے کوڑے دانوں اور ماحول دوست طرز زندگی کے لئے جانا جاتا ہے۔

یہ گاؤں اپنے (جیتے جاگتے جڑوں کے پُل (Living Root Bridges) کے لیے بھی مشہور ہے، جو کئی سالوں کے دوران درختوں کی جڑوں کو بن کر بنائے جاتے ہیں۔



شکل 1.42 جیتے جاگتے جڑوں کے پُل شمال مشرق کے قبائل کی دستکاری کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

Before we move on ...

- India gives its name to the subcontinent it is a part of.
- It has many diverse geographical features, ranging from the snowy Himalayas to the heat of the Thar Desert. The plains are watered by a large number of rivers. There is also a peninsular plateau with the Arabian Sea on the west and the Bay of Bengal in the east.
- These diverse geographic features have created a variety of conditions with respect to soil, flora, fauna, life and economic opportunities, and honed a rich culture.
- These geographical features have played an important role in shaping our civilisation.

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. In India'a diverse ecosystem, the organism shows in the picture are formed in warm and shallow sea water. In which geographical feature are they commonly found?



A) Islands

B) The Himalayas

C) The Gangetic plains

D) The peninsular plateau

2. A state government in the Gangetic Plains is preparing its annual budget. Based on the region's geographical strengths, which sector would give the maximum long-term economic return and best support the opulation?

A. Developing new and large-scale mining projects

B. Expanding mountain tourism to attract more visitors

C. Building major industries that focus on luxury goods

D. Improving farming through research, irrigation systems, and soil care

APSCERT



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں۔۔۔۔۔

← چونکہ ہندوستان اس برصغیر کا ایک حصہ ہے اس لئے اسے برصغیر ہند کہا جاتا ہے۔

← اس میں بہت سی متنوع جغرافیائی خصوصیات ہیں، جو برفیلے ہمالیہ سے لیکر تھار کے ریگستان کی تپش تک پھیلی ہوئی ہیں۔ میدانوں کو بڑی تعداد میں دریا سیراب کرتی ہیں۔ یہاں ایک جزیرہ نما سطح مرتفع بھی ہے جس کے مغرب میں بحر عرب اور مشرق میں خلیج بنگال واقع ہے۔

← ان متنوع جغرافیائی خصوصیات نے مٹی، نباتات، حیوانات، زندگی اور معاشی مواقع کے حوالے سے مختلف حالات پیدا کئے ہیں، اور ایک بھرپور ثقافت کو پروان چڑھایا ہے۔

← ان جغرافیائی خصوصیات نے ہماری تہذیب کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس)

1) ہندوستان کے متنوع ماحولیاتی نظام میں، تصویر میں دکھائے گئے جاندار گرم اور کم گہرے سمندری پانی میں بنتے ہیں۔ یہ عام طور پر کس جغرافیائی خصوصیت میں پائے جاتے ہیں؟



A) جزائر

B) ہمالیہ

C) گنگا کے میدان

D) جزیرہ نما سطح مرتفع

2) گنگا کے میدانوں میں واقع ایک ریاستی حکومت اپنا سالانہ بجٹ تیار کر رہی ہے۔ خطے کی جغرافیائی طاقتوں کی بنیاد پر، کونسا شعبہ طویل مدتی معاشی فائدہ دے گا اور آبادی کی بہترین مدد کرے گا؟

A) کان کنی کے نئے اور بڑے پیمانے پر منصوبے تیار کرنا

B) زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کے لئے پہاڑی سیاحت کو وسعت دینا

C) ایسی بڑی صنعتیں قائم کرنا جو پر تعیش اشیاء پر توجہ مرکوز کریں

D) تحقیق، آبپاشی کے نظام اور مٹی کے تحفظ کے ذریعے زراعت کو بہتر بنانا

© NCERT

3. What, in your opinion, are two important geographical features of India? Why do you think they are important?
4. India has been called a 'mini-continent'. Based on what you've read, why do you think this is so?
5. Why is the southern part of India referred to as a peninsular plateau?
6. Despite having such different regions (mountains, deserts, plains, coasts) India remains one country. How do you think our geography has helped unite people?
7. Follow one of India's big rivers from where it starts to where it meets the ocean. What are the different ways in which people might utilise this river along its journey? Discuss in groups in your class.
8. Look at the two maps of India, physical as well as political, given at the end of this book. Identify the place you are at now. Which physical feature of India would you use to describe its location?
9. Food preservation techniques differ from place to place across India. They are adapted to local conditions. Do a class project. Gather different methods of preserving food. Hint: Drying vegetables when they are in season for use during the off-season.
10. What do you think India might have looked like if the Himalayas did not exist? Write a short note or sketch a drawing to express your imagination.
11. Which UNESCO Heritage Site mentioned in this chapter did you find more interesting? Write a short paragraph to describe what about it is interesting.



APSCERT

3) آپ کی رائے میں ہندوستان کی دو اہم جغرافیائی خصوصیات کون سی ہیں؟ آپ کے خیال میں وہ کیوں اہم ہیں؟

4) ہندوستان کو "چھوٹا برا عظم" کہا گیا ہے۔ آپ نے جو کچھ پڑھا ہے اس کی بنیاد پر، آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہے؟

5) ہندوستان کے جنوبی حصے کو "جزیرہ نما کا سطح مرتفع" کیوں کہا جاتا ہے؟

6) اتنے مختلف خطے (پہاڑ، صحرا، میدان، ساحل) ہونے کے باوجود ہندوستان ایک ملک ہے۔ آپ کے خیال میں ہمارے جغرافیہ نے لوگوں کو متحد کرنے میں کس طرح مدد کی ہے؟

7) ہندوستان کے بڑے دریاؤں میں سے کسی ایک دریا کا معائنہ کریں جہاں سے یہ شروع ہوتی ہے جہاں یہ سمندر سے ملتی ہے۔ لوگ دریا کو اس کے راستے میں کیسے استعمال کرتے ہیں؟ اپنے کمرہ جماعت میں بحث کریں۔

8) اس کتاب کے آخر میں دیے گئے ہندوستان کے طبعی اور سیاسی نقشوں کا مطالعہ کریں۔ اس جگہ کی نشاندہی کریں جہاں آپ ابھی موجود ہیں۔ اس مقام کو بیان کرنے کے لئے آپ ہندوستان کی کون سی طبعی خصوصیت استعمال کریں گے؟

9) غذا کو محفوظ کرنے کے طریقے پورے ہندوستان میں جگہ جگہ مختلف ہوتے ہیں۔ وہ مقامی حالات کے مطابق ڈھالے گئے ہیں۔ ایک کمرہ جماعت کا پروجیکٹ کریں۔ غذا کو محفوظ کرنے کے مختلف طریقے جمع کریں۔ اشارہ: آف سیزن میں استعمال کرنے کے لئے سیزن میں سبزیوں کو خشک کرنا۔

10) آپ کے خیال میں اگر ہمالیہ کا وجود نہ ہوتا تو ہندوستان کیا نظر آتا ہے؟ اپنے تخیل کے اظہار کے لیے ایک مختصر نوٹ لکھیں یا خاکہ بنائیں۔

11) اس باب میں مذکور یونیسکو کا کونسا ثقافتی ورثہ آپ کو زیادہ دلچسپ لگا؟ اس کے بارے میں ایک مختصر عبارت لکھیے اور بتائیے کہ اس کی کونسی خصوصیات نے آپ کو متاثر کیا؟

✧✧✧✧✧

CHAPTER

2

UNDERSTANDING THE WEATHER

W3G5I3

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Explain the elements of weather such as temperature, precipitation, atmospheric pressure, wind and humidity. (CG-5)
- Understand the importance of the instruments used to measure different elements of weather. (CG-1)
- Interpret the data and visual representations related to weather. (CG-1)
- Compare the weather conditions of different regions of India and the changes in the life style of people. (CG-5)
- Study weather report and prepare a table showing maximum and minimum temperatures of some important cities. (CG-1)

"A change in the weather is sufficient to create the world and oneself a new."
- Marcel Proust, French novelist



Fig. 2.1.

The Big Questions ?

1. *How can we measure and monitor the weather around us?*
2. *How do weather predictions help us prepare for events like heavy rain, storms, drought and heat waves?*

باب

2

موسم کو سمجھنا

H8X7T6

اکتسابی نتائج

طالب علم اس قابل ہو جائے گا کہ:

- موسم کے اجزا جیسے درجہ حرارت، بارش، فضائی دباؤ، ہوا اور رطوبت کی وضاحت کریں گے۔ (CG - 5)
- موسم کے مختلف اجزاء کی پیائش کے لئے استعمال ہونے والے آلات کی اہمیت کو سمجھیں گے۔(CG-1)
- موسم سے متعلق مواد اور بھری آلات. بھری آلات کی تشریح کریں گے۔ (CG-1)
- ہندوستان کے مختلف خطوں کے موسمی حالات اور لوگوں کے طرزِ زندگی میں آنے والی تبدیلیوں کا موازنہ کر سکیں گے (CG-5)
- موسم کی رپورٹ کا مطالعہ کر سکے اور کچھ اہم شہروں کے زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت کو ظاہر کرنیوالا جدول تیار کریں گے۔ (CG-1)

"موسم میں ایک تبدیلی دنیا اور خود کو نئے سرے سے تخلیق کرنے کے لیے کافی ہے۔"

– مارسل پروسٹ، فرانسیسی ناول نگار




Fig. 2.1.

اہم سوالات ؟

1. ہم اپنے ارد گرد کے موسم کی پیا ئش اور نگرانی کیسے کر سکتے ہیں؟
2. موسم کی پیش گوئیاں ہمیں شدید بارش، طوفان، خشک سالی اور شدید گرمی کی
3. لہروں (ہیٹ ویوز) جیسے مواقعوں کے لیے تیا ر رہنے میں کیسے مدد دیتی ہیں؟

Weather and its Elements

You wake up one winter morning and shiver. You reach for thick clothes to keep yourself warm. In the summer, you choose clothes that keep you cool and comfortable. You are responding to your body's signals; your body is sensing the weather.

What is weather?




Fig. 2.2.

Weather is a state of the Earth's atmosphere at a particular time and place. But what is an atmosphere? In simple terms, it is the layer of gases that surround some planets – in the case of our Earth, we call these gases 'air'. The Earth's atmosphere may be compared to a cake with several layers. The layer closest to the surface of the Earth is called the 'troposphere', and that is where all land based plants and animals (including humans!) live and breathe. It is also where almost all weather phenomena, which we will explore in this chapter, take place. The troposphere extends to a height of 6 to 18 kilometres from the ground; it is less thick at the poles (where the cold air contracts) and thicker in the tropical zone (where the warmer air expands). You will study more about the other layers in your Science classes.

We use many words to describe the weather – hot, cold, rainy, cloudy, humid, snowy, windy, and so on. They describe the different ways in which we experience the elements of weather.

LET'S EXPLORE


What are some of the words in your local language that you use to describe the weather? Hot, cold, warm, chilly, crisp, pleasant, and so on, are commonly used terms in English.

The elements of weather are:

- **Temperature :** How hot or cold the atmosphere is.
- **Precipitation :** Any form of water, such as rain, snow, **sleet** or **hail**, that falls from the sky.

موسم اور اسکے عناصر

آپ سردیوں کی ایک صبح جاگتے ہیں اور کپکپاتے ہیں۔ آپ خود کو گرم رکھنے کے لئے موٹے کپڑوں کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ گرمیوں میں آپ ایسے کپڑوں کا انتخاب کرتے ہیں جو آپ کو ٹھنڈا اور آرام دہ رکھیں۔ آپ اپنے جسم کے اشاروں کا جواب دے رہے ہیں، آپ کا جسم موسم کو محسوس کر رہا ہے۔



شکل 2.2

موسم کیا ہے؟

موسم ایک خاص وقت اور جگہ پر زمین کے کرہ ہوائی کی حالت کا نام ہے۔ لیکن کرہ ہوائی کیا ہے؟ سادہ الفاظ میں، یہ گیسوں کی وہ تہہ ہے جو کچھ سیاروں کے گرد ہوتی ہے۔ ہماری زمین کے معاملے میں، ہم ان گیسوں کو ہوا کہتے ہیں۔ زمین کے کرہ ہوائی کو کئی تہوں والے کیک سے تشبیہ دی جاسکتی ہے۔ زمین کی سطح کے قریب ترین تہہ کو "کرہ متغیرہ" کہا جاتا ہے۔

اور یہی وہ جگہ ہے جہاں زمین پر رہنے والے تمام پودے اور جانور (بشمول انسان!) رہتے ہیں اور سانس لیتے ہیں۔ یہ وہ جگہ بھی ہے جہاں تقریباً تمام موسمی مظاہر جنہیں ہم اس باب میں تلاش کریں گے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ کرہ متغیرہ زمین سے 6 سے 18 کیلو میٹر کی بلندی تک پھیلا ہوا ہے، یہ قطبین پر کم موٹا ہوتا ہے (جہاں ٹھنڈی ہوا سکڑ جاتی ہے) اور منطقہ حارہ میں زیادہ موٹا ہوتا ہے (جہاں گرم ہوا پھیلتی ہے)۔ آپ اپنی سائنس کی کلاسوں میں دیگر تہوں کے بارے میں مزید مطالعہ کریں گے۔

ہم موسم کو بیان کرنے کے لئے بہت سے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ جیسے گرم، ٹھنڈا، بارش والا، ابر آلود نم، برفانی، ہوادار وغیرہ۔ یہ ان مختلف طریقوں کو بیان کرتے ہیں جن میں ہم موسم کے عناصر کا تجزیہ کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

آپ کی مقامی زبان میں وہ کونسے الفاظ ہیں جو آپ موسم کو بیان کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں؟ انگریزی میں عام طور پر استعمال ہونے والے اصطلاحات Hot، Cold، Warm، Chilly، Crisp، Pleasant وغیرہ ہیں۔

موسم کے عوامل درج ذیل ہیں

- درجہ حرارت: کرہ ہوائی کتنا گرم یا ٹھنڈا ہے۔
- ترسیب: پانی کی کوئی بھی شکل جیسے بارش، برف، اولے یا ژالہ باری، جو آسمان سے گرتی ہے۔

- **Atmospheric Pressure :** The weight of the air above us, felt on the Earth's surface.
- **Wind :** The movement of air, including its speed and direction.
- **Humidity :** The amount of **water vapour** in the air.



THINK ABOUT IT



Let us imagine that Krishna from Visakhapatnam is speaking with Amir in Kashmir. Krishna tells Amir that it has become chilly in Visakhapatnam after it rained the previous night. Amir asks him how cold it is. How will Krishna explain to Amir how cold it is? After all, what is cold for Krishna may be quite pleasant for Amir!

As you can see, it would be difficult for Krishna to convey his sense of chillness to Amir unless there is a commonly agreed way to measure the temperature. It is the same with other elements of the weather. In this chapter, we will learn how we measure the weather using common standards.

Sleet: Frozen or partly frozen rain.
Hail: Small, hard balls of ice that fall from the sky like rain.
Water vapour: Water vapour is water in gaseous instead of liquid form.



LET'S EXPLORE



What do you think could be some other reasons to measure the weather more precisely? (Hint: Think how knowing the weather a few hours or a few days in advance would help you plan some activities.)

From early times, humans have closely observed Nature and learnt to read her signals to forecast the weather. Observing birds flying low, ants carrying eggs, squirrels gathering nuts, frogs croaking loudly, or even the opening and closing of pine cones, provided valuable information about coming rain or storms. This knowledge has been passed down from generation to generation. Even today, in many parts of India, people use traditional ways to predict the weather, especially the arrival of the monsoon.

Forecast: To predict or find out in advance (in our case, the weather).

- **فضائی دباؤ :** ہمارے اوپر موجود ہوا کا وزن، جو زمین کی سطح پر محسوس کیا جاتا ہے۔
- **ہوا :** ہوا کی حرکت، بشمول اس کی رفتار اور سمت۔
- **رطوبت :** ہوا میں آبی بخارات کی مقدار۔

سلیٹ : جمی ہوئی یا جزوی طور پر جمی ہوئی بارش۔

اولے : برف کے چھوٹے، سخت گولے جو بارش کی طرح آسمان سے گرتے ہیں۔

آبی بخارات : پانی کی وہ شکل جو مائع کے بجائے گیس کی حالت میں ہوں

اس پر غور و فکر کریں

فرض کرو کہ وشاکھاپٹنم میں کرشنا، کشمیر میں عامر سے بات کر رہا ہے۔ کرشنا عامر کو بتاتا ہے کہ گذشتہ رات بارش کے بعد وشاکھاپٹنم میں سردی ہو گئی ہے۔ عامر اس سے پوچھتا ہے کہ وہاں کتنی ٹھنڈ ہے؟ کرشنا عامر کو کیسے سمجھائے گا کہ کتنی ٹھنڈ ہے؟ آخر کار کرشنا کے لئے ٹھنڈی ہے وہ عامر کے لئے کافی خوشگوار ہو سکتی ہے!

جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں، کرشنا کے لئے اپنی ٹھنڈک کا احساس عامر تک پہنچانا مشکل ہو گا جب تک کہ درجہ حرارت کی پیائش کا کوئی متفقہ طریقہ موجود نہ ہے۔ موسم کے دیگر اجزاء کے ساتھ بھی ایسا ہی ہے۔ اس باب میں، ہم سیکھیں گے کہ ہم عام معیارات کا استعمال کرتے ہوئے موسم کی پیائش کیسے کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

آپ کے خیال میں موسم کی زیادہ درست طریقے سے پیائش کرنے کی کچھ اور وجوہات کیا ہو سکتی ہیں؟ (اشارہ: سوچیں کہ چند گھنٹے یا چند دن پہلے موسم کا حال جاننے سے آپ کو اپنی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے میں کیسے مدد ملے گی ؟)

پیش گوئی : وقت سے پہلے اندازہ لگانا یا معلوم کرنا (ہمارے معاملے میں موسم کا حال)

قدیم زمانے سے، انسانوں نے قدرت کا گہرا مشاہدہ کیا ہے اور موسم کی پیشن گوئی کرنے کے لئے اس کے اشاروں کو پڑھنا سیکھا ہے۔ پرندوں کا نیچی اڑان بھرنا، چیونٹیوں کا انڈے لے کر جانا، گلہریوں کا گری دار میوے جمع کرنا، مینڈکوں کا زور سے ٹرٹرانا، یا یہاں تک کہ صنوبر کے مخروطی پھلوں کا کھلنا اور بند ہونا، آنے والی بارش یا طوفان کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتا تھا۔ یہ علم نسل در نسل منتقل ہوتا رہا ہے۔ آج بھی ہندوستان کے بہت سے حصوں میں لوگ موسم، خاص طور پر مانسون کی آمد کی پیش گوئی کرنے کے لئے روایتی طریقے استعمال کرتے ہیں۔

Observing Nature's clues



Fig. 2.3.1. Ants shifting their eggs to higher ground is a natural behaviour that indicates an expected change in the weather, especially heavy rain.

Fig. 2.3.2. A frog croaking in a forest of the Western Ghats, in expectation of rain.





Fig. 2.3.3. The opening and closing of pine cones are natural mechanisms driven by environmental humidity. Pine cones close in humid conditions to protect their seeds, and open in dry conditions to release them, ensuring they spread in favourable weather.

Meteorology: Meteorology is the systematic study of weather and its evolution. This study is the basis for weather forecasting.

LET'S EXPLORE

Talk to elders in your neighbourhood and ask them how they predict the weather. What signs do they observe? Document any sayings in your regional language that refer to weather prediction.

In the last few centuries, scientists have worked out methods to measure and monitor the elements of the weather with great precision. Based on those inputs, **meteorologists** try to predict how the weather will behave in a particular region after a few hours or a few days, or even a few weeks. How do they do it? Do they just look up at the sky and guess? No, they've got some cool gadgets, a few of which we will now look at.



شکل 2.3.1 چیونٹیوں کا اپنے انڈوں کو اونچی جگہ پر منتقل کرنا، ایک قدرتی طرز عمل ہے جو موسم میں متوقع تبدیلی، خاصی طور پر تیز بارش کی نشاندہی کرتا ہے۔



شکل 2.3.2 : مغربی گھاٹ کے جنگل میں بارش کی امید میں ٹرٹراتا ہوا ایک مینڈک۔

علم موسمیات:

علم موسمیات، موسم اور اسکی ارتقاء کا باقاعدہ مطالعہ ہے۔ یہ مطالعہ موسم کی پیش گوئی کی بنیاد ہے۔



شکل 2.3.3 : صنوبر کے مخروطی پھلوں کا کُھلنا اور بند ہونا قدرتی طریقہ کار ہے جو ماحولیاتی نمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بیجوں کی حفاظت کے لیے یہ نم حالات میں بند ہو جاتے ہیں، اور خشک حالات میں بیجوں کو چھوڑنے کے لیے کُھل جاتے ہیں تاکہ سازگار موسم میں ان کا پھیلاؤ یقینی ہو سکے۔

آیئے معلوم کریں

اپنے پڑوس کے بزرگوں سے بات کریں اور ان سے پوچھیں کہ وہ موسم کی پیش گوئی کیسے کرتے ہیں۔ وہ کن علامات کا مشاہدہ کرتے ہیں؟ اپنی علاقائی زبان میں موسم کی پیش گوئی سے متعلق کسی بھی کہاوت کو قلمبند کریں۔

پچھلی چند صدیوں میں، سائنسدانوں نے موسم کے اور عناصر کی انتہائی درستگی کے ساتھ پیمائش اور نگرانی کے طریقے وضع کیے ہیں۔ ان معلومات کی بنیاد پر ماہرین موسمیات یہ پیش گوئی کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ چند گھنٹوں، چند دنوں، یا چند ہفتوں بعد کسی خاص علاقے میں موسم کیسا رہے گا۔ وہ یہ کیسے کرتے ہیں؟ کیا وہ صرف آسمان کی طرف دیکھ کر اندازہ لگاتے ہیں؟ نہیں، ان کے پاس کچھ بہترین آلات ہیں، جن میں سے چند کا اب ہم جائزہ لیں گے۔

Weather Instruments

a) Temperature

LET'S REMEMBER

In your Grade 6 Science textbook, Curiosity, you read about different types of thermometers used for measuring the temperature - the clinical thermometer and the laboratory thermometer. You also learnt about temperature scales. One of them is the Celsius scale; another is the Fahrenheit scale. If, for instance, we have a cool temperature of 15 degrees Celsius (noted as 15°C), it is the same as 59 degrees Fahrenheit (noted as 59°F).



Fig. 2.4.1. Snow melts quickly when it's warm.




Fig. 2.4.2. Cloudy weather ?it's getting cold.



Fig. 2.4.3. In winter, coconut oil turns solid.



Fig. 2.4.4. Curd takes longer to set in cold weather.

There are several types of thermometers. Some simply measure the **ambient** temperature; others record the maximum and minimum temperatures during a day. Thermometers often use a Mercury which expands when the temperature increases. However, more and more, digital thermometers are preferred as they are more precise and can record more data.

Indeed, temperature recordings can be used to collect some useful **statistics**, including:

- **Range of temperature** or the maximum temperature minus the minimum temperature during a particular period of time (usually 24 hours).
- **Mean daily temperature** or the maximum temperature plus the minimum temperature of the day divided by two.

موسمی پیمائش کے آلات

a) درجہ حرارت

آیئے یاد رکھیں

آپ نے اپنی چھٹی جماعت کی سائنس کی کتاب Curiosity میں درجہ حرارت کی پیمائش کے لئے استعمال ہونے والے مختلف قسم کے تھرمامیٹروں کے بارے میں پڑھا ہے۔ طبی تھرمامیٹر اور لیبارٹری تھرمامیٹر۔ آپ نے درجہ حرارت کے پیمانوں کے بارے میں بھی سیکھا ہے۔ ان میں سے ایک سلسیس پیمانہ ہے اور دوسرا فارن ہائیٹ پیمانہ ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہمارے پاس 15 ڈگری سلسیس (15^0C) کا ٹھنڈا درجہ حرارت ہو، تو یہ 59 ڈگری فارن ہائیٹ (52^0F) کے برابر ہوتا ہے۔



شکل 24.1 : گرمی ہونے پر برف تیزی سے پگھلتی ہے۔



2. : ابر آلود موسم، سردی بڑھ رہی ہے۔



شکل 2.4.3 : سریوں میں ناریل کا تیل جم جاتا ہے۔

تھرمامیٹر کئی قسم کے ہوتے ہیں کچھ صرف ارد گرد کا درجہ حرارت ناپتے ہیں؟ جبکہ کچھ دن بھر کے زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت کو ریکارڈ کرتے ہیں۔ تھرمامیٹر اکثر پارے کا استعمال کرتے ہیں جو درجہ حرارت بڑھنے پر پھیلتا ہے۔ تاہم اب زیادہ تر ڈیجیٹل تھرمامیٹروں کو ترجیح دی جاتی ہے کیونکہ وہ زیادہ درست ہوتے ہیں اور زیادہ مواد ریکارڈ کر سکتے ہیں۔



شکل 244 : سرد موسم میں دہی جمنے میں زیادہ وقت لیتا ہے۔

درحقیقت، درجہ حرارت کی ریکارڈنگ کا استعمال کچھ مفید اعداد و شمار جمع کرنے کے لئے کیا جا سکتا ہے؟ بشمول:

- درجہ حرارت کی حد: یا کسی خاص وقت (عموماً 24 گھنٹے) کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت اور کم سے کم درجہ حرارت میں فرق۔
- اوسط روزانہ درجہ حرارت: یا دن کے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کو اور کم سے کم درجہ حرارت کو جمع کر کے دو سے تقسیم کرنے پر حاصل کیا جاتا ہے۔

DON'T MISS OUT

→ The India Meteorological Department was set up in 1875. Its motto is adityat jayate vrisihti, which means, "From the sun arises rain." The phrase comes from the ancient text Manusmriti, and the complete sentence reads, "From the sun arises rain, from rain comes food, and from food, living beings originate."

→ Can you think of a reason why rain arises from the sun?



Fig. 2.5

Ambient: Of the immediate surroundings.
Statistics: The technique of gathering and analysing information or data in order to be able to detect patterns, understand events or make predictions.

LET'S EXPLORE

→ Here's a chart of the temperatures of a city in Madhya Pradesh. What is the maximum temperature recorded in the week shown here? What is the minimum? Calculate the range.

Date	Maximum Temperature (in ^{0}C?)	Minimum Temperature (in ^{0}C ?)
28.02.2025	29	16
01.03.2025	30	15
02.03.2025	31	17
03.03.2025	32	18
04.03.2025	30	17
05.03.2025	28	14
06.03.2025	29	15

→ Remember the conversation between Krishna and Amir ? If Krishna said it was 20°C in Visakhapatnam and he was feeling a little cold, he and Amir would have a measure they could understand. What do you think Amir's reaction to Krishna's statement might be?

اسے دیکھنا نہ بھولیں

ہندوستانی محکمہ موسمیات کا قیام 1875ء میں عمل میں آیا۔ اس کا نصب العین "ادتیات جیاستے ورشٹی" ہے، جس کا مطلب ہے "سورج سے بارش پیدا ہوتی ہے"۔ یہ جملہ قدیم متن منوسمرتی سے لیا گیا ہے، اور مکمل جملہ کچھ یوں ہے کہ "سورج سے بارش پیدا ہوتی ہے، بارش سے غذا ملتی ہے، اور غذا سے جاندار وجود میں آتے ہیں"۔

← کیا آپ کوئی ایسی وجہ سوچ سکتے ہیں کہ بارش سورج سے کیوں پیدا ہوتی ہے۔



شکل 2.5

اطراف کا:
فوری اردگرد کا ماحول
اعداد و شمار:
رجحانات کا پتہ لگانے، واقعات کو سمجھنے یا پیش گوئیاں کرنے کے قابل ہونے کے لیے معلومات یا ڈیٹا اکٹھا کرنے اور ان کا تجزیہ کرنے کی تکنیک۔

آیئے معلوم کریں

← یہاں مدھیہ پردیش کے ایک شہر کے درجہ حرارت کا چارٹ دیا گیا ہے۔ یہاں دکھائے گئے ہفتے میں ریکارڈ کیا گیا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کیا ہے؟ کم سے کم کیا ہے؟ اس کے وسعت کا حساب لگائیں۔

تاریخ	زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت (^{0}C میں)	کم سے کم درجہ حرارت (^{0}C میں)
28-02-2025	29	16
01-03-2025	30	15
02-03-2025	31	17
03-03-2025	32	18
04-03-2025	30	17
05-03-2025	28	14
06-03-2025	29	15

← کیا آپ کو کرشنا اور عامر کے درمیان ہونے والی گفتگو یاد ہے؟ اگر کرشنا نے کہا کہ وشاکھاپٹنم میں درجہ حرارت 20^0C تھا اور اسے تھوڑی سردی محسوس ہو رہی تھی، تو اس کے اور عامر کے پاس ایک ایسی پیمائش ہو گی جسے وہ سمجھ سکیں۔ آپ کے خیال میں کرشنا کے اس بیان پر عامر کا ردعمل کیا ہو گا؟

b) Precipitation

If the news says that a particular place received 30 mm of rainfall in a day, what does it mean? How is rainfall measured?

The amount of rainfall is measured with the help of an instrument called a rain gauge (Fig. 2.6). When it rains, the water falls into a funnel and is collected in a cylinder. A scale is attached to the cylinder to measure the depth of rainwater collected. For example, when the height of the water collected is 5 mm, we say that the area received 5 mm of rainfall.




Fig. 2.6. Rain gauge

LET'S EXPLORE

Make a rain gauge as shown in the diagram above. Place the rain gauge in an open area, away from objects that might obstruct rain. Ensure that the rain gauge is on a flat surface and will not tilt or topple with the wind. Using the measuring scale, record the amount of rainwater collected at the same time every day, for a month. (If there is snow, allow it to melt before taking the measurement.) Calculate the average rainfall for every week in that month and comment on the variation from week to week.

c) Atmospheric pressure

Our bodies are quite aware of temperature and rainfall. But you may also have experienced that the weather sometimes feels 'heavy', as before a thunderstorm. This is related to atmospheric pressure, which is the pressure exerted by the weight of the air above and around us.





Fig. 2.7

The atmospheric pressure is higher near the sea coast and lower as we go higher up into the mountains. When you climb a mountain, the air gets thinner than in the plain below. As a result, the air pressure is lower, and there is less oxygen available for your lungs to take in.

(b) ترسیب

اگر خبروں میں یہ کہا جائے کہ کسی خاص جگہ پر ایک دن میں 30 ملی میٹر بارش ہوئی ہے، تو اس کا کیا مطلب ہے؟ بارش کی پیمائش کیسے کی جاتی ہے؟



شکل 2.6 بارش پیما


بارش کی مقدار کی پیمائش ایک آلے کی مدد سے کی جاتی ہے جسے "بارش پیما" کہا جاتا ہے۔ (شکل 2.6) جب بارش ہوتی ہے، تو پانی ایک قمیض قیف (Funnel) میں گرتا ہے اور ایک سلنڈر میں جمع ہو جاتا ہے۔ جمع شدہ بارش کے پانی کی گہرائی ناپنے کے لئے سلنڈر کے ساتھ ایک پیمانہ لگا ہوتا ہے مثال کے طور پر، جب جمع ہونے والے پانی کی اونچائی کا ملی میٹر ہوتی ہے، تو ہم کہتے ہیں کہ اس علاقے میں 5 ملی میٹر بارش ہوئی ہے۔

آیئے معلوم کریں

اوپر دی گئی ڈائیگرام کی طرح ایک بارش پیما بنائیں۔ بارش پیما کو کسی کھلی جگہ پر رکھیں، ایسی چیزوں سے دور جو بارش میں رکاوٹ بن سکتی ہوں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بارش پیما ایک ہموار سطح پر ہو اور ہوا سے وہ جھکے یا گرے نہیں۔ پیمائشی اسکیل کا استعمال کرتے ہوئے، ایک ماہ تک ہر روز ایک ہی وقت پر جمع ہونے والی بارش کے پانی کی مقدار ریکارڈ کریں۔ (اگر برف باری ہو تو پیمائش کرنے سے پہلے اسے پگھلنے دیں۔) اس مہینے میں ہر ہفتے کی اوسط بارش کا حساب لگائیں اور ایک ہفتے سے دوسرے ہفتے کے درمیان آنے والی تبدیلی پر تبصرہ کریں۔

(C) فضائی دباؤ

ہمارے جسم درجہ حرارت اور بارش سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ لیکن آپ نے یہ بھی محسوس کیا ہوگا کہ کبھی کبھی موسم 'بھاری' محسوس ہوتا ہے، جیسے کہ گرج سے چمک کے ساتھ طوفان آنے سے پہلے ہوتا ہے۔ اس کا تعلق 'فضائی دباؤ' سے ہے جو کہ ہمارے اوپر اور ارد گرد موجود ہوا کے وزن سے پڑنے والا دباؤ ہے۔



شکل 2.7

فضائی دباؤ سمندری ساحل کے قریب زیادہ ہوتا ہے اور جیسے ہم پہاڑوں پر بلندی کی طرف جاتے ہیں، یہ کم ہوتا جاتا ہے۔ جب آپ پہاڑ پر چڑھتے ہیں، تو نیچے میدانی علاقوں کی نسبت ہوا پتلی (لطیف) ہو جاتی ہے۔ نتیجے کے طور پر ہوا کا دباؤ کم ہو جاتا ہے، اور آپ کے پھیپھڑوں کے لیے آکسیجن کم دستیاب ہوتی ہے۔

With less oxygen getting into your blood, your body has to work harder to keep you moving! That's why people sometimes feel breathless, dizzy or tired at high altitudes.

This does not mean that the atmospheric pressure is always high in the plains below or on the coast. In fact, it sometimes drops dramatically, resulting in what meteorologists call a 'depression' or 'low-pressure system', which can sometimes develop into a storm or even a cyclone.

THINK ABOUT IT

Why do you think it would be important to measure atmospheric pressure? Who are the people most likely to use such measurements?

The instrument used to measure atmospheric pressure is called a **barometer.** As with thermometers, there are several types of barometers. The unit they display is generally the millibar (abbreviated as mb). The normal atmospheric pressure at the sea coast is around 1013 mb; a pressure below 1000 mb indicates a depression.

THINK ABOUT IT

People who journey to places at a high altitude are advised to make pauses on the way to allow the body to acclimatise. Our army personnel serve in high-altitude places like Khardung la in Ladakh, which is over 5600 metres above sea level. It is hard to imagine how they live and work in places where the oxygen lev el is so low - the atmospheric pressure there is generally about 650 millibars!



Fig. 2.7 These

Acclimatise: Adjust to a new climate or new condition

d) Wind

Wind is the movement of air from areas of high pressure to areas of low pressure. Speed and direction are two important factors when we describe the wind.

آپ کے خون میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے، آپ کے جسم کو حرکت برقرار رکھنے کے لئے زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے!
یہی وجہ ہے کہ زیادہ بلندی پر لوگوں کو کبھی کبھی سانس لینے میں دشواری، چکر آنا یا تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ نچلے میدانی علاقوں یا ساحل پر فضائی دباؤ ہمیشہ زیادہ ہوتا ہے۔ درحقیقت، کبھی کبھی یہ ڈرامائی طور پر گر جاتا ہے، جس کے نتیجے میں وہ صورتحال پیدا ہوتی ہے جسے ماہرین موسمیات "ہوا کا کم دباؤ" یا "کم دباؤ کا نظام" کہتے ہیں، جو کبھی کبھی طوفان یا سائیکلوں کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔

اس پر غور و فکر کریں

- آپ کے خیال میں فضائی دباؤ کی پیمائش کرنا کیوں ضروری ہے؟
- وہ کونسے لوگ ہیں جو غالباً اس طرح کی پیمائش کا استعمال کرتے ہیں؟

فضائی دباؤ کی پیمائش کے لیے استعمال ہونے والے آلے کو "بارپیما" کہا جاتا ہے۔ تھرمامیٹر کی طرح "بارپیما" کی بھی کئی قسم کے ہیں۔ وہ جو اکائی ظاہر کرتے ہیں وہ عام طور پر ملی بار ہے (جسے مختصراً mb لکھا جاتا ہے)۔ سمندری ساحل پر عام فضائی دباؤ تقریباً 1013mb ہوتا ہے؟ 1000mb سے کم دباؤ "کم دباؤ" (Depression) کی نشاندہی کرتا ہے۔

اس پر غور و فکر کریں



شکل 2.7

وہ لوگ جو زیادہ بلندی والے مقامات کا سفر کرتے ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ راستے میں وقفہ لیں تاکہ جسم خود کو نئے ماحول کے مطابق ڈھال ہے۔ ہمارے فوجی اہلکار لداخ میں "کھردونگ لا" جیسے بلند مقامات پر خدمات انجام دیتے ہیں جو سطح سمندر سے 5600 میٹر سے زیادہ بلند ہے۔ یہ تصور کرنا مشکل ہے کہ وہ ایسی جگہوں پر کیسے رہتے اور کام کرتے ہیں جہاں آکسیجن کی سطح اتنی کم ہے۔ وہاں فضائی دباؤ عام طور پر تقریباً 650 ملی بار ہوتا ہے!

آب وہوا سے مطابقت پیدا کرنا: نئے آب وہوا یا نئے حالات کے مطابق خود کو ڈھالنا۔

d) ہوا:

ہوا زیادہ دباؤ والے علاقوں سے کم دباؤ والے علاقوں کی طرف ہوا کی حرکت کو کہتے ہیں۔ جب ہم ہوا کی وضاحت کرتے ہیں تو رفتار اور سمت دو اہم عوامل ہوتے ہیں۔

THINK ABOUT IT

Have you seen seeds like these flying in the wind? What would happen to the seeds if there was no wind?



Fig. 2.9

The wind is an important element of the weather. Its direction and speed help in weather forecasting. Besides, air pilots and sailors need to be aware of wind data, as the wind has a great influence on flying or sailing. Farmers also use the wind direction to predict where rain might come from. Also, a greater wind speed will cause the soil to dry faster.

So, how do we measure this direction and speed? A wind vane (or weather vane) has a rotating arm with a pointer at one end and a tail at the other. When the wind blows, the tail is pushed, and the pointer turns in the direction of the wind. It responds even to a light breeze.



Fig. 2.10. Left: Wind vane on the tarmac. Right: Anemometer

This wind vane on the tarmac is called a 'wind sock'. It gives pilots an indication of the direction of the wind during takeoff and landing. Similar socks are used in industries that release ash or gases.

The simplest instrument to measure the wind direction and speed is the anemometer. It has three or four metal cups that rotate on a vertical shaft when the wind blows - the stronger the wind, the faster the rotation. A meter attached at the bottom counts how many times the anemometer spins in a certain period of time and calculates the wind speed in kilometres per hour (km/h).

اس پر غور و فکر کریں

کیا آپ نے ہوا میں اڑتے ہوئے اس طرح کے بیج دیکھے ہیں

اگر ہوا نہ ہو تو ان بیجوں کا کیا ہو گا؟



شکل 2.9

ہوا موسم کا ایک اہم عنصر ہے۔ اسکی سمت اور رفتار موسم کی پیش گوئی کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اسکے علاوہ ہوائی جہاز کے پائلٹوں اور ملاحوں کو ہوا کے ڈیٹا سے باخبر رہنے کی ضرورت ہوتی ہے، کیونکہ ہوا اڑان بھرنے یا جہاز رانی پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ کسان بھی ہوا کی سمت کا استعمال یہ اندازہ لگانے کے لئے کرتے ہیں کہ بارش کہاں سے آسکتی ہے۔ اسکے علاوہ ہوا کی تیز رفتار مٹی کو تیزی سے خشک کرنے کا باعث بنتی ہے۔

تو، ہم اس سمت اور رفتار کی پیائش کیسے کرتے ہیں؟ ایک 'باد نما یا ویدر وین' میں ایک گھومنے والا بازو ہوتا ہے جس کے ایک سرے پر اشارہ کرنے والا اور دوسرے سرے پر دُم ہوتی ہے۔ جب ہوا چلتی ہے، تو دُم کو دھکا لگتا ہے، اور اشارہ کرنے والا (Pointer) ہوا کی سمت میں مڑ جاتا ہے۔ یہ ہلکی سی ہوا پر بھی رد عمل ظاہر کرتا ہے۔



شکل 2.10 (بائیں) ٹرماک پر باد نما (دائیں) اینیمو میٹر (باد پیما)

رن وے (tarmac) پر موجود اس باد نما (Wind vane) کو Wind Sock کہا جاتا ہے۔ یہ پائلٹوں کو ٹیک آف اور لینڈنگ کے دوران ہوا کی سمت کا اشارہ دیتا ہے۔ اس طرح کے Souk ان صنعتوں میں بھی استعمال کئے جاتے ہیں جہاں سے راکھ یا گیسیں خارج ہوتی ہیں۔

ہوا کی سمت اور رفتار کی پیائش کرنے والا سب سے سادہ آلہ اینیمو میٹر (Anemameter) ہے۔ اس میں تین یا چار دھاتی کپ ہوتے ہیں جو ہوا چلنے پر ایک عمودی شافٹ پر گھومتے ہیں۔ ہوا جتنی تیز ہو گی، گردش اتنی ہی تیز ہو گی۔ نیچے لگا ہوا ایک میٹر یہ گنتا ہے کہ اینیمو میٹر ایک خاص مدت میں کتنی بار گھومتا ہے اور ہوا کی رفتار کا حساب کیلو میٹر فی گھنٹہ میں لگاتا ہے۔

e) Humidity

Humidity is the last element of the weather on our list. It refers to the amount of water vapour present in the air. It also depends on factors like temperature, wind, pressure and location.



LET'S EXPLORE



Where do you think humidity is likely to be more, Kochi or Jaipur? You might guess that Kochi has higher humidity than Jaipur because it is located near the sea. But how will we know for sure? If we had to compare the humidity level between Kochi and Machilipatnam, how would we do it? Discuss with your classmates.

We can answer these questions more precisely by learning how to measure humidity. Before we move forward, we need to remember our Science lesson from Grade 6 about the states of water. This will help us to understand how humidity is measured.



LET'S REMEMBER



→ When water evaporates, it causes a cooling effect.

→ If the amount of water in the air is already high (more humidity), water evaporates slowly. That is typically the case on a rainy day.

Humidity of the air is measured as relative humidity : air that would contain absolutely no water vapour (which is impossible in natural conditions) is rated at 0%, while air saturated with water vapour will have a humidity of 100%. In practice, dry weather has a relative humidity range between 20% and 40%, while humid weather usually falls between 60% and 80% relative humidity.



THINK ABOUT IT



If the humidity in Delhi is at 52% while in Kochi it is 84%, in which of the two places are wet clothes likely to dry faster? And where are you likely to sweat more, assuming the temperature is the same in both places?

But how do we measure such numbers? This is done through an instrument called a hygrometer. Again, there are several types of hygrometers, depending on the principle they are based on. The measurement of humidity is of great importance in many industrial processes, such as food processing. Museums also monitor humidity as they need to maintain a dry environment to preserve their exhibit.

e) رطوبت

رطوبت ہماری فہرست میں موسم کا آخری عنصر ہے۔ اس سے مراد ہوا میں موجود آبی بخارات کی مقدار ہے۔ اس کا انحصار درجہ حرارت، ہوا، دباؤ اور مقام جیسے عوامل پر بھی ہوتا ہے۔



آیئے معلوم کریں

آپ کے خیال میں رطوبت کا تناسب کہاں زیادہ ہونے کا امکان ہے، کوچی میں یا جیئے پور میں؟ آپ شائد اندازہ لگائیں گے کہ کوچی میں جیئے پور کے مقابلے میں رطوبت زیادہ ہے۔ کیونکہ یہ سمندر کے قریب واقع ہے۔ لیکن ہمیں یقین سے کیسے معلوم ہو گا؟ اگر ہمیں کوچی اور مچھلی پٹنم کے درمیان رطوبت کے تناسب کا موازنہ کرنا ہو، تو ہم اسے کیسے کریں گے؟ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ بحث کریں۔


ہم رطوبت کی پیمائش کرنے کا طریقہ سیکھ کر ان سوالات کے جوابات زیادہ درست طریقے سے دے سکتے ہیں۔ آگے بڑھنے سے پہلے، ہمیں چھٹی جماعت کے پانی کی حالتوں سے متعلق اپنے سائنس کے سبق کو یاد کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دے گا کہ رطوبت کی پیمائش کیسے کی جاتی ہے۔



یاد رکھیں

- جب پانی بخارات بن کر اڑتا ہے، تو یہ ایک ٹھنڈک کا احساس کرتا ہے۔
- اگر ہوا میں پانی کی مقدار پہلے سے زیادہ ہو (زیادہ رطوبت) تو پانی آہستہ بخارات بنتا ہے۔ عام طور پر بارش کے دن ایسا ہی ہوتا ہے۔

ہوا کی رطوبت کی پیمائش کا متناسب رطوبت کے طور پر کی جاتی ہے: وہ ہوا جس میں بالکل آبی بخالات نہ ہوں (جو قدرتی حالات میں نہ ممکن ہے) اسے ٪0 قرار دیا جاتا ہے، جبکہ آبی بخارات سے بھری ہوں ہوئی ہوا میں رطوبت کا تناسب ٪ 100 ہو گا۔ عملی طور پر، خشک موسم میں متناسب رطوبت کی حد ٪ 20 سے ٪ 40 کے درمیان ہوتی ہے، جبکہ نم آلود موسم میں عام طور پر مناسب رطوبت ٪ 60 سے ٪ 80 کے درمیان ہوتی ہے۔



اس پر غور و فکر کریں

اگر دہلی میں رطوبت ٪52 ہے جبکہ کوچی میں یہ ٪ 84 ہے، تو ان دونوں جگہوں میں سے کہاں گیلے کپڑے تیزی سے خشک ہونے کا امکان ہے؟ اور آپ کو کہاں زیادہ پسینہ آنے کا امکان ہے، یہ فرض کرتے ہوئے کہ دونوں جگہوں پر درجہ حرارت یکساں ہے؟

لیکن ہم ایسے نمبروں کی پیمائش کیسے کرتے ہیں؟ یہ ہائیگرو میٹر نامی آلے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ایک بار پھر، ہائیگر میٹر کی کتنی اقسام ہیں جن کا انحصار اس اصول پر ہے۔ جس پر وہ مبنی ہیں۔ رطوبت کی پیمائش بہت سے صنعتی عمل، جیسے کہ غذا کی تیاری (Food Processing) میں بہت اہمیت رکھتی ہے۔ عجائب گھر بھی رطوبت کی نگرانی کرتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے نوادرات کو محفوظ رکھنے کے لئے خشک ماحول برقرار رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے

Weather Stations



Fig. 2. 11

As you can see, we need several instruments to measure the weather at a particular place and time. A weather station brings all these instruments together, making it easy to measure and track the weather. Readings of all the measurements are taken at regular intervals, which helps in mapping and forecasting the weather.

An automated weather station

An **Automated Weather Station (AWS)** is a self operating system that uses various sensors to measure and record weather data, such as temperature, humidity, wind speed and direction, precipitation, and atmospheric pressure. Such stations are widely used in fields like agriculture, aviation, navigation, environmental monitoring, and so on, providing accurate and timely weather information without the need for human intervention. A meteorological center was set up at Amaravathi in Andhra Pradesh by the IMD for weather forcasting and meteorological services for the state of AndhraPradesh.

DON'T MISS OUT

In 2023, the National Disaster Management Authority set up an AWS at a glacial lake of Sikkim at an altitude of more than 4800 metres above sea level. The AWS provides early information about upcoming weather conditions.




Fig. 2.12. AWS at a glacial lake of Sikkim

Predicting the Weather

Meteorologists collect data using these instruments over long periods of time. They study the data and use scientific methods to try and predict the weather. Such predictions are very important nowadays, as climate change makes extreme weather, such as droughts, floods, cyclones, etc., more frequent.

موسمیاتی اسٹیشن




شکل 2.11

جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں، ہمیں کسی خاص مقام اور وقت پر موسم کی پیمائش کے لئے کئی آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک موسمیاتی اسٹیشن ان تمام آلات کو یکجا کرتا ہے، جس سے موسم کی پیمائش اور اس پر نظر رکھنا آسان ہو جاتا ہے۔ تمام پیمائشوں کی ریڈنگ باقاعدہ وقفوں سے لی جاتی ہے جو موسم کی نقشہ سازی اور پیش گوئی کرنے میں مدد دیتی ہے۔

خودکار موسمیاتی اسٹیشن

خودکار موسمیائی اسٹیشن، ایک خودکار نظام ہے جو موسم کے ڈیٹا جیسے درجہ حرارت، رطوبت، ہوا کی رفتار اور سمت بارش اور فضائی دباؤ کی پیمائش اور ریکارڈنگ کے لئے مختلف سینسرز (Sensors) کا استعمال کرتا ہے۔ ایسے اسٹیشن زراعت، ہوابازی، جہاز رانی، ماحولیاتی نگرانی وغیرہ جیسے شعبوں میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتے ہیں، جو انسانی مداخلت کے بغیر درست اور بروقت موسم کی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ آندھرا پردیش ریاست کے لئے موسم کی پیش گوئی اور موسمی خدمات کے لئے آئی ایم ڈی (IMD) کی جانب سے امراوتی میں ایک موسمیاتی مرکز قائم کیا گیا ہے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں



شکل 2.12 : سکم کی ایک گلیشیائی جھیل

2023ء میں، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے سکم کی ایک گلیشیر جھیل پر سطح سمندر سے 4800 میٹر سے زیادہ کی بلندی پر ایک خودکار موسمیاتی اسٹیشن قائم کیا۔ یہ خودکار موسمیاتی اسٹیشن آنے والے موسمی حالات کے متعلق قبل از وقت معلومات فراہم کرتا ہے۔

آنے والے موسم کا اندازہ لگانا

ماہرین موسمیات طویل عرصے تک ان آلات کا استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا (Data) اکٹھا کرتے ہیں۔ وہ ڈیٹا Data کا مطالعہ کرتے ہیں اور موسم کا اندازہ لگانے کے لئے سائنسی طریقے استعمال کرتے ہیں۔ ایسی پیش گوئیاں آج کل بہت اہم ہیں، کیونکہ موسمیاتی تبدیلی خشک سالی، سیلاب، طوفان وغیرہ جیسے شدید موسم کو مزید کثرت سے رونما ہونے کا سبب بن رہی ہے۔





Fig. 2.13. India: weather warning for India on 19 May 2024

Accurate predictions help us to be ready for such events. They also enable local governments to mobilise resources and prepare for any disasters. For example, if stormy weather is expected at sea, fishermen are warned about venturing out in their boats, or an entire coastal area might have to be evacuated if a cyclone is expected.



شکل 19:2.13 مئی 2024ء کی ہندوستان کے لئے موسمیاتی تنبیہ

درست پیش گوئیاں ہمیں ایسے واقعات کے لئے تیار رہنے میں مدد دیتی ہے۔ وہ مقامی حکومتوں کو اس قابل بھی بناتی ہیں کہ وہ وسائل کو متحرک کریں اور کسی بھی آفت کے لئے تیاری کریں۔ مثال کے طور پر، اگر سمندر میں طوفانی موسم کی توقع ہو، تو ملاحوں کو اپنی کشتیوں میں باہر نکلنے سے خبردار کیا جاتا ہے، یا اگر سمندری طوفان کی توقع ہو تو پورے ساحلی علاقے کو خالی کرنا پڑ سکتا ہے۔

LET'S EXPLORE

Discuss, in pairs, different situations in which weather predictions are helpful. Make a list, and after you have completed it, share it and discuss it with the pair sitting next to you. How many different categories of situations have you been able to identify?

Look carefully at the map of India in previous page. This map was issued by the India Meteorological Department on 19 May 2024. Study the icons and connect them to the conditions shown on the map.

LET'S EXPLORE

- → What do you observe happening on that day? What are the various weather conditions that the IMD is alerting people to?
- → Which states have warning signs?
- → Which parts of India are likely to be free from severe weather?
- → Which states are likely to face heat wave conditions?
- → What are the causes for warning in Tripura and Lakshad weep?



Before we move on ..

- → Temperature, humidity, precipitation, wind and atmospheric pressure together define the weather at a par ticular place.
- → The condition of these elements is measured using special instruments. Data collected from these help us to monitor and predict the weather.
- → In different times or situations, one of the elements is dominant - for example, rainfall in July, the temperature in May and December, atmospheric pressure when a cyclone is moving, and wind when a loo (strong, hot and dusty winds that blow in north India in summers) is blowing, or forest fires are spreading.
- → Weather is closely linked to climate. We will discuss this in the next chapter.

AP SCERT

آیئے معلوم کریں

جوڑوں میں ان مختلف حالات پر بحث کریں جن میں موسم کی پیش گوئیاں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ ایک فہرست بنائیں، اور اسے مکمل کرنے کے بعد اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے دوسرے جوڑے کے ساتھ اس کا اشتراک کریں اور بحث کریں۔ آپ حالات کے کتنے مختلف زمروں کی شناخت کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں؟

پچھلے صفحے پر موجود ہندوستان کے نقشے کو غور سے دیکھیں۔ یہ نقشہ ہندوستان کے محکمہ موسمیات (IMD) کی جانب سے 19 مئی 2024 کو جاری کیا گیا تھا۔ کلکٹر (Icons) کا مطالعہ کریں اور انہیں نقشے پر دکھائی گئی صورتحال سے جوڑیں۔

آیئے معلوم کریں

- آپ اس دن کیا ہوتا ہوا دیکھ رہے ہیں؟ وہ کونسے مختلف موسمی حالات ہیں جن کے بارے میں IMD لوگوں کو چوکس کر رہا ہے؟
- کن ریاستوں میں تنبیح کے نشانات موجود ہیں؟
- ہندوستان کے کن حصوں کے شدید موسم سے محفوظ رہنے کا امکان ہے؟
- کن ریاستوں میں گرم ہر (Heat Wave) کی صورتحال کا سامنا کرنے کا امکان ہے؟
- تریپورہ اور لکشادیپ میں تنبیح کی وجوہات کیا ہیں؟



اس سے پہلے کہ آگے بڑھیں۔۔۔۔۔۔۔

- درجہ حرارت، رطوبت، عمل ترسیم یا بارش ہوا اور فضائی دباؤ مل کر کسی خاص جگہ کے موسم کی وضاحت کرتے ہیں۔
- ان عوامل کی حالت کو خاص آلات کے ذریعے ناپا جاتا ہے۔ ان سے جمع کردہ ڈیٹا (Data) ہمیں موسم کی نگرانی اور پیش گوئی کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- مختلف اوقات یا حالات میں، ان عناصر میں سے ایک غالب ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جولائی میں بارش، مئی اور دسمبر میں درجہ حرارت، سمندری طوفان کی حرکت کے دوران فضائی دباؤ، اور جب 'لو' (شمالی ہندوستان میں گرمیوں میں چلنے والی تیز، گرم اور گرد آلود ہوائیں) چل رہی ہوں تو ہوا، یا جب جنگل کی آگ پھیل رہی ہو۔
- موسم کا آب وہوا سے گہرا تعلق ہے۔ ہم اگلے باب میں اس پر بحث کریں گے۔

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. Match the instrument with the weather element it measures.

Instrument used	Element of the Weather
1) Hygrometer	a) Precipitation
2) Anemometer	b) Atmospheric pressure
3) Barometer	c) Wind direction and speed
4) Thermometer	d) Humidity
5) Rain gauge	e) Temperature

2. Explain in your own words why people who climb mountains might sometimes need supplemental oxygen.

3. Krishna wakes up early on a winter morning and feels very cold, so he wears thick woollen clothes. A few months later, during summer, he chooses light cotton clothes to stay cool. His teacher explains that Krishna's body is responding to the weather conditions, which are caused by changes in the Earth's atmosphere, especially in the troposphere, where most weather phenomena occur.

   Based on the above case and the information given in the textbook, answer the following:

   a) What is meant by weather?

   b) Why do people choose different types of clothes in winter and summer?

4. Uma is deciding what clothes to pack for her school trip to Mumbai in June. She looks at the weather forecast, which predicts 29°C and 84% humidity. What would be your advice to her?

5. Imagine that a small group of students is setting up a rain gauge. [APPLICATION ACTIVITY]

   Here are some options for the site.

   i. The school vegetable garden.

   ii. The terrace of the school building.

   iii. Open ground with elevated platform.

   iv. Compound wall of school.

   v. Verandah of the school laboratory.

   Discuss in your group and finalize the site. Write down the reasons for your decision.

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس) :

(1) آلے کو موسم کے اس عنصر سے ملائیں جس سے وہ ناپا جاتا ہے

استعمال ہونے والا آلہ		موسم کا عنصر	
(1)	ہائیگرومیٹر	(a)	عمل ترسیم یا بارش
(2)	اینیمومیٹر	(b)	فضائی دباؤ
(3)	بارپیما (بیرومیٹر)	(c)	ہوا کی سمت اور رفتار
(4)	تھرمامیٹر	(d)	رطوبت
(5)	رین گیج (Rain Gauge)	(e)	درجہ حرارت

(2) اپنے الفاظ میں وضاحت کریں کہ پہاڑوں پر چڑھنے والے لوگوں کو کبھی کبھی اضافی آکسیجن کی ضرورت کیوں پڑ سکتی ہے۔

(3) کرشنا سردیوں کی ایک صبح جلدی بیدار ہوتا ہے اور اسے بہت سردی محسوس ہوتی ہے۔ اسلئے وہ موٹے اونی کپڑے پہنتا ہے۔ چند ماہ بعد، گرمیوں کے دوران وہ ٹھنڈا رہنے کے لئے ہلکے سوتی کپڑوں کا انتخاب کرتا ہے۔ اس کے استاد بناتے ہیں کہ کرشنا کا جسم موسمی حالات پر ردعمل ظاہر کر رہا ہے، جو زمین کے کرہ ہوائی (Atmosphere) میں تبدیلیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں؟ خاص طور پر ٹروپوسفئیر میں، جہاں زیادہ تر موسمی مظاہر رونما ہوتے ہیں۔

مندرجہ بالا صورتحال اور درسی کتاب میں دی گئی معلومات کی بنیاد پر درج ذیل کے جواب دیں:

(a) موسم سے کیا مراد ہے؟

(b) لوگ سردیوں اور گرمیوں میں مختلف قسم کے کپڑوں کا انتخاب کیوں کرتے ہیں؟

(4) اُما جون میں ممبئی کے اپنے اسکول کے دورے کے لئے پیکنگ کرنے والے کپڑوں کا فیصلہ کر رہی ہے۔ وہ موسم کی پیش گوئی دیکھتی ہے، جو 29° C درجہ حرارت اور 84% رطوبت کی پیش گوئی کرتی ہے۔ اسے آپ کا کیا مشورہ ہوگا؟

(5) تصور کریں کہ طلبا کا ایک چھوٹا گروپ رین گیج (بارش ناپنے کا آلہ) لگا رہا ہے (Application Activity)

مقام کے لئے یہاں کچھ اختیارات (options) ہیں:

i- اسکول کا سبزیوں کا باغ

ii- اسکول کی عمارت کی چھت

iii- اونچے پلیٹ فارم کے ساتھ کھلا میدان

iv- اسکول کی چار دیواری

v اسکول کول کی لیبارٹری کا برآمدہ

اپنے گروپ میں بحث کریں اور مقام کا فیصلہ کریں۔ اپنے فیصلے کی وجوہات لکھیں۔

6. Below is a chart taken from IMD, Jammu and Kashmir. Looking at the data available, write a short script to report the weather conditions in different parts of Jammu and Kashmir on the date shown. (Hint: Cover the temperature range, maximum and minimum temperatures, humidity, precipitation, etc.)

Daily Weather Parameters Jammu & Kashmir
(EVENING) DATE: 01-02-2024

Station	max temperature of date			min temperature of date			from 0830 to 1730 hrs (mm/cm)		24 hrs R/F ending 0830 of date (mm/cm)		relative humidity	
	ACT (°C)	NOR (°C)	DEP (°C)	ACT (°C)	NOR (°C)	DEP (°C)	R/F (mm)	S/N (cm)	R/F	S/N	0830 (%)	1730 (%)
SRINAGAR	6.5	8.9	–2.4	0.2	–0.7	0.9	TR	0.0	13.4	2.4	89	89
QAZIGUND	3.2	8.5	–5.3	–0.4	–2.1	1.7	11.8	10.0	36.2	22.0	97	90
PAHALGAM	1.1	5.6	–4.5	–4.1	–6.1	2.0	6.0	8.0	19.4	23.0	96	96
KUPWARA	5.1	8.5	–3.4	–0.7	–2.3	1.6	0.5	0.0	21.9	10.0	97	94
KUKERNAG	2.6	6.6	–4.0	–1.4	–2.4	1.0	12.0	8.0	35.2	30.0	96	97
GULMARG	–2.6	1.4	–4.0	–7.6	–7.6	0.0	8.2	6.35	35.2	35.0	76	100
MUZAFARABAD	8.5	–	–	5.6	–	–	–	–	25.8	–	93	–

Note: ACT means actual; NOR means normal; DEP is departure from normal; R/F is rainfall; S/N is snowfall; TR means trace amount.

✧✧✧✧✧



© NCERT not to be republished

(6) نیچے جموں و کشمیر کے IMD سے لیا گیا ایک چارٹ دیا گیا ہے۔ دستیاب مواد (Data) کو مد نظر رکھتے ہوئے، دکھائی گئی تاریخ پر جموں و کشمیر کے مختلف حصوں کے موسمی حالات کو رپورٹ کرنے کے لئے ایک مختصر اسکرپٹ لکھیں۔ (اشارہ: درجہ حرارت کی حد زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت، رطوبت، بارش اور برف باری وغیرہ احاطہ کریں)

جموں و کشمیر کے روزانہ موسم کے پیمانے (شام) تاریخ:01-02-2024

اسٹیشن	تاریخ کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت			تاریخ کا کم سے کم درجہ حرارت			8:30 سے 17:30 گھنٹوں تک (mm/km)		24 گھنٹوں کو 08:30 RF تاریخ کے ختم تک (mm/cm)		مناسب رطوبت	
	ACT (°C)	NOR (°C)	DEP (°C)	ACT (°C)	NOR (°C)	DEP (°C)	R/F (mm)	S/N (cm)	R/F	S/N	0830 (%)	1730 (%)
سری نگر	6.5	8.9	−2.4	0.2	−0.7	0.9	TR	0.0	13.4	2.4	89	89
قاضی گنڈ	3.2	8.5	−5.3	−0.4	−2.1	1.7	11.8	10.0	36.2	22.0	97	90
پہلگام	1.1	5.6	−4.5	−4.1	−6.1	2.0	6.0	8.0	19.4	23.0	96	96
کپواڑہ	5.1	8.5	−3.4	−0.7	−2.3	1.6	0.5	0.0	21.9	10.0	97	94
کیوکرناگ	2.6	6.6	−4.0	−1.4	−2.4	1.0	12.0	8.0	35.2	30.0	96	97
گلمارگ	−2.6	1.4	−4.0	−7.6	−7.6	0.0	8.2	6.35	35.2	35.0	76	100
مظفر آباد	8.5	–	–	5.6	–	–	–	–	25.8	–	93	–

نوٹ: ACT مطلب اصل درجہ حرارت: NOR مطلب معمول کا درجہ حرارت

DEP معمول سے انحراف؟ RF کا مطلب بارش، SN کا مطلب برف باری TR مطلب بہت معمولی مقدار



CHAPTER

3

CLIMATES OF INDIA

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Recognise the difference between weather and climate and identifies different seasons. (CG-1)
- Understand the different factors that determine climate. (CG-1)
- Understand different disasters and appreciates the role of NDRF in rescue and evacuation operations. (CG-5)
- Analyse the consequences of climate change on the natural and human world and develops a sense of responsibility to protect the environment. (CG-5)
- Locate important cities with different climatic conditions on the map of India. (CG-1)

1. *"Kale varshatu parjanyaha prithivi sasyashalini des hoyam kshobharahitah bra hmana santu nirbhayah" May the rains be timely, may the Earth be lush with vegetation May this country be free from turmoil, may good people be fearless!"* - *Subhashita*



Fig. 3.1.

The Big Questions ?

1. *What makes India's climate so diverse?*
2. *What are the monsoons? How are they formed?*
3. *What is the effect of climate on economy, culture and society?*
4. *How can understanding the climate help us to prepare for natural disasters?*
5. *What is climate change? What are its consequences?*


باب
3
ہندوستان کی آب وہوا

U5J2I2

اکتسابی نتائج

طلبا اس قابل بنیں گے کہ۔۔۔۔۔۔

- موسم اور آب وہوا کے درمیان فرق کو پہچان سکیں گے اور مختلف موسموں کی شناخت کر سکیں گے۔(CG-1)
- آب وہوا کا تعین کرنے والے مختلف عوامل کو سمجھ سکیں گے۔(CG-1)
- مختلف آفات کو سمجھ سکیں گے اور بچاؤ اور انخلا کی کاروائیوں میں NDRE کے کردار کی تعریف کر سکیں گے۔(CG-5)
- قدرتی اور انسانی دنیا پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا تجزیہ کر سکیں گے اور ماحول کی حفاظت کے لیے ذمہ داری کا احساس پیدا کر سکیں گے۔(CG-5)
- ہندوستان کے نقشے پر مختلف موسمی حالات والے اہم شہروں کی نشاندہی کر سکیں گے۔(CG-1)



شکل 3:1

"کالے ورشتو پرجنیہ : سسیہ شالنی دیشویم
چھوبھرتیہ برہمناس سنت نر بھیاہ":
بارش ہر وقت ہو، زمین پودوں سے سرسبز
وشاداب ہو، یہ ملک انتشار سے پاک ہو،
نیک لوگ بے خوف ہو۔ - سبھاشتانی

اہم سوالات؟

(1) کیا چیز ہندوستان کی آب وہوا کو اس قدر متنوع بناتی ہے؟
(2) مانسون کیا ہیں؟ وہ کیسے بنتے ہیں؟
(3) معیشت، ثقافت اور معاشرے پر آب وہوا کا کیا اثر پڑتا ہے؟
(4) آب وہوا کی سمجھ قدرتی آفات کا سامنا کرنے میں کس طرح مدد کرتی ہے؟
(5) موسمیاتی تبدیلی کیا ہے؟ اس کے نتائج کیا ہوتے ہیں؟

Weather, Seasons and the Climate

'Climate' is a word people use in everyday conversations. But, quite often, what they really mean is 'weather', and not 'climate'. What's the difference? 'Weather' is what we experience every hour or day: it might be raining, or there could be bright sunshine, a lot of wind, etc. The weather keeps changing. Climate, on the other hand, is the pattern of weather an area or a region experiences over a long period of time-several decades at least. This pattern varies from region to region.

Before we come to the various types of climates, let us briefly stop to introduce seasons. Seasons occur as the Earth revolves around the Sun. Each season lasts for a few months and recurs every year. As we know, there are several seasons in the year spring, summer, monsoon, autumn and winter that occur in a cycle. Are seasons related to the weather or to the climate? The answer is: to both.

The weather changes with the season, that is, it can be dry and hot in the summer months, or humid and rainy during the monsoon. Further, the pattern of seasons in a region is closely connected with the climate. There are four main seasons across most regions of the world spring, summer, autumn and winter. However, India receives rainfall during a specific period of the yearthe 'rainy season' or monsoon-along with the other four.




Fig. 3.2


Traditionally, in many parts of India, the year is divided into six seasons or ritusvasanta (spring), grishma (summer), varsha (rainy season), sharad (autumn), hemanta (pre-winter), shishir (winter). Specific rituals and festivals are associated with these six ritus, such as Vasanta Pañchami or Sharad Purnima.

موسم، رُت اور آب وہوا

"آب وہوا" ایسا لفظ ہے جسے لوگ عام گفتگو میں استعمال کرتے ہیں لیکن اکثر اس سے مراد دراصل "موسم" ہوتا ہے، نہ کہ آب وہوا۔ تو پھر دونوں میں کیا فرق ہے؟ 'موسم' وہ کیفیت ہے جس کا تجربہ ہم ہر گھنٹے یا ہر دن کرتے ہیں، کبھی بارش ہوتی ہے، کبھی تیز دھوپ نکلتی ہے یا تیز ہوا چلتی ہے وغیرہ۔ موسم ہمیشہ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ جبکہ آب وہوا ایک طویل عرصے یعنی کئی دہائیوں میں کسی علاقے یا خطے کے موسم کے مجموعی اور مستقل طرز کو کہا جاتا ہے۔ یہ طرز مختلف خطوں میں مختلف ہوتا ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم مختلف اقسام کی آب وہوا کا ذکر کریں، آیئے ہم مختلف طور پر رتوں (موسموں) کا ذکر کرتے ہیں۔ زمین سورج کے گرد چکر لگاتی ہے اور اس کی وجہ سے رُتیں (موسم) پیدا ہوتے ہیں۔ ہر رُت (موسم) چند مہینے جاری رہتی ہے اور ہر سال باقاعدگی سے آتی ہے۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ سال میں کئی موسم ہوتے ہیں۔ بہار، گرمی، مانسون، خزاں اور سردی۔ یہ سب ایک سلسلہ وار چکر میں آتی ہیں۔ کیا رُتیں (موسم) موسم سے تعلق رکھتی ہیں یا آب وہوا سے؟ جواب یہ ہے کہ دونوں سے۔

موسم رُتوں کے ساتھ بدلتے ہیں، یعنی گرمی کے مہینوں میں موسم خشک اور گرم ہو سکتا ہے، جبکہ برسات میں مرطوب اور بارانی ہو سکتا ہے۔ مزید یہ کہ کسی خطے میں رُتوں (موکوں) کا طرز اس کی آب وہوا سے جڑا ہوتا ہے۔ دنیا کے زیادہ تر خطوں میں چار خاص رُتیں (موسم) ہوتے ہیں۔ بہار، گرمی، خزاں اور سردی۔ لیکن ہندوستان میں ان چار رُتوں (موسموں) کے علاوہ مانسون یا برسات کا موسم بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔



شکل 3.2

روایتی طور پر، ہندوستان کے کئی حصوں میں، سال کو چھ موسموں یا "رتوں" میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ وسنت (بہار)، گرشم (گرمی)، ورشا (بارش)، شرد (خزاں) ہیمنت (اوائل سرما) ششر (سردی)۔ ان چھ رتوں سے جڑے ہوئے مخصوص رسومات اور تہوار منائے جاتے ہیں جیسے وسنت پنچمی یا شرد پورنیما۔

If we observe the world around us, we will notice that human, plant and animal life are in rhythm with the ritus or seasons. The crops we grow, the food we eat, the clothes we wear, and so on, change with the season. Depending on the region, some trees and shrubs bloom with the onset of vasanta or spring, in some places they shed their leaves or change their colour as sharad or autumn approaches and some animals develop thick fur in the cold winter months.



LET'S EXPLORE



→ Which are your favourite seasons? Write a short essay explaining your reasons.

→ Discuss in groups of three or four and find out whether there are specific events connected to the seasons in your region. Collect information about them songs, feasts with specific types of food, practices in different seasons, etc. Document these and share your discoveries with your class.

→ Do you know which trees in your area change colours before the onset of winter? Are there trees that shed their leaves around this time? Why do you think this happens? Find out and document the local names of these trees.

Usually, the climate remains stable over long periods of time. However, scientists have been recording changes in the climates of the world in the recent decades. Studies show that many of these changes have been caused by human actions.

Let us recapitulate:

→ Weather is what we experience from day to day windy, rainy, hot, dry, etc.

→ Seasons recur every year and the weather of a place is different in every season.

→ Climate is the longterm pattern in a particular region. There are many types of climates in the world. We will now survey the main types found in India.

Types of Climates in India

We have often seen how India is a land of diversity. This is equally true of its climate.

اگر ہم اپنی ارد گرد کی دنیا کا مشاہدہ کریں تو دیکھیں گے کہ انسان، نباتات اور جانور سب اپنی زندگی کے معمولات میں رُتوں یا موسموں کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔ فصلیں جو ہم اُگاتے ہیں ، کھانا جو ہم کھاتے ہیں، کپڑے جو ہم پہنتے ہیں وغیرہ یہ سب موسم کے حساب سے بدلتے ہیں ۔ خطے کے اعتبار سے کچھ درخت اور جھاڑیاں وسنت یا بہار کے آنے پر پھولوں سے بھر جاتی ہیں۔ جبکہ شرد یا خزاں کے آنے پر ان کی پتیاں گر جاتی ہیں یا ان کا رنگ بدل جاتا ہے اور کچھ جانوروں کے بال سردی کے مہینوں میں گھنے ہو جاتے ہیں



← آپ کی پسندید ہ رُتیں (موسم) کونسی ہیں ؟ اپنی پسند کی وجوہات کی وضاحت کرتے ہوئے ایک مختصر مضمون لکھئے۔

← تین یا چار افراد کے گروپ میں تبادلہ خیال کیجئے اور پتہ لگایئے کہ آپ کے خطے میں رُتوں سے جڑے کون سے خاص مواقع یا تقریبات ہیں۔ ان کے بارے میں معلومات جمع کیجئے جیسے گانے، مخصوص اقسام کے پکوانوں کی دعوتیں، مختلف رُتوں کے رسم ورواج وغیرہ۔ تحریر کیجئے اور اپنی دریافتوں پر جماعت میں تبادلہ خیال کیجئے۔

← کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے علاقے میں کون سے درخت موسم سرما کے آغاز میں رنگ بدلتے ہیں ؟ کیا کوئی ایسے درخت بھی ہیں جن کی پتیاں ان دوران جھڑ جاتی ہیں؟ آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہوتا ہے ؟ ان درختوں کے مقامی نام معلوم کیجئے اور ان کی فہرست تیار کیجئے۔

عام طور پر آب وہوا طویل عرصے تک مستحکم رہتی ہے۔ لیکن سائنسدانوں نے پچھلی کئی دہائیوں میں دنیا بھر کے موسموں اور آب وہواؤں میں بڑی تبدیلیاں ریکارڈ کی ہیں۔ مطالعات سے ظاہر ہوا ہے کہ ان میں سے کئی تبدیلیوں کی وجوہات کا تعلق انسانی سرگرمیوں سے ہے۔

آیئے ہم دہرائیں

- موسم (Weather) وہ ہے جس کا ہم روزانہ تجربہ کرتے ہیں۔ تیز ہوا، بارش، گرم، خشک وغیرہ
- رُت (Seasons) ہر سال خود کو دہراتی ہے اور کسی جگہ کی یومیہ کیفیت ہر رُت میں مختلف ہوتی ہے۔
- آب وہو (Climate) کسی مخصوص خطے کا طویل مدتی موسمی طرز ہوتا ہے۔ دنیا میں آب وہوا کی مختلف قسمیں ہیں۔

اب ہم ہندوستان میں پائی جانے والی مختلف قسموں کا جائزہ لیں گے۔

ہندوستان میں آب وہوا کی قسمیں

ہم نے اکثر سنا ہے کہ ہندوستان کی تنوع کی سرزمین ہے۔ یہ بات ہندوستان کی آب وہوا کے متعلق بھی سچ ہے۔

- In the north, the Himalayan mountains have an alpine climate with cold, snowy winters and cool summers (the word 'alpine' comes from the Alps, a mountain range of Europe). That's probably where you will see the thickest clothing in India!
- Lower in the Himalayas, and in many hilly areas of India, the climate is often said to be temperate, as the winters are moderately cold and the summers not too hot. That is where we find many 'hill stations', much frequented by people seeking relief from the heat in the plains below.
- In the northern plains, the climate is sub-tropical, with very hot summers and cold winters. This is where most of India's wheat is grown.
- In the west, the Thar Desert has an arid climate featuring extremely hot days, cool nights, and very little r ainfall. People there have had to develop unique ways to collect and save water.



Fig. 3. 3

- The western coastal strip receives heavy rainfall during mosoon months, creating a tropical wet climate, which is fav ourable to the growing of rice and spices.
- The central Deccan Plateau has a semiarid climate with hot summers, mild winters and moderate rainfall during the rainy season.
- Eastern India and the southern peninsula and the eastern coastal strip experience a tropical climate with a mild winter and distinct wet and dry periods controlled by monsoon winds (more on them soon).

Note: *You will understand later the meaning of the terms 'tropical' and 'subtropical', which are related to two special parallels of latitude called the 'tropics'.*

Factors Determining the Climate

What creates those different climates? There are many factors at work. Some are general ones on the scale of the planet - while others are regional or even local. Let's examine a few.

AP SCERT

- شمالی ہندوستان: ہمالیائی پہاڑیوں میں الپائین آب وہوا پائی جاتی ہے، جہاں سردیاں نہایت سخت اور برفانی، جبکہ گرمیوں کا موسم خوش گوار اور ٹھنڈا رہتا ہے۔(لفظ الپائین (Alpine) ایلپس (Alps) سے ماخوذ ہے جو یورپ میں ایک پہاڑی سلسلہ ہے) یہاں آپ کو ہندوستان کا سب سے موٹا اور گرم لباس نظر آئے گا۔
- ہمالیہ کے نچلے حصے اور ہندوستان کے دیگر پہاڑی علاقے: ان علاقوں میں آب وہوا اکثر معتدل ہوتی ہے، کیونکہ یہاں سردیوں میں ہلکی ٹھنڈک ہوتی ہے اور گرمیوں میں زیادہ گرمی نہیں ہوتی۔ اسی وجہ سے ہمیں بہت سے پہاڑی سیاحتی مقام ملتے ہیں؟ جہاں لوگ میدانوں کی گرمی سے بچنے کے لیے بڑی تعداد میں جاتے ہیں۔
- شمالی میدانی علاقے: یہاں آب وہوا نیم استوائی ہوتی ہے، جس میں گرمیوں کا موسم شدید گرم ہوتا ہے اور سردیاں کافی ٹھنڈک والی ہوتی ہیں۔ یہ ہندوستان کا سب سے زیادہ گیہوں کی پیداوار والا علاقہ ہے۔



شکل 3.3

- مغربی ہندوستان: تھار ریگستان کی آب وہوا خشک ہوتی ہے، جہاں دن شدید گرم، راتیں ٹھنڈی اور بارش بہت کم ہوتی ہے۔ یہاں کے لوگوں کو پانی جمع کرنے اور محفوظ کرنے کے لئے انوکھے طریقے استعمال کرنے پڑتے ہیں۔
- مغربی ساحلی پٹی: برسات کے مہینوں میں یہاں بھاری بارش ہوتی ہے۔ جس کے باعث یہاں استوائی مرطوب آب وہوا پائی جاتی ہے۔ جو چاول اور مسالے اُگانے کے لئے سازگار ہے۔
- وسطی دکنی سطح مرتفع: یہاں کی آب وہوا نیم خشک ہوتی ہے۔ جہاں گرمیوں میں تیز گرمی، سردیوں میں معتدل ٹھنڈک کے موسم میں درمیانی درجے کی بارش ہوتی ہے۔
- مشرقی ہندوستان اور جنوبی جزیرہ نما ہندوستان: یہاں کی آب وہوا استوائی ہے، جہاں ہلکی سردی، بارش اور خشک موسم واضح طور پر الگ الگ نظر آتے ہیں، ان پر مانسونی ہواؤں کا گہرا اثر رہتا ہے (ان پر آگے مزید بات ہوگی)

نوٹ: "استوائی" اور "نیم استوائی" اصطلاحات کے معنی آپ آگے سمجھیں گے جن کا تعلق دو مخصوص عرض البلد سے ہے جس کو "مدارین (Trepics)" کہتے ہیں۔

آب وہوا کا تعین کرنے والے عوامل


آب وہوا کی مختلف اقسام کیوں پیدا ہوتی ہیں؟ ان میں سے بہت سے عوامل کام کرتے ہیں۔ کچھ تو عام نوعیت کے ہیں، جب کہ بعض علاقائی یا مقامی ہوتے ہیں۔ آیئے ان میں سے چند پر نظر ڈالتے ہیں:

a) Latitude

LET'S REMEMBER

We studied about latitudes in Grade 6. Do you remember that latitudes measure the distance from the Equator, increasing as we move away from it (either northward or southward)? While the climate around the Equator is extremely hot, as the latitude increases it becomes temperate and then cold or frigid. Why is this so?

Places near the Equator, that is, at low latitudes, are warmer, while those near the poles (high latitudes) are colder. This happens due to the angle at which the sun's rays hit a particular area. At the Equator, the rays are nearly perpendicular, and so all their energy is focused on a smaller area of the Earth's surface.



At the equator exposure to the sun's ray is concentrated but near the poles it is dispered over a wide area.

Fig. 3. 4

In the polar regions, the rays are inclined or oblique, and the energy is distributed over a larger surface. Moreover, they have to pass through more of the Earth's atmosphere, as the diagram shows, which further dissipates their energy. As a result, the polar regions receive less heat than the equatorial zone. We can see this in India too: Kanniyak-umari and the Nicobar Islands being close to the Equator are warm or hot almost throughout the year, whereas places in the north, such as Srinagar, are much cooler.


b) Altitude

We mentioned hill stations above, which are popular tourist centres because of their cooler climate. India has many including Munnar, Theni, Udhagamandalam (Ooty), Madikeri, Mahabaleshwar, Mount Abu, Shimla, Nainital, Darjeeling, Tawang, Shillong, Lambasingi, Horsley Hills etc. We know they are located at a higher altitude than the plains below, but how does that explain their cooler temperature? You will later learn the full answer in your Science classes.

a) عرض البلد

اسے یاد رکھیں

ہم نے گریڈ 6 میں عرض البلد کے بارے میں پڑھا تھا۔ کیا آپ کو یاد ہے کہ عرض البلد، خط استواء سے فاصلہ کی پیمائش ہے؟ یہ فاصلہ شمال یا جنوب کی جانب بڑھتا جاتا ہے۔ خط استواء کے قریب کے علاقے بہت گرم ہوتے ہیں جبکہ زیادہ عرض البلد والے علاقے معتدل اور پھر انتہائی سرد ہو جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟



خط استواء پر سورج کی کرنیں مرکوز ہوتی ہیں لیکن قطبین پر یہ وسیع علاقے میں پھیل جاتی ہیں۔

شکل 3.4

خط استواء کے قریب وہ مقامات جو کم عرض البلد پر واقع ہیں، گرم ہوتے ہیں، جبکہ قطبین (بلند عرض البلد) کے قریب والے مقامات ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ ایسا اس زاویے کی وجہ سے ہوتا ہے جس پر سورج کی شعاعیں کسی خاص علاقے سے ٹکراتی ہیں۔ خط استواء پر شعاعیں تقریباً عمودی ہوتی ہیں اس طرح ان کی تمام توانائی زمین کی سطح کی ایک چھوٹے سے رقبے پر مرکوز ہوتی ہے۔

قطبین کے قریب شعاعیں ترچھی پڑتی ہیں اور ان کی توانائی زیادہ رقبہ پر تقسیم ہو جاتی ہے۔ مزید یہ کہ انھیں زمین کے زیادہ موٹے فضائی کرے سے گزرنا پڑتا ہے، جس سے ان کی شدت مزید کم ہو جاتی ہے جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ اس لیے قطبی خطے تک نسبتاً کم گرمی پہنچتی ہے، جبکہ خط استواء کے علاقے سال بھر گرم رہتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی یہی فرق دیکھا جا سکتا ہے۔ کنیا کماری اور نکوبار جزائر خط استواء کے قریب ہونے کی وجہ سے، سال بھر گرم رہتے ہیں جب کہ سری نگر جیسے شمالی مقامات نسبتاً زیادہ سرد ہوتے ہیں۔

b) بلندی

اوپر ہم نے پہاڑی سیاحتی مقامات کا ذکر کیا، جو خوشگوار اور ٹھنڈی آب و ہوا کی وجہ سے مقبول سیاحتی مراکز ہیں۔ ہندوستان میں ایسے کئی مشہور مقامات ہیں جن میں منار، تھینی، اودھاگامنڈلم (روٹی)، مکرہ ی، مہابلیشور، ماؤنٹ آبو، شملہ، نینی تال، دارجلنگ، توانگ، شیلانگ، لمبا سنگی، ہارسلی ہلز وغیرہ شامل ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ مذکورہ سیاحتی مقامات نچلے میدانوں کے مقابلے میں زیادہ بلندی پر واقع ہیں، لیکن آخر ان کی ٹھنڈی آب و ہوا کی سائنسی وجہ کیا ہے؟ آپ کو اس کا مکمل جواب آگے چل کر اپنی سائنس کی کتاب میں ملے گا۔

To keep things simple for now, the temperature decreases as the altitude increases because:



Fig. 3. 5

1. The atmospheric pressure, and therefore the air density, decreases as the altitude increases (as we saw in the chapter 'Understanding the Weather'), and as the air gets less dense, it gets cooler.
2. The sun heats the surface of the Earth, and so the far there a way from the surface, the less hot the air will be. The Himalayas are so high that many peaks maintain a temperature below water's freezing point, keeping them covered in snow.

LET'S EXPLORE

Udhagamandalam (Ooty) and Coimbatore are almost at the same latitude. The range of summer temperatures in Ooty is 10–25° while that in Coimbatore is 25–38°. Why do you think there is such a difference in temperature between these two places?

فی الحال آسانی سے سمجھنے کے لیے یہ جان لیجے کہ جوں جوں بلندی بڑھتی ہے درجہ حرارت کم ہوتا جاتا ہے۔ کیوں کہ:



1- جب بلندی بڑھتی ہے تو فضائی کرہ پر دباؤ اور اس کی وجہ سے ہوا کی کثافت کم ہوتی جاتی ہے (جیسا کہ ہم نے موسم کو سمجھنا کے باب میں دیکھا) - ہوا کی کثافت جب کم ہو جاتی ہے تو ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔

2- سورج، زمین کی سطح کو گرم کرتا ہے اور سطح سے جتنی دوری ہو گی، گرمی کی شدت اتنی ہی کم ہو گی۔ اسی لیے ہمالیہ کی بلند چوٹیوں کا درجہ حرارت اکثر پانی کے منجمد ہونے کی حد سے بھی نیچے رہتا ہے اور وہ سال بھر برف سے ڈھکی رہتی ہیں

آیئے معلوم کریں

اودھاکامنڈلم (اوٹی) اور کوئمبتور تقریباً یکساں عرض البلد پر واقع ہیں۔ لیکن اوٹی میں گرمیوں کا درجہ حرارت عام طور پر 15^0-20 کے درمیان ہوتا ہے جبکہ کوئمبتور میں یہ 25^0-38 کے درمیان ہوتا ہے۔ آپ کے خیال میں ان دونوں جگہوں کے درجہ حرارت میں یہ نمایاں فرق کیوں ہے؟

c) Proximity to the sea

Temperatures in coastal areas do not vary much; the summers are not too hot and the winters are not too cold. That is because the sea acts as a moderator for the temperature. This diagram sums up the phenomenon, and your Science textbook explains this further while discussing the heating and cooling of land and water in coastal regions.




Fig. 3. 6


The result is that those regions tend to be more temperate. As you move inland from the coast, the temperatures get more extreme – summer temperatures will be higher and winter temperatures lower. For instance, Mumbai and Nagpur are located at a similar latitude, but Mumbai, being near the sea, has cooler summers (around 32°C) and milder winters (around 18°C), while Nagpur, away from the coast, experiences up to 44°C in summer and about 10°C in winter. As you can see, Mumbai's range of temperature (i.e. the difference between the maximum and the minimum) is about 14°C while the range at Nagpur reaches 34°C.

d) Winds

Wind can move masses of warmer or cooler air. States like Punjab, Haryana, Rajasthan and Madhya Pradesh often receive winds blowing from the west. Having travelled over the deserts of Arabia to Afghanistan, they bring dry and hot air that causes severe heat waves in summer. In winter cold winds from across the Himalayas creep into the Himalayan foothills, resulting in cold waves.

c) سمندر سے نزدیکی

ساحلی علاقوں میں درجہ حرارت میں زیادہ تغیر نہیں ہوتا ہے۔ وہاں گرمیوں میں حد سے زیادہ گرمی نہیں پڑتی اور سردیوں میں سخت سردی نہیں ہوتی۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ سمندر درجہ حرارت کو معتدل رکھنے والا کردار ادا کرتا ہے۔ یہ ڈائی گرام اس مظہر کی تخلیص بیان کرتا ہے اور آپ کی سائنس کی درسی کتاب میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ساحلی علاقوں میں زمین اور پانی کس طرح گرمی کو جذب اور خارج کرتے ہیں۔



شکل 3.6

نتیجتاً ساحلی علاقوں کا موسم زیادہ معتدل ہوتا ہے۔ جیسے جیسے ہم ساحل سے دور اندرون ملک کی طرف بڑھتے ہیں، موسم میں شدت آتی جاتی ہے۔ گرمیوں کا درجہ حرارت زیادہ اور سردیوں کا کم ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ممبئی اور ناگپور یکساں عرض البلد پر واقع ہیں لیکن ممبئی میں سمندر کے قریب ہونے کی وجہ سے، وہاں گرمی کے موسم میں کم گرمی (تقریباً 32^0C) اور سردیوں میں کم سردی (تقریباً 18^0C) رہتی ہے، جب کہ ناگپور میں ساحل سے دور ہونے کی وجہ سے گرمی میں (تقریباً 44^0C) اور سردیوں میں تقریباً 10^0 تک درجہ حرارت پہنچ جاتا ہے۔ جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں، ممبئی میں درجہ حرارت کا فرق (یعنی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم کے درمیان) تقریباً 14^0 C ہے جب کہ ناگپور میں یہ فرق 34^0 تک پہنچ جاتا ہے۔

d) ہوائیں

ہوائیں گرم اور سرد ہواؤں کو بڑی مقدار میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہیں۔ پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور مدھیہ پردیش جیسی ریاستوں میں اکثر مغرب سے آنے والی ہوائیں چلتی ہیں۔ یہ ہوائیں جو عرب کے ریگستانوں سے ہوتی ہوئی افغانستان تک کا سفر طے کر کے آتی ہیں، نہایت خشک اور گرم ہوتی ہیں اور سرگرمیوں میں سخت لُو اور گرم لہروں (Heat Waves) کا سبب بنتی ہیں۔ اسی طرح سردیوں میں ہمالیہ سے پرے علاقوں سے آنے والی سرد ہوائیں ہمالیائی دامن تک پہنچتی ہیں جس سے سرد لہریں پیدا ہوتی ہیں۔

Winds affect not only temperature, but also humidity, and in turn, precipitation. We saw dry winds coming from distant deserts; in contrast, winds coming from the sea bring moisture over the land, which may result in rainfall. We will soon see the case of the monsoon winds.




Fig. 3.7

LET'S REMEMBER

In your Grade 6 Science textbook 'Curiosity' you studied the water cycle! "The water from the ocean and the Earth's surface evaporates into the atmosphere as vapour and returns as rain, hail or snow...."


Topography : The totality of the physical surface features of an area. This may include mountains, hills, valleys, slopes, coa-sts, etc.

e) Topography

Finally, the topography of a region also plays an important role in determining its climate. For instance, the Himalayas and the Kara-koram ranges protect, to some extent, the Indian subcontinent from the winds of the cold deserts of Central Asia. The nearly flat topography of the Thar desert, on the other hand, has nothing to protect it from hot and dry winds. In thenext section, we will see the role of the Western Ghats in India's southwest monsoon.

Putting it all together...

The climate of any region is determined collectively by all the above factors. Describing the climate involves a description of the patterns of temperature, precipitation (rain or snowfall, occurrence of fog or mist) and wind conditions in a region over three decades or more.



شکل 3.7

ہواؤں سے نہ صرف درجہ حرارت پر اثر پڑتا ہے بلکہ وہ رطوبت اور بارش پر بھی اثر ڈالتی ہیں۔ ہم نے دیکھا کہ دور دراز ریگستانوں سے آنے والی ہوائیں خشک ہوتی ہیں، جب کہ سمندر کی طرف سے آنے والی ہوائیں زمین پر نمی لے کر آتی ہیں، جس کے نتیجے میں بارش ہوتی ہے۔ آگے ہم مانسونی ہواؤں کی تفصیل دیکھیں گے۔

اسے یاد رکھیں

آپ نے اپنی چھٹی جماعت کی سائنس کی درسی کتاب ''تجسس'' میں آبی چکر کے متعلق پڑھا! ''سمندر اور زمین کی سطح سے آبی بخارات کی شکل میں فضاء میں اُڑتا ہے اور پھر بارش، ژالہ باری یا برف باری کی صورت میں واپس آتا ہے...''

زمینی خدوخال: کسی علاقے کے طبیعی سطح کے خصوصیات کا مجموعہ۔ اس میں پہاڑ، پہاڑیاں، وادیاں، ڈھلوانیں اور ساحل وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔

e) زمینی خدوخال

آخری بات یہ ہے کہ کسی علاقے کی زمینی خدوخال بھی اس علاقے کے موسم اور آب وہوا کو طئے کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمالیہ اور قراقرم کے بلند و بالا پہاڑی سلسلے، وسطی ایشیاء کے سرد ریگستانوں سے آنے والی ٹھنڈی ہواؤں کو بڑی حد تک ہندوستانی برصغیر تک پہنچنے سے روکتے ہیں۔ دوسری جانب تھار ریگستان کی ہموار زمین پر کوئی قدرتی رکاوٹ موجود نہیں، اس نے وہاں گرم اور خشک ہوائیں آسانی سے داخل ہو جاتی ہیں۔ اگلے حصے میں ہم دیکھیں گے کہ کس طرح مغربی گھاٹ ہندوستان کے جنوب مغربی مانسوں میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

مجموعی اعتبار سے

کسی بھی خطے کا موسم درج بالا تمام عوامل کے مجموعے سے متعین ہوتا ہے۔ کسی خطے کی موسم کی وضاحت کرنے کے لئے وہاں کے درجہ حرارت، بارش، برف باری، کہر یا دھند اور ہواؤں کے حالات کم از کم 30 سالہ نمونوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

A microclimate is a climate localised in a small area, which differs from the climate in the surrounding region.



Fig. 3. 8. Aravallis and urban heat islands

It has a unique pattern of temperature, humidity, precipitation, etc., in a small geographical area. For instance, enclosed valleys and some forests have microclimates of their own. So do 'urban heat islands', that is, some cities that have a large number of buildings and other concrete structures and very little vegetation; all this traps the heat and they are often much warmer than the surrounding region. Microclimates can influence the local flora and fauna, the crops grown, and impact human health and wellbeing.

The Monsoons

The monsoon season is central to life in India. During the monsoon months, the rivers fill up, the soil is soaked with water, crops grow and life thrives. Strictly speaking, the word 'monsoon', which comes from the Arabic word mausam, meaning 'season', refers to seasonal winds over a large area of the Indian Ocean and surrounding regions, including Australia, Africa and South Asia.

There is a yearly pattern to the monsoons. Their mechanism is complex, but based on the simple fact that land heats up or cools down faster than the ocean. Monsoons bring out the fundamental relationship between temperature, pressure and wind movement

To put it simply, as summer begins, the Asian lan dmass heats up, creating a powerful low pressure system over it. Since air always flows from high pressure to low pressure, winds are drawn from the cooler, high pressure ocean towards the hot land. These ocean winds carry moisture that condenses over the warmer land and falls in the form of heavy monsoon rains. (That is why 'monsoon' commonly refers to the seasonal rains rather than the winds.) wind movement.

مقامی آب وہوا کسی چھوٹے جغرافیائی علاقے کے مخصوص آب وہوا کو کہا جاتا ہے جو اپنے ارد گرد کے بڑے علاقے کی آب وہوا سے مختلف ہوتی ہے



شکل۔3.8 :راولی اور شہری حرارتی جزائر

یہ ایک چھوٹے خطے میں درجہ حرارت، رطوبت، بارش اور دیگر عناصر کا الگ نظام رکھتی ہے۔ مثال کے طور پر گھاٹیوں میں گھری ہوئی وادیاں یا گھنے جنگلات اپنی الگ مقامی آب وہوا رکھتے ہیں۔ اسی طرح شہری حرارتی جزائر میں بھی ایسا ہوتا ہے، یعنی کچھ بڑے شہروں میں جہاں عمارتیں اور دوسرے کنکریٹ کے ڈھانچے بڑی تعداد میں ہوتے ہیں اور وہاں بہت کم ہریالی ہوتی ہے، وہ گرمی کو باہر نکلنے سے روکتے ہیں جس کی وجہ سے وہ گرد و نواح کے علاقوں سے زیادہ گرم ہو جاتے ہیں۔ مقامی آب وہوا (Microclimate) نباتات وحیوانات، فصلوں کی پیداوار اور انسانی صحت و فلاح پر گہرے اثرات ڈال سکتی ہے۔

مانسون

مانسون کا موسم ہندوستانی زندگی میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ مانسون کے مہینوں میں دریا لبالب ہو جاتے ہیں، زمین پانی سے تر ہو جاتی ہے، کھیت لہلہانے لگتے ہیں اور زندگی پھلنے پھولنے لگتی ہے۔ مانسون لفظ دراصل عربی کے لفظ "موسم (Mausim)" سے ماخوذ ہے جس کے معنی موسم کے ہیں، یہ اصطلاح بڑے رقبے پر اثر انداز ہونے والی موسمی ہواؤں کے لئے استعمال ہوتی ہے، جو بحر ہند اور اس سے متصل خطوں بشمول افریقہ، آسٹریلیا اور جنوبی ایشیا پر چلتی ہیں۔

مانسون ہر سال ایک مخصوص ترتیب کے ساتھ آتا ہے۔ اگرچہ اس کا نظام پیچیدہ ہے لیکن اس حقیقت پر ہے کہ سمندر کے مقابلے میں زمین جلد ٹھنڈی اور گرم ہو جاتی ہے۔ مانسون دراصل درجہ حرارت، فضائی دباؤ اور ہواؤں کی حرکت کے بنیادی رشتے کو ظاہر کرتا ہے۔

آسان لفظ میں سمجھیں کہ جیسے ہی گرمی کا موسم شروع ہوتا ہے، ایشیاء کے زمینی علاقے گرم ہو جاتے ہیں، جس کے نتیجے میں اس پر ایک کم دباؤ والا طاقتور نظام قائم ہو جاتا ہے۔ چونکہ ہوا ہمیشہ زیادہ دباؤ والے حصے سے کم دباؤ والے حصے کی جانب چلتی ہے، اس لئے سمندر کی ٹھنڈی اور زیادہ دباؤ والی ہوائیں گرم خطے کی طرف کھینچی آتی ہیں۔ یہ سمندری ہوائیں نمی سے بھرپور ہوتی ہیں، جو گرم خطے میں پہنچ کر بادلوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور موسلا دھار مانسونی بارش کی شکل میں برستی ہیں۔ (یہی وجہ ہے کہ مانسون کو موسمی بارشوں کی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے نہ کہ صرف ہواؤں کے لئے)۔




Fig. 3.9.

The pattern reverses in winter, when the landmass cools down more rapidly than the ocean. Now the land has a high pressure system while the ocean remains warmer with relatively lower pressure. This causes the winds to blow in the opposite direction–from the land towards the ocean–bringing dry conditions to much of Asia


Coming to India, the monsoon rains typically advance from the southern tip of India in early June, moving northward over several weeks until they cover the entire subcontinent by mid July. It is not a smooth progression, though the Western Ghats (remember our brief survey of topography) act as a natural barrier; their western slopes receive much rainfall, while the Deccan plateau to the east receive less, and often with interruptions. This is commonly called the summer or southwest monsoon ('southwest' reflecting the direction the winds come from).

As winter approaches, the winds reverse and blow from the land to the ocean, as we just saw. These are dry winds that bring cold weather to south India, but a part of them, passing over the Bay of Bengal, collect some moisture and bring rainfall to parts of east and south India. This is called the winter or north-east monsoon.

DON'T MISS OUT

→ Mawsynram, located in Meghalaya, receives the highest aver age annual rainfall in the world, about 11,000 mm (which is the same as 11 metres!).

→ The monsoons have inspired many ragas in both Carnatic and Hindustani classical music. Meghamalhar and amruthavarshini are names of a couple of them.



شکل۔3.9

سردیوں میں یہ نظام الٹ جاتا ہے، جبکہ زمین کا حصہ سمندر کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اس وقت خشکی پر زیادہ دباؤ کا نظام قائم ہو جاتا ہے، جبکہ سمندر نسبتاً زیادہ گرم رہتا ہے اور وہاں کم دباؤ پایا جاتا ہے۔ اس فرق کی وجہ سے ہوائیں متضاد سمت میں چلتی ہیں۔ یعنی زمین سے سمندر کی طرف۔ جو ایشیا کے زیادہ تر حصوں میں خشک موسم لانے کا سبب بنتی ہیں۔

اب ہم ہندوستان کی جانب آتے ہیں ،جون کے اوائل میں مانسون کی بارشیں، جون کے مہینے کی شروعات میں ہندوستان اکے جنوبی کنارے سے شروع ہو کر چند ہفتوں میں شمال کی جانب بڑھتی ہیں۔ یہاں تک کہ جولائی کے وسط تک پورے برصغیر ہند میں پھیل جاتی ہیں۔ یہ پیش رفت آسان نہیں ہوتی۔ اگرچہ مغربی گھاٹ (ہمارے زمینی خدوخال کے مختصر جائزے کو یاد کیجئے) ایک قدرتی رکاوٹ کا کام کرتے ہیں، ان کی مغربی ڈھلانوں پر زیادہ بارش ہوتی ہے، جبکہ مشرق میں سطح مرتفع دکن پر کم بارش ہوتی ہے اور اکثر وقفے وقفے سے ہوتی ہے۔ عام طور پر اس کو گرم یا جنوب مغربی مانسون کہا جاتا ہے کیونکہ ہوائیں جنوب مغرب کی سمت سے چلتی ہیں۔

جیسے جیسے سردیاں شروع ہوتی ہیں، ہوائیں پلٹ جاتی ہیں اور زمین سے سمندر کی طرف چلنے لگتی ہیں، جیسا کہ ہم نے ابھی دیکھا۔ یہ ہوائیں خشک ہوتی ہیں اور جنوبی ہندوستان میں سردی لے کر آتی ہیں، لیکن ان ہواؤں کا کچھ حصہ خلیج بنگال کے اوپر سے گزرتے ہوئے نمی حاصل کر لیتا ہے اور مشرقی و جنوبی ہندوستان کے کچھ حصوں میں بارش کا سبب بنتا ہے۔ اس کو سرد یا شمال مشرقی مانسون کہا جاتا ہے۔



اسے دیکھنا نہ بھولیں



- میگھالیہ میں واقع، ماؤسن رام دنیا کا سب سے زیادہ اوسط سالانہ بارش والا مقام ہے، تقریباً 11,000 ملی میٹر (یعنی 11 میٹر بارش سالانہ)۔
- مانسون نے ہندوستانی کلاسیکی موسیقی کو بھی متاثر کیا ہے۔ کرناٹک اور ہندوستانی کلاسیکی موسیقی میں کئی راگ جیسے میگھ مہار اور امرت ورشنی اسی سے جڑے ہوئے دو راگوں کے نام ہیں۔



Fig. 3. 10

LET'S EXPLORE

Since the ability to predict the monsoon rainfall has been an important aspect of life in India, our ancestors observed Nature around them carefully. They developed local traditional knowledge through their experience. This traditional knowledge is an important heritage we must preserve. For example, fishermen on the Konkan coast predict the onset of the monsoon when fishes that normally stay under water are seen at the surface; in parts of southern India monsoon is said to arrive within 50 days after the Golden Shower tree (Cassia fistula) blossoms. Some communities also believe that when crows build their nests high on tree-tops, it indicates less rainfall, whereas if the nests are lower, rainfall is likely to be heavy. Make a list of such local knowledge about rain, fog, snow or hail in your area.

Climate and our Lives

Our lives are deeply connected with the climate and dependent on it. The impact of climate is visible in local cultures for instance, and India has many festivals associated with seasons and agricultural activities.

LET'S EXPLORE

Reach out to your grandparents or elders in your neighbou rhood. Ask them about the traditional festivals and dances they remember from their childhood and youth, especially those related to agriculture and rain. What rituals did they participate in? Then organise a cultural fest with your friends. You



شکل 3.10

آیئے معلوم کریں

چونکہ، مانسونی بارش کی پیش گوئی کرنے کی صلاحیت ہندوستانی زندگی کا ایک اہم پہلو رہی ہے، اس لیے ہمارے آباواجداد نے اپنے ارد گرد فطرت کے اشاروں کا بہت دھیان سے مشاہدہ کیا۔ انہوں نے اپنے تجربات کے ذریعے مقامی اور روایتی علم حاصل کیا، جو ایک قیمتی ورثہ ہے اور جسے محفوظ رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ مثال کے طور پر کونکن کے ساحل پر ماہی گیر اس وقت مانسون کی پیش گوئی کر دیتے ہیں جب مچھلیاں جو عام طور پر سمندر کے پانی میں نچلی سطح میں رہتی ہیں، سمندر کی اوپری سطح پر نظر آنے لگتی ہیں۔ جنوبی ہندوستان کے کچھ حصوں میں کہا جاتا ہے کہ جب املتاس (Cassia Fistula) کا پہلا پھول کھلنے لگتا ہے تو اس کے 50 دن کے اندر اندر مانسون آجاتا ہے۔ کچھ برادریاں اس پر بھی یقین رکھتی ہیں کچھ کہ اگر کوئے اپنے گھونسلے درختوں کی اونچی شاخوں پر بنائیں تو بارش کم ہوگی، اگر نچلی شاخوں پر بنائیں تو بارش کے زیادہ ہونے کے امکانات ہیں۔ ایسی معلومات پر مبنی ایسے علاقے میں بارش کہرا، برف باری یا اولہ باری سے متعلق اس طرح کے مقامی روایتی علم کی فہرست تیار کریں۔

آب وہوا اور ہماری زندگی

ہماری زندگی کا موسم اور آب وہوا کا گہرا تعلق ہے اور وہ اسی پر منحصر ہے۔ موسم اور آب وہوا کے اثرات ہماری مقامی ثقافتوں میں بھی نمایاں ہیں۔ ہندوستان میں منائے جانے والے کئی تہوار موسموں اور زرعی سرگرمیوں کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں.

آیئے معلوم کریں


اپنے دادادادی، نانانانی یا اپنے پڑوس کے بزرگوں سے بات کیجئے۔ ان سے معلوم کریں کہ ان کے بچپن اور جوانی میں کون کون سے روایتی تہوار اور رقص ہوتے تھے؟ خاص طور پر وہ جن کا تعلق زراعت اور بارش سے ہو۔ انہوں نے کن رسومات میں حصہ لیا؟ پھر اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ایک ثقافتی میلہ منعقد کیجیے۔ آپ کے بزرگوں نے رقص کی جن شکلوں، گیت اور سرگرمیوں کا آپ سے ذکر کیا، انہیں اس میلے میں پیش کیجئے تاکہ ان روایات کو زندہ کیا جاسکے۔

can showcase some of the dances, songs and activities your elders shared with you. Whether it is a dance, harvest ritual, or a simple story about a prayer to rain gods, try to bring these traditions to life for your classmates.

The climate also has a direct impact on the economy. For instance, you may have heard the phrase 'monsoon failure', which refers to poor rainfall during the monsoon season; in such a case, the agiculture suffers, people (women, generally) have to walk long distances in search of water,


Bihu


Chhath Puja



Makara Sankranthi



Baisakhi


Pongal


Awe Winter Festivel


Hemis


Losoong festival



Gudi Padwa

چاہے وہ فصل کے کاٹنے کا رسم ہو، بارش کے دیوتاؤں کے لیے دعا ہو یا کوئی پرانی سادہ سی کہانی۔ اسے اپنی جماعت کے ساتھیوں کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کیجیے۔

آب وہوا کا معیشت پر بھی براہ راست اثر پڑتا ہے۔ آپ نے اکثر ''مانسوں کی ناکامی'' کا لفظ سنا ہوگا، جو اس وقت استعمال ہوتا ہے جب مانسون میں بارش ناکافی ہو ایسی صورت میں زراعت بُری طرح متاثر ہو جاتی ہے۔ خواتین سمیت لوگ پانی کی تلاش میں طویل فاصلہ طئے کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔


بیہو


چھٹھ پوجا



مکر سنکرانتی


بیساکھی


پونگل


اوی موسم سرما کا شاندار تہوار


ہیمس


لوسونگ تہوار


گڈی پڑوا





and agricultural labourers are likely to migrate to the cities; food (grains, vegetables and fruits, to begin with) becomes costlier, fuelling inflation. Industrial activity also often depends on a predictable weather and the availability of water. The world over, we can easily detect such connections between the climate and socioeconomic conditions. Those conditions get especially strained when climate disasters strike.

Climates and Disasters

India's diverse weather patterns can bring about extreme conditions such as cyclones, floods, landslides and other such climate related disasters. These events affect people's lives, disrupt agriculture, damage infrastructure and disturb local

a) Cyclones

Every year, the Indian coastline, especially the eastern coast, witness several cyclones. In past years, some of them have been highly destructive, resulting in the loss of human and animal life, damaging property and infrastructure, uprooting trees and causing soil erosion. The India Meteorological Department (IMD) keeps track of coming cyclones and provides information on their formation, evolution, place of landing, etc.

DON'T MISS OUT

The National Disaster Response Force (NDRF) is specially trained to respond to natural as well as human made disasters. NDRF battalions are located at 12 different locations in India. The NDRF has played a key role in rescue and evacuation during disasters like cyclones, landslides and floods.

Fig. 3.12





زرعی مزدوروں کو کام کی تلاش میں شہروں کی طرف ہجرت کرنی پڑتی ہے؛ غذائی اشیاء (اجناس، سبزیاں، اور پھل وغیرہ) مہنگے ہو جاتے ہیں، جس سے افراط زر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ صنعتی سرگرمیوں کا انحصار بھی اکثر موسم کی پیش گوئی اور پانی کی دستیابی پر ہوتا ہے۔ دنیا بھر میں، ہم آسانی سے آب وہوا اور سماجی و معاشی صورت حال کے درمیان یہ رشتہ واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ جب ماحولیاتی آفات ہوتی ہیں تو یہ صورت حال مزید پریشان کن ہو جاتی ہے۔

آب وہوا اور آفات

ہندوستان میں موسمی تنوع بعض اوقات شدید حالات پیدا کر سکتا ہے جیسے سمندری طوفان، سیلاب، زمینی تودوں کا کھسکنا اور دیگر موحولیاتی آفات۔ ایسی آفات براہ راست انسانی زندگی کو متاثر کرتی ہیں۔ کاشت کاری میں رکاوٹ ڈالتی ہیں، بنیادی ڈھانچوں کو نقصان پہنچاتی ہیں اور مقامی معیشت کو بگاڑ دیتی ہیں۔

a) سمندری طوفان

ہر سال، ہندوستان کے ساحلی علاقے خاص طور پر مشرقی ساحل کئی سمندری طوفانوں کے لپیٹ میں آتے ہیں۔ گذشتہ برسوں میں ان میں سے بعض نے بھاری تباہی مچائی ہے جس کے نتیجے میں انسانی اور حیوانی زندگی کا بہت نقصان ہوا۔ مکانات اور بنیادی ڈھانچے تباہ ہوئے، درخت زمین سے اکھڑ گئے اور زمین کٹاؤ کا شکار ہوئی۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات (IMD) آنے والے سمندری طوفان سے متعلق معلومات جمع کرتا ہے اور ان کی ہیئت، رفتار اور ٹکرانے کی جگہ وغیرہ کے متعلق معلومات بروقت فراہم کرتا ہے۔



اسے دیکھنا نہ بھولیں



قومی مقتدرہ برائے انسداد آفات (NDRF) کو قدرتی اور انسانی آفات سے نپٹنے کے لیے خصوصی تربیت دی جاتی ہے۔ ہندوستان میں این ڈی آر ایف کے دستے 12 مختلف مقامات پر تعینات کیے گئے ہیں۔ این ڈی آر ایف سائیکلوں، زمینی تودے کے کھسکنے اور سیلابوں جیسے قدرتی آفات کے دوران راحت کاری اور انخلا کے کاموں میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔

شکل 3.12

How are cyclones formed? We saw that in some special situations, the atmospheric pressure near the sea becomes lower than the surrounding areas, creating a low pressure system. This is an invitation to the air from surrounding areas to come into the low pressure area, and the air from the sea moves in, bringing with it moisture and rain. When the low pressure system is intense and the wind speeds are high, this may result in a cyclone.

As winds collect moisture, they form clouds and rotate inwards towards the centre of the depression. This centre, which is cloudless, is called 'the eye of the cyclone'.



THINK ABOUT IT



What are clouds? White lumps in the sky, you might say. But what are they made of? The answer is simple water. But not just any water; clouds are masses of water droplets, ice crystals, or a mixture of both, that are suspended in the atmosphere.




Fig. 3.13. Cyclone Fani



Fig. 3.14. Eye of the storm

b) Floods

A flood occurs when water overflows into normally dry land. This could be due to heavy rainfall generating huge run off water that the land cannot absorb, or due to excessive accumulation of water in bodies like rivers and lakes, until the water over flows or their banks are breached. Floods occur frequently during the monsoons. States such as Uttar Pradesh, Bihar, Kerala, Andhra Pradesh and Assam are particularly vulnerable to floods.



LET'S EXPLORE



Have you seen or read about floods? Look at the physical map of India. Discuss in pairs why you think floods occur in the areas mentioned above.

سمندری طوفان کیسے بنتے ہیں؟ ہم نے دیکھا کہ کچھ مخصوص حالات میں سمندر کے قریب فضائی دباؤ، آس پاس کے علاقوں مقابلے میں کم ہو جاتا ہے، جسے "کم دباؤ کا نظام" کہتے ہیں۔ اس نظام کی وجہ سے آس پاس کے علاقوں سے ہوا کو کم دباؤ والے علاقے اپنی طرف کھینچتے ہیں اور سمندر سے آنے والی ہوا اپنے ساتھ نمی لاتی ہے جس کے نتیجے میں بارش ہوتی تھے۔ اگر یہ کم دباؤ والا نظام شدید ہو جائے اور ہواؤں کی رفتار بہت تیز ہو تو یہی صورت حال سمندری طوفان میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جب ہوائیں نمی اکٹھا کر لیتی ہیں تو یہ بادلوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور دباؤ کے مرکز کی طرف وائرے کی شکل میں گھومنے لگتی ہیں۔ یہ مرکز جو بادلوں سے خالی ہوتا ہے "طوفان کی آنکھ" کہلاتا ہے۔

اس پر غور و فکر کریں

بادل کیا ہیں؟ آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ آسمان میں تیرتے ہوئے بڑے بڑے سفید ڈھیر ہوتے ہیں۔ لیکن وہ اصل میں کس چیز سے بنے ہوتے ہیں؟ جواب آسان ہے۔ پانی، لیکن یہ عام پانی سے نہیں، بلکہ پانی کے چھوٹے قطرے، برف کے ذرات یا دونوں کا مرکب ہوتا ہے جو فضائی کرے میں معلق رہتا ہے۔



شکل۔3.13 سائیکلون "فانی"


شکل۔3.14، طوفان کی آنکھ

b) سیلاب

سیلاب اس وقت آتا ہے، جب پانی بہہ کر اس زمین پر پھیل جائے جو عام حالات میں خشک رہتی ہے۔ یہ کئی وجوہات کی بنا پر ہو سکتا ہے۔ شدید بارش کے نتیجے میں پانی کی بڑی مقدار زمین پر جمع ہو جائے جسے زمین جذب نہ کر سکے یا دریا اور جھیلوں جیسے آبی ذخائر میں حد سے زیادہ پانی بھر جائے، یہاں تک کہ پانی اوپر سے بہنے لگے یا ان کے کنارے ٹوٹ جائیں۔ سیلاب زیادہ تر مانسون کے موسم میں آتے ہیں۔ اتر پردیش، بہار، کیرلا، آندھرا پردیش اور آسام جیسی ریاستیں خاص طور پر سیلاب سے متاثر ہونے کے لئے مشہور ہیں۔

آیئے معلوم کریں

کیا آپ نے سیلاب دیکھا یا اس کے بارے میں پڑھا ہے؟ ہندوستان کے طبیعی نقشے کو دیکھئے اور جوڑوں کی شکل میں تبادلہ خیال کیجئے کہ مذکورہ علاقوں میں سیلاب زیادہ کیوں آتے ہیں؟

In the Himalayan regions, on the other hand, floods occur when glacial lakes overflow. Glacial lakes form a barrier of rocks and ice to hold their water, which often comes from melting glaciers. If the glaciers melt too fast (as is increasingly the case) or if there is too much rainfall, the build up of pressure can cause the water to break through the barrier this is called a 'Glacial burst' and it often has devastating consequences for people and property.



Fig. 3.15

DON'T MISS OUT

In 2013, Uttarakhand experienced a sudden glacial burst caused by continuous heavy rain over several days. Many landslides followed. Areas around one of India's important sacred sites, the Kedarnath temple, were completely destroyed. Several villages were washed away in the floods, along with many roads and bridges. Altogether about 6,000 people, many of them pilgrims, lost their lives.

دوسری طرف، ہمالیائی علاقوں میں سیلاب اس وقت آتے ہیں جب برفانی جھیلیں بہنے لگتی ہیں۔ برفانی جھیلیں اپنے پانی کو روکنے کے لیے چٹانوں اور برف کے ٹکڑوں سے رکاوٹ بناتی ہیں۔ ان میں پانی زیادہ تر پگھلتے برفانی تودوں (Glaciers) سے آتا ہے، اگر گلیشیر بہت تیزی کے ساتھ پگھلنے لگیں جیسا کہ آج کل زیادہ ہو رہا ہے یا اگر بارش بہت زیادہ ہو جائے، تو دباؤ بڑھنے سے یہ رکاوٹ ٹوٹ جاتی ہے۔ اس کو گلیشیر کا پھٹنا یا گلیشیر شگاف کہتے ہیں۔ جو اکثر انسانی زندگی اور املاک کے لئے تباہ کن ثابت ہوتا ہے۔



شکل۔3.15

اسے دیکھنا نہ بھولیں

سال 2013ء میں اتراکھنڈ میں کئی دنوں کی لگاتار بھاری بارش کی وجہ سے اچانک ایک گلیشیر پھٹ گیا۔ اس کے نتیجے میں چٹانی تودوں کے کھسکنے کے بہت سے واقعات ہوئے۔ ہندوستان کے ایک مقدس مقام کیدارناتھ مندر کے چاروں طرف کے علاقے پوری طرح تباہ ہو گئے۔ سیلاب میں بہت سی سڑکوں اور پلوں کے ساتھ کئی گاؤں بہہ گئے۔ مجموعی طور پر تقریباً 6000 افراد جن میں بڑی تعداد زائرین کی تھی اپنی جان گنوا بیٹھے۔

Many cities experience flooding when there is heavy rainfall. This may be due to an overburdened drainage system or poorly planned construction encroaching on the waterways and blocking the flow of water. Besides, urban surfaces of concrete or asphalt do not allow water to be absorbed by the earth.

c) Land slides

A landslide is the sudden collapse of rock, soil, or debris, often triggered by heavy rain, earthquakes or volcanic activity. Landslides are common in hilly and mountainous regions such as Himachal Pradesh, Uttarakhand, Sikkim and Arunachal Pradesh, as well as the Western Ghats and hilly regions. These events often occur during the monsoon.

In those regions, the chances of landslides have increased due to human activities such as the cutting down of forests, building infrastructure without following approved methods and the construction of too many buildings that block the natural flow of water.

d) Fores fires

Forest fires are uncontrolled fires that spread rapidly across vegetation, often fuelled by dry climatic conditions, droughts or high winds. Human carelessness is another frequent cause. Forest fires are common in states with large forested or grassland areas such as Uttarakhand, Himachal Pradesh, Madhya Pradesh and Chhattisgarh, as well as mountain ranges such as the Western Ghats. Apart from destroying large areas of forest, fires harm wildlife, degrade the ecosystem, spoil the air quality and displace local communities. The consequences are therefore both environmental and economic.

LET'S EXPLORE

- → Observe Fig. 3.15. Describe the effects they may have on people, plants, animals and economic life.
- → In groups of four or five, identify in each of the above disasters the part of natural causes and the part of human causes. Compare your conclusions.
- → Discuss in the same groups series of preventive measures that could help avoid the above disasters.

APSCERT

بڑے شہروں میں بھی جب بھاری بارش ہوتی ہے تو سیلاب کی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ پانی کی نکاسی کے نظام پر حد سے زیادہ بوجھ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جب ان کا استعمال گنجائش سے زیادہ ہونے لگتا ہے یا پانی کے راستوں اور پانی کے بہاؤ کے رکنے کی وجہ سے اور ناقص تعمیری منصوبوں کے باعث بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کنکریٹ یا اسفالٹ (Asphalt) سے ڈھکی ہوئی شہری سطحیں جو پانی کو زمین میں جذب ہونے سے روک دیتی ہیں، اس کی وجہ سے بھی شہروں میں سیلاب کی صورت حال پیدا ہوتی ہے۔

c) چٹانی تودوں کا کھسکنا

چٹان، مٹی یا ملبے کے اچانک گرنے کو چٹانی تودوں کا کھسکنا کہتے ہیں جو اکثر بھاری بارش، زلزلے یا آتش فشانی سرگرمیوں کے نتیجے میں رونما ہوتا ہے۔ پہاڑوں اور کوہستانی علاقوں جیسے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، سکم، اروناچل پردیش مغربی گھاٹ اور دیگر پہاڑی علاقوں میں چٹانی تودوں کا کھسکنے کے واقعات عام ہیں۔ یہ واقعات خاص طور پر مانسون کے موسم میں واقعات زیادہ دیکھنے کو ملتے ہیں۔

ان خطوں میں چٹانی تودوں کا کھسکنے کے واقعات انسانی سرگرمیوں جیسے جنگلات کی بے تحاشہ کٹائی، منظور شدہ طریقوں کو نظر انداز کرتے ہوئے بنیادی ڈھانچوں کی تعمیر اور پانی کے فطری بہاؤ کو روکنے والی بہت سی بے ہنگم عمارتوں کی تعمیر کی وجہ سے بڑھ گئے ہیں۔

d) جنگل کی آگ

جنگل کی آگ ایسی بے قابو آگ کو کہتے ہیں جو تیزی سے پھیلتی ہے اور بڑے پیمانے پر ہریالی کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ اس کے اسباب میں شامل ہیں خشک آب وہوا، خشک سالی ہوائیں، اور اکثر انسانی لاپرواہی بھی ایک بڑی وجہ بنتی ہے۔ جن ریاستوں میں وسیع جنگلات ہرے بھرے علاقے ہوتے ہیں جیسے اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ ان میں جنگل کی آگ زیادہ لگتی ہے۔ حیوانی زندگی کو نقصان پہنچتا ہے، جنگل کی آگ کے اثرات نہایت سنگین ہوتے ہیں۔ وسیع جنگلات تباہ ہو جاتے ہیں، ماحولیاتی نظام بگڑ جاتا ہے اور ہوا آلودہ ہو جاتی ہے۔ انسانی برادریاں بے گھر ہو جاتی ہیں اور ہوا آلودہ ہو جاتی ہیں، یوں اس کے نتائج ماحولیاتی بھی ہوتے ہیں اور معاشی بھی۔



← شکل 3.15 کو دیکھئے۔ ان آفات کے اثرات کو بیان کیجیے کہ یہ کس طرح انسانوں، پیڑ پودوں، جانوروں اور معاشی زندگی کو متاثر کرتی ہیں۔

← چار یا پانچ افراد کے گروپ میں یہ طے کیجئے کہ ان آفات میں کس حد تک قدرتی اسباب کارفرما ہیں اور ان کے لئے انسانی سرگرمیاں کس حد تک ذمہ دار ہیں۔ اپنے نتائج کا موازنہ کیجئے۔

← ان ہی گروپوں میں ان احتیاطی تدابیر پر بات کیجئے جو درج بالا آفات کو روکنے میں یا ان کے اثرات کو کم کرنے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔

Climate Change

Climate change refers to significant, long-term changes in the climate. This may be on the scale of the planet or on a regional scale, and it involves shifts in temperature, precipitation and weather events. In past millennia (we can go back millions of years, in fact), natural processes drove climate change. Since the 19th century, however, climate change has been largely driven by human activities, particularly the burning of fossil fuels,deforestation, environmentally harmful industrial practices, and production and patterns of excessive or wasteful consumption.

Fossil fuels: Sources of energy that were formed from the remains of plants and animals that died millions of years ago and were buried deep under layers of soil and rock or under the sea, where heat and pressure slowly turned them into coal, petroleum oil and natural gas.



Fig. 3.16

Why does the burning of fossil fuels affect the climate? In the Earth's natural carbon cycle, carbon dioxide (CO_2) and other gases are released gradually into the atmosphere and trap heat from the Sun. This natural 'greenhouse effect' warms Earth enough to support life. However, human activities like industry, transportation, and agriculture have released enormous amounts of these 'greenhouse gases' in just a few centuries. This sudden increase traps extra heat, causing rapid global warming and disrupting the climate patterns that plants, animals, and human societies have adapted to over thousands of years.

In India, rising temperatures are perceptible in many regions. Early in 2025, for instance, the country's average temperature was 1°C to 3°C above normal, as a result of which the winter was much shorter and milder than usual. This affects not only agricultural production but also many small scale industries. This is only one example showing how a warmer planet will present us with increasing challenges.

آب وہوا میں تبدیلی

آب وہوا میں تبدیلی سے مراد آب وہوا میں نمایاں اور طویل مدتی تبدیلیاں ہیں۔ یہ تبدیلیاں یا تو عالمی پیمانے پر ہوتی ہیں یا کسی مخصوص خطے میں ان کا تعلق عموماً "درجہ حرارت، بارش اور موسمی کیفیات سے آتا ہے۔ ماضی میں صدیوں اور ہزاروں (بلکہ لاکھوں سال پہلے تک) یہ تبدیلیاں فطری عوامل کے تحت وقوع پذیر ہوتی تھیں

رکازی ایندھن : توانائی کے وہ ذرائع جو لاکھوں سال پہلے مرے ہوئے جانوروں اور ضائع شدہ پودوں کے باقیات سے بنے اور مٹی، چٹانوں یا سمندر کے تہہ میں دفن ہوگئے، جہاں گرمی اور دباؤ نے دھیرے دھیرے ان کو کوئلہ پیٹرولیم، تیل اور قدرتی گیس میں تبدیل کر دیتا ہے۔

لیکن انیسویں صدی کے بعد سے انسانی سرگرمیوں نے ان تبدیلیوں کو تیز تر اور خطرناک بنا دیا ہے، خاص طور پر "رکازی ایندھن" کا بے تحاشہ استعمال، جنگلات کی کٹائی، ماحولیاتی طور پر نقصان دہ صنعتی سرگرمیوں اور بہت زیادہ بے مصرف یا فضول چیزوں کی پیداواری رویے سے ماحولیاتی تبدیلی یا آب وہوا میں تبدیلی واقع ہو رہی ہے۔



شکل 3.16

رکازی ایندھن کو جلانے سے ماحولیات پر کیوں اثر پڑتا ہے؟ زمین کے قدرتی کاربن سائیکل میں، کاربن ڈائی اکسائیڈ اور دوسری گیسیں رفتہ رفتہ فضاء میں خارج ہوتی رہتی ہیں اور سورج سے آنے والی گرمی کو جذب کر کے زمین کو اتنا گرم رکھتی ہے کہ زندگی قائم رہ سکے۔ اس کو "قدرتی گرین ہاؤس اثر" کہتے ہیں۔ لیکن انسانی سرگرمیاں جیسے صنعت، حمل و نقل اور زراعت نے صرف چند صدیوں میں ہی یہ گرین ہاؤس گیسیں کافی مقدار میں خارج کر دی ہیں۔ اس اچانک اضافے نے سورج کی اضافی حرارت کو مقید کر لیا، جس کے نتیجے میں زمین کا درجہ حرارت تیزی سے بڑھنے لگا اور وہ موسمی توازن بگڑ گیا جس کے مطابق پودے، جانور اور انسانی معاشرے ہزاروں سال سے اپنی زندگی گزار رہے تھے۔

ہندوستان کے کئی خطوں پر واضح طور پر درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مثلاً 2025ء کی ابتداء میں ملک کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 1 ڈگری سے 3 ڈگری زیادہ ریکارڈ ہوا جس کے نتیجے میں سردیوں کا موسم نسبتاً مختصر اور ہلکا رہا۔ اس کا اثر نہ صرف زرعی پیداوار پر پڑا بلکہ بہت سی چھوٹی صنعتوں پر بھی ہوا ہے۔ یہ صرف ایک مثال ہے کہ کس طرح بڑھتی گرمی ہمارے سامنے مزید مشکلات پیدا کر رہی ہے۔

Understanding the relationship between the causes of climate change and disasters can help us to prepare better for these challenges. It also supports the need for more environment friendly practices and building resilience and adaptation in communities. Governments worldwide, including India's, attempt to promote measures of climate mitigation, such as cutting down on greenhouse gas emissions, planting trees, boosting renewable energy and improving energy efficiency, promoting sustainable lifestyles, etc. But these often clash with a desire for economic growth and increased consumption.

Resilience: The capacity to withstand or recover quickly from difficulties.
Mitigation: The adoption of steps to help slow down global warming and reduce the causes of climate change.
Sustainable: Something which can be maintained over a long period of time.



Before we move on .. آگے بڑھنے سے پہلے

- India's diverse climate is shaped by its geography, including mountains, deserts, and plateaus.
- Weather is short term, seasons recur on a yearly basis, and climate reflects long term patterns over decades.
- Factors such as latitude, altitude, proximity to the sea, wind and topography determine the climate.
- Monsoons are vital for agriculture, influencing crop cycles and livelihoods.
- Climate is connected with cultural traditions, festivals, agriculture and economic activity.
- Understanding the climate helps prepare for natural disasters like floods and cyclones.
- Climate change leads to extremes of weather or tempera ture and can have severe consequences on the natural and human worlds.

APSCERT

قوت برداشت: مشکلات یا آفات کا سامنا کرنے اور ان سے جلد از جلد بحال ہونے کی صلاحیت

تخفیف: ایسے اقدامات کو اختیار کرنا جو عالمی حدت کی رفتار کم کریں۔ اس کے اسباب پر قابو پائیں۔

پائیدار ایسا عمل یا چیز جیسے وسائل یا ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر طویل مدت تک قائم رکھا جاسکے۔

اگر ہم آب وہوا میں تبدیلی کے اسباب اور آفات کے باہمی رشتے کو سمجھ لیں تو ان چیلنجوں کے لئے بہتر تیاری کرسکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی یہ حقیقت بھی واضح ہوتی ہے کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ ماحول دوست رویے اپنانے چاہئیں۔ ہندوستان سمیت دنیا بھر کی حکومتیں موسمیاتی تخفیف کے اقدامات کو فروغ دینے کی کوشش کررہی ہیں۔ جیسے گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو کم کرنا، درخت لگانا قابل تجدید توانائی کو فروغ دینا اور توانائی کے استعمال میں کفایت شعاری، پائیدار طرز زندگی کو اپنانا وغیرہ۔ لیکن اکثر یہ اقدامات معاشی ترقی اور بڑھتی کھپت کی خواہش سے متصادم ہوجاتے ہیں۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

- ہندوستان کی متنوع آب وہوا اس کی جغرافیائی ساخت سے تشکیل پاتی ہے۔ جن میں پہاڑ، ریگستان اور سطح مرتفع شامل ہیں۔
- موسم (weather) وقتی یا قلیل مدتی کیفیت ہے۔ موسم (Seasons) سال کی بنیاد پر واقع ہوتی ہیں اور آب وہوا (Climate) دہائیوں پر مشتمل طویل مدتی نمونوں کی عکاسی کرتی ہے۔
- عرض البلد، بلندی، سمندر سے نزدیکی، ہوائیں اور زمینی خدوخال جیسے عناصر آب وہوا کا تعین کرتے ہیں۔
- مانسون، زراعت کے لئے نہایت اہم ہے، یہ فصلوں کی گردش اور لوگوں کے روزگار پر اثرانداز ہوتا ہے۔
- آب وہوا ثقافتی روایات، تہوار، زراعت اور معاشی سرگرمیوں سے جڑی ہوئی ہے۔
- آب وہوا کی سمجھ ہمیں سیلاب اور سمندری طوفان جیسی قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری میں مدد دیتی ہے۔
- ماحولیاتی تبدیلی یا آب وہوا میں تبدیلی، موسم اور درجہ حرارت کی شدت کی وجہ بنتی ہے اور قدرتی وانسانی دنیا پر سنگین اثرات مرتب کرتی ہے۔

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. The picture shown here represents of a natural disaster. Identify the type of disaster shown in the picture.



   A) Flood

   B) Land

   C) Earthquake

   D) Drought

2. Match the climatic factors with their effects:

Colum A	Column B
1) Latitude	a) Brings wet air to India during summer
2) Altitude	b) Creates different climates in the north and south
3) Proximity to the ocean	c) Keeps higher places cooler
4) Monsoon winds	d) Moderates the temperature

3. Answer the following questions:

   i. What is the difference between weather and climate?

   ii. Why do places near the ocean have milder temperatures than places far away from it?

   iii. What role do monsoon winds play in affecting India's climate?

4. Why is Chennai warm or hot throughout the year, while Leh is cold?

5. Imagine India did not have different seasons. How would this change the lives of farmers, students, and travelers? Give two examples.

6. A city experiences frequent heatwaves due to rising temperatures. Using your own ideas, suggest two steps the local government can take to reduce the impact.

APSCERT

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس)

(1) یہاں دکھائی گئی تصویر ایک قدرتی آفت کی نمائندگی کرتی ہے۔ تصویر میں دکھائی گئی آفت کی شناخت کریں۔



A. سیلاب

B. چٹانی تودوں کا کھسکنا

C. زلزلہ

D. قحط

(2) آب وہوا کے عوامل کو ان کے اثرات کے ساتھ جوڑیں :

کالم.A	کالم.B
(1) عرض البلد	(a) گرمیوں کے دوران ہندوستان تک مرطوب ہوا لاتی ہے۔
(2) بلندی	(b) شمال اور جنوب میں مختلف آب وہوا پیدا کرتی ہے۔
(3) سمندر سے نزدیکی	(c) اونچی جگہوں کو ٹھنڈا رکھتی ہے
(4) مانسون ہوائیں	(d) معتدل درجہ حرارت برقرار رکھتی ہے

(3) درجہ ذیل سوالات کے جواب لکھے:

(i) موسم اور آب وہوا میں کیا فرق ہے؟

(ii) سمندر کے قریبی علاقوں کا درجہ حرارت، اس سے دور کے علاقوں کے مقابلے میں کیوں معتدل ہوتا ہے؟

(iii) مانسونی ہوائیں ہندوستان کی آب وہوا پر کسی طرح اثرانداز ہوتی ہیں ؟

(4) جینائی سال بھر گرم یا بہت گرم کیوں رہتا ہے، جبکہ لیہہ (Leh) سرد رہتا ہے؟

(5) تصور کریں کہ اگر ہندوستان میں مختلف موسم نہ ہوتے، تب کسانوں، طالب علموں اور مسافروں کی زندگی کیسے بدل جاتی؟ دو مثالیں دیں۔

(6) ایک شہر بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی وجہ سے بار بار گرم لہروں کا سامنا کر رہا ہے۔ اپنے خیالات کا استعمال کرتے ہوئے، دو ایسے اقدامات تجویز کریں جو مقامی حکومت اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اٹھا سکتی ہے۔

AP SCERT

7. Look at a map of India given at the end of this book. Identify the climate for these cities - Leh, Visakhapatnam, Delhi, Panaji and Jaipur.
   - Is the place near the sea, in the mountains, or in the desert?
   - How do these factors affect the climate there?"
8. Draw the monsoon cycle in summers and winters on a map of India.
   - Label where the winds blow in summer and winter
   - Show the direction of winds during the monsoon
9. Identify a natural disaster (e.g., cyclone, flood, landslide, or forest fire) and write a short essay that includes the causes and impacts. Suggest actions that individuals, communities and the government can take to reduce the impact.
10. Make a colourful poster showing festivals in India linked to farming and weather (e.g., Baisakhi, Onam). Add pictures or drawings of these festivals.

Make a colourful poster of festivals

11. Imagine you are a farmer in India. Write a short diary entry about how you would prepare for the rainy season.



AP SCERT

(7) اس کتاب کے آخر میں دیے گئے ہندوستان کے نقشے کو دیکھیے اور ان شہروں۔ لیہہ، وشاکھاپٹنم، دہلی، پاناجی اور جےپور کی آب وہوا کی شناخت کریں۔

- کیا یہ مقام سمندر کے قریب ہے، پہاڑ میں ہے یا ریگستان میں ہے؟
- یہ عوامل وہاں کی آب وہوا پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟

(8) ہندوستان کے نقشے پر گرمیوں اور سردیوں میں مانسونی چکر کا خاکہ بنائیے۔

- دکھائیے کہ ہوائیں گرمیوں اور سردیوں میں کہاں سے چلتی ہیں۔
- مانسون کے دنوں میں چلنے والی ہواؤں کی سمت کو کی نشاندہی کیجئے

(9) کسی ایک قدرتی آفت (جیسے سمندری طوفان، سیلاب، چٹانی تودوں کا کھسکنا یا جنگل کی آگ کا انتخاب کیجیے اور اس کی وجوہات اور اثرات پر ایک مضمون لکھئے۔ ساتھ ہی یہ بھی بتائیے کہ افراد معاشرے اور حکومتیں، اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے کیا اقدامات کرسکتے ہیں؟

(10) ایک رنگین پوسٹر تیار کیجیے جس میں ان ہندوستانی تہواروں کی تصویر شامل کیجیے یا ان کا خاکہ بنائیے جو زراعت اور موسم سے جڑے ہوں۔ (مثلاً بیساکھی، اونم وغیرہ)

تہواروں کے رنگین پوسٹر بنائیں

(11) خود کو ہندوستان کا ایک کسان سمجھ کر ایک مختصر ڈائری نوٹ لکھئے کہ بارش کے موسم کے لیے آپ کس طرح تیاری کریں گے۔

✧✧✧✧✧

CHAPTER

4

NEW BEGINNINGS : CITIES AND STATES

S9I4B4

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Recognise the importance of the Gangetic plains in the expansion of Janapadas and Mahajanapadas and the early democratic traditions followed during the time. (CG-1)
- Analyse various historical developments and traces their roots to the past. (CG-3)
- Appreciate the development of the second urbanisation brought about by the innovation of iron and the progress of the civilisation. (CG-3)
- Recognise how the varna -jati system evolved over a period of time. (CG-1)
- Understand how political, social and economic development took place in other parts of the country. (CG-1)

"The kingdom shall be protected by fortifying the capital and the towns at the frontiers. The land should not only be capable of sustaining the population but also outsiders in times of calamities. ... It should be beautiful, being endowed with cultivable land, mines, timber forests, elephant forests, and good pastures rich in cattle. It should not depend [only on] rain for water. It should have good roads and waterways. It should have a productive economy, with a wide variety of commodities ...."

- Kautilya, Arthashastra



Fig. 4.1. Ruins of a major structure at Rajag.iha (modern-day Rajgir in Bihar), when it was the capital of the Magadha mahajanapada.

The Big Questions ?

1. *What is meant by 'Second Urbanisation of India'?*
2. *Why were the janapadas and mahajanapadas an important development in India's early history?*
3. *What kind of system of governance did they evolve?*

دن

4

نئی ابتداء: شہر اور ریاستیں

X4P9P1

اکتسابی نتائج

طلباءاس قابل بنیں گے کہ۔۔۔۔۔

- جناپدوں اور مہاجناپدوں کی توسیع میں گنگا کے میدانوں کی اہمیت اور اس دور میں رائج ابتدائی جمہوری روایات کو پہچان سکے (CG-1)
- مختلف تاریخی پیش رفتوں کا تجزیہ کر سکے اور ماضی میں ان کی جڑوں کا سراغ لگا سکے۔(CG-3)
- لوہے کی ایجاد اور تہذیب کی ترقی کی بدولت آنے والی دوسری شہریت کی اہمیت کو سمجھ سکے (CG-3)
- اس بات کو تسلیم کر سکے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ورناجاتی نظام کیسے پروان چڑھا۔(CG-1)
- ملک کے دیگر حصوں میں ہونے والی سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی کو سمجھ سکے۔(CG-1)



شکل 4.1 : راجگرہ (موجودہ راجگیر، بہار) میں ایک بڑے ڈھانچے کی باقیات، جب یہ مگدھ جناپدا کی دارالحکومت تھا۔

"ریاست کے تحفظ کے لئے ضروری ہے کہ دارالحکومت اور سرحدوں پر واقع شہروں کو فصیل بند کیا جائے۔ زمین ایسی ہونی چاہئے جو نہ صرف اپنی آبادی کے پیٹ بھرنے کے قابل ہو بلکہ مصیبت کے وقت غیر ملکیوں کو بھی سنبھال سکے۔ زمین خوبصورت ہونی چاہئے، جس میں قابل کاشت آراضی معدنیات، لکڑی کے جنگلات، ہاتھیوں والے جنگلات اور مویشیوں سے بھرپور بہترین چراگاہیں موجود ہوں۔ پانی کے لئے اسے (صرف) بارش پر منحصر نہیں ہونا چاہئے اس میں عمدہ سڑکیں اور آبی گزرگاہیں ہونی چاہئے۔ اس کی معیشت پیداواری اور متنوع اشیا سے بھرپور ہونی چاہئے۔"

- ارتھ شاستر از کوٹلیہ

اہم سوالات؟

1. "ہندوستان کی دوسری شہر کاری" سے کیا مراد ہے؟
2. جناپدا اور مہاجناپدا ہندوستان کی ابتدائی تاریخ میں ایک اہم پیش رفت کیوں تھے؟
3. جناپداؤں اور مہاجناپداؤں نے کس نوعیت کا نظام حکمرانی وضع کیا تھا؟

Let us recall that in the early 2nd millennium BCE (that is, over a few centuries after 2000 BCE), the Indus / Harappan/Sindhu-Saraswati civilisation, which we called India's 'First Urbanisation', disintegrated. Some of its cities were abandoned; in others, some people continued living there, but reverting to a rural or village lifestyle. They had to, since all the components of the Harappan urban order had disappeared: elaborate structures, both private and public; crowded streets and busy markets; different communities with specialised occupations (metalsmiths, potters, builders, weavers, craftspeople, and so on); a writing system; a sanitation system; the presence of an administration; and, behind it all, a larger state structure with a ruling class at the head. And for a whole millennium, urban life remained absent from India, though there may have been a few towns here and there in north India.




Fig. 4.2. The fertile Gangetic plains helped the mahajanapadas to grow and prosper.

Indeed, there were important regional cultures, which we need not study here.


Then, in the 1st millennium BCE, a vibrant new phase of urbanisation began in the Ganga plains, parts of the Indus (or Sindhu) basin and neighbouring regions, gradually spreading to other parts of the Subcontinent. How do we know this? Mainly from two sources: (1) archaeological excavations that have confirmed the existence of those ancient urban centres, and (2) ancient literature describing them – late Vedic, Buddhist and Jain literatures are full of references to these new urban centres.

This new phase is often called India's 'Second Urbanisation' - which, incidentally, has continued right up to today! Let us see how this phase emerged.

Janapadas and Mahajanapadas

Towards the end of the 2nd millennium BCE, regional cultures gradually reorganised themselves in north India. As people formed clans or groups, probably sharing a common language and common customs, each clan came to be associated with a territory or janapada led by a raja or ruler. ('Janapada' is a Sanskrit word which means 'where the people (jana) have set foot (pada),' that is, have settled down.)

یاد کیجئے کہ دوسری ہزاری کے اوائل میں (یعنی 2000 قبل مسیح کے چند صدیوں بعد) وادی سندھ ہڑپہ سندھو۔ سرسوتی تہذیب جسے ہم نے ہندوستان کی پہلی "شہر کاری" کہا تھا، زوال پذیر ہو گئی۔ اس کے کئی شہر ویران ہو گئے، کچھ میں لوگ تو رہتے رہے لیکن شہری زندگی چھوڑ کر دیہی زندگی یا گاؤں کے طرز زندگی کی طرف واپس لوٹنے پر مجبور ہو گئے۔ انہیں ایسا کرنا پڑا کیونکہ ہڑپہ کے شہری نظام کے تمام عناصر ختم ہو چکے تھے۔ نجی اور عوامی، دونوں طرح کی شان دار عمارتیں، گنجان آباد گلیاں اور مصروف بازار، مختلف پیشوں سے وابستہ مخصوص برادریاں (جیسے دھان کے کاریگر 'کمہار' معمار، بنکر، دست کار وغیرہ): تحریری نظام، صفائی کا ترقی یافتہ نظام؛ مخصوص انتظامیہ کی موجودگی اور ان سب کے پیچھے ایک وسیع تر ریاستی ڈھانچہ جس کی سربراہی ایک حکمراں طبقہ کرتا تھا۔ لیکن اس کے بعد پورے ایک ہزار سال تک ہندوستان میں شہری زندگی غائب رہی اگر یہ شمالی: ہندوستان میں کہیں کہیں چند قصبے ضرور ہوں گے۔ یقیناً اس دور میں اہم علاقائی تہذیبیں موجود تھیں، لیکن ان پر یہاں گفتگو ضروری نہیں۔



شکل 4.2 مہاجنا پدوں کی ترقی و خوش حالی میں گنگا کے زرخیز میدانوں نے اہم کردار ادا کیا

پھر پہلی ہزاری قبل مسیح میں تابندہ شہری زندگی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا، جو گنگا کے میدانوں، وادی سندھ کے کچھ حصوں اور اس کے گردونواح میں پروان چڑھا اور آہستہ آہستہ برصغیر کے دوسرے حصوں تک پھیل گیا۔ ہمیں اسکے بارے میں کیسے معلوم ہوا؟ بنیادی طور پر دو ذرائع سے: (1) آثارِ قدیمہ کی کھدائیوں سے جو ان قدیم شہری مراکز کے وجود کی تصدیق کرتی ہیں۔ (2) قدیم ادب سے جن میں ان کا ذکر ہے۔ بالخصوص ویدوں کے آخری دور، بدھ مت اور جین مت کی ادبیات ان نئے شہری مراکز کے حوالے سے بھرے ہوئے ہیں۔

اس نئے دور کو اکثر ہندوستان کی "دوسری شہر کاری" کہا جاتا ہے۔ جو حیرت انگیز طور سے آج تک جاری ہے۔ آیئے ہم دیکھتے ہیں کہ یہ دور کیسے شروع ہوا۔

جناپدا اور مہاجناپدا

دوسری ہزاری قبل مسیح کے اختتام کے قریب شمالی ہندوستان میں علاقائی تہذیبیں بتدریج نئے سرے سے منظم ہونے لگیں۔ لوگ قبیلوں یا گروہوں کی شکل میں جمع ہوئے، جو غالباً ایک ہی زبان اور رسم و رواج کے حامل تھے، ہر قبیلے کا ایک خاص علاقے یا جناپدا سے وابستہ تھا، جس کی قیادت ایک راجا یا حکمراں کے ہاتھ میں ہوئی تھی۔ ('جناپدا' سنسکرت کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے وہ جگہ جہاں لوگوں (جنا) نے قدم (پدا) رکھا تھا یعنی جہاں وہ آباد ہوئے)

پہاڑوں اور ٹیلوں میں لوہے کی دھات کی دستیابی جیسا کہ آگے لوہے کے بارے میں ذکر آئے گا) اور نئے تجارتی نظاموں کا قیام وجود میں آیا۔

The janapadas grew as trade networks expanded and connected them. By the 8th or 7th centuries BCE, some of those early states had merged together; the resulting bigger units were known as mahajanapadas. Although the texts have different lists of them, the more frequent list gives the names of 16 mahajanapadas, extending from Gandhara in the northwest to Anga in the east and to Ashmaka in central India, close to the Godavari River (see map). There may have been a few more, along with some smaller janapadas continuing independently.



THINK ABOUT IT



Notice how many of the mahajanapadas are concentrated in the Ganga plains. There are several possible reasons for this, in cluding the growth of agriculture in the fertile Ganga plains, the availability of iron ore in the mountains and hills (see below about iron), and the formation of new trade networks.



LET'S EXPLORE



- → The most powerful of these new states were Magadha, Kosala, Vatsa and Avanti. Looking at the map, can you identify their capitals? Also, how many can you match with Indian cities of today?
- → Compare this map with the map of the regions mentioned in the Mahabharata (see Fig. 5.4 in the chapter '**India, That is Bharat**' in Grade-6) and list the names common to both maps. What do you think this implies?

The map (Fig. 4.3) shows the mahajanapadas' capitals. Most were fairly large well fortified cities, with a moat running outside the fortifications as further defence. Often, the gateways through the rampart walls would be deliberately kept narrow, so guards may control the movement of people and goods entering or leaving the city. It is fascinating to note that most of those ancient capitals continue to be living cities today 'modern' cities that are often 2,500 years old!

Moat:
A deep, wide ditch surrounding a fort or a fortified city and filled with water.

Early Democratic Traditions

Each janapada had an assembly or council, called sabha or samiti, where matters concerning the clan would be discussed. (Remember, from the chapter on 'India's Cultural Roots', that the words sabha and samiti first appear in the Vedas, India's most ancient texts.) We may assume that most of the members were elders in the clan. The raja was not expected to rule independently or arbitrarily;

تجارتی دائرے کے وسیع ہونے سے جناپد ابڑھتے گئے اور لوگ ایک دوسرے کے رابطے میں آنے لگے۔ آٹھویں یا ساتویں صدی قبل مسیح تک ان میں سے بعض ابتدائی ریاستیں آپس میں ضم ہو گئیں۔ اس کے نتیجے میں بڑی اکائیاں وجود میں آئیں، انہیں مہا جناپد اکہا گیا۔ اگرچہ قدیم تحریروں میں مہاجناپدوں کی مختلف فہرست ملتی ہیں، لیکن عام طور پر 16 مہاجناپدوں کا ذکر آتا ہے جو شمال مغرب میں "گندھارا" سے لے کر مشرق میں "رنگ" تک اور وسطی ہند میں، آسمکا (جو دریائے گوداوری کے قریب تھا) تک پھیلے ہوئے تھے۔ نقشہ ملاحظہ کیجئے)۔ اس کے علاوہ بھی چند مزید مہاجناپدوں اور کچھ چھوٹے جناپد اپنی آزادانہ حیثیت میں موجود رہے ہوں



اس پر غور و فکر کریں

غور کیجئے مہاجناپدوں میں سے کتنے گنگا کے میدانوں میں مرکوز تھے۔ اس کی کئی ممکنہ وجوہات تھیں جیسے گنگا کے زرخیز میدانوں میں زرعی ترقی، پہاڑوں اور ٹیلوں میں لوہے کی دھات کی دستیابی (جیسا کہ آگے لوہے کے بارے میں ذکر آئے گا) اور نئے تجارتی نظاموں کا قیام وجود میں آیا۔



آیئے معلوم کریں

نقشہ (شکل 4.3) میں مہاجناپدوں کے دارالحکومت دکھائے گئے ہیں۔ ان میں سے اکثر کافی بڑے اور اچھی طرح قلعہ بند شہر تھے، جن کے گرد اضافی دفاع کے طور پر خندقیں کھودی گئی تھیں۔ اکثر اوقات کھودی گئی فصیلی دیواروں میں بنائے گئے دروازے جان بوجھ کر تنگ رکھے جاتے تھے تاکہ پہرے دار قلعے سے شہر تک لوگوں اور اشیاء کی آمد و رفت کو قابو میں رکھ سکیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان قدیم دارالحکومتوں میں سے بیش تر آج بھی زندہ شہر ہیں۔ "جدید" شہر جن میں سے اکثر 2,500 سال پرانے ہیں!

خندق: ایک گہری، کشادہ کھائی جو کسی قلعے یا قلعہ بند شہر کے گرد بنی ہو اور پانی سے بھری ہو۔

ابتدائی جمہوری روایات:

ہر جناپد میں ایک مجلس یا کونسل ہوا کرتی تھی، جسے سبھا یا سمیتی کہا جاتا تھا، جہاں قبیلے سے متعلق امور پر بحث ہوتی تھی۔ (یاد کیجئے، ہندوستان کی ثقافتی جڑیں،) والے باب میں ہم نے پڑھا تھا کہ سبھا اور سمیتی جیسے الفاظ سب سے پہلے ویدوں میں ملے ہیں، جو ہندوستان کے قدیم ترین صحیفے ہیں) ہم یہ قیاس کر سکتے ہیں کہ ان مجالس کے زیادہ تر ارکان قبیلے کے بزرگ ہوتے تھے۔ راجا سے یہ توقع نہیں کی جاتی تھی کہ وہ من مانی کرے یا تنہا حکمرانی کرے؟





Fig. 4.3. Map of the sixteen mahajanapadas. Note that their borders are approximate.

a good ruler was supposed to take the advice from those assemblies, apart from the ministers and administrators. Indeed, according to some texts, an incompetent ruler could be removed by the assembly. Of course, while such mentions are significant, it does not mean that this was an established law; let us remember that the data we have for such remote periods is incomplete.

In their political systems, the mahajanapadas expanded the basic principles of the janapadas. Some were, in effect, monarchies, in the sense that the raja was the ultimate authority, supported by ministers and an assembly of elders. His position was hereditary, in the sense that a raja would usually be the son of the previous one. The king would collect taxes or revenue, maintain law and order, get impressive fortifications built around their capital, and maintain an army to defend the territory or wage war with neighbouring ones, as the case may be. Magadha (located in part of today's Bihar), Kosala (in part of today's Uttar Pradesh) and Avanti (in part of today's Madhya Pradesh) were among the most powerful such states.

However, at least two mahajanapadas, Vajji (or Vrijji) and the neighbouring Malla, had a different system: the sabha or samiti had more power and took important decisions through discussion, and, if necessary, through vote. Surprisingly, this included the selection of the raja! This means that those mahajanapadas,



شکل 16:4.3 مہاجناپدوں کا نقشہ۔ خیال رہے کہ ان کی سرحدیں تخمینی نوعیت کی ہیں۔

ایک اچھے حکمران کے لئے ضروری سمجھا جاتا تھا کہ وہ صرف وزیروں اور منتظمین ہی نہیں بلکہ ان مجالس سے بھی مشورہ لے۔ درحقیقت بعض متون کے مطابق، ایک نااہل حکمران مجلس کے ذریعہ معزول کیا جاسکتا تھا۔ بلاشبہ ایسے حوالے اہم ہیں لیکن اسکے باوجود یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ ایک مستقل قانون تھا؟ کیوں کہ ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ اتنے قدیم زمانوں کے بارے میں ہمارے پاس دستیاب معلومات نامکمل ہیں۔

مہاجناپدوں کے سیاسی نظاموں میں جناپدوں کے بنیادی اصولوں کو مزید وسعت ملی۔ ان میں سے کچھ حقیقتاً بادشاہت کی شکل میں تھے، اس معنی میں کہ راجاہی حتمی اختیار رکھتا تھا۔ جو وزیروں اور داناؤں کی ایک مجلس کی تائید سے حکومت کرتا تھا۔ راجا کا عہدہ موروثی ہوتا تھا، یعنی عام طور پر ایک راجا پچھلے راجا کا بیٹا ہوتا تھا۔ بادشاہ ٹیکس یا محصولات جمع کرتا، قانون اور امن وامان قائم رکھتا تھا، دارالحکومت کے گرد مضبوط قلعہ بندی کرواتا اور ایک فوج رکھتا تھا تاکہ اپنے علاقے کا دفعہ کرسکے یا بوقت ضرورت پڑوسی ریاستوں سے جنگ کرسکے۔ مگدھ (موجودہ بہار کا حصہ) کوسالا (موجودہ اترپردیش کا حصہ) اور اونتی (موجودہ مدھیہ پردیش کا حصہ) ایسی ہی طاقتور ترین ریاستوں میں شامل تھیں۔

البتہ، کم از کم دو مہاجناپدا-وجی (یا ورجی) اور اس کا پڑوسی ملا کا نظام مختلف تھا۔ ان میں سبھا یا سمیتی کا زیادہ اختیار حاصل تھا اور اہم فیصلے مشاورت سے اور اگر ضرورت ہوتی تو رائے دہندگی کے ذریعے لیے جاتے تھے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ ان میں راجا کا انتخاب بھی شامل تھا! اس کا مطلب ہے کہ یہ مہاجناپدا گانا یا سنگھا کے طور پر کام کرتے تھے اور بادشاہیت کی حیثیت نہیں رکھتے تھے۔

which were called ganas or sanghas, were not monarchies their functioning might be called democratic, since members of the assembly were the ones to select the ruler and take major decisions. In fact, scholars have often called them 'early republics', as they are indeed one of the earliest such systems in the world.



Fig. 4.4. Ruins of a complex at Kaushambi, capital of the Vatsa mahajanapada

More Innovations

The age of the janapadas and mahajanapadas was an age of profound change, which would impact Indian civilisation until present times. In the chapter 'India's Cultural Roots' in Grade 6, we saw the emergence of several new schools of thought late Vedic, Buddhist, Jain in particular, and their respective literatures. Those schools disseminated their teachings and literature through scholars, monks and nuns travelling across India or people undertaking pilgrimages. Indian art also underwent a renewal; it will blossom in the age of empires.

Urbanisation does not happen without technologies. Let us remember that the Harappan civilisation mastered copper and bronze metallurgy. Now, in this Second Urbanisation, a major shift in technology involved iron metallurgy. In several regions of India, the techniques of extracting and shaping iron were actually perfected from the early 2nd millennium BCE, but it took a few centuries for iron to become a part of daily life. By the late 2nd millennium BCE, iron tools had become widespread, facilitating agriculture on a bigger scale. Iron also made better weapons than bronze, lighter and sharper swords, spears, arrows, shields, etc. As it happens, there is some evidence of warfare between neighbouring mahajanapadas how frequent or how intense it was, of course, is impossible to tell. Such military campaigns, but occasionally alliances too, gave rise to new kingdoms and empires, which we will turn to later in our journey.

Another innovation was the first use of coins in India, made necessary by growing trade. Very soon, coins were exchanged across different regions and even with other parts of the world. The first Indian coins were made of

بلکہ ان کا نظام عمل کسی حد تک جمہوری تھا، کیوں کہ مجلس کے اراکین ہی حکمران منتخب کرتے اور اہم فیصلے لیتے تھے۔ دراصل دانشوروں نے اکثر ان ریاستوں کو "ابتدائی جمہوری ریاستیں" کہا ہے کیوں کہ واقعی یہ دنیا کے قدیم ترین جمہوری نظاموں میں سے تھیں۔

مزید اختراعات



شکل 4.4 کوسامبی کے وتسا مہاجناپدا کے دارالحکومت میں واقع ایک احاطے کے کھنڈرات

جناپدوں اور مہاجناپدوں کا دور گہرے تغیر و تبدل کا زمانہ تھا، جن کے اثرات آج تک ہندوستانی پر قائم ہیں۔ جماعت کے باب "ہندوستان کی ثقافتی جڑیں" میں ہم نے دیکھا تھا کہ اس دور میں کئی نئے مکاتب فکر کی تعلیمات اور تحریریں دانشوروں، راہبوں و راہبات، مسافروں یا زائرین کے ذریعے پورے ہندوستان میں پھیلائی گئیں۔ اسی دور میں ہندوستانی فنون لطیفہ کی بھی تجدید ہوئی، جو سلطنتوں کے دور میں مکمل طور پر پھولے پھلے۔

شہر کاری بغیر ٹکنالوجی کے ممکن نہیں ہے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ ہڑپہ کی تہذیب نے تانبے اور کانسے کی دھات گری میں عبور حاصل کر لیا تھا۔ اب اس دوسری شہر کاری میں ٹکنالوجی میں ایک بڑی تبدیلی لوہے کی دھات گری تھی۔ ہندوستان کے کئی علاقوں میں لوہا نکالنے اور ڈھالنے کی تکنیک دوسری ہزار قبل مسیح کے ابتدائی دور میں ہی موجود تھی، لیکن لوہے کو عام زندگی کا حصہ بننے میں کچھ صدیاں لگیں۔ دوسری ہزاری قبل مسیح کے اواخر تک، لوہے کے اوزار عام ہو چکے تھے، جس نے بڑے پیمانے پر زراعت کو ممکن بنایا۔ اسی طرح لوہے نے کانسے کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہتھیار بھی فراہم کیئے، مزید ہلکی اور تیز دھار- تلواریں "نیزے، تیر، ڈھالیں وغیرہ۔ شواہد بتاتے ہیں کہ پڑوسی مہاجناپدا آپس میں کبھی کبھار جنگوں میں بھی ملوث رہے۔ اگرچہ یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ جنگیں کتنی بار ہوئیں یا کتنی شدت سے ہوئیں۔ ان ہی فوجی مہمات اور بعض اوقات سمجھوتوں کے نتیجے میں نئی ریاستوں اور سلطنتوں کا وجود عمل میں آیا، جن کا ذکر ہم آگے چل کر کریں گے۔

ایک اور اختراع پہلی بار ہندوستان میں سکوں کا استعمال تھا، جو بڑھتی تجارت کے باعث ضروری ہو گیا تھا۔ جلد ہی سکے مختلف علاقوں کے درمیان اور بیرونی دنیا سے بھی تبادلے میں آنے لگے۔ ہندوستان کے ابتدائی سکے چاندی سے بنے ہوئے تھے، جو ایک نرم دھات ہے جس میں علامات ٹھپہ مار کر ثابت کی جا سکتی تھی۔

silver, a soft metal into which symbols could be 'punched'; they are called 'punch-marked coins'. Later, coins of copper, gold and other metals were also made. Generally, a mahajanapada issued its own coins, but coins from neighbouring regions were used as well as exchanged in trade.



LET'S EXPLORE

Fill up the following table with a Yes (or tick mark) or No (or cross mark) in each square, which provides an interesting comparison between these two phases of Indian civilisation.

	Fill First Urbanisation	Second Urbanisation
Ganga Plains		
Monasteries		
Literature		
Trade		
Warfare		
Copper / bronze		
Iron		

The Varna – Jati System

We saw earlier how human societies grew more complex with the rise of civilisation. Whenever this happens, a society organises itself in several groups based on class, occupation or some other criteria. For instance, there could be different group-s concerned with governance, administration, religion, education, trade, town planning, farming, crafts, arts and all kinds of other professions.



اس لیے انھیں ''ٹھپہ دار سکے'' کہا جاتا ہے۔ بعد میں تانبے، سونے اور دیگر دھاتوں کے سکے بھی بننے لگے۔ عام طور سے ہر مہاجنا پد اپنا سکہ جاری کرتا تھا، لیکن پڑوسی علاقوں کے سکے بھی تجارت میں استعمال ہوتے اور تبادلے میں لائے جاتے تھے۔

آیئے معلوم کریں

درجہ ذیل جدول کے ہر مربع نما خانے کو ہاں (صحیح کا نشان) یا نہیں (غلط کا نشان) لگا کر پُر کیجیے جو ہندوستانی تہذیب کے ان دو ادوار کے درمیان دلچسپ تقابل پیش کرتا ہے۔

	پہلی شہر کاری	دوسری شہر کاری
گنگا کے میدان		
بودھ خانقاہیں		
ادب		
تجارت		
جنگ		
تانبہ / کانسہ		
لوہا		

ورنا۔ ذات کا نظام

ہم نے پہلے دیکھا کہ تہذیب کے ارتقاء سے انسانی معاشرے کو کس قدر مزید الجھنوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جب بھی ایسا ہوتا ہے، تو معاشرہ مختلف گروہوں میں بٹ جاتا ہے۔ کبھی طبقاتی بنیاد پر، کبھی پیشے کی بنیاد پر یا کسی اور معیار پر خود کو طبقے، پیشے یا دیگر معیارات پر مبنی مختلف گروہوں میں منظم کر لیتا ہے۔ مثلاً حکمرانی، انتظامیہ، مذہب، تعلیم، تجارت، شہری منصوبہ بندی، زراعت، دست کاری فنون اور دیگر پیشوں سے وابستہ مختلف گروہ ہو سکتے ہیں۔



Fig. 4.5. A panel of the Sanchi stupa depicting a smithy (or metal workshop), where different workers bring firewood, water, stoke the fire, beat the



Fig. 4.6. A few punch marked coins from various ancient cities of north India.

LET'S EXPLORE


→ Why should a complex society divide itself into such groups? Think about several possible factors why this happens.

→ List other such professions you expect in a complex society of the 1st millennium BCE.

In an ideal society, all those groups would complement each other and work in harmony. But most of the time, these divisions also lead to inequalities: some groups acquire more wealth, power or influence than others. In other words, while equality is an ideal that human societies have often aspired to, very few, if any, have ever achieved it.



شکل 4.5 سانچی استوپ کا ایک پینل جس میں ایک لوہار خانہ (دھاتوں کی ورکشاپ) کی منظر کشی کی گئی ہے، جہاں مختلف کاری گر جلانے والی لکڑیاں اور پانی لے کر آتے، آگ کو دھونکتے اور لوہے کو پیٹتے ہوئے دکھائے گئے ہیں، وغیرہ۔



شکل 4.6: شمالی ہندوستان کے مختلف قدیم شہروں کے چند ٹھپہ دار سکے

آیئے معلوم کریں

← ایک پیچیدہ معاشرہ خود کو مختلف گروہوں میں کیوں تقسیم کرنا چاہئے؟ اس کے ممکنہ عوامل پر غور کیجیے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

← پہلی ہزار قبل مسیح کے کسی پیچیدہ معاشرے میں آپ اور کون کون سے پیشے متوقع سمجھتے ہیں؟ ان کی فہرست بنایئے۔

ایک مثالی معاشرے میں، وہ تمام گروہ ایک دوسرے کے معاون بنتے اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتے ہیں، لیکن اکثر اوقات، یہ تقسیم ناہمواریوں کو بھی جنم دیتی ہے۔ کچھ گروہ دوسروں کی بہ نسبت زیادہ دولت، طاقت یا اثر و رسوخ حاصل کر لیتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں، مساوات ایک ایسا مثالی خواب ہے جس کی انسانوں نے اکثر خواہش کی، لیکن بہت کم معاشروں نے اسے حقیقی طور پر حاصل کیا۔

In India, the society was organised in a two fold system. One category was the jati, a group or community of people with a specific professional occupation closely tied to their livelihood. The skills that defined a particular jati for instance, skill in agriculture, metallurgy, commerce or any craft was generally transmitted from generation to generation. Often, a jati would get further subdivided into subjatis, each of which developed customs and traditions of its own, for instance concerning marriage, rituals or food habits.

Along with the jati, there is another category, that of varna, a concept that emerged from Vedic texts. There were four varnas: Brahmins were engaged in preserving and spreading knowledge, and in the performance of rituals; Kshatriyas were expected to defend the society and the land, and to engage in warfare if necessary; Vaishyas were supposed to increase the society's wealth through occupations of trade, business or agriculture; finally, Shudras were the artisans, craftspeople, workers or servants.



DON'T MISS OUT



You may have heard the English word 'caste'. It comes from a Portuguese word, casta, as Portuguese travellers to India in the 16th century CE tried to make sense of Indian society. While a few scholars consider 'caste' to refer to varnas, most take it to apply to jatis; yet others consider 'caste' to refer to the whole *varna-jati* system.

There is historical evidence, both in texts and inscriptions, that in the early period individuals and communities changed their professional occupations if circumstances demanded. For instance, a long drought or some natural calamity could force a community of farmers to migrate to a city and take up other occupations, or some Brahmins would turn to trade or even military activities. This complex system structured Indian society, organised its activities, including economic ones, and therefore gave it some stability. In time, however, the system became rigid and led to inequalities and discrimination towards the lower jatis or some communities excluded from the varna jati system. This process will be studied in a higher grade.

ہندوستان میں، معاشرہ دو سطحی نظام پر عمل پیرا تھا۔ پہلی سطح جاتی (ذات) کہلاتی تھی یہ ایک ایسا گروہ یا برادری تھی جس کے لوگ مخصوص پیشے کے ذریعے معاش سے وابستہ ہوتے تھے۔ کسی خاص جاتی (ذات) کی بنیادی مہارت- جیسے زراعت دھات گری، تجارت یا دستکاری۔ عام طور پر نسل در نسل منتقل ہوتی تھی۔ اکثر ایک جاتی مزید ذیلی جاتیوں (ذاتوں) میں منقسم ہو جاتی تھی، ہر ایک کے اپنے رسم ورواج ہوتے تھے۔ مثلاً "شادی، مذہبی رسومات یا کھانے پینے کے طور طریقے۔

جاتی (ذات) کے ساتھ ساتھ یک اور درجہ بھی تھا جسے ورنا کہا جاتا ہے، ایک نظریہ جو ویدک متون سے ماخوذ ہے۔ ورنا کی چار درج ذیل اقسام تھیں: برہمن : علم کو محفوظ رکھنے، پھیلانے اور مذہبی رسومات ادا کرنے کے ذمہ دار تھے۔ چھتریہ : معاشرے اور زمین کے محافظ اور ضرورت پڑنے پر جنگ میں حصہ لینے والے۔ ویشیہ: تجارت، کاروبار یا زراعت کے ذریعے معاشرے کی دولت میں اضافہ کرنے والے۔ شودر : کاریگر دست کار، مزدور یا خدمت کرنے والے۔




اسے دیکھنا نہ بھولیں

آپ نے انگریزی لفظ "کاسٹ" "Caste" ضرور سنا ہو گا۔ یہ لفظ دراصل پرتگالی زبان کے لفظ "کاسٹا" "Casta" سے آیا ہے۔ جب پرتگالی مسافر سولہویں صدی عیسوی میں ہندوستان آئے تو انھوں نے ہندوستانی معاشرے کو سمجھنے کی کوشش میں یہ لفظ استعمال کیا۔ کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ "کاسٹ" ورنوں (Varnas) کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ زیادہ تر اسے جاتیوں کے لئے استعمال کرتے ہیں؛ اور کچھ لوگ اسے پورے ورنا- جاتی نظام کی طرف اشارہ مانتے ہیں۔

تاریخی متون اور کتبوں سے ایسے شواہد ملے ہیں کہ ابتدائی دور میں افراد اور برادریاں حالات کے مطابق اپنا پیشہ تبدیل کر لیا کرتی تھیں۔ مثلاً طویل قحط سالی یا کسی قدرتی آفت کے باعث کسانوں کی برادری شہر کی طرف ہجرت کر کے کوئی نیا پیشہ اپنا لیتی تھی یا کچھ برہمن تجارت اور کبھی کبھی فوجی خدمات میں بھی شامل ہو جاتے تھے۔ اس پیچیدہ نظام نے ہندوستان کے معاشرے کی ساخت طے کی، اس کی معاشی سرگرمیوں کو ترتیب دیا اور اس طرح اسے ایک حد تک استحکام بخشا۔ لیکن وقت کے ساتھ یہ نظام سخت تر اور غیر لچک دار بنتا گیا اور نچلی ذاتوں یا ورنا۔ جاتی نظام سے خارج کچھ برادریاں امتیاز اور عدم مساوات کا شکار ہونے لگیں۔ اس پہلو کا مطالعہ آپ آگے کی جماعتوں میں کریں گے۔

The *varna-jati* system has had a deep impact on Indian society, and generations of scholars have studied its countless aspects. There is a broad agreement that the system was significantly different (more flexible, in particular) in earlier periods and became more rigid with the passage of time, in particular during the British rule in India. Let us also keep in mind that while varna jati has been an important mechanism at work in Indian society, it is not the only one; there have been many others, some of which we will explore later, especially in the theme 'Our Cultural Heritage and Knowledge Traditions'.



THINK ABOUT IT



Inequalities within society can exist in many forms. Have you encountered any incident where you or anyone you know might have been made to feel different from others? Do you think equality is desirable in a society? If so, why? Have you come across people or initiatives that lessened inequalities?

Developments Elsewhere in India

In this 1st millennium BCE, important communication routes opened up for purposes of trade, pilgrimage, military campaigns, etc. Two routes became widely used and are often mentioned in the literature: the Uttarapatha and the Dakshinapatha. The first connected the northwest regions to the Ganga plains, all the way to eastern India.



Fig. 4.7. Shishupalgarh (today a suburb of Bhubaneswar, first excavated in 1948): one of the gateways into the city, through the fortifications; the moat, full of water, is visible outside the gateway. Notice the narrowing in the gateway, for control of movement of people and goods.

ورنا۔ جاتی نظام نے ہندوستانی معاشرے پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ محققین کی کئی نسلوں نے اس کے بے شمار پہلوؤں کا مطالعہ کیا ہے۔ اس پر عام اتفاق ہے کہ پچھلے ادوار میں یہ نظام کافی الگ (بالخصوص زیادہ لچک دار) تھا اور وقت کے ساتھ ساتھ خصوصاً برطانوی دور حکومت میں یہ سخت ترین ہوتا گیا۔ یہ بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگرچہ ورنا جاتی نظام ہندوستانی معاشرے کا ایک اہم سماجی ڈھانچہ تھا، لیکن واحد نظام نہیں تھا۔ اس کے علاوہ بھی کئی اور نظام کار فرما تھے جنھیں ہم آگے چل کر خاص طور پر "ہماری ثقافتی وراثت اور علمی روایات" جیسے عنوان میں جانیں گے۔



معاشرے میں عدم مساوات کئی شکلوں میں موجود ہو سکتی ہے۔ کیا آپ نے کبھی ایسا واقعہ دیکھا یا سنا ہے جب آپ کو یا آپ کے کسی شناسا کو دوسروں سے مختلف یا کمتر محسوس کروایا گیا ہو؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کسی معاشرے کے لیے برابری (مساوات ضروری ہے؟ اگر ہاں، تو کیوں؟ کیا آپ نے کبھی ایسے افراد یا کوششوں کے بارے میں سنا ہے جنھوں نے ان عدم مساوات کو اور غیر برابری کو کم کرنے میں کردار ادا کیا ہو؟

ہندوستان کے دیگر حصوں میں ترقیات

پہلی ہزاری قبل مسیح میں، ہندوستان میں تجارتی مذہبی اور فوجی مہمات وغیرہ کے مقاصد کے لیے اہم مواصلاتی راستے کھلے۔ ان میں سے دو راستے اتراپتھ اور دکشاپتھ وسیع پیمانے پر استعمال ہوئے اور قدیم ادب میں اکثر ان کا ذکر ملتا ہے: پہلا شمال مغربی علاقوں کو گنگا کے میدانی علاقوں سے جوڑتا تھا اور مشرقی ہندوستان تک جاتا تھا۔



شکل 4.7 :ششوپال گڑھ
(آج کے بھوانیشور کا ایک مضافاتی علاقہ، جس کی کھدائی سب سے پہلے 1948 میں ہوئی) :شہر میں داخلے کا ایک دروازہ، جو قلعہ بند دیواروں سے گھرا ہوا ہے، دروازے کے باہر خندق میں پانی بھرا ہوا نظر آرہا ہے۔ واضح رہے کہ دروازے کو جان بوجھ کر تنگ بنایا گیا تھا تاکہ لوگوں اور سامان کی نقل و حرکت کو قابو میں رکھا جا سکے۔

the second started from Kaushambi (near Prayagraj), then a capital of one of the mahajanapadas, and crossed the Vindhya Range of hills to proceed all the way south. We will return to these routes when we explore the formation of empires in India. Many lateral roads also connected with other parts of India, especially the important ports on the western and eastern coasts, which were vibrant centres of trade. In the eastern region, major cities emerged, such as Shishupalgarh (today Sisupalgarh, part of Bhubaneswar), which was the capital of the Kalinga region and followed a strict square ground plan, with imposing fortifications and broad streets.




Fig.4.8.Timeline covering the period from 1900 BCE to 300 BCE

In the Subcontinent's southern regions, cities began emerging from about 400 BCE, although recent excavations claim to find some signs of commercial activities going further back. Around this time, three kingdoms emerged the Cholas, the Cheras and the Panndyas.


Apart from archaeological evidence, the most ancient Tamil literature mentions those kingdoms and several of their kings. Because the sou-thern regions are rich in resources such as precious and semiprecious stones, gold, and spices, they profitably traded not only with the rest of India but also with kingdoms and empires overseas.


Fig. 4.9. Shell and gemstones industries at the site of Kodumanal (near Erode, Tamil Nadu)

By 300 or 200 BCE, almost the entire Subcontinent, including regions in the Northeast, was one vibrant interconnected land; goods and culture travelled from region to region,land often beyond India to parts of Central and Southeast Asia. About the same time, the mahajanapadas ceased to exist, leaving the place to fresh developments that were going to reshape India.

دوسرا کوشامبی (آج کے پرپاگ راج کے قریب)، جو اس وقت ایک مہاجناپدا کا دارالحکومت تھا، سے شروع ہو کر وندھیہ کے پہاڑی سلسلے کو عبور کرتا ہوا جنوب کی طرف جاتا تھا۔ ہندوستان میں سلطنتوں کی تشکیل کا مطالعہ کرتے ہوئے ہم ان راستوں کی تفصیل کی طرف دوبارہ آئیں گے۔

کئی ذیلی راستے بھی ہندوستان کے دیگر حصوں کو جوڑتے تھے خاص طور پر مغربی اور مشرقی ساحلوں کی اہم بندرگاہوں کو جو اس وقت تجارت کے سرگرم مراکز بن چکے تھے۔ مشرقی علاقے میں کئی اہم شہروں کا ظہور ہوا جیسے کہ ششوپال گڑھ (آج کا ششوپال گڑھ جو بھوبنشور کا حصہ ہے، جو کلنگ علاقے کا دارالحکومت تھا اور شہر ایک مربع نما نقشے کے مطابق بنایا گیا تھا۔ جس کی مضبوط قلعہ بندی کی گئی تھی اور جہاں کشادہ سڑکیں تھیں۔



شکل 4.8: وقوعی ترتیب کا خاکہ 1900 قبل مسیح سے 300 قبل مسیح تک

برصغیر کے جنوبی علاقوں میں تقریباً 400 قبل مسیح سے شہر بننے لگے، اگرچہ حالیہ کھدوائیوں سے اس سے بھی پرانے تجارتی سرگرمیوں کے آثار ملنے کے دعوے کیے گئے ہیں۔ اسی زمانے میں تین بڑی سلطنتیں وجود میں آئیں۔ چولا، چیرا اور پانڈیا۔

آثار قدیمہ کے شواہد کے علاوہ، سب سے قدیم تمل ادب میں بھی ان بادشاہوں اور ان کے کئی بادشاہوں کا ذکر ملتا ہے۔ چوں کہ جنوبی علاقے قیمتی اور نیم قیمتی پتھروں، سونے اور مسالحہ جات جیسے وسائل سے مالا مال تھے۔ اس لیے وہاں کی ریاستوں نے نہ صرف باقی ہندوستان کے بلکہ بیرونی سلطنتوں اور سامراجوں کے ساتھ بھی منافع بخش تجارت کی۔


شکل 4.9: کوڈومنال (ایروڈ کے قریب، تمل ناڈو) کے مقام پر صدف اور قیمتی پتھروں کی صنعتیں

تقریباً 300 یا 200 قبل مسیح تک پورا برصغیر بشمول شمال مشرقی علاقے آپس میں جڑ کر ایک مربوط اور متحرک خطہ بن چکا تھا۔ اشیاء اور ثقافت ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہوتیں اور اکثر ہندوستان سے باہر وسطی ایشیاء اور جنوب مشرقی ایشیاء تک بھی پہنچ جاتی تھیں۔ اُسی زمانے میں، مہاجناپدوں کے وجود ختم ہونے لگے اور ان کی جگہ نئی ترقیات نے لے لی، جنھوں نے ہندوستان کو نئی شکل دی۔



Before we move on ..

→ From the end of the 2nd millennium BCE, janapadas rose in parts of north and central India; they were smaller states with a raja at the head taking counsel from an assembly of elders.

→ The 16 mahajanapadas were the first organised states of the 1st millennium BCE; they witnessed the Second Urbanisation of India, which spread in all directions from the Ganga region, all the way to south India. By 300 BCE or so, the mahajanapadas ceased to exist.

→ In the same period, a vast network of roads connected north and south, east and west, and eventually all regions of the Subcontinent. People, goods, ideas and teachings travelled along all those roads.

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. What was special about the Vajji and Malla political system?
   A. They selected their ruler through a group decision
   B. They always made the ruler the eldest son in line
   C. They took major decisions by discussion and voting
   D. They allowed the ruler to act without any council
2. According to the text, how were rulers chosen in early Vedic society?
3. Why was the development of iron metallurgy so important for the growth of urbanism in the 1st millennium BCE? You may use points from the chapter but also from your knowledge or imagination.
4. Consider the quotation at the start of the chapter and discuss in several groups. Compare your observations and conclusions on what Kauailya recommends for a kingdom. Is it very different today?
5. Imagine you are a historian studying ancient India. What types of sources (archaeological, literary, etc.) would you use to learn more about the mahajanapadas? Explain how each source might contribute to your understanding.

✧✧✧✧✧

APSCERT



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں۔۔۔۔۔۔

← دوسری ہزار قبل مسیح کے اختتام پر شمالی اور وسطی ہندوستان کے کچھ حصوں میں جناپدوں کا عروج ہوا۔ یہ چھوٹی ریاستیں تھیں جن کی سربراہی کوئی راجہ کرتا تھا، راجہ تجربہ کار داناؤں کی مجلس (سبھا) سے مشورہ لیتا تھا۔

← پہلی ہزاری قبل مسیح میں 16 مہاجناپد ائیں وجود میں آئیں۔ یہ ہندوستان کی اولین منظم ریاستیں تھیں جو دوسری شہر کاری کی گواہ تھیں، یہ عمل گنگا کے میدان سے شروع ہو کر پورے ہندوستان حتی کہ جنوب تک پھیل گیا۔ تقریباً 300 قبل مسیح یا اس کے آس پاس یہ مہاجناپدیں ختم ہو گئے۔

← اس زمانے میں، سڑکوں کا ایک وسیع جال بچھ گیا جو شمال و جنوب اور مشرق و مغرب کو جوڑتا تھا۔ ان ہی راستوں پر افراد اشیاء، افکار اور تعلیمات کا تبادلہ ہوتا رہا۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس)

(1) وجی اور ملا کے سیاسی نظام کی خاص بات کیا تھی؟

(a) انہوں نے اپنے حکمران کا انتخاب ایک گروہی فیصلے کے ذریعے کیا۔

(b) انہوں نے ہمیشہ بڑے بیٹے کو ہی حکمران بنایا۔

(c) وہ اہم فیصلے بحث و مباحثے اور ووٹنگ کے ذریعے کرتے تھے۔

(d) انہوں نے حکمران کو بغیر کسی کونسل کے کام کرنے کی اجازت دی تھی۔

(2) متن کے مطابق، ابتدائی ویدک معاشرے میں حکمراں کیسے منتخب کیے جاتے تھے؟

(3) پہلی ہزاری قبل مسیح میں شہر کاری کے لئے لوہے کی دھات کاری کیوں اتنی اہم تھی؟ آپ اس باب سے اخذ کیے گئے نکات ہی نہیں بلکہ اپنے علم یا تخیل کو بھی کام میں لا سکتے ہیں۔

(4) باب کے یہ غاز میں دیے گئے کوٹلیہ کے قول کو غور سے پڑھیئے اور مختلف گروہوں میں اس پر تبادلہ خیال کیجئے۔ اپنے مشاہدات اور نتائج کا موازنہ کیجئے کہ کوٹلیہ نے کسی سلطنت کے لئے کیا سفارشات کی ہیں۔ کیا یہ آج کے حالات سے بہت مختلف ہیں؟

(5) تصور کیجئے کہ آپ ایک مورخ ہیں جو قدیم ہندوستان کا مطالعہ کر رہا ہے۔ آپ مہاجناپدوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے کن اقسام کے ذرائع (آثار قدیمہ، ادب وغیرہ) کا استعمال کریں گے؟ وضاحت کیجئے کہ ہر ذریعہ آپ کی سمجھ میں کس طرح مددگار ہو سکتا ہے۔

✧✧✧✧✧

CHAPTER

5

THE RISE OF EMPIRES

B4Y5G8

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Recognise the expansion of empires and identify different trade routes and importance of guilds. (CG-1)
- Describe the rise of Magadha as a powerful kingdom formed through the fusion of several small kingdoms. (CG-3)
- Describe the rise of mighty Mauryas and their lasting legacy. (CG-3)
- Explain Kautilya's central philosophy of governance. (CG-1)
- Interpret pictures and maps of India related to the historical context. (CG-1)

"There cannot be a country without people and there is no kingdom without a country."

- Kautilya in Arthashastra



Fig. 5.1. Rock-cut cave in Barabar Hills, Bihar

The Big Questions ?

1. *What is an empire?*
2. *How did empires rise and shape Indian civilisation?*
3. *What factors facilitated the transition from kingdoms to empires?*
4. *What was life like from the 6th to the 2nd entry BCE?*

باب

5

سلطنتوں کا عروج

P2T4C2

اکتسابی نتائج

طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

- سلطنتوں کی توسیع کو پہچان سکے اور مختلف تجارتی راستوں اور تجارتی انجمنوں کی اہمیت کی شناخت کر سکے (CG- 1)
- کئی چھوٹی ریاستوں کے ملاپ سے ایک طاقتور سلطنت کے طور پر مگدھ کے عروج کی وضاحت کر سکے۔ (CG- 3)
- عظیم موریا خاندان کے عروج اور ان کے لازوال ورثے کا ذکر کر سکے . (CG- 3)
- کوٹلیہ کے نظم و نسق کے مرکزی فلسفے کی وضاحت کر سکے (19) (CG- 1)
- تاریخی تناظر میں ہندوستان کی تصویروں اور نقشوں کی تشریح کر سکے۔ (CG- 1)

"عوام کے بغیر کوئی ملک نہیں بن سکتا اور ملک کے بغیر کسی حکومت کا تصور ممکن نہیں"

– ارتھ شاستر از کوٹلیہ



شکل 5.1 بہار میں واقع برابر کی پہاڑی میں چٹانوں کو تراش کر بنایا گیا ایک غار۔

اہم سوالات

1. سلطنت کیا ہے؟
2. سلطنتوں کا عروج کیسے ہوا اور انہوں نے ہندوستانی تہذیب کو کس طرح شکل عطا کی۔
3. مملکتوں سے سلطنتوں تک کی تبدیلی میں کون سے عوامل مددگار بنے؟
4. چھٹی سے دوسری صدی قبل مسیح میں زندگی کیسی تھی؟




Fig. 5.2. An artistic representation of pataliputra, located around modern-day Patna


Uma and Krishna were thrilled; they had just activated their new device, 'Itihasa', a time machine to travel to the past! Taking a clue from their history lesson, they decided to visit Pataliputra for their first journey - they knew it was about the same location as modernday Patna.

Landing on the outskirts of the great city, a little dizzy, they saw a girl talking to a person on horseback dressed in strange clothes. As he left, she turned to them, and they asked her for her name.

"My name is Ira, daughter of Kanhadas, the ironsmith. Welcome to Pataliputra!"

"Glad to meet you, Ira. Our names are Bhavisha and Dhruv."

"Sshh! Keep your voices down! Do you see those soldiers marching past? They're heading to battle against a neighbouring kingdom that has been troubling us. Our king avoids war when he can, but he also protects his people when needed. My father helped forge many of the swords they carry, and my uncle is one of the soldiers in the group. I just came to see him off I don't know when he'll return."



شکل 5.2 : پاٹلی پتر (موجودہ پٹنہ کے قریب واقع قدیم شہر) کی ایک فن کارانہ عکاسی۔

امہ اور کرشنا بے حد پُرجوش تھے، انھوں نے ابھی اپنا نیا آلہ ''اتہاس'' کو فعال کیا تھا۔ یہ ایک ایسی ٹائم مشین تھی جو انہیں ماضی کے سفر پر لے جاسکتی تھی! اپنے تاریخ کے اسباق سے اشارہ پاکر انھوں نے پہلے سفر کے لئے پاٹلی پتر کی سیر کرنے کا فیصلہ کیا۔ وہ جانتے تھے کہ پاٹلی پتر تقریباً اسی جگہ پر تھا جہاں آج کے زمانے کا پٹنہ واقع ہے۔

اس عظیم شہر کے مضافات میں اترتے ہی، وہ ابھی ذرا چکرائے ہوئے تھے کہ انہوں نے گھوڑے پر سوار عجیب سے کپڑے پہنے ہوئے ایک لڑکی کو کسی شخص سے بات کرتے دیکھا۔ جب وہ چلا گیا تو وہ لڑکی ان کی طرف مڑی اور اُن دونوں نے اس سے اس کا نام پوچھا۔ ''میرا نام ایرا ہے۔ میں کانہا داس لوہار کی بیٹی ہوں، تم دونوں کا پاٹلی پتر میں خیر مقدم ہے!''

''تم سے مل کر خوشی ہوئی، ایرا۔ ہم دونوں بھویشیہ اور دھروا''

''ہیلیو، اپنی آواز دھیمی رکھو! کیا ان سپاہیوں کو گزرتے ہوئے دیکھ رہے ہو؟ وہ ایک پڑوسی ملک کے خلاف لڑنے کے لیئے آگے بڑھ رہے ہیں جو ہمیں پریشان کرتا رہا ہے۔ ہمارا راجا ممکنہ حد تک جنگ کرنے سے بچتا ہے لیکن ضرورت پڑنے پر وہ اپنی رعایا کی حفاظت بھی کرتا ہے۔ ان کے پاس جو تلواریں ہیں، ان میں سے اکثر میرے والد نے تیار کی ہیں اور میرے چچا اس گروہ کے سپاہیوں میں سے ہیں۔ میں بس اُنھیں رخصت ہی کرنے آئی تھی۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ کب واپس آئیں گے۔''

(The group watches as an impressive procession of soldiers crosses a sturdy drawbridge leading out of the city, some on horseback and the army chiefs on elephant back. Then, the three children cross the same drawbridge to enter the city.) group. I just came to see him off... I don't know when he'll return."



Fig. 5. 3

"What kind of bridge is this?" asked Uma. "And is it a river below?"

"This bridge keeps us safe," explained Ira. "It's lifted "whenever there is a danger of attack on the city. And no, it's not a river, it's a moat; once the drawbridge is lifted, it makes it more difficult to approach the fortifications. Can you see those hills and forests in the distance? They provide us with timber, herbs, and many other valuable resources. Elephants for the army are also captured from the forest and trained for the army."

"What is the opening in that hill?" asked Krihsna."

"It's a cave. Our king is getting it carved out for a community of monks. I hope we can visit it when it's finished!"

(As they move through Pataliputra, they take in its splendour towering wooden ramparts with watch towers, majestic palaces and buildings, lively streets. Ira gestures towards a bustling market filled with traders from distant lands.)

"You must visit our main market before you leave! Our king welcomes travellers from all over, so you'll get silk from China, spices and gems from the south, fine clothes from different regions there's nothing you won't find in Pataliputra!"

"What are those people over there doing?" asked Krishna".

Tributary:
A tributary, in our case, is a ruler or a state that has submitted to an emperor and pays tribute that is, money, gold (or other precious metals), grain, livestock, elephants or other valuable goods produced in their kingdom and is given to the emperor as a sign of submission, loyalty or respect. A synonym for 'tributary' is 'vassal', and another way to express this is to say that the tributary or vassal kingdoms accepted the emperor's overlordship.



شکل 5.3

(مجمع سپاہیوں کے شاندار جلوس کو دیکھ رہا ہے جو شہر سے نکل کر مضبوط متحرک پل کو عبور کر رہا ہے۔ کچھ سپاہی گھوڑوں پر سوار ہیں اور فوج کا سردار ہاتھی پر ہے، تبھی تینوں بچے شہر میں داخل ہونے کے لئے اسی متحرک پل کو پار کرتے ہیں) میں تو بس انہیں رخصت کرنے آیا تھا، مجھے نہیں معلوم وہ کب واپس آئیں گے۔ اُمہ نے پوچھا، "یہ کس طرح کا پل ہے کیا اس کے نیچے کوئی ندی بھی ہے؟

ایرا نے وضاحت کی، "یہ پُل ہمیں محفوظ رکھتا ہے" جب بھی شہر پر حملے کا خطرہ ہوتا ہے تو اسے اٹھا دیا جاتا ہے اور پُل کے نیچے کوئی ندی نہیں ہے بلکہ یہ ایک خندق ہے۔ جب اس متحرک پل کو اوپر اٹھا دیا جاتا ہے تو اسے قلعے کے قریب پہنچنا اور بھی مشکل ہو جاتا ہے کیا تم دور کی ان پہاڑیوں اور جنگلوں کو دیکھ سکتے ہو؟ وہ ہمیں لکڑی، جڑی بوٹیاں اور کئی دیگر قیمتی وسائل فراہم کرتا ہے۔ فوج کے لیے ہاتھی بھی انہیں جنگلوں سے پکڑ کر تربیت کئے جاتے ہیں"۔ کرشنا نے پوچھا "اُس پہاڑی میں کھلا ہوا دہانہ کیا ہے؟"

"وہ ایک غار ہے۔ ہمارا راجا راہبوں کے ایک گروہ کے لئے اُسے کھدوا رہا ہے۔ جب وہ مکمل ہو جائے گا تو امید ہے کہ ہم اُسے دیکھنے جا سکیں گے!"

(پاٹلی پتر میں آگے بڑھتے ہوئے انھوں نے شہر کی شان و شوکت کو حیرت و استعجاب سے دیکھا۔ اونچی لکڑی کی فصیلوں پر نگرانی کے برج، شاندار محلات اور عمارتیں اور بارونق بازار۔ ایرا نے ایک پُر ہجوم بازار کی طرف اشارہ کیا، جہاں مختلف ملکوں کے تاجروں کی بھرمار تھی۔)

"جاننے سے پہلے تم یہاں کا صدر بازار ضرور دیکھنا! ہمارا راجا دنیا بھر کے سیاحوں کا خیر مقدم کرتا ہے۔ یہاں تمہیں چین کا ریشم ملے گا جنوبی ہند کے مسالے اور جواہرات، مختلف علاقوں کے نفیس کپڑے سبھی کچھ یہاں ملیں گے۔ ایسی کوئی چیز نہیں جو تمہیں پاٹلی پتر میں نہ ملے!"

کرشنا نے پوچھا، "وہ لوگ وہاں کیا کر رہے ہیں؟"

خراج گزار:
ہمارے سیاق میں خراج گزار مراد وہ حکمراں یا ریاست ہے جس نے کسی شہنشاہ کی بالادستی قبول کی ہو اور جو سکے، وفاداری اور احترام کی علامت کے طور پر خراج یعنی پیسہ، سونا (یا دیگر قیمتی دھاتیں)، اناج، مویشی، ہاتھی یا اپنی مملکت میں پیدا ہونے والی دیگر قیمتی اشیاء بھی پیش کرتے ہیں۔
خراج گزار کی حیثیت کو بعض اوقات تابع اسامی (Vassal) بھی کہا جاتا ہے اور اس مفہوم کو ادا کرنے کا ایک اور طریقہ یہ کہنا ہے کہ خراج گزار اور تابع اسامی مملکتوں نے شہنشاہ کی بالادستی کو تسلیم کیا ہے

"Oh, these are street acrobats; they build human pyramids, sing and dance, or act in short plays to entertain people. Sometimes, they perform in front of the king!"

"Your king sounds very powerful," remarked Uma. "Does he rule the region around Pataliputra?"

"Much more than that!" answered Ira. "He rules over a vast land, far, far beyond this city. His authority extends over many villages, towns and kingdoms. My uncle told me that it takes close to two months on horseback to reach the borders of the territory!" "That sounds bigger than just a kingdom...What do you call it?" "It is called an Empire," Ira stated with evident pride.

What is an Empire?

The word 'empire' comes from the Latin 'imperium', which means 'supreme power'. Simply put, an empire is a collection of smaller kingdoms or territories over which a powerful ruler or group of rulers exert power, often after waging war against the smaller kingdoms. The smaller territories still had their own rulers, but they were all tributaries to the emperor, who ruled the whole territory from a capital, usually a major centre of economic and administrative power.

In ancient Sanskrit texts, words commonly used for 'emperor' made this clear; they included samraj, meaning 'the lord of all' or 'supreme ruler'; adhiraja or 'overlord'; and rajadhiraja or 'king of kings'.

Indian history is full of empires. They rose, expanded, lasted for a while, declined, and disappeared. In fact, the last empire that ruled the Subcontinent existed less than a century ago! But now is not the time to tell that story; we start at the other end of time, so we may understand how empires functioned in the distant past and how they deeply impacted India's evolution at all levels political, economic, social, and cultural.

"اوہ! یہ پیشہ ور کرتب باز ہیں۔ یہ انسانی اہرام بناتے ہیں، گاتے اور ناچتے ہیں یا لوگوں کا دل بہلانے کے لئے مختصر ناٹک کھیلتے ہیں۔ بعض اوقات وہ راجا کے سامنے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔"

اُمہ نے کہا، "تمہارا راجا بہت طاقتور لگتا ہے۔ کیا صرف پاٹلی پتر کے اطراف کے علاقے پر ہی اُس کی حکومت ہے؟"

ایرا نے فخر سے جواب دیا، "اس سے کہیں زیادہ! وہ ایک وسیع علاقے پر حکومت کرتا ہے۔ جو اس شہر سے بہت دور دور تک پھیلا ہوا ہے۔ اُس کا اقتدار بہت سے قریوں، قصبوں اور مملکتوں پر محیط ہے۔ میرے چچا نے مجھے بتایا کہ اس کے علاقے کی سرحدوں تک پہنچنے میں گھوڑے پر سوار ہو کر تقریباً دو ماہ سفر کرنا پڑتا ہے؟" "یہ تو کسی مملکت سے کہیں زیادہ بڑا لگتا ہے...

تم اُسے کیا کہتی ہو؟"

ایرا نے فخریہ لہجے میں کہا، "اسے سلطنت کہتے ہیں"

سلطنت کیا ہے؟

لفظ "Empire" یعنی سلطنت لاطینی لفظ Imperium سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے "اعلیٰ ترین اقتدار"۔ آسان الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ سلطنت نسبتاً چھوٹی مملکتوں یا علاقوں کا مجموعہ ہے جس پر کوئی طاقتور حکمراں یا حکمرانوں کا ایک گروہ اپنی بالادستی قائم کرتا ہے۔ اکثر یہ بالادستی چھوٹی مملکتوں کے خلاف فوج کشی کر کے قائم کی جاتی ہے۔ پھر بھی چھوٹی ریاستوں کے اپنے مقامی حکمراں تو باقی رہتے تھے لیکن وہ سب خراج گزار بن کر رہتے تھے اور شہنشاہ پورے زیر اقتدار علاقے پر اپنی راجدھانی سے حکومت کرتا تھا۔ راجدھانی عموماً معاشی اور انتظامی طاقت کا بڑا مرکز ہوتی تھی۔"

قدیم سنسکرت متون میں شہنشاہ کے لئے استعمال ہونے والے کئی الفاظ ملتے ہیں جیسے، "سمراج" بہ معنی "سب کا آقا"، یا "عظیم ترین حکمراں" "ادھیراج یعنی بالا حکم، اور راجادھیراج یعنی "راجاؤں کا راجا"۔

ہندوستانی تاریخ سلطنتوں سے بھری پڑی ہے۔ وہ ابھرتی تھیں، پھیلتی تھیں، کچھ عرصے تک قائم رہتی تھیں، پھر زوال پذیر ہو کر ختم ہو جاتی تھیں۔ درحقیقت برصغیر پر حکومت کرنے والی آخری سلطنت کو ختم ہوئے ابھی ایک صدی بھی پوری نہیں ہوتی ہے۔ لیکن ابھی اس کہانی کو بیان کرنے کا وقت نہیں ہے ہم اپنی کہانی کی ابتدا بہت قدیم زمانے سے کریں گے تاکہ ہم سمجھ سکیں کہ کس طرح سلطنتیں وجود میں آئیں، انہوں نے ماضی بعید میں کس طرح نیا کام انجام دیا اور ہندوستانی سیاست، معیشت، سماج اور ثقافت کے ارتقا پر کس طرح گہرے اثرات مرتب کیے۔


Features of an empire
01
Maintains an army to keep the tributary states under control, expand the empire or protect it from outside aggression
02
Designs and maintains an administration, with officials to manage the territories, collect taxes, maintain law and order, etc.
03
Makes laws, issues currencies, weights and measures, regulates trade
04
Controls and regulates access to resources (mines, forest and agricultural produce, manpower)
05
Encourages art, literature, religions, schools of thought, centres of learning
06
Maintains communication networks (roads, river and sea navigation) and other infrastructure for administration, trade and people's welfare
Emperor exerts central authority over the empire's tributary territories and kings

APSCERT

سلطنت کے نمایاں پہلو



LET'S EXPLORE

→ Empires extended over vast areas and had diverse people with differing languages, customs and cultures. How do you think the emperors made sure that they lived in harmony? Discuss in groups and share your thoughts with the class.

→ Looking at the many challenges involved in managing an empire, why should a king be so keen to expand his kingdom into an empire and become an emperor? Here are a few possible answers; see if you can think of a few more:

- An ambition to 'rule the entire world', a metaphor for con trolling large territories and ensuring that they would be remembered for posterity;
- A wish to bring large areas under control and gain access to their resources to build economic and military strength;
- A desire for great wealth for himself and for the empire.

In return for tribute and loyalty, emperors generally allowed regional kings or chiefs to continue to govern their areas.

Posterity: The generations to come.



Fig. 5. 4.1 Trained armies were deployed to conquer neighbouring kingdoms, maintain control over them and defend the empire's borders.




Fig. 5.4.2. Fortified settlements would be built in strategic places, such as the empire's borders.

آیئے معلوم کریں

← سلطنتیں وسیع علاقوں پر پھیلی ہوتی تھیں اور ان میں مختلف زبانوں، رسم ورواج اور ثقافتوں کے حامل طرح طرح کے افراد رہتے تھے۔ آپ کے خیال میں شہنشاہوں نے ہم آہنگی کیساتھ رہنے کو کیسے ممکن بنایا؟ مختلف گروپ بنا کر بات چیت کریں اور کلاس کے ساتھ تبادلہ خیال کریں۔

← سلطنت کا انتظام سنبھالنے میں پیش آنے والے کئی مسائل کا سامنا کرنے کے باوجود بادشاہ اپنی ریاست کو وسعت دے کر سلطنت بنانے اور خود کو شہنشاہ بنانے کے خواہاں کیوں رہتے تھے۔ یہاں کچھ ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں؟ یہ دیکھیں کے آپ مزید کچھ جوابات کے بارے میں سوچ سکتے ہیں:


- ”پوری دنیا پر حکومت“ کرنے کی شدید خواہش۔ وسیع علاقوں پر قبضہ کرنے کا ایک استعارہ اور یہ یقینی بنانا کہ آئندہ نسلیں انھیں یاد کریں گی۔
- وسیع علاقوں کو اپنے قبضے میں لینے کی خواہش تاکہ ان کے وسائل تک رسائی حاصل کر کے معاشی اور فوجی طاقت بڑھائی جاسکے۔
- خود اپنے لیے اور سلطنت کے لئے بے پناہ دولت حاصل کرنے کی خواہش ۔

شہنشاہ عموماً خراج اور وفاداری کے بدلے علاقائی راجاؤں یا سرداروں کو اپنے اپنے علاقوں پر حکومت جاری رکھنے کی اجازت دیتا تھا۔

آئندہ نسلیں: آنے والی نسلیں



شکل 5.4.1 : تربیت یافتہ فوجیں پڑوسی ریاستوں کو فتح کرنے، اُن پر قبضہ برقرار رکھنے اور سلطنت کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے تعینات کی جاتی تھیں۔



شکل 5.4.2 : جنگی اہمیت کے حاصل مقامات مثلاً سلطنت کی سرحدوں پر فصیل بند چوکیاں تعمیر کی جاتی تھیں۔“

Fig. 5. 4.3 To expand into an empire, a kingdom might first wage war against neighbouring territories so as to conquer them.






Fig. 5. 4.4 Rulers endeavoured to control rivers and trade networks as that would give them control over precious resources, apart from tax revenue from the trade.

Fig. 5. 4.5 With many smaller kingdoms warring for control, the one with access to stronger military power and surplus resources would eventually become the overlord.




LET'S EXPLORE

Warfare apart, what other methods do you think the rulers might have used to expand their empires? Pen your ideas and share them with your class.



شکل 5.4.3 :سلطنت میں توسیع کے لئے کوئی مملکت سب سے پہلے اپنے پڑوسی ریاستوں یا علاقوں پر جنگ مسلط کر کے آنکھیں فتح کرتی تھی۔



شکل 5.4.4 : حکمراں دیاؤں اور تجارتی نظاموں پر قابو پانے کی کوشش کرتے تھے تاکہ اس تجارت سے حاصل ہونے والے ٹیکس کے علاوہ قیمتی وسائل پر بھی ان کا تسلط قائم ہو۔



شکل 5.4.5 : جب کوئی چھوٹی مملکتیں باہمی تسلط کے لئے برسرپیکار ہوتیں تو جس کے پاس زیادہ طاقتور فوجی قوت اور اضافی وسائل ہوتے وہ بالآخر سب کا سردار بن جاتا ہے۔



آپ کے خیال میں جنگی مہارت کے علاوہ دیگر ایسے کون سے طریقے تھے جن کا استعمال حکمرانوں نے اپنی سلطنتوں کی توسیع کے لئے کیا ہوگا؟ اپنے خلات تحریر کیجئے اور اپنی کلاس کو بتایئے۔

Trade, trade routes and guilds

Conducting military campaigns, especially in distant lands, is not as sim-ple as it might seem. Maintaining an army is a costly affair: soldiers need to be fed, clothed, equi Ipped with weapons, and paid; elephants and horses need to be cared for; roads or ships have to be built, and so on. All this requires considerable economic power, control over the workforce, and access to resources.



Fig. 5.5. Some important trade routes from about 500 BCE onward and major cities marked on them. Notice the Uttarapatha and the Dak?hi?apatha routes.

We can now understand that economic activity especially production and trade is one of the keys to maintaining an empire and ensuring people's welfare and quality of life, which a good ruler should be concerned with. Therefore, establishing and controlling trade routes all over the empire's territory and beyond is of great importance. That way, the goods traded will grow in quantity and variety, and more trade means more income for the producers and increased tax collections for the ruler.

Returning to the case of ancient India, what would have been the traded goods? There is plenty of evidence on this, at least, both from the literature and archaeological excavations textiles, spices, agricultural produce, luxury items such as gems and handicraft products, and various animals were among the main items of trade. All this brisk trade was not limited to India; many Indian goods travelled towards distant countries by land or sea.

تجارت، تجارتی راستے اور تاجروں کی انجمنیں

فوجی مہمات کو انجام دینا خصوصاً دور دراز کے ملکوں میں اتنا آسان نہیں ہوتا جتنا کہ ہمیں لگتا ہے۔ فوج کا خرچ برداشت کرنا ایک مہنگا کام ہے۔ سپاہیوں کو غذا، لباس، اسلحہ اور تنخواہ دینی پڑتی ہے۔ ہاتھیوں اور گھوڑوں کی نگہ داشت کرنی پڑتی ہے۔ سڑکیں اور جہاز وغیرہ تعمیر کرنے ہوتے ہیں۔ ان سب کے لئے کافی بڑی معاشی طاقت افرادی قوت پر اختیار اور وسائل تک رسائی درکار ہوتی ہے۔



شکل 5.5 : 500 ق م اور اسکے بعد کے کچھ اہم تجارتی راستے اور ان پر موجود بڑے شہروں کو ظاہر کرنے والا نقشہ۔ اتراپتھ اور دکشاپتھ کے راستوں کو نمایاں کیا گیا ہے، اس پر توجہ دیجئے۔

اب ہم سمجھ سکتے ہیں کہ معاشی سرگرمیاں خصوصاً پیداوار اور تجارت کی سلطنت کو چلانے اور عوام کی بہبود اور معیار زندگی کی ضمانت کی کلیدوں میں سے ہے، جن سے کسی اچھے حکمراں کا سروکار ہونا چاہئے۔ اس لیے پوری سلطنت کے اندر اور اس سے آگے بھی تجارتی راستوں کا قیام اور ان کی دیکھ بھال بہت ضروری ہو جاتی ہے۔ اسی طرح مال تجارت کی مقدار اور معیار دونوں میں بہتری آئے گی۔ زیادہ تجارت کا مطلب ہے پیداکاروں کی آمدنی میں اضافہ اور حکمراں کے لیے ٹیکس کی وصولی کے زیادہ مواقع۔

اب قدیم ہندوستان کے حالات کی طرف واپس آیئے۔ اس زمانے میں تجارت کے سامان کون کون سے رہے ہوں گے؟ کم از کم، ادب اور آثار قدیمہ کی کھدائیوں سے اس کے بارے میں کافی شواہد ملے ہیں۔ کپڑے، مسالے، زرعی پیداوار، تعیش کے سامان مثلاً جواہرات اور دستکاری کی مصنوعات اور مختلف جانور تجارت کی اہم چیزیں تھیں۔ یہ ساری رواں دواں تجارت صرف ہندوستان تک ہی محدود نہیں تھی بلکہ بہت سی ہندوستانی اشیاء خشکی اور پانی کے راستوں سے دور دراز کے ممالک میں بھی بھیجی جاتی تھیں۔

More often than not, traders were not just isolated individuals carrying out their own business. They soon understood the benefits of joining forces and creating guilds (shrenis). Guilds were powerful associations of traders, craftsmen, moneylenders or agriculturists. As far as evidence shows, a guild had a head (who was usually elected) and executive officers who were supposed to have all kinds of ethical qualities. Two things made traders' guilds a remarkable institution. First, they brought together people who ended up being collaborators rather than competitors, as they realised that sharing resources and information on markets, supply and demand, workforce, etc., was to everyone's benefit. Second, as an ancient text put it, "Cultivators, traders, herdsmen, moneylenders, and artisans have authority to lay down rules for their respective classes"; in other words, guilds had the autonomy to create their own internal rules, and the king was not to interfere with them (and why should he, if trade flourished?).

Guilds spread over large parts of India and endured for centuries. Even after they ceased to exist formally, their spirit continued to influence India's trade and business activities, sometimes even to this day. The institution of guilds provides an excellent example of the self-organising abilities of Indian society. The ancient village unit, with its various committees and councils, provides another. Indeed, an enlightened ruler would let people organise themselves and refrain from interfering if the local institutions worked satis factorily.



→ Observe the map of the trade routes. Identify geographi cal features that helped the traders travel across the Subcontinent.

→ What modes of transport on those roads do you think were available at the time?

The Rise of Magadha

The period between the 6th and the 4th century BCE was one of profound change in north India. We briefly visited the sixteen mahajanapadas earlier those large kingdoms of north and central India with their assembly system. One of them, Magadha (modernday south Bihar and some adjoining areas), rose in importance and set the stage for the fusion of many kingdoms into India's first empire. Powerful early kings, such as Ajatashatru, played a crucial role in establishing Magadha as a dominant centre of power.

اکثر ایسا نہیں ہوتا تھا کہ تاجر الگ الگ اپنا کاروبار کریں۔ انہوں نے جلد ہی طاقتور گروہوں میں شرکت اور تاجروں کی انجمنوں "گلڈ" کی تشکیل کے فوائد کو سمجھ لیا۔ گلڈ تاجروں، حرفت کاروں، مہاجنوں یا کاشتکاروں کی باا ختیا را نجمنیں تھیں۔ دستیا ب ثبوتوں سے معلوم ہوا کہ گلڈ کا ا یک سربراہ ہوتا تھا جسے عموماً منتخب کیا جاتا تھا . اس کے ساتھ عالمین اور منتظمین ہوتے تھے جن میں تمام اخلاقی صفات ہونے کی توقع کی جاتی تھی۔ تاجروں کی انجمن کی دو خاص باتوں کی وجہ سے ان کو ا یک اہم ادارے کی حیثیت سے حاصل ہوئی۔ پہلی بات یہ کہ انھوں نے ایسے لوگوں کو متحد کیا جو آئندہ مسابقت کار کے بجائے شراکت دار ثابت ہوئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے محسوس کیا کہ وسائل، منڈ یوں کی معلومات کسر وطلب اور افراد ی قوت کے بارے میں معلومات کے اشترا ک میں ہر شخص کا فائدہ ہے۔ ا یک قدیم تصنیف میں کہا گیا ہے ۔ "کاشت کار، تاجر، گلہ بان، صراف اور حرفت کار اپنی اپنی برادر یوں کے لئے ضابطے مقرر کرنے کا اختیار رکھتے ہیں" : دوسرے الفاظ میں تاجروں کی انجمنوں کو اپنے داخلی ضابطے تشکیل دینے کا اختیار حاصل تھا اور بادشاہ ان میں مداخلت نہیں کرتا تھا (اور وہ کیوں مداخلت کرتا جب تجارت پھل پھول رہی ہو؟)

تاجروں کی انجمنیں ہندوستان کے بڑے حصے میں پھیل گئی تھیں اور وہ صد یوں تک قائم رہیں۔ گرچہ وہ باضابطہ طور پر ختم ہو گئیں، لیکن اس کے بعد بھی اس کا اصول ہندوستان کی تجارت اور کاروبار کی سرگرمیو ں میں تادیر متاثر کرتا رہا۔ بعض صورتوں میں تواب بھی کر رہا ہے۔ تا جروں کی انجمنوں کا ادارہ ہندوستانی معاشرے کی خود تنظیمی صلاحیتوں کی عمدہ مثال پیش کرتا ہے۔ اسی طرح مختلف کمیٹیوں اور پنچایتوں پر مشتمل قدیم دیہی نظام ہی اس کی ایک اور مثال ہے۔ ایک روشن خیال حکمراں لوگوں کو منظم ہونے کا موقع دیتا رہا تھا اور اگر مقامی ادا رے اطمینان بخش طور پر کام کر رہے ہوتے تو اس میں مداخلت سے گریز کرتا تھا۔



← تجارتی راستوں کے نقشے کا مشاہدہ کیجئے۔ ان جغرافیا ئی اوصاف کی نشاندہی کیجیے جن سے تاجروں کو پورے برصغیر میں سفر کرنے میں مدد ملتی تھی۔

← آپ کے خیال میں اُس وقت ان سڑکوں پر آمدورفت کے کون کون سے ذرائع دستیاب تھے؟

مگدھ کا عروج

چھٹی اور چوتھی صدی قبل مسیح کا درمیانی وقفہ شمالی ہند میں نمایاں تبدیلیوں کا زمانہ تھا۔ اس سے پہلے ہم نے 16 مہاجنا پدوں کا مختصر جائزہ لیا جو مشاورتی نظام والی شمالی اور وسطی ہند کی بڑی ریاستیں تھیں ان میں سے ایک ریاست مگدھ (موجودہ جنوبی بہار اور اس سے متصل علاقے) رفتہ رفتہ نمایاں ہوئی اور اس نے ہندوستان کی پہلی سلطنت قائم کرنے کے لئے کئی ریاستوں کی شمولیت کے لیے زمین ہموار کی۔ ابتدائی طاقت ور حکمرانوں میں سے اجات ستر و نے مگدھ کو اقتدار کے نمایاں مرکز کے طور پر قائم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

DON'T MISS OUT

Two of the most famed religious figures of the world *Siddhartha* Gautama, who became known as the Buddha, and Vardhamanan, better known as *Mahavira* lived in the time of King *Ajatashatru*. Revisit their teachings in the Grade 6 textbook's 'India's Cultural Roots' chapter.

Magadha was located in the resource-rich Ganga plains, with fertile land, abundant forests for timber, and elephants. Also, remember how the use of iron transformed other technologies, such as agriculture and warfare. Iron ore and other minerals from the nearby hilly regions proved crucial for the expansion of the kingdom. The use of iron ploughs to till the land increased agricultural produce, and lighter and sharper iron weapons strengthened the capabilities of the army.



Fig. 5.6. An elaborate panel from the Sanchi Stupa depicting soldiers riding elephants, horses, or on foot, waging battle and laying siege to Kusinara (today Kushinagar), a city of north India, to recover relics of the Buddha (seen carried away on an elephant in the left part of the panel).

LET'S EXPLORE

→ Take a close look at the panel given above. How many types of weapons can you identify? What different uses of iron can you make out?

→ In the left part of the panel, a parasol (chhattra) is kept over the casket containing the Buddha's relics. Why do you think this was done?

The production of surplus food grains allowed more people to focus on the arts and crafts, which were in demand inside and outside the empire's borders. The Ganga and Son rivers provided a geographical advantage for trade, as they could be used for transportation. The flourishing trade boosted the empire's income and contributed to Magadha's rise.



Fig. 5.7. A punch-marked silver coin of Mahapadma Nanda

اسے دیکھنا نہ بھولیں

دنیا کی دو مشہور ترین مذہبی ہستیوں۔ سدھارتھ گوتم جو بعد میں بدھ کہلائے اور وردھمان جو مہاویر کے نام سے مشہور ہوئے، نے راجا اجات شترو کا زمانہ پایا۔ چھٹی جماعت کی درسی کتاب کے باب "ہندوستان کی ثقافتی جڑیں" میں ان کی تعلیمات پر دوبارہ نظر ڈالیے۔

مگدھ وسائل سے بھرپور گنگا کے میدانی علاقوں میں واقع تھا جس میں زرخیز زمین، لکڑی کے لیے گھنے اور وسیع جنگلات اور ہاتھی کثرت سے پائے جاتے تھے۔ یہ بھی یاد رہے کہ لوہے کے استعمال سے کس طرح دیگر ٹکنالوجی جیسے زراعت اور فن حرب میں انقلابی تبدیلی آئی آئی تھی۔ قریب ہی کے پہاڑی علاقوں سے دستیاب لوہے کی کچھ دھات اور دیگر معدنی ذخائر مملکت کی توسیع کے لئے اہم ثابت ہوئے۔ زمین جوتنے کے لئے لوہے کے ہل کے استعمال سے زرعی پیداوار میں اضافہ کیا اور زیادہ ہلکے اور تیز دھار لوہے کے بہتر ہتھیاروں نے فوج کی صلاحیتوں کو مزید طاقتور بنایا۔



شکل 5.6: سانچی استوپ پر بنایا گیا ایک شاندار پینل جس میں سپاہیوں کو ہاتھیوں اور گھوڑوں پر سوار ہو کر اور پیدل چلتے ہوئے شمالی ہند کے ایک شہر کسی نارا (موجودہ کشی نگر) کا محاصرہ کر کے اس پر حملہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے تاکہ مہاتما بدھ کی مقدس باقیات کو دوبارہ حاصل کیا جا سکے۔ (پینل کے دائیں حصے میں ایک ہاتھی پر انہیں لے جاتے ہوئے دکھایا گیا ہے)

آیئے معلوم کریں

← اوپر دیے گئے پینل کو غور سے دیکھیے۔ آپ کس طرح کے ہتھیاروں کو پہچان سکتے ہیں؟ آپ لوہے کے استعمال کے کتنے طریقوں کو سمجھ سکتے ہیں؟

← پینل کے بائیں حصے میں بدھ کی مقدس باقیات والے صندوق پر ایک پرسول (چھتر) رکھا ہوا ہے۔ آپ کے خیال میں ایسا کیوں کیا گیا ہوگا؟

غذائی اجناس کی وافر پیداوار نے لوگوں کو فنون لطیفہ اور دست کاری پر توجہ مرکوز کرنے کا مزید موقع دیا جن کی مانگ سلطنت کی سرحدوں کے اندر اور باہر دونوں طرف تھی۔ گنگا اور سون ندیوں نے تجارت کے لیے جغرافیائی سہولت فراہم کی کیوں کہ یہ نقل و حمل کا ذریعہ تھیں۔ تیزی سے بڑھتی تجارت نے سلطنت کی آمدنی میں زبردست اضافہ کیا اور مگدھ کے عروج میں اہم کردار ادا کیا۔



شکل 5.7 : مہاپدما نندا کے دور کا چاندی سے بنا ایک ٹھپہ دار سکہ

Around the 5th century BCE, Mahapadma Nanda rose to prominence in Magadha and founded the Nanda dynasty. He successfully unified many smaller kingdoms and extended his empire across parts of eastern and northern India. As the economy thrived, he began issuing coins, demonstrating his economic power. We also learn from Greek accounts that the Nanda dynasty maintained a large army.

From various accounts of the Nanda dynasty, it appears that its last emperor, Dhana Nanda, though very rich, became highly unpopular as he oppressed and exploited his people. This paved the way for the Nanda empire to be conquered and absorbed into what would become one of the largest empires India ever knew the Maurya empire.

Sutras :
Sutras are concise, carefully crafted phrases that capture knowledge and important ideas (from ancient Indian text) in a way that's easy to remember and pass on.



DON'T MISS OUT



The famed Sanskrit grammarian Pan?ini lived around the 5th century BCE, during the time of the Nandas. He is known for composing the *Ashtadhyayi,* an ancient text that lists the rules of Sanskrit grammar in 3,996 short sutras.



Fig. 5.8. An India post stamp commemorating Pan?ini

The Arrival of the Greeks

While events unfolded in Magadha, located in the eastern part of the subcontinent, what was happening in the northwestern region? This area was home to smaller kingdoms along an ancient route connecting to the Mediterranean. Among them, according to Greek accounts, were the Pauravas, led by their king, Porus.




Fig. 5.9. پنجاب

پانچویں صدی کام کے آس پاس مہا پدما نند اگدھ میں طاقتور بن کر ابھرا اور نند سلطنت کی بنیاد رکھی۔ اس نے کامیابی کے ساتھ کئی چھوٹی مملکتوں کو یکجا کر کے مشرقی اور شمالی ہند کے بڑے حصے تک اپنی سلطنت کو پھیلایا۔ جوں جوں معیشت ترقی کرتی گئی، وہ سکے جاری کرتا گیا جو ان کی معاشی طاقت کا مظاہرہ تھا۔ یونانی تحریروں سے ہمیں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ نند سلطنت کے پاس ایک بڑی فوج تھی۔

نند سلطنت کے بارے میں مختلف بیانات سے ایسا لگتا ہے کہ اس کا آخری شہنشاہ دھنانند بہت امیر ہونے کے باوجود حد درجہ غیر مقبول رہا کیوں کہ اس نے اپنی رعایہ پر ظلم کیا اور ان کا استحصال کیا۔ پس منظر سے نند سلطنت کے خاتمے کی راہ ہموار کی اور وہ ہندوستان کی سب سے بڑی سلطنتوں میں سے ایک یعنی موریہ سلطنت کے قبضے میں آ گئی۔

سوترا:

سوترا مختصر مگر نہایت بامعنی فقروں کو کہتے ہیں۔ جو علم اور اہم خیالات. (ہندوستانی متون سے) کو ایسے انداز میں پیش کرتے ہیں کہ انھیں یاد رکھنا اور اس آگے مستقبل ہموار کرنا آسان ہو۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں


مشہور سنسکرت ماہر لسانیات پانینی نے تقریباً پانچویں صدی قبل مسیح میں نند حکمرانوں کا زمانہ پایا۔ وہ اپنی عظیم تصنیف اشٹ دھیائی کے لئے مصروف ہیں جس میں 3996 مختصر سوتروں میں سنسکرت قواعد کے ضابطے درج ہیں۔



شکل 5.8 : پانینی کی یاد میں جاری کردہ انڈیا پوسٹ کا ڈاک ٹکٹ

یونانیوں کی آمد

جب برصغیر ہند کے مشرقی حصے میں واقع مگدھ کی سلطنت کے حالات تیزی سے بدل رہے تھے، تو اس وقت شمال مغربی علاقے میں کیا ہو رہا تھا؟ یہ خطہ ایک قدیم راستے کے قریب واقع تھا، جو ہندوستان کو بحیرہ روم کے علاقے سے جوڑتا تھا۔ یہاں کئی چھوٹی مملکتوں کا وجود تھا۔ یونانی تذکروں کے مطابق ان ریاستوں میں ایک مصروف خاندان پوروں کی بھی حکومت تھی، جس کا راجا پورس مشہور تھا۔



شکل 5.9

Fig. 5.10





334–331 BCE:

Alexander, a young and powerful Greek king from Macedonia, campaigned against the Persian Empire to avenge earlier Persian invasions of Greece (during which some Indian soldiers from the Persianruled northwest of India fought against Greeks!). Alexander conquered the Persian Empire; the influence of Greek culture spread. His empire now spread over three continents, one of the largest in world history.



Back in Persia, Alexander faced rebellions and political turmoil. After he fell ill and died in Babylon at the age of 32, his immense empire was soon divided between his generals and the satraps, who created their own kingdoms.

327–325 BCE

324–323 BCE

Eager to reach the "end of the world", Alexander pushed on further east and brought his campaign to India, defeated Porus in Punjab and, encountering fierce resistance from local tribes and rulers, massacred the population of several cities. Greek records mention that in a few battles, "women fought side by side with their men." Alexander himself was seriously wounded in a battle. Tired and homesick, his soldiers lost the will to fight and refused to move deeper into India, towards the Ganga River. Alexander and part of his army retreated to Persia, but through the coastal route in the south and Iran's harsh desert regions, resulting in heavy losses to his troops out of thirst, hunger and disease.



شکل 5.10





334–331
BCE:

مقدونیہ سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان اور طاقتور یونانی بادشاہ سکندر نے فارسی سلطنت کے خلاف مہم چلائی تاکہ یونان پر فارسی حملوں کا بدلہ لے سکے۔ (ان حملوں میں شمال مغربی ہندوستان کے کچھ سیاہی، جو اس وقت فارسی سلطنت کے زیر نگیں تھے، یونان کے خلاف لڑتے تھے) سکندر نے سلطنت فارسی کو فتح کر لیا اور یوں یونانی ثقافت کا اثر وسیع ہو گیا۔ اس کی سلطنت اب تین براعظموں میں پھیل گئی، جو عالمی تاریخ کی سب سے بڑی سلطنتوں میں شمار ہوتی ہے۔



اسی دوران فارس (ایران) میں سکندر کو بغاوتوں اور سیاسی انتشار کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ بابل میں صرف 32 برس کی عمر میں بیمار ہو کر مر گیا۔ اس کے انتقال کے بعد اس کی وسیع سلطنت جلد ہی اس کے فوجی جرنیلوں اور صوبے داروں میں تقسیم ہو گئی جنھوں نے اپنی اپنی مملکتیں قائم کر لیں

327–325
BCE

324–323
BCE

"دنیا کے آخری سرے" تک پہنچنے کا آزومند سکندر مزید مشرق کی طرف بڑھتا گیا اور اپنی مہم ہندوستان تک لاتے ہوئے اس نے پنجاب میں پورس کو شکست دی اور مقامی قبائل کی شدید مزاحمت کا سامنا کیا۔ اس دوران اس نے کئی شہروں کی آبادی کا قتل عام کیا۔ یونانی تحریروں میں بیان کیا گیا ہے کہ بعض جنگوں میں عورتیں اپنے مردوں کے شانہ بشانہ لڑیں" ایک لڑائی میں سکندر خود زخمی ہو گیا تھا۔ تھکے ہارے گھر کی یاد سے نڈھال اس کے سپاہیوں نے لڑنے کا حوصلہ چھوڑ دیا اور ہندوستان کے اندرونی حصوں کے طرف دریائے گنگا کی سمت جانے سے انکار کر دیا۔ بالآخر سکندر اپنی فوج کے ایک حصے کے ساتھ واپسی کے سفر پر روانہ ہوا۔ لیکن یہ سفر جنوب کے ساحلی راستے اور ایران کے سخت ریگستانی علاقوں سے گزر رہا تھا، جہاں اس کے فوجیوں کو بھوک، پیاس اور بیماریوں کی وجہ سے بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔



DON'T MISS OUT

The satraps were governors of provinces of Persian and Greek empires who were left behind by the overlord (like Alexander) to manage the far off territories. These satraps had significant power and freedom despite being mere officials of the rulers. Can you guess how it was possible for them to exercise such power?

THINK ABOUT IT

Why do you think Alexander wanted to rule over the entire world? What would he have gained from it?

LET'S EXPLORE

When, after the battle, Alexander asked Porus how he wished to be treated, Porus answered, "Like a King." Alexander then left Porus at the head of his kingdom, as satrap. With the help of your teachers, find more details on the battle between Porus and Alexander. Enact a play of this battle scene using your imagination in addition to what you have discovered.

Alexander's dialogue with the Gymnosophists

Alexander heard of a group of Indian sages whom the Greeks called 'Gymnosophists' or 'naked philosophers' (probably because they wore very little clothing), who were renowned for their wisdom. Alexander challenged them with tricky questions in the form of riddles, warning that he would put those who gave wrong answers to death. However, the Gym-nosophists responded to his questions calmly and inte-lligently. Alexander was impressed and, in the end, spared them all. Over the centuries, different versions of this story have been told, making it one of the most fascinating encounters in history!



Fig. 5.11. A Greek coin probably showing Alexander on horseback attacking Porus on his elephant.

According to one account, Alexander asked, "Which is stronger, life or death?" One of the sages replied, "Life, because it endures while death does not." Alexander then asked, "How can a man be most loved?" "If he is most powerful and yet does not inspire fear," came the reply, perhaps as a hint to the mighty ruler! Historians view such exchanges as a meeting of two great traditions Greek and Indian philosophies.

اسے دیکھنا نہ بھولیں

ستر پ ایرانی اور یونانی ریاستوں کے صوبے دار کو کہا جاتا تھا جنہیں حاکم بالا (مثلاً سکندر) نے دور دراز کے علاقوں کا انتظام سنبھالنے کے لئے مقرر کیا تھا۔ ان ستریوں کو حکمرانوں کا محض افسر ہونے کے باوجود بہت زیادہ طاقت اور خود مختاری حاصل تھی۔ کیا آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ آخر کس طرح وہ اتنے بااختیار بن جاتے تھے؟

اس پر غور و فکر کریں

آپ کے خیال میں سکندر پوری دنیا پر حکومت کیوں کرنا چاہتا تھا؟ اس سے اسے کیا حاصل ہو سکتا تھا؟

آیئے معلوم کریں

جنگ کے بعد جب سکندر نے پورس سے پوچھا کہ وہ کیسا سلوک چاہتا ہے تو پورس نے جواب دیا "بادشاہ جیسا" تب سکندر نے پورس کو ان کی ریاست کا سربراہ رہنے دیا لیکن بطور ستر پ اپنے اساتذہ کی مدد سے پورس اور سکندر کے درمیان ہوئی جنگ کی مزید تفصیلات تلاش کیجئے۔ آپ نے کیا سمجھا؟ یہ بتانے کے علاوہ اپنے تخیل سے کام لیتے ہوئے جنگ کے اس منظر کو ایک ڈرامے کی صورت میں پیش کریں۔

سکندر اور بیراگیوں کا مکالمہ

سکندر کو ہندوستانی بیراگیوں کے ایک گروہ کے بارے میں معلوم ہوا جنھیں یونانی "جمنو سوفسٹ" یعنی "برہنہ فلسفی" کہتے تھے (شاید اس وجہ سے کہ وہ بہت کم لباس پہنتے ہیں)۔ یہ رشی اپنی دانائی اور حکمت کے لیئے مشہور تھے۔ سکندر نے پہیلی نما پیچیدہ سوالات پوچھ کر انھیں آزمایا اور دھمکی دی کہ غلط جواب دینے والوں کو موت کی سزا ملے گی۔ لیکن ان سادھوں نے اُس کے سوالوں کے جواب پر سکون انداز میں اور ذہانت سے دیئے۔ سکندر اس سے بہت متاثر ہوا اور آخر کار سبھی کو چھوڑ دیا۔ کئی صدیوں سے یہ کہانی مختلف انداز میں دہرائی گئی ہے اور یہ تاریخ کے سب سے دلچسپ ہے۔ مکالمات میں شمار ہوتا ہے۔



شکل 5:11: ایک یونانی سکہ جس میں غالباً گھوڑے پر سوار سکندر کو پورس پر حملہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے جو ہاتھی پر سوار ہے۔

ایک بیان کے مطابق سکندر نے سوال کیا کہ "کون زیادہ طاقتور ہے، "زندگی یا موت؟" ایک بیراگی نے جواب دیا۔ زندگی، کیوں کہ یہ باقی رہتی ہے اور موت نہ کی "اس کے بعد سکندر نے پوچھا، انسان کو سب سے زیادہ محبوب کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ جواب ملا: اگر وہ طاقتور ترین ہو پھر بھی لوگوں کو خوف زدہ نہ کرے۔ " یہ جواب شاید عظیم فاتح کے لئے ایک نرم سا اشارہ بھی تھا۔ مورخین اس طرح کے مکالمات کو دو عظیم روایتوں یعنی یونانی اور ہندوستانی فلسفوں کے ملاپ کے طور پر دیکھتے ہیں۔

The Mighty Mauryas

After that brief sojourn to the northwest, let us return to Magadha, where we wit-nessed the decline of the Nanda empire. Around 321 BCE, just a few years after Alexander left India with his army, a new dynasty and new empire emerged: the Maurya Empire founded by Chandragupta Maurya. It quickly absorbed the Nanda empire's territories and went on expanding beyond.

As per many accounts, Chandragupta managed this feat with the help of an able mentor named Kautilya, who used his knowledge of politics, governance and economics to create an empire that remains one of the greatest in Indian history.

The story of Kautilya

According to Buddhist texts, Kautilya sometimes referred to as Chanakya or Vishnugupta was a teacher at the world renowned Takshashila (modern-day Taxila) university. His legendary tale begins in the court of Dhana Nanda, who as we saw, had become highly unpopular.





Fig. 5.12. Nanda Empire

عظیم موریہ سلطنت

شمال مغرب کے اس مختصر سفر کے بعد آیئے اب ہم دوبارہ واپس مگدھ کی طرف چلتے ہیں، جہاں ہم نے نند سلطنت کے زوال کا منظر دیکھا تھا۔ تقریبا 321 ق م میں سکندر کی اپنی فوج کے ساتھ ہندوستان سے واپسی کے چند برس بعد ایک نیا حکمراں خاندان وجود میں آیا اور ایک نئی سلطنت کی بنیاد پڑی۔ یہ موریہ سلطنت تھی جس کا بانی چندر گپت موریا تھا۔ اس نے تیزی سے نند سلطنت کے علاقوں کو اپنے اندر ضم کر لیا اور اس سے آگے بھی اپنی سلطنت کو توسیع کرتا چلا گیا۔ کئی روایات کے مطابق چندر گپت کے ان کارناموں کے پیچھے اس کے مدبر اور دانش ور رہنما کوٹلیہ کا ہاتھ تھا جنھوں نے سیاسیات، ملک گیری اور معاشیات کے اپنے علم کو ایک ایسی سلطنت کے قیام کے لئے استعمال کیا جو ہندوستانی تاریخ کی عظیم ترین سلطنتوں میں شمار کی جاتی ہے۔

کوٹلیا کی کہانی

بدھ مت سے متعلق متون کے مطابق کوٹلیہ جنھیں بعض اوقات چانکیہ یا وشنو گپت بھی کہا جاتا ہے، دنیا کی مشہور و معروف درس گاہ تکشن سلا (موجودہ تکشیلا) یونیورسٹی میں استاد تھے۔ ان کی داستانوی روداد کا آغاز دھنانند کے دربار سے ہوتا ہے جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ وہ اپنی سخت ناپسندیدہ طرز حکمرانی کے باعث عوام میں قابل قبول نہیں رہ گیا تھا۔



شکل 5.12 نند سلطنت




Fig. 5.13. Maurya Empire

Observing this, Kautilya advised Dhana Nanda to change his ways or witness the collapse of his empire. Angered, Dhana Nanda insulted Kautilya and threw him out of his court. This led to Kautilya's vow to end the 'evil Nanda' rule.

The rise of Chandragupta Maurya

There are many stories about the origin and adventures of Chandragupta Maurya, but their common theme is that he overthrew the Nandas and took control of Magadha to establish his rule, with Pataliputra as his capital.



کوٹلیا نے یہ حالات دیکھ کر دھنانند کو مشورہ دیا کہ وہ اپنا رویہ بدلے ورنہ اس کی سلطنت کا زوال یقینی ہے۔ دھنانند نے غصے میں آکر کوٹلیا کی توہین کی اور انھیں اپنے دربار سے نکال دیا۔ اس توہین نے کوٹلیا کو یہ عہد کرنے پر مجبور کیا کہ وہ ''نالائق نند'' کی حکومت کا خاتمہ کر دیں گے۔

چندر گپت موریہ کا عروج

چندر گپت موریہ کے آغاز اور اس کی مہمات کے بارے میں کئی کہانیاں سنائی جاتی ہیں لیکن ان سب کا مرکزی نکتہ یہ ہے کہ اس نے نند حکمرانوں کو تخت سے اُتار کر مگدھ پر قبضہ کر لیا، اپنی حکومت قائم کی اور پاٹلی پتر کو اپنی راجدھانی بنایا۔





Fig. 5.14. Megasthenes in the court of Chandragupta Maurya
(A 20th-century painting by Asit Kumar Haldar)

Do you remember that Magadha had many advantages because of its geography, an established economic system and a flourishing trade? These, combined with the advice of the master strategist, Kautilya, helped Chandragupta Maurya gradually expand his empire. He defeated the Greek satraps left behind by Alexander in the northwest and integrated the region into an empire that stretched from the northern plains to the Deccan plateau.

After Chandragupta Maurya defeated the Greeks, he maintained a diplomatic relationship with them and hosted in his court a Greek historian and diplomat, Megasthenes, who wrote about his travels in India in his book Indika the first such written account unfortunately lost except for some excerpts quoted by later Greek scholars.

Kautilya's concept of a kingdom

Kautilya had a clear vision of how a kingdom (rajya) should be established, managed and consolidated. In his famous work Arthashastra (literally, 'the science of governance and economics'), he listed directives in many areas like defence,



شکل 5.14: میگستھنیز چندر گپت موریہ کے دربار میں (است کمال کی ہلدار کی بنائی بیسویں صدی کی ایک تصویر)

کیا آپکو یاد ہے کہ مگدھ کو اپنے جغرافیائی محل وقوع، مستحکم معاشی نظام اور پھلتی پھولتی تجارت کی وجہ سے خاص برتری حاصل تھی؟ انہیں سب عوامل اور اس کے ساتھ ہی کوٹلیا جیسے حکمت شناس کی رہنمائی نے چندر گپت موریہ کو اپنی سلطنت کی بتدریج توسیع کرنے میں مدد دی۔ چندر گپت نے شمال مغرب میں سکندر کے چھوڑے ہوئے یونانی ستریوں یعنی صوبے داروں کو شکست دے کر ان علاقوں کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ یوں ان کی سلطنت شمالی میدانوں سے لے کر سطح مرتفع دکن تک پھیل گئی۔

چندر گپت موریہ کے ہاتھوں یونانیوں کی شکست کے بعد اُس نے اُن کے ساتھ سفارتی تعلقات برقرار رکھے اور اپنے دربار میں ایک یونانی تاریخ دان اور سفارت کار میگستھنیز کو مہمان بنا کر رکھا جس سے اپنے سفر نامے انڈیکا میں ہندوستان کے بارے میں تفصیلات درج کیں۔ یہ ہندوستان سے متعلق پہلا تحریری غیر ملکی بیان تھا، لیکن افسوس کہ اصل کتاب ضائع ہو گئی اور صرف اس کے چند اقتباسات بعد کے یونانی مورخین کی تحریروں کے ذریعے محفوظ رہ سکے۔

کوٹلیا کا تصور مملکت

کوٹلیا کے نزدیک یہ بالکل واضح تھا کہ ایک مملکت (ریاست) کو کس طرح قائم کیا جائے، کس طرح چلایا جائے اور کس طرح مستحکم کیا جائے۔ اپنی مشہور کتاب "ارتھ شاستر" میں (جس کا مطلب ہے حکومت اور معیشت کا علم)، انھوں نے دفاع

Kautilya's Saptnga



the king (swami)



[the group of] councillors, ministers and other high officials (amatya)



the territory of the state along with the population inhabiting it (janapada)



the fortified towns and cities (durga)



the treasury or the wealth of the kingdom (kosha)



the forces of defence and law and order (danòdòa), and



the allies (mitra)

fig. 5.15

کوٹلیہ کے سپتانگ



بادشاہ یا راجہ (سوامی)



سیاست کا علاقہ اور اس میں
بسنے والی آبادی (جناپدا)



مشیران، وزراء اور دیگر
اعلیٰ افسروں کا گروہ (اماتیہ)



خزانہ یا مملکت کی دولت (کوش)



قلعہ بند شہر اور قصبات (درگ)



حلیف (متر)



دفاعی قوت اور امن و قانون کا نظام (دنڈ)

شکل:5.15

economics, administration, justice, urban planning, agriculture and people's welfare. One of his most important political concepts is the saptanga (see fig 5.15) or the seven parts that constitute a kingdom.

According to Kautilya, the saptanga together must create a settled, well protected, and prosperous kingdom to be maintained both through warfare and through alliances for peace, as the case may be. He emphasised the importance of law and order in society, which necessitated a strong administration. He also detailed many laws to deal with corruption and specified punishments for any activities that went against the wellbeing of the people.

THINK ABOUT IT

- Kautilya says, "A king shall increase his power by promoting the welfare of his people, for power comes from the countryside which is the source of all economic activity. [The king] shall show special favours to those in the countryside who do things which benefit the people, such as building embankments or road bridges, beautifying villages, or helping to protect them."
- Why do you think it was important to take special care of the countryside? (Hint: Think back to what you have learnt at the beginning of this chapter)

Kautilya's central philosophy of governance is in tune with Indian values: "In the happiness of his subjects lies the king's happiness; in their welfare his welfare. He shall not consider as good only that which pleases him but treat as beneficial to him whatever pleases his subjects." In other words, however powerful a king may be, he must give first place to the people's interests.

LET'S EXPLORE

Organise a group discussion in your class and compare the features of Kautilya's idea of an empire with a modern nation.

The King Who Chose Peace

Another king of the Maurya dynasty was Ashoka (268–232 BCE), Chandragupta's grandson, who came to be credited with major administrative and religious achievements.



Fig. 5.16. Ashoka visiting the Ramagrama stupa in Nepal (from a panel at the Sanchi stupa)

معاشیات، انتظامیہ، عدلیہ، شہری منصوبہ بندی زراعت اور عوامی بہبود جیسے کئی اہم شعبوں کے لئے اصول اور ہدایات مرتب کیے۔ ان کے اہم ترین تصورات میں سے ایک سپتانگ (سات اجزاء) ہے دیکھئے شکل (5.15) ۔یہی وہ سات اجزا ہیں جن پر ایک مملکت کی بنیاد قائم ہوئی ہے۔

کوٹلیہ کے مطابق یہ سات اجزاء باہم مل کر ایسی مملکت کی تشکیل دیتے ہیں جو منظم، محفوظ اور خوش حال ہو۔ ایسی مملکت کو وقت کے تقاضوں کے مطابق کبھی جنگ سے اور کبھی امن قائم رکھنے کے لئے اتحاد اور معاہدوں سے مستحکم کیا جانا چاہیئے۔ وہ معاشرے میں امن و امان کی اہمیت پر زور دیتے ہیں۔ جس کے لئے مضبوط انتظامیہ کا ہونا ضرور ی تھا۔ انہوں نے بدعنوانی سے نپٹنے کے لئے کئی قوانین وضع کیے اور ا یسی سرگرمیوں کے لئے مخصوص سزائیں تجویز کیں جو عوام کی بہبود کے منافی ہوں۔

اس پر غور و فکر کریں

- کوٹلیا کہتے ہیں "بادشاہ کو اپنی طاقت اس وقت بڑھانی چاہئے، جب وہ اپنی رعایا کی فلاح و بہبود کو فروغ دے کیوں کہ اصل طاقت دیہات سے آتی ہے، جو تمام معاشی سرگرمیوں کا سرچشمہ ہیں۔ بادشاہ کو چاہئے کہ وہ ان لوگوں کو خاص مراعات دے جو عوام کے فائدے کے کام کرتے ہیں۔ جیسے باندھ کی تعمیر، پل بنانا، گاؤں کی تزئین کاری یا اُن کے تحفظ میں مدد دینا۔"
- آپ کے خیال میں دیہاتوں پر خاص توجہ دینا کیوں ضروری ہے؟

(اشارہ : پیچھے مڑ کر دیکھیے کہ اس باب کی شروعات میں آپ نے کیا سیکھا؟)

کوٹلیہ کا ملک گیری کا بنیادی فلسفہ ہندوستانی اقدار سے مطابقت رکھتا ہے: "راجہ کی خوشی کا راز اس کی رعایا کی خوشی میں ہے اور اُن کی بہبود میں اسکی بہبودی ہے۔ صرف اس چیز کو اچھا نہیں کہے گا جو اُسے خوشی دے بلکہ جو کچھ اُس کی رعایا کو اچھی لگے۔ اس کو وہ مفید قرار دے گا۔ دوسرے الفاظ میں کوئی بادشاہ کتنا ہی طاقتور ہو، اسے عوام کے مفادات کو سب سے زیادہ اہمیت دینی چاہیے۔

آیئے معلوم کریں

اپنی جماعت میں ایک مباحثہ منعقد کر کے کوٹلیا کے تصور مملکت کے اوصاف کا موازنہ جدید دور کے ملکوں کی خصوصیات سے کیجئے۔

امن کی راہ اختیار کرنے والا حکمراں:

موریہ سلطنت کے ایک اور عظیم بادشاہ اشوک (268 تا 232 ق م)، راجا چندر گپت موریہ کے پوتے تھے۔ بڑے انتظامی اور مذہبی کارناموں کا سہرا اشوک کے سر جاتا ہے۔



شکل 5.16 :اشوک نیپال میں رام گرام استوپ کا معائنہ کرتے ہوئے (سانچی استوپ کے ایک پینل سے)

At the beginning of his reign, Ashoka was quite ambitious. He had inherited a vast empire but further expanded it to cover almost the entirety of the Indian subcontinent, except for the southernmost region, but including present day Bangladesh and Pakistan and parts of present day Afghanistan. One encounter, however, is said to have changed the path of his life. According to one of his edicts he once marched on Kalinga (modern-day Odisha), where he waged a ferocious war. Seeing the enormous amount of death and destruction on the battlefield, Ashoka chose to give up violence and, to the greatest extent po-ssible, adopt the path of peace and non violence that the Buddha taught.

Edict: An official declaration issued by authorities or, in our case, a king coasts, etc.

Emissary: Someone sent on a special mission, often of a diplomatic nature.



THINK ABOUT IT



Ashoka, in his edicts, tells the story of the Kalinga war. He could have chosen not to mention it and maintain his image as a peaceful, benevolent king for future generations. Why do you think he admitted to this destructive war?

Embracing Buddhist teachings, Ashoka sent emissaries to Sri Lanka, Thailand, Central Asia and beyond to spread the message of the Buddha far and wide.

Historians have sometimes called Ashoka a 'great communicator' since he issued in many parts of his empire edicts engraved on rocks or pillars that contained his messagesfor the people and encouraged them to follow dharma. Most of these edicts were inscribed in Prakrit, which was the popular language in many parts of India and written in the Brahmi script (Brahmi is the mother of all regional scripts of India).

We have referred to the Prakrit language written in Brahmi script. What does this mean? Very simply, a language is what we speak, while script is what we write a language in. Can you think of examples of this in our everyday life?

AP SCERT

قاصد :

کتبہ : شخص جو کسی خاص بادشاہ یا حکمران کی نمائندگی کرتا ہو اور اس کی طرف سے پیغامات لے جاتا ہے۔

کردہ سرکاری اعلان

اپنی حکومت کے آغاز میں اشوک بے حد خوش اور توسیع پسند تھا۔ انہوں نے ایک وسیع و عریض حکومت، سلطنت ورثے میں پائی اور اسے مزید بڑھا کر تقریباً پورے برصغیر میں پھیلا دیا جس میں جنوبی حصے کے آخری کنارے کو چھوڑ کر موجودہ بنگلہ دیش، پاکستان اور موجودہ افغانستان کے بعض حصے بھی شامل تھے۔ مگر کہا جاتا ہے کہ ایک واقعے نے اس کی زندگی کا راستہ ہی بدل دیا۔ اس کے ایک کتبے کے مطابق اس نے ایک بار کلنگ (موجودہ اڑیسہ) پر چڑھائی کی جہاں اُس نے خوں ریز جنگ لڑی۔ میدان جنگ میں وسیع پیمانے پر موت اور تباہی کو دیکھ کر اس نے تشدد ترک کر دینے کا فیصلہ لیا اور حتی المقدور مہاتما بدھ کی تعلیمات کے مطابق امن اور عدم تشدد کی راہ پر چلنے کا عزم کیا۔



اس پر غور و فکر کریں



اشوک نے اپنے کتبوں میں کانگ کی لڑائی کا ذکر کیا ہے۔ وہ چاہتے تو اس کو چھپا کر آئندہ نسلوں کے لئے امن پسند اور سنی راجا کے طور پر اپنی شبیہ برقرار رکھ سکتے تھے۔ آپ کے خیال میں انھوں نے اس تباہ کن جنگ کا اعتراف کیوں کیا؟

بدھ مت کی تعلیمات کو قبول کرنے کے بعد اشوک نے دور دراز علاقوں میں مہاتما بدھ کا پیغام پھیلانے کے لیے سری لنکا، تھائی لینڈ، وسط ایشیا اور اُس سے بھی آگے اپنے قاصد بھیجے۔

ہم نے براہمی رسم الخط میں لکھی جانے والی پراکرت زبان کا ذکر کیا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ بہت آسان سی بات ہے۔ زبان وہ ہے جو ہم بولتے ہیں جب کہ رسم الخط وہ ہے جس میں ہم کسی زبان کو لکھتے ہیں۔ کیا آپ ہماری روزمرہ زندگی میں اسکی کوئی مثال سوچ سکتے ہیں؟

اشوک کو بعض تاریخ نگاروں نے "عظیم ترسیل کار" کہا ہے کیوں کہ انھوں نے اپنی سلطنت کے کئی حصوں میں لوگوں کے لئے چٹانوں یا ستونوں پر کندہ اپنے فرامین پر مشتمل کتب جاری کیے اور انھیں دھرم یعنی مذہب پر عمل کرنے کی ترغیب دی۔ ان میں سے زیادہ تر کتب پراکرت میں لکھے گئے، جو اس وقت ہندوستان کے کئی حصوں کی مقبول زبان تھی اور براہمی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی۔

(براہمی کو ہندوستان کی تمام علاقائی رسم الخطوں کی ماں کہا جاتا ہے)۔





Fig. 5.17. A few of the many Ashokan edicts across the Subcontinent

In his edicts, Ashoka called himself 'Devanampriya, Priyadarsi'; the first word means 'Beloved of the Gods'; the second, 'one who regards others with kindness'. And indeed, the language of the edicts makes it clear that he was interested in depicting himself as a benevolent and compassionate ruler. Let us see a few examples of this.

Although some southern kingdoms were not part of the Mauryan kingdom, Ashoka supported their overall wellbeing. He claimed to provide medical care for people and animals even beyond his



شکل 5.17 : برصغیر کے مختلف حصوں میں اشوک کے کتبوں میں سے چند معروف کتبے

اپنے کتبوں میں اشوک نے خود کو "دیوانام پریا" یا "پریہ درشی" کہا ہے۔ پہلے لفظ کا مطلب ہے "دیوتاؤں کا محبوب" اور دوسرے لفظ کا مطلب ہے دوسروں کے ساتھ رحم دلی کا برتاؤ کرنے والا۔ واقعی ، فرامین کی زبان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اشوک نے خود کو ایک رحم دل، مہربان اور رعایا پرور حکمراں کے طور پر پیش کرنے میں دل چسپی لی۔ آیئے اسکی چند مثالیں دیکھتے ہیں۔

اگرچہ کچھ جنوبی ریاستیں موریہ سلطنت کا حصہ نہیں تھیں، اشوک نے اسکی مجموعی فلاح و بہبود کی حمایت کی۔ انہوں نے اپنی سلطنت سے باہر بھی انسانوں اور جانوروں کیلئے طبی نگہداشت فراہم کئے جانے کی وکالت کی۔ شکار اور جانوروں پر ظلم کو ممنوع قرار دیا اور ضرورت پڑنے پر ان کے طبی علاج کا حکم دیا۔




Fig. 5.18. (Left) A reproduction of a part of Ashoka's rock edict at Girnar, Gujarat. (Right) Detail of the Topra Ashokan pillar at Feroz Shah Kotla, Delhi


empire, prohibited hunting and cruelty to animals, and ordered medical treatment for them when necessary. If so, Ashoka was an early contributor to nature conservation and wildlife preservation. He said he had established rest houses and wells at regular intervals along the main roads of his empire and got fruit and shade trees planted. He also claimed to encourage all sects (the different schools of thought present in his time) to accept each other's best teachings and study them.

Although we need not take all of Ashoka's claims literally, it is clear that in line with Kautilya's philosophy of governance, he paid attention to the welfare of his subjects and made efforts to reach out to them.

DON'T MISS OUT

You read about the word 'dharma' (dhamma in Prakrit) in Grade 6. Its essence cannot be easily captured. In simple terms, dharma means moral law or someone's religious or ethical duties towards family, community or country. At a deeper level, however, dharma extends to living according to the order of the universe or ?itam. This includes doing one's duty truthfully, following rules of righteous conduct and leading a life in harmony with the cosmic order. Dharma is, therefore, duty, law, truth, order and ethics all of it together!





شکل 5.18 : (بائیں) گجرات کے گرنار میں واقع اشوک کے سنگی کتبے کے ایک حصے کی نقل؟
(دائیں) فیروز شاہ کوٹلہ دہلی میں موجود اشوک کے ٹوپر استون کی تفصیل

اس اعتبار سے اشوک کو فطرت کی حفاظت اور جنگلی حیات کے تحفظ کے ابتدائی علم برداروں میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ میں نے اپنی سلطنت کی شاہراہوں کے ساتھ ساتھ مقررہ دوری پر آرام گاہیں تعمیر کروائیں، کنویں بنوائے اور پھل دار سایہ دار درخت لگوائے ہیں۔ مزید برآں، اشوک نے ایک دوسرے کی بہترین تعلیمات کو قبول کرنے اور ان کا مطالعہ کرنے کیلئے تمام مذاہب اور مکاتب فکر کی حوصلہ افزائی کی۔

اگرچہ ہمیں اشوک کے تمام دعوؤں کو من و عن تسلیم کرنے کی ضرورت نہیں، مگر یہ بات صاف ہے کہ کوٹلیا کے حکمرانی کے فلسفے کے مطابق انہوں نے اپنی رعایا کی بہبود پر توجہ دی اور ان تک پہنچنے کی بھرپور کوششیں کیں۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

آپ نے چھٹی جماعت میں لفظ دھرم (پراکرت زبان میں دھم) کے بارے میں پڑھا تھا۔ اس کی اصل روح کو آسانی سے بیان نہیں کیا جاسکتا۔ سادہ الفاظ میں، دھرم کے معنی اخلاقی قانون یا خاندان، معاشرہ یا ملک کے تئیں کسی شخص کے اخلاقی فرائض ہیں لیکن زیادہ گہری سطح پر دھرم کا مطلب ہے کہ آدمی اپنی زندگی کو کائنات کے نظام یا ریتم کے مطابق گزارے۔ اس میں اپنے فرائض کو سچائی سے انتظام انجام دینا، نیکی کے برتاؤ کے ضابطوں پر عمل کرنا اور کائناتی نظام کیساتھ ہم آہنگ زندگی گزارنا ہے اس نئے دراصل فرض، قانون، سچائی، نظم وضبط اور اخلاقیات سبھی دھرم کا حصہ ہیں۔

LET'S EXPLORE

Ashoka details instructions on the conduct of his officials and mentions ways to ensure that they practised fairness in one of his edicts. Read the translation below and share your thoughts on whether those ways would have been successful in helping manage his empire and how.

"By order of the Beloved of the Gods the officers and city magistrates [...] are to be instructed thus:

[...] You are in charge of many thousands of living beings. You should gain the affection of men. All men are my children, and just as I desire for my children that they should obtain welfare and happiness both in this world and the next, the same do I desire for all men. [...] You should strive to practice impartiality. [...] The root of all this is to be even-tempered and not rash in your work. [...] This inscription has been engraved here in order that the city magistrates should at all times see to it that men are never imprisoned or tortured without good reason. [...] And for this purpose, I shall send out on tour every five years, an officer who is not severe or harsh; who, having investigated this matter..., shall see that they carry out my instructions."

The Maurya empire continued for half a century after Ashoka's death. However, his successors were unable to hold the empire together, and many of the smaller kingdoms broke off and became independent. Around 185 BCE, India started on another phase of her journey. Bhavisha and Dhruv will join us on this journey in the next chapter.

Life in the Mauryan period

Cities like Pataliputra were bustling centres of governance and commerce. They had palaces, public buildings, and well planned streets. With a well-organised taxation system and brisk trade, the treasury remained strong, fuelling the empire's growth and prosperity. Officials of the administration of the empire, merchants and artisans played key roles in the city life.

آیئے معلوم کریں

اشوک نے اپنے کتبے میں اپنے افسروں کے برتاؤ کے بارے میں تفصیلی ہدایات درج کی ہیں اور یہ یقینی بنانے کے طریقوں کا ذکر کیا ہے کہ کس طرح انصاف پسندی کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ ذیل میں دیے گئے ترجمے کو پڑھیے اور اس کے بارے میں تبادلہ خیال کیجئے کہ آیا یہ نظریہ سلطنت کے نظم و نسق میں کامیاب ثابت ہو سکتے ہیں یا نہیں۔

دیوتاؤں کے محبوب کے حکم سے، تمام افسران اور سٹی مجسٹریٹوں کو[...] یہ ہدایات دی جاتی ہیں کہ:

آپ ہزاروں جانداروں کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں۔ آپ کو انسانوں کو محبت حاصل کرنی چاہیئے تمام انسان میری اولاد کی طرح ہیں، اور جس طرح اپنے بچوں کے لئے میری خواہش ہے کہ وہ اس دنیا اور اگلی دنیا دونوں میں خوشی اور فلاح پائیں، یہی خواہش میں تمام انسانوں کے لئے بھی رکھتا ہوں[...] آپ کو غیر جانبداری برتنے کی کوشش کو بھی کرنی چاہیے۔ ان تمام باتوں کی بنیاد یہ ہے کہ اپنے مزاج کو اعتدال میں رکھیں اور اپنے کام کو مشتعل ہو کر نہ کریں [...] یہ تحریر یہاں اس غرض سے کنندہ کی گئی ہے کہ سٹی مجسٹریٹس ہمیشہ اس کا خیال رکھیں کہ معقول وجہ کے بغیر انسانوں کو نہ قید کیا جائے اور نہ ہی انہیں اذیت دی جائے[...] اور اس مقصد کے لئے میں ہر پانچ سال پر ایک ایسے افسر پر معائنے پر بھیجوں گا جو نہ سخت گیر ہو اور نہ بد مزاج ہو، جو اس معاملے کی تفتیش کر کے یہ دیکھے گا کہ میری ہدایات پر عمل کیا جا رہا ہے یا نہیں؟

اشوک کی وفات کے بعد موریا سلطنت تقریباً نصف صدی تک باقی رہی۔ تاہم اس کے جانشین اس وسیع سلطنت کو سنبھالنے میں ناکام رہے اور کئی چھوٹی چھوٹی ریاستیں ٹوٹ کر آزاد ہو گئیں۔ تقریباً 185 ق م کے آس پاس ہندوستان نے اپنی تاریخ کا ایک نیا دور شروع کیا۔ امہ اور کرشنا بھی اس نئے سفر میں ہمارے ساتھ شامل ہوں گے، جس کی تفصیل اگلے باب میں ملے گی۔

موریہ عہد میں زندگی

پاٹلی پتر جیسے شہر حکمرانی اور کاروبار کے مصروف مراکز تھے۔ اُن میں شاندار محلات، سرکاری عمارتیں اور منصوبہ بند شاہراہیں تھیں۔ اچھی طرح منتظم ٹیکس کاری نظام اور رواں دواں تجارت کی وجہ سے سرکاری خزانہ مضبوط رہا جس سے سلطنت کی ترقی و خوش حالی میں تیزی آئی۔ سلطنت کی انتظامیہ کے عہدداراں، سوداگروں اور دست کاروں نے شہر کی زندگی میں کلیدی کردار ادا کیا۔

DON'T MISS OUT

The Sohagaura copper plate inscription, dating back to the 4th–3rd century BCE, is one of India's earliest known administrative records. Discovered in Sohgaura, Uttar Pradesh, it is written life. in Prakrit using the Brahmi script and is believed to have been issued during the reign of Chandragupta Maurya. The inscription mentions the establishment of a granary to store grain as a precaution against famines, highlighting the state's efforts to ensure food security and support its people during times of crisis.



Fig. 5.19

Megasthenes' account also throws some light on the society of that time. A substantial proportion of the population was engaged in agriculture, which was an important source of revenue for the empire. Two crops were sown in a year, as rain fell in both summer and winter. This ensured that famines were rare and people had ample food. Granaries were well stocked for any eventualities. Even if war raged nearby, farmers were protected from it, and agriculture was not disturbed.

Blacksmiths, potters, carpenters, jewellers and other artisans lived in the cities. The cities were well-planned and had signage on the streets. Communication happened through couriers who carried messages from place to place. The houses were made of wood and could be up to two storeys tall. The streets had vessels of water stored at regular intervals in case of fire.

Later accounts describe the cotton dresses people wore a lower garment that reached below the knee halfway down to the ankles and an upper garment that they threw over their shoulders. Some wore leather shoes with designs and thick soles to make them look taller.

LET'S EXPLORE

Wear the hat of a historian. Look carefully at the artefacts presented on the spread on the next page. What conclusions can you draw about people and life during the Mauryan era?

اسے دیکھنا نہ بھولیں

تانبے کی تختی پر کندہ سوہگورا کا کتبہ جس کا زمانہ چوتھی سے تیسری صدی ق م ہے۔ ہندوستان کے قدیم ترین انتظامی دستاویزوں میں سے ایک ہے۔ اتر پردیش کے سوہگورا سے دریافت ہونے والا تانبے کی تختی پر کندہ یہ کتبہ براہمی رسم الخط میں پراکرت زبان میں لکھا گیا اور غالباً یہ چندر گپت موریہ کے دور حکومت میں جاری کیا گیا تھا۔ اس کتبے میں قحط سے بچنے کے لئے احتیاطی اقدام کے طور پر اناج کا ذخیرہ کرنے کے لئے ایک گودام قائم کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے غذائی حفاظت اور بحران کے وقتوں میں رعایا کی مدد کو یقینی بنانے کے لئے سرکاری کوششوں پر روشنی پڑتی ہے۔



شکل 5.19

میگستھینز کے بیانات بھی اس زمانے کے معاشرے پر روشنی ڈالتے ہیں۔ آبادی کا ایک بڑا حصہ زراعت سے وابستہ تھا۔ جو سلطنت کے لئے آمدنی کا ایک بنیادی ذریعہ تھا۔ سال میں دو فصلیں بوئی جاتی تھیں۔ کیونکہ بارش، گرمی اور سردی دونوں موسموں میں ہوتی تھی۔ اس کی وجہ سے قحط کبھی کبھار ہی آتا تھا اور لوگوں کے پاس غذا کی کمی نہیں ہوئی تھی۔ ہنگامی صورت حال پر قابو پانے کے لئے گوداموں میں اناج کا وافر ذخیرہ ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ کہیں قریبی علاقوں میں جنگ چھڑ جائے تو کاشتکاروں کو اس سے محفوظ رکھا جاتا تھا اور زراعت متاثر نہیں ہوتی تھی۔

لوہار، کمہار، بڑھئی، سنار اور دوسرے حرفت کار شہروں میں رہتے تھے۔ شہر پوری طرح منصوبہ بند ہوتے تھے اور راستوں اور شاہراہوں پر اشاراتی تختیاں لگی ہوتی تھیں۔ پیغام رسانی کے لئے قاصد استعمال کئے جاتے تھے، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ خبریں پہنچاتے تھے۔ مکانات لکڑی کے بنے ہوئے اور بعض دو منزلہ بھی ہوتے تھے راستوں پر رکھے پانی کے کنڈے مقررہ وقفے سے بھرے جاتے تھے تاکہ آگ لگنے پر کام آئیں۔

بعد کی تحریروں میں بیان ہے کہ لوگ سوتی کے کپڑے پہنتے تھے۔ زیر جامہ گھٹنے کے نیچے یا ٹخنوں تک آتا تھا، جبکہ اوپری لباس کندھوں پر لپیٹ لیتے تھے۔ بعض لوگ نقاشی دار موٹے تلووں والے چمڑے کے جوتے پہنتے تھے تاکہ زیادہ قد آور دکھائی دیں۔

آیئے معلوم کریں

خود کو ایک مورخ کے طور پر تصور کیجئے۔ اگلے صفحے پر پیش کیے گئے تاریخی نوادرات کو غور سے دیکھیے اور اندازہ لگایئے کہ موریہ عہد میں لوگوں کی زندگی کیسی تھی؟

Fig. 5.20 has many messages for us, apart from the beauty and perfection of the sculpture, and is a fine example of Mauryan art. This capital (a word which, here, means 'top portion' or 'head') was the top of a pillar that Ashoka got erected at Sarnath, near Varanasi, where the Buddha gave his first teaching. The four lions symbolise the royal power; on the ring below, four powerful animals (an elephant, a bull, a horse and one more lion) are depicted, along with the dharmachakra or wheel of dharma, which symbolises the Buddha's teachings.



Fig. 5.20. The Mauryas were renowned for their highly polished stone pillars, as can be seen in this capital of the Sarnath pillar.

Some Contributions of the Mauryas

Life and people




Fig. 5.21. Terracotta figurine of a dancing girl (notice her elaborate headdress, hairstyle and jewellery).



Fig. 5.22. Terracotta figurine of a female deity.



Fig. 5.23. Female deity (yakshi) holding a fly whisk.


© NCERT



شکل 5.20: موریہ عہد اپنی شاندار اور چمکدار سنگی ستونوں کے لئے مشہور تھا۔ اس کی بہترین مثال سارناتھ کا ستون ہے۔

شکل 5:20 ہمیں کئی پیغام دیتی ہے۔ یہ نہ صرف ایک حسین اور بے عیب مجسمہ ہے بلکہ موریہ عہد کے فن کی ایک درخشاں مثال بھی ہے۔ یہ ستون بھی ہے، جسے اشوک نے سارناتھ، بنارس کے قریب تعمیر کروایا تھا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں بدھ نے اپنی پہلی تعلیم دی تھی۔ ستون کی چوٹی پر کنندہ چار شیر، شاہی قوت اور اقتدار کی علامت ہیں ان کے نیچے دائرہ نما حصے پر چار جاندار (ہاتھی، بیل، گھوڑا اور ایک مزید شیر) نیز دھرم چکر یعنی دھرم کا پہیہ بھی دکھایا گیا ہے، جو بدھ کے افکار اور تعلیمات کی علامت ہے۔

موریہ سلطنت کے چند نمایاں کارنامے زندگی اور لوگ



شکل 5.21 : یک رقاصہ کا ٹیراکوٹا مجسمہ



شکل 5.22 : یک دیوی کا ٹیراکوٹا مجسمہ

(اس کے آراستہ سرپوش بالوں کے طرز اور زیورات پر غور کریں)



شکل 5.23 : ہاتھ میں مور چھل پکڑے ہوئے یک دیوی (یکشی)



Fig. 5.24. Terracotta of Saptamatrikas or seven mother goddesses (a continuing tradition).



Fig. 5.25. Head of a terracotta horse (notice the elaborate design of the bridle).

Art and architecture



Fig. 5.26. As one of India's oldest stone structures, the Great Stupa at Sanchi is among the finest examples of Indian architecture. Note that the original structure was made of bricks and was later enlarged using stone. Aœhoka is said to have constructed many such stupas, chaityas, and viharas for worship, study, and meditation.



Fig. 5.27. Rock sculpture of a life-size elephant at Dhauli (in present-day Odisha, near Bhubaneswar), which symbolises the Buddha intelligent, powerful, patient, and calm. An edict of Aœhoka was engraved on a rock nearby.

This image may be familiar to some of you. Indeed, this capital was chosen as India's national emblem, to which was added the Sanskrit motto *satyameva jayate* or "truth alone triumphs" (see the national emblem on the right). Besides, the *dharmachakra* is depicted at the centre of our national flag, as you may also have noticed. The motto comes from the Mundaka Upanishad; in full, it reads *satyameva jayate nanritam*, that is, "truth alone triumphs, not falsehood".



सत्यमेव जयते

Fig. 5.28



شکل 5.24 سپت ۔ ماتریکا یا سات دیوی ماؤں کا ٹیراکوٹا مجسمہ
(ایک ایسی روایت جو آج تک جاری ہے)



شکل 5.25 ٹیراکوٹا سے بنا گھوڑے کا مجسمہ
(لگام کی مزین بناوٹ پر توجہ دیں)



شکل 5.26 سانچی کا عظیم استوب جو ہندوستان کے قدیم ترین سنگی عمارتوں میں سے ایک ہے اور ہندوستانی فن تعمیر کی نفیس ترین مثالوں میں سے ہے۔ یاد رہے کہ اصل ڈھانچہ اینٹوں کا بنا ہوا تھا اور پھر اسے پتھر کی مدد سے وسعت دی گئی۔ کہا جاتا ہے کہ اشوک نے عبادت، تعلیم اور دھیان کے لیئے کئی استوب، چیتیہ اور وہار تعمیر کرائے تھے۔



شکل 5.27 : دھولی (موجودہ اوڈیشہ میں بھوبنیشور کے قریب میں ایک دیو قامت ہاتھی کا سنگی مجسمہ جو بدھ کی علامت ہے۔ یعنی ذہانت، طاقت اور سکون۔ اس کے قریب ہی چٹان پر اشوک کا ایک کتبہ کنندہ کیا گیا تھا۔



شکل 5.28

آپ میں سے کچھ لوگوں کو یہ تصویر جانی پہچانی سی لگ سکتی ہے۔ در حقیقت اس سرستون (Capital) کو ہندوستان کے قومی نشان کے طور پر منتخب کیا گیا تھا جس میں سنسکرت کے قول "ستیہ میو جیتے" یعنی صرف سچ کی ہی فتح ہوتی ہے، کا اضافہ کیا گیا۔ بائیں طرف دیئے گئے قومی نشان کو دیکھیے) اس کے دھرم چکر کو ہمارے قومی پرچم کے وسط میں رکھا گیا ہے جیسا کہ آپ نے بھی دیکھا ہو گا۔ اس اصولی فقرے کا ماخذ "منڈاکو اپنسد" ہے جس کی پوری عبارت یوں ہے "ستیہ میو جیتے نانرتیم" جس کا مطلب ہے کہ "سچ کی ہی فتح ہوتی ہے، جھوٹ کی نہیں"۔

LET'S EXPLORE

Notice the different symbols on the coins. Can you guess what any of the symbols in the coins below might mean?






Fig. 5.29.1. A hoard of Mauryan punch-marked coins, Fig. 5.29.2. A punch marked coin of Ashoka

DON'T MISS OUT

The big, round hemispherical structure in the centre of the stupa is called the anda. It represents the universe and is often built to house sacred relics. People walk around it in a circle as a form of worship (pradakshina).

The Fragile Nature of Empires


You will hear in higher grades about past mighty empires elsewhere in the world, such as the Roman, the Persian, the Ottoman, the Spanish, the Russian, the British empires, and so on. All of them are long gone, but historians keep debating the causes of their decline.

One of those causes, as we saw, is the temptation for some of the empire's regions to try and become independent. This could happen if, for example, the emperor needed more resources for long military campaigns or in times of drought; local rulers would be burdened with increasing demands for tribute, leading to resentment. Or if a powerful emperor was followed by one perceived to be weak, local kings or chieftains might simply decide to take a chance and stop paying tribute. Also, the larger an empire, the more difficult it is to hold it together, as Alexander experienced; faroff territories are often the first to split away from the empire. Finally, economic crises caused by natural calamities (such as a long drought or floods) could also shake an empire's structure.

Empires are, therefore, something of a paradox. On the one hand, they can bring about political unity, as the Mauryan empire did to almost the entire Sub-continent, and reduce or eliminate warfare among the smaller kingdoms indeed, a well-managed empire could lead to greater prosperity than smaller, warring kingdoms. On the other hand, empires have almost always been established through war and have maintained their existence.

آیئے معلوم کریں

مسکوں پر بنی مختلف علامتوں پر غور کیجئے۔ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ نیچے دیئے گئے سکوں پر کسی علامت کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟



شکل 5.29.1 : موریہ دور کے ٹھپہ دار سکوں کا ایک ذخیرہ۔

شکل 5.29.2 : اشوک کا ایک ٹھپہ دار سکّہ۔



شکل 5.29.1 :

شکل 5.29.2 :

اسے دیکھنا نہ بھولیں

استوپ کے مرکز میں بنے ہوئے بڑے گول گنبد کو انڈا" کہا جاتا ہے۔ یہ کائنات کی علامت ہے اور اکثر اس کے اندر مقدس باقیات رکھے جاتے ہیں۔ لوگ اس کے گرد چکر لگاتے ہیں جسے عبادت کی ایک شکل (پردکشنا) سمجھا جاتا ہے۔

سلطنتوں کی کمزور نوعیت

آپ آئندہ جماعتوں میں ماضی میں دنیا کے دیگر علاقوں میں قائم رہی طاقتور سلطنتوں کے بارے میں پڑھیں گے مثلاً رومی ، ایرانی، عثمانی، روسی اور برطانوی سلطنتیں وغیرہ ان میں سے سبھی کا خاتمہ بہت پہلے ہو چکا ہے لیکن مؤرخین آج بھی ان کے زوال کے اسباب پر بحث کرتے رہتے ہیں۔

جیسا کہ ہم نے دیکھا سلطنت کے زوال کے اسباب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ان میں سے بعض سلطنتوں کے کچھ حصے آزادی کے لئے جدوجہد کرنے لگتے تھے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب بادشاہ کو طویل فوجی مہمات کے لئے مزید وسائل درکار ہوتے ہیں یا قحط سالی کے زمانے میں مقامی حکمرانوں پر خراج بڑھانے کا بوجھ ڈال دیا جاتا تھا۔ نتیجتاً وہ ناراض ہو جاتے ہیں۔ ہاں اگر کسی طاقتور بادشاہ کے بعد کمزور سمجھا جانے والا کوئی حکمران تخت نشیں ہوتا تو چھوٹے راجا یا سردار موقع کا فائدہ اٹھا کر خراج ادا کرنا بند کر دیتے تھے۔ اس طرح سلطنت جتنی بڑی ہوتی، اسے سنبھالنے میں اتنی ہی دشواری آتی تھی۔ جیسا کہ سکندر کو بھی تجربہ ہوا کہ دور دراز کے علاقے سب سے پہلے سلطنت سے ٹوٹ کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اسکے علاوہ قدرتی آفات سے پیدا شدہ معاشی بحران (مثلاً طویل خشک سالی یا سیلاب) بھی کسی سلطنت کی بنیادوں کو ہلا سکتے تھے۔

اس لئے سلطنتیں ایک تضاد کا شکار رہتی ہیں۔ ایک طرف وہ سیاسی وحدت قائم کرتی ہیں، جیسا کہ موریہ حکمرانوں نے تقریباً پورے برصغیر کو یکجا کیا اور چھوٹی ریاستوں کے درمیان مقابلہ آرائی کو ختم کیا یا کم کیا۔ ایک اچھی طرح منظم سلطنت چھوٹی اور جنگ پر آمادہ مملکتوں کے مقابلے میں زیادہ خوشحال بن سکتی تھیں۔ دوسری جانب سلطنتیں کم و بیش ہمیشہ جنگ کے ذریعے قائم ہوتی تھیں اور ان کا وجود طاقت اور ظلم و زیادتی سے باقی رہتا ہے۔




Fig. 5.30

through force and repression. This makes them fragile at their core and unstable over time.



Before we move on ..

- An empire is a large territory made up of many smaller kingdoms or territories. Emperors expanded their king doms mostly to gain fame, amass power, including military power, and control resources and economic life.
- The first empires of India emerged in regions blessed with abundant natural resources, rivers for irrigation and transport and the production of a variety of goods for trade.
- Alexander's campaign in northwest India had a limited political impact but opened the door for Indo-Greek cultural contacts.
- The Mauryas created a vast empire with a legacy that lasted centuries. Their legacy includes strengthening trade routes and economic systems, extensive use of coins for trade, well designed urban settlements, and an elaborate system of administration. They also promoted art and architecture.
- Ashoka was keen to advertise his achievements and project the image of a benevolent ruler who encouraged his subjects to follow dharma.

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. Who among the following, was the first to come to India as a conqueror from a foreign land?

   A) Vasco da Gama B) Amir Khusrau

   C) Alexander D) Hiuen Tsang


2. Which statement shows how ancient Indian guilds were similar to present groups like trade unions, FICCI, CII, Amul cooperatives, and SHGs?

   A) They worked under full control of the king or government at all times.

   B) They brought together people from many professions without fixed rules.

   C) They united people of the same trade to make rules and support members.

یہی بات ان کی بنیاد کو کمزور کرتی اور وقت کے ساتھ انھیں غیر مستحکم کرتی ہے۔



شکل:5.30



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں

- ایک چھوٹی سلطنت کئی مملکتوں اور علاقوں سے مل کر بنا ایک وسیع خطہ ہوتی ہے۔ بادشاہ اپنی مملکتوں کو زیادہ شہرت، طاقت خصوصاً فوجی طاقت اور وسائل و معیشت پر قبضہ جمانے کے لیے وسعت دیتے تھے۔
- ہندوستان کی قدیم ترین سلطنتیں ان علاقوں میں وجود میں آئیں جو قدرتی وسائل سے مالا مال تھے، جہاں شہروں اور دریاؤں کے ذریعے آب پاشی اور نقل و حمل ممکن تھا اور تجارت کے نئے مختلف اشیاء کی پیداوار کے ذرائع تھے۔
- سکندر کی شمال مغربی ہندوستان کی مہم نے اگرچہ محدود سا اثر چھوڑا، لیکن اس نے ہند۔یونانی روابط کے دروازے کھول دیئے۔
- موریا حکمرانوں نے ایک عظیم الشان سلطنت تشکیل کی جس کی ولائت صدیوں تک قائم رہیں۔ اس وراثت میں تجارتی راستوں اور معاشی نظاموں کا استحکام تجارت کے لیے سکوں کا کثرت سے استعمال، منظم شہروں کی تعمیر اور منظم و نسق کا ایک مفصل نظام شامل تھا۔ انھوں نے فنون لطیفہ اور فن تعمیر کو بھی فروغ دیا۔
- اشوک نے اپنی حصول یابیوں کو نمایاں کرنے اور خود کو ایک مہربان و عادل حکمراں کے طور پر پیش کرنے میں گہری دل چسپی لی۔ وہ اپنی رعایا کو دھرم پر عمل کرنے کی ترغیب بھی دیتا رہا۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس):

(1) درج ذیل میں سے وہ کون تھا جو سب سے پہلے ایک فاتح کے طور پر غیر ملک سے ہندوستان آیا؟

A) واسکوڈی گاما B) امیر خسرو C) سکندر اعظم D) ہیون سانگ

(2) کونسا بیان یہ ظاہر کرتا ہے کہ قدیم ہندوستانی تجارتی انجمنیں موجودہ دور کے گروہوں جیسے کہ تجارتی یونینوں، FICCI "C11" اصول کو آپریٹیوز اور SHGS سے مشابہت رکھتی تھیں؟

(A) انہوں نے ہر وقت بادشاہ یا حکومت کے مکمل کنٹرول میں کیا کیا۔

(B) انہوں نے بغیر کسی طے شدہ اصول کے بہت سے پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اکٹھا کیا۔

(C) انہوں نے ایک ہی پیشے سے وابستہ لوگوں کو متحد کیا تاکہ اصول بنائے جا سکیں اور ممبروں کی مدد کی جا سکے۔

3. The Lion Capital is used as the national emblem of India today. Which value from the emblem is still important for India in the present?
   A) Power and authority
   B) Truth, justice, and good leadership
   C) Trade and economic activity
   D) Care and protection of animals
4. What are the features of an empire, and how is it different from a kingdom? Explain.
5. What are some important factors for the transition from kingdoms to empires?
6. What were some of Kautilya's key ideas? Which ones of these can you observe even today in the world around us?
7. Alexander is considered an important king in the history of the world why do you think that is so?
8. In early Indian history, the Mauryas are considered important. State your reasons.
9. What were the unusual things about Ashoka and his empire? What of that has continued to influence India and why? Write your opinion in about 250 words.
10. "Thus speaks the Beloved of the Gods, the king Piyadasi : My officers of Dhamma are busy in many matters of public benefit, they are busy among members of all sects, both ascetics and householders. I have appointed some to concern themselves with the Buddhist Order, with brahmans and Ajivika..., with the Jains..., and with various sects. There are many categories of officers with a variety of duties, but my officers of Dhamma are busy with the affairs of these and other sects." After reading the above edict of Ashoka, do you think he was tolerant towards other religious beliefs and schools of thought? Share your opinion in the classroom.
11. The Brahmi script was a writing system that was widely used in ancient India. Try to learn more about this script, taking help from your teacher wherever required. Create a small project and include what you have learnt about Brahmi.
12. Suppose you had to travel from Kanshambi to Kveripattanam in the 3rd century BCE. How would you undertake this journey, and how long would you expect it to take, with reasonable halts on the way?

✧✧✧✧✧

(3) چار شہروں کا ستون آج ہندوستان کے قومی نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس نشان کی کونسی قدر آج بھی ہندوستان کے لیے اہم ہے؟

(A) اختیار اور اقتدار

(B) سچائی، انصاف اور اچھی قیادت

(C) تجارت اور معاشی سرگرمیاں

(D) جانوروں کی دیکھ بھال اور حفاظت

(4) ایک سلطنت کی خصوصیات کیا ہیں، اور یہ ایک مملکت سے کس طرح مختلف ہیں؟ بیان کیجئے۔

(5) کن اہم عوامل نے مملکتوں کو سلطنتوں میں بدلنے میں اہم کردار ادا کیا؟

(6) کوٹلیا کے کچھ اہم خیالات کیا تھے؟ ان میں سے کون سے خیالات آپ آج بھی اپنے اردگرد کی دنیا میں دیکھ سکتے ہیں؟

(7) سکندر کو دنیا کی تاریخ میں اہم بادشاہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟ آپ کی کیا رائے ہے؟

(8) قدیم ہندوستانی تاریخ میں قدیم موریہ حکمرانوں کو اہم کیوں مانا جاتا ہے؟ اپنے دلائل پیش کیجیے۔

(9) اشوک اور اس کی سلطنت کی غیر معمولی باتیں کیا تھیں؟ ان میں سے کونسی چیزیں آج بھی ہندوستان کو متاثر کرتی ہیں اور کیوں؟ اپنی رائے تقریباً 250 الفاظ میں لکھئے۔

(10) ''دیوتاؤں کا محبوب''، بادشاہ پیادسی (اشوک) یوں فرماتا ہے: میرے دھما کے افسران عوامی مفاد کے بہت سے معاملات میں مصروف ہیں، وہ تمام فرقوں کے ممبروں، سنیاسیوں اور گھریلو افراد کے درمیان معروف عمل ہیں۔ میں نے کچھ کو بدھ مت کے نظام، کچھ کو برہمنوں اور اجیوکوں، کچھ کو جین مت اور مختلف دیگر فرقوں کے معاملات دیکھنے کے لئے مقرر کیا ہے۔'' اشوک کے اس فرمان کو پڑھنے کے بعد کیا آپ کو لگتا ہے کہ وہ دوسرے مذہبی عقائد اور مکاتب فکر کے بارے میں روادار تھا؟ کمرہ جماعت میں اپنی رائے کا اظہار کریں۔

(11) برہمی رسم الخط ایک تحریری نظام تھا جو قدیم ہندوستان میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا تھا۔ جہاں ضرورت ہو اپنے استاد کی مدد لے کر اس رسم الخط کے بارے میں مزید جاننے کی کوشش کریں۔ ایک چھوٹا سا پروجیکٹ بنائیں اور جو کچھ آپ نے براہمی کے بارے میں سیکھا ہے اسے شامل کریں۔

(12) فرض کریں کہ آپ کو تیسری صدی قبل مسیح میں کوشامبی سے کاویری پٹنم تک سفر کرنا پڑتا۔ آپ یہ سفر کیسے کرتے اور راستے میں مناسب قیام کے ساتھ آپ کے خیال میں اس میں کتنا وقت لگتا؟

✧✧✧✧✧

CHAPTER

6

THE AGE OF REORGANISATION

I3A2T4

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Identify the prominent dynasties - Shungas, Chedis, Satavahanas, Cholas, Cheras and Pandyas during the age of reorganization. (CG-1)
- Appreciate the contribution of various dynasties to trade, literature, art and architecture. (CG-4)
- Explain the prominence of the Satavahanas and their contribution to administration, trade and culture. (CG-4)
- Interpret pictures and map of India related to the context. (CG-1)
- Understand how Greek conquers were influenced by the rich local culture of India.(CG-4)



"By continuous living tradition and a vital power of rejuvenes cence, this land has readjusted itself through unumbered transformations."

- JagdishChandra Bose (1917)

Fig. 6.1.1. A glimpse of the art from the age of reorganisation

The Big Questions ?

1. *Why is the period that followed the Maurya empire sometimes called the 'Age of Reorganisation?*
2. *What were the values or principles that guided emperors of that period?*
3. *How did foreign invaders assimilate into Indian Indian society and contribute to cultural confluence?*

باب

6

تنظیم نو کا دور

J416Z2

اکتسابی نتائج

طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

- نمایاں خاندانوں کی شناخت کر سکے۔ تنظیم نو کے دور میں شونگا، چیدی، ساتواہن، چولا، چیرا اور پانڈیا خاندانوں کی پہچان کر سکے۔(CG-1)
- تجارت، ادب، فن اور فن تعمیر میں مختلف خاندانوں کے کردار اور خدمات کو سراہ سکے۔(CG-4)
- ساتواہن خاندان کی اہمیت اور ان کی نظم و نسق، تجارت اور ثقافت میں کیے گئے تعاون کی وضاحت کر سکے۔ (CG-4)
- سیاق و سباق سے متعلق ہندوستان کے نقشوں اور تصاویر کی تشریح کر سکے۔(CG-1)
- اس بات کو سمجھ سکے کہ کس طرح یونانی فاتحین ہندوستان کی بھرپور مقامی ثقافت سے متاثر ہوئے۔(CG-4)

" اس سرزمین نے اپنی زندہ روایت اور تازہ کاری کی حیات افزا قوت کے ذریعے بے شمار انقلابات اور تعمیرات کو جھیلتے ہوئے ہمیشہ خود کو نئے انداز میں منظم کیا ہے۔"

- جگدیش چندر بوس (1917)



شکل 6.1.1 تنظیم نو کے دور کے فنون لطیفہ کی ایک جھلک

اہم سوالات

1. موریا سلطنت کے زوال کے بعد کے دور کو بعض اوقات "تنظیم نو کا دور" کیوں کہا جاتا ہے؟
2. وہ کونسے اقدار یا اصول تھے جن کی پاس داری اس دور کے حکمراں کیا کرتے تھے؟
3. بیرونی حملہ آور کس طرح ہندوستانی معاشرے میں ضم ہو گئے اور وہ کس طرح ثقافتی دھارے میں شامل ہو گئے؟

Uma and Krishna had recovered from their journey to the Maurya empire and were itching for another adventure. They decide to use Itihasa again and landed in a new historical period. They came across a collection of art pieces, each one quite different from the other. (See Fig. 6.1.1) They wondered-could these artefacts belong to multiple kingdoms rather than just one? They guessed right. In this chapter we will travel over a fairly long period. Here we go...



Very little is known about Ashoka's successors to the throne. It is gene rally accepted, however, that the last Maurya emperor was assassinated around 185 BCE by his commander-in-chief Pushyamitra Shunga. This led to a breakup of the empirehardly half a century after Ashoka, as we mentioned in the last chapter. Many new kingdoms emerged across the subcontinent, which, often, were earlier tributary kingdoms under the overlordship of the Maurya empire. The northwest region became weak, exposing it to invasions from outside the subcontinent.



Fig. 6.12

This period is also known as the 'age of reorganisation' by some scholars as the existing regions were being reorganised into new kingdoms that were constantly competing to become powerful. The map of India changed significantly in that age, as did people's lives.

LET'S EXPLORE

Create a timeline on a sheet of paper marking the period from the first year of the 2nd century BCE and ending in the last year of the 3rd century CE. How many years does this period cover? As we progress through the chapter, mark the key individuals, kingdoms and events on the timeline.



امہ اور کرشنہ موریا سلطنت کے اپنے سفر سے واپسی کے بعد تازہ دم ہو چکے تھے اور اب وہ ایک نئی مہم پر جانے کے لئے بے تاب تھے۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ایک بار پھر اپنے ایجاد کردہ آلہ "اتہاس" کا استعمال کریں گے۔ وہاں انہوں نے فنون لطیفہ کے بہت سے فن پارے دیکھے جو ایک دوسرے سے خاصے مختلف تھے (شکل 6.1.1 دیکھیے) انہیں حیرت ہوئی کہ یہ نوادرات کسی ایک سلطنت کے بجائے الگ الگ سلطنتوں سے تو تعلق نہیں رکھتے؟ ان کا قیاس بالکل درست تھا۔ اس باب میں ہم ایک قدرے طویل دور کے سفر پر نکلیں گے۔ تو چلیے شروع کرتے ہیں.....



شکل:6.12

اشوک کے بعد تخت نشین ہونے والے حکمرانوں کے بارے میں بہت کم دستیاب ہیں۔ تاہم اس امر پر اتفاق ہے کہ آخری موریا بادشاہ کو اس کے سپہ سالار پشیہ تنگامترا نے 158 ق م میں قتل کر دیا تھا۔ اس سے سلطنت کا شیرازہ بکھر گیا۔ اشوک کے بعد بہ مشکل نصف صدی کے اندر جیسا کہ ہم نے پچھلے باب میں اس کا ذکر لیا، پورے برصغیر میں کئی نئی سلطنتیں وجود میں آئیں، جو اکثر وہی باج گذار ریاستیں تھیں جو پہلے موریا سلطنت کے ماتحت تھیں۔ شمال مغربی علاقہ کمزور ہو گیا تھا جس کے باعث یہ خطہ بیرونی حملوں کے لئے کھل گیا۔

اس دور کو بعض دانش وروں نے "تنظیم نو کا دور" بھی کہا ہے کیونکہ اس دور میں موجودہ خطے نئی ریاستوں میں منظم ہونے لگے تھے، جو وقت کے حصول کے لئے مستقل کوشاں اور آپس میں لڑتی رہتی تھیں۔ اس دور میں ہندوستان کا نقشہ بھی بڑی حد تک تبدیل ہو گیا اور لوگوں کی زندگیوں پر بھی اس کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔

آیئے معلوم کریں

کاغذ پر ایک وقوعی ترتیب کا خاکہ بنایئے جو دوسری صدی قبل مسیح کے پہلے سال سے شروع اور تیسری صدی کے آخری سال پر ختم ہو۔ غور کیجئے کہ یہ دور کتنے برسوں پر محیط ہے۔ جیسے جیسے آپ اس باب میں آگے بڑھیں، اس وقوعی ترتیب کے خاکے پر اہم شخصیات، سلطنتوں اور واقعات کو نشان زد کرتے جایئے۔




Fig. 6.2. Prominent dynasties of India during the age of reorganisation


LET'S REMEMBER

While working on the timeline, did you notice the transition from BCE to CE? Remember what you learned in the Grade 6 chapter Timeline and Sources of History about how time is measured in history.

LET'S EXPLORE

In the previous chapter, you studied the map of the Maurya empire (see page 100). Above is a map of the post-Maurya period. How many kingdoms can you count in the area that were previously under the control of the Maurya empire?

Matrimonial alliance: An alliance arranged through a marriage, generally between two members of royal families. In practice, this would often mean a king offering his daughter for marriage into the royal family of a neighbou ring ingdom,with the intention of cementing an alliance between the two kingdoms.



شکل:6.2 تنظیم نو کے دور میں ہندوستان کے اہم شاہی خاندان

آیئے یاد کریں

وقوعی ترتیب کا خاکہ پر کام کرتے ہوئے، کیا آپ نے قبل مسیح سے عیسوی دور کے درمیان تبدیلی پر غور کیا؟ چھٹی جماعت کے باب "تاریخ کی وقوعی ترتیب اور اس کے ماخذ" کو یاد کیجئے۔ اس میں آپ نے جانا تھا کہ تاریخ میں وقت کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے۔

آیئے معلوم کریں

پچھلے باب میں آپ نے موریا سلطنت کے نقشے کا مطالعہ کیا تھا۔
دیکھیے صفحہ نمبر 200 اوپر مابعد موریا دور کا نقشہ دیا گیا ہے۔
کیا آپ شمار کر کے بتا سکتے ہیں کہ موریا سلطنت کے ماتحت علاقے اب کتنی نئی ریاستوں میں بٹ گئے ہیں؟

ازدواجی اتحاد: شادی کے ذریعے طے شدہ اتحاد، عام طور پر شاہی خاندانوں کے دو ارکان کے درمیان ہوتا تھا۔ عملی طور پر اس کا مطلب اکثر یہ ہوتا تھا کہ کوئی بادشاہ اپنی بیٹی کو پڑوسی مملکت کے شاہی خاندان میں شادی کے لئے پیش کر دیتا تاکہ دونوں ریاستوں کے درمیان اتحاد کا قائم ہو سکے۔

The 'new' kingdoms now competed for territorial control. Peaceful methods like matrimonial alliances between neighbouring kingdoms, or the use of force in warfare, were means of gaining control. Remember that there was constant wrestling for control over areas along the borders, as gaining control over them was important to keep the kingdom safe from attacks.

Together with those political events, there was a burst in the development of art, architecture and literature, and enriching cultural exchanges. We will get a peek into this in the following sections.




Fig. 6.3

Surge of the Shungas

Pushyamitra Shunga founded the Shunga dynasty, which ruled over parts of north and central India. He performed the ashvamedha yajña, a Vedic ritual, to establish himself as a most powerful ruler. Although his empire was smaller than the previous Maurya Empire (compare their two maps), he kept it safe from potential invaders and maintained friendly relations with the Greeks, after some initial military campaign against them. But, again, the empire did not last long after him a century later, it was gone. The period witnessed the revival of Vedic rituals and practices, but other schools of thought nevertheless continued to flourish.

اب یہ نئی ریاستیں ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش میں رہتی تھیں۔ کبھی پُر امن ذرائع، جیسے ازدواجی اتحاد اور کبھی جنگی قوت کا استعمال کر کے۔ یاد رکھیے کہ سرحدی علاقوں پر قبضے کے لئے مستقل صف آرائی رہتی تھی کیوں کہ سلطنت کو بیرونی حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری تھا کہ سرحدی علاقوں پر اپنا تسلط برقرار رکھا جائے۔

اس سیاسی اتار چڑھاؤ کے ساتھ ساتھ، فنون لطیفہ، فن تعمیر اور ادبیات میں بھی زبردست ترقی ہوئی اور ثقافتی لین دین میں بھی اضافہ ہوا۔ اگلے حصوں میں ہم ان پہلوؤں کی جھلک دیکھیں گے۔



شکل 6.3

شنگوں کا عروج

پشیہ متر اشنگ نے شنگ شاہی سلسلے کی بنیاد ڈالی جس نے شمالی اور وسطی ہندوستان کے کچھ حصوں پر حکومت کی۔ اس نے اپنی طاقت اور برتری کو مستحکم کرنے کے لئے ویدک رسم استوامیدھ یگیہ کا اہتمام کیا تھا، اگرچہ اس کی سلطنت رقبے میں موریا سلطنت سے چھوٹی تھی (دونوں نقشوں کا موازنہ کیجئے) لیکن اس نے سلطنت کو بیرونی حملہ آوروں سے محفوظ رکھا تھا اور یونانیوں کے خلاف ابتدائی عسکری مہم کے بعد ان سے دوستانہ تعلقات قائم کر لیے۔ لیکن پھر بھی، ان کے بعد سلطنت زیادہ دیر تک نہ چلی۔ ایک صدی کے اندر اس کا خاتمہ ہو گیا۔ اس دور میں ویدک رسم ورواج کا احیا ہوا، لیکن دیگر مکاتب فکر اور مذاہب بھی ساتھ ساتھ خوب پھلتے پھولتے رہے۔

DON'T MISS OUT

The ashvamedha yajna was a Vedic ritual conducted by many rulers to declare their position as the king. In this ritual, a horse accompanied by soldiers was left to wander freely. Any territory that the horse crossed unchallenged was considered to become a part of the king's empire. If any ruler stopped the horse, it led to a battle to determine supremacy.



Fig. 6.4. Scene from the Ramayana in which King Rama is seen performing the ashvamedha yajna (19th century painting, National Museum)

Sanskrit emerged as one of the preferred languages for philosophical and literary works. Do you recall some aspects of the Yoga Sutras in your Physical Education and Well-being classes in Grade 6. These Yoga Sutras were compiled by Patañjali during this period.

The Shungas patronised literature, art and architecture. The Bharhut Stupa (in present-day Madhya Pradesh) presents us with beautiful examples of Shunga art. It was probably built during the time of Ashoka, but the Shungas added beautifully carved railings and reliefs depicting stories from the Buddha's life. These are considered some of the earliest examples of Buddhist art.



Fig.6.5.1. Railings at the Bharhut Stupa. Fig. 6.5.2. Carving of Lakshmi on a railing. Fig. 6.5.3. A group of singers and dancers. 6.5.4. Elephants holding up the wheel of dharma

اسے دیکھنا نہ بھولیں



اشوامیدایگنہ ایک قدیم ویدک رسم تھی، جسے بہت سے بادشاہ اپنی بادشاہت کے اعلان اور اپنی بالادستی ثابت کرنے کے لئے انجام دیتے تھے۔ اس رسم میں ایک گھوڑے کو سپاہیوں کے ساتھ آزادانہ گھومنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا تھا۔ یہ گھوڑا بغیر کسی رکاوٹ کے جتنے علاقے کا احاطہ کر لیتا، اسے راجا کی سلطنت کا حصہ مان لیا جاتا تھا۔ اگر کوئی دوسرا حکمران اس گھوڑے کو روک لیتا تو اس کے نتیجے میں بالادستی کا فیصلہ کرنے کے لیے دونوں کے بیچ جنگ لازم ہو جاتی تھی۔

شکل 6.4: رامائن کا ایک منتظر جس میں راجا رام کو اشوامیدھ یگیہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ (انیسویں صدی کی پینٹنگ، نیشنل میوزیم)

اس دور میں فلسفیانہ اور ادبی تخلیقات کے لئے سنسکرت ایک ترجیحی زبان کے طور پر ابھری۔ کیا آپ کو چھٹی جماعت کی "جسمانی تعلیم اور تندرستی" کتاب کے اسباق سے کچھ یوگا سوتر یاد ہیں؟ یہ یوگا سوتر اسی دور میں پتنجلی سے مرتب کیے گئے تھے۔

شنگ خاندان نے ادب، فنون لطیفہ اور فن تعمیر کی بھرپور سرپرستی کی۔ بھارہت استوپ (موجودہ مدھیہ پردیش میں واقع) شنگ فن کی شاندار مثالوں میں سے ہے۔ غالباً اسے اشوک کے دور میں تعمیر کیا گیا تھا، لیکن شنگوں نے اس میں خوبصورت منقش ریلنگ اور بدھ کی زندگی کی عکاسی کرنے والی سنگ تراشی کا اضافہ کیا۔ یہ مثالیں ابتدائی بودھ آرٹ میں شمار ہوتی ہیں۔









شکل 6.5.1: بھرہت استوب میں ریلنگ شکل 6.5.2: ایک ریلنگ پر کندہ لکشمی کا مجسمہ

شکل 6.5.3: مغنیوں اور رقاصاؤں کا طائفہ شکل 6.5.4: دھرم چکر کو اٹھائے ہوئے ہاتھی

Some Shunga Contribution to Art



Fig. 6.6.1. Pillar with a Greek warrior. Fig. 6.6.2. Male figure. Fig. 6.6.3. Woman with a child. Fig. 6.6.4. Woman with a fan. Fig. 6.6.5. A vase. Fig. 6.6.6. Female figure with hair ornaments, terracotta. Fig. 6.6.7. Royal family. Fig. 6.6.8. Bronze bangles covered with a thin layer of gold. Fig. 6.6.9. Comb of ivory. Fig. 6.6.10. Beads of a necklace.

فنون لطیفہ میں شنگ سلطنت کی بعض نمایاں خدمات


1


2


3


4


5


6


7


8


9


10

شکل 6.6.1:یونانی جنگجو کی سنگ تراشی والا ستون، شکل 6.6.2: ایک مرد کا مجسمہ، شکل 6.6.3:بچے کو گود میں لیے ہوئے ایک عورت شکل 6.6.4:ہاتھ میں پنکھا تھامے ہوئے ایک عورت، شکل 6.6.5 ایک گلدان، شکل 6.6.6: خاتون کا ٹیرا کوٹا مجسمہ جس کے بالوں کی آرائش دکھائی گئی، شکل 6.6.7 شاہی خاندان، شکل 6.6.8 کانسے کی چوڑیاں جن پر سونے کی پتلی پرت چڑھی ہوئی ہے، شکل 6.6.9 : ہاتھی دانت کی کنگھی شکل 6.6.10 ہار میں پروئے جانے والے موتی۔

LET'S EXPLORE

Hear is a panel from the Bharhut Stupa. Look at the two figures on the right. What are they doing? Can you guess their profession? Notice their attire. What does this tell us about them? List other details that you notice in the panel and discuss your findings in class.




Fig. 6.7. A panel from the Bharhut Stupa

LET'S EXPLORE

Look closely at the pictures in the collage in Fig 6.6 (on the previous page). In a note, write down your observations on the clothes, the jewellery, and other objects of daily use.

The Satavahanas

From the limited evidence available, the Shungas seem to have waged wars with many of their neighbouring regions. This may have included the Satavahanas, who ruled large parts of the Deccan from the 2nd century BCE onward, to the south of the Shunga Empire. Sometimes referred to as 'Andhras', the Satavahanas were a powerful dynasty and their empire largely comprised of present-day Andhra Pradesh, Telangana and Maharashtra, with different capital cities at different times- the most famous were Amravati and Pratishthana (Paithan). Trade and commerce appear to have flourished in the Sätavahana kingdom. At present the capital of Andhra Pradesh is named as Amaravathi.

Coins issued by the Sätavahana rulers have been found in various regions of India, from Gujarat to Andhra Pradesh, India's western and eastern coasts. Indeed, many coins depicted ships, suggesting that maritime trade was an important part of economic life."The type of ship depicted on the coin above suggests advanced shipbuilding and navigation technologies.




Fig. 6.8. A Satavahana coin bearing the image of a seafaring ship with two masts. Notice how the masts of the ship are prominently depicted with intersecting lines, possibly representing sails; the wavy lines below represent oceanic waters.

آیئے معلوم کریں

دی گئی شکل میں بھرہت استوپ کے ایک پینل کو دکھایا گیا ہے دائیں جانب کی دونوں شخصیات پر غور کیجیے، وہ کیا کر رہے ہیں؟ کیا آپ ان کے پیشے کا اندازہ لگا سکتے ہیں؟

ان کے لباس پر غور کیجئے۔ اس سے ان کی سماجی حیثیت کے بارے میں کیا پتہ چلتا ہے؟ اس پینل میں موجود دیگر تفصیلات کی فہرست بنایئے اور اپنی دریافتوں کے بارے میں کمرہ جماعت میں تبادلہ خیال کیجئے۔



شکل 6.7 بھرہت استوپ کا ایک پینل

آیئے معلوم کریں

شکل 6.6 میں دی گئی تصویروں (گذشتہ صفحے پر) کے مجموعے کو غور سے دیکھئے۔ لباس، زیورات اور دیگر روزمرہ استعمال کی چیزوں پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔

ساتواہن

دستیاب محدود شواہد کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ شنگوں نے اپنی پڑوسی سلطنتوں کے ساتھ جنگ کی تھی۔ اس میں غالباً ساتواہن بھی شامل تھے، جو دوسری صدی ق م سے شنگ کے جنوب میں واقع دکن کے بڑے حصوں پر حکمرانی کرتے رہے؟ انہیں بعض اوقات ''آندھرا'' بھی کہا جاتا ہے۔ ساتواہن ایک طاقتور خاندان تھا اور ان کی سلطنت میں موجودہ آندھرا پردیش، تلنگانہ اور مہاراشٹر اشامل تھے۔ ان کا دارالحکومت مختلف اوقات میں الگ الگ شہروں میں رہا۔ ان میں سب سے مشہور امراوتی اور پرتشٹھان (پیتھان) وغیرہ شامل ہیں۔ ساتواہن سلطنت میں تجارت اور کاروبار پھلتے پھولتے نظر آتے ہیں

ساتواہن حکمرانوں کے جاری کردہ سکے ہندوستان کے مختلف علاقوں یعنی گجرات سے لے کر آندھرا پردیش اور ہندوستان کے مغربی و مشرقی ساحلوں پر پائے گئے ہیں۔ ان میں کئی سکوں پر جہاز کی تصاویر بنی ہوئی تھیں جو اس کی نشاندہی کرتی ہیں کہ سمندری تجارت ان کی معیشت کا ایک اہم حصہ تھی۔ سکے پر کنندہ جہاز اس دور کی ترقی یافتہ جہاز سازی اور جہاز رانی کی جدید ٹکنالوجی کی نمائندگی کرتے ہیں۔



شکل 6.8 ساتواہن دور کا ایک سکہ جس پر دو مستولوں والا سمندری جہاز کنندہ ہے۔ غور کیجئے کہ جہاز کے مستول نمایاں طور پر ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی لکیروں کے ساتھ دکھائے گئے ہیں جو ممکنہ طور پر بادبانوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ نیچے بنی ہوئی لہردار لکیریں سمندری پانی کو نمایاں کرتی ہیں۔

Agriculture flourished in the Krishna, Godavari river system, which provided economic stability to the kingdom. The Sätavahanas had active trade networks that reached as far as the Roman Empire and included an exchange of goods like spices, textiles, sandalwood, and luxury items like gold-plated pearls, ivory, etc. Imports included glass and perfumed ointments. Tolls and taxes on trade added revenue to the kingdom.



Fig. 6.9. The Naneghat Caves near Pune, located close to a major trade route, were used for collection of tolls and taxes, and as resting places for traders.

Economic prosperity and a relatively peaceful political period facilitated the development of literature, art and culture, to which the Sätavahanas made significant contributions.



Rāño Gotamiputasa Siri-Sātakanisa

Fig. 6.10. Coin of the Satavahanas with an inscription in Brahmi script, "King Lord Satakarni, son of Gautami".

Life under the Satavahanas

In the Satavahana tradition, princes were often named after their mothers. Thus Gautamiputra Satakarni was named after his mother, Gautami Balashri. She was a powerful queen who donated land to Buddhist monks and had an important inscription carved in Nashik, showing her influence in the kingdom.

THINK ABOUT IT

What, according to you, could the tradition of using the mother's name at the beginning of a king's name signify?

Another set of inscriptions found in the Naneghat caves near Pune (Fig. 6.9) focuses on a Sätavahana widow queen who, remarkably, performed several Vedic rituals, including the ashvamedha yajjaa. The inscriptions mention Vedic gods like Indra, Chandra, and Sürya. We also get a glimpse of the queen's donations (dana): land, cows, horses, elephants, silver coins, and other items to priests, guests, workers, scholars, and monks.

زرعی سرگرمیاں بھی زوروں پر تھیں خصوصاً کرشنا گوداوری کی وادی میں جس نے سلطنت کو معاشی استحکام فراہم کیا۔ ساتواہن حکمرانوں کے تجارتی روابط رومی سلطنت تک پھیلے ہوئے تھے اور اس کے ذریعے مسالے کپڑے، صندل کی لکڑی اور قیمتی سازوسامان جیسے سونا، موتی، ہاتھی دانت وغیرہ برآمد کئے جاتے تھے۔ تجارتی راستوں پر محصول اور خراج سلطنت کے لیے بڑی آمدنی کا ذریعہ تھے۔ سیاسی طور پر نسبتاً پُرسکون اور معاشی خوشحالی نے ادب، فن اور ثقافت کی ترقی کو آسان بنایا اور ساتواہن حکمرانوں نے اس میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں۔



شکل 6.9 پونے کے نزدیک نانے گھاٹ غار، جو ایک بڑے تجارتی راستے پر واقع تھے، انہیں چنگی اور محصولات وصول کرنے اور تاجروں کے آرام کرنے کے غرض سے استعمال کیا جاتا تھا۔

معاشی خوشحالی اور نسبتاً پرامن سیاسی دور نے ادب، فن اور ثقافت کی ترقی کو فروغ دیا، جس میں ساتواہنوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔

ساتواہن کے دور میں زندگی

ساتواہن سلطنت کی روایت میں شہزادوں کے نام اکثر ان کی ماؤں کے نام پر رکھے جاتے تھے۔ مثلاً گوتمی پتر اشاتکرنی کو ان کی ماں "گوتمی بالاشری" کے نام پر پکارا جاتا تھا۔ وہ ایک طاقتور رانی تھی جس نے بودھ بھکشوؤں کو آراضی عطیہ کی اور ناسک میں ایک اہم کتبہ کنندہ کروایا جو سلطنت میں اس کے اثر و رسوخ کی غمازی کرتا ہے۔



شکل 6.10 ساتواہن دور کا ایک سکہ جس میں براہمی رسم الخط میں "رانو گوتمی پتاسا۔ سری ساتکرنی نیسا" یعنی گوتمی کا بیٹا مہاراجا ساتکرنی نندہ ہے۔

اس پر غور و فکر کریں

آپ کے خیال میں راجا کے نام سے پہلے ماں کے نام کا استعمال کیے جانے کی روایت کسی بات کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے؟

پونہ کے قریب نانے گھاٹ غار میں پائے جانے والے کتبوں کے ایک اور مجموعے شکل (6.9) میں ایک ساتواہن بیوہ ملکہ کو دکھایا گیا ہے جس نے حیرت انگیز طور پر کئی ویدک رسومات ادا کی تھیں۔ ان میں اشوامیدھ یگیہ بھی شامل ہے۔ ان کتبوں میں اندرا، چندرا اور سوریہ جیسے ویدک دیوتاؤں کا ذکر ہے۔ ہمیں ملکہ کے عطیات (دان) کی بھی ایک جھلک ملتی ہے: جیسے اراضی، گائیں، گھوڑے، ہاتھی، چاندی کے سکے اور دیگر اشیاء۔ جو پجاریوں، مہمانوں، کاریگروں، دانشوروں اور بھکشوؤں کو دیئے جاتے تھے۔

These inscriptions are in the Brahmi script and include a few numerals (that is, symbols for numbers) which, at times, resemble today's shapes, as shown below. This is one of the many evidences showing that modern numerals ultimately originated in India.





THINK ABOUT IT



In the above series of numerals, which ones look somewhat like our modern numerals? Which ones don't?

The Satavahanas were devout followers of Vasudeva (another name for Krishna), although they also patronised other schools of thought, which flourished during their rule. For instance, Satavahana kings often granted tax-free agricultural land to Vedic scholars, Jaina and Buddhist monks, helping them to pursue their studies and practices.




Fig. 6.11. The Karla caves (near Lonavala in present-day Maharashtra) to which the Satavaha -nas contributed during their reign. These caves were made for Buddhist monks. Notice the magnificent pillars and the stone replica of a stupa in the centre – all of it carved out of a rocky hillside!



Fig. 6.12. A yaksha (a minor deity associated with nature) from the Pitalkhora caves, Maharashtra, carved in the Satavahana period.


یہ کتبے براہمی رسم الخط میں ہیں اور ان میں چند ہندسے (یعنی اعداد کی علامتیں) شامل ہیں جو کہیں کہیں آج کی شکلوں سے ملتے جلتے ہیں، جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔ یہ اس بات کا ایک واضح ثبوت ہے کہ جدید اعداد کی ابتدا دراصل ہندوستان سے ہوئی۔




اس پر غور و فکر کریں


ہندسوں کے مندرجہ بالا سلسلے میں، کون سے کچھ حد تک ہمارے جدید ہندسوں کی طرح نظر آتے ہیں؟
اور کون سے مختلف دکھائی دیتے ہیں؟

ساتواہن حکمراں، واسودیو (کرشن کا دوسرا نام) کے بڑے عقیدت مند تھے، حالاں کہ انھوں نے دیگر مکاتب فکر کی بھی سرپرستی کی، جو ان کی حکمرانی کے دوران پھولے پھلے۔ مثال کے طور پر ساتواہن راجا اکثر ویدک علماء جین اور بودھ بھکشوؤں کو بلالگان زرعی زمین دیتے تھے، جس سے انھیں اپنی تعلیم اور روایات کو آگے بڑھانے میں مدد ملتی تھی۔


شکل 6.11 : کارلا غار (موجودہ مہاراشٹر امیں لوناوالا کے قریب) جنھیں ساتواہنوں کے دور میں تعمیر کیا گیا تھا۔ یہ غار بودھ بھکشوؤں کے لیے بنائے گئے تھے۔ اس کے شاندار ستون اور سنگی نقوش دیکھنے لائق ہیں۔ یہ سب کچھ ایک پہاڑ کی چٹان کو تراش کر بنایا گیا۔


شکل 6.12 مہاراشٹر اکے پیتل کھورا غار میں یکشی کا ایک مجسمہ (فطرت سے منسوب ایک چھوٹا دیوتا) جسے ساتواہن دور میں تراشا گیا تھا۔

THINK ABOUT IT

This sculpture of a yaksha from Pitalkhora carries an inscription on its hand, kanhadasena hiramakarena kata meaning 'made by Kanahadasa, a goldsmith'. Is it not interesting to see that a goldsmith could also craft a sculpture made of stone? What do you think this tells us about people's professions at the time?

In the 3rd century CE, the Satavahana Empire fragmented into smaller independent kingdoms. Several factors contributed to its disintegration, the most significant one being weak central control and a gradual economic decline. Once again, this will pave the way for regional powers to assert or reassert their dominance and establish new kingdoms.

Coming of the Chedis

Let us go back a little. Do you remember the Kalinga war mentioned in the previous chapter? After the decline of the Maurya Empire, Kalinga rose as a prominent power under the kings of the Chedi dyasty.

Kharavela, one of their main rulers, was a devoted follower of Jain teachings; he was sometimes called bhikshuraja or monkking, although he respected all schools of thoughts. Near Bhubaneswar, the famous Udayagiri Khandagiri caves, likely developed for Jain monks, feature intricate panels and statues, and spacious rooms carved into the rock, showcasing the skill of the craftsmen. The design and craftsmanship of these caves make them notable examples of 'rock cut architecture', a style of architecture that we will turn to in higher classes.







Fig. 6.13.1. Udayagiri caves near Bhubaneswar. Fig. 6.13.2. The Hathigumpha inscription. Fig. 6.13.3. Carved panel showing a scene from the Ramaya.a

اس پر غور و فکر کریں

پیتل کھولا کے یکشن کے اس مجسمے کے ہاتھ پر ایک عبارت درج ہے، کانپادا سین ہیرم کارینا کاٹا" جس کا مطلب ہے ایک سنار، کانھا داس کے ذریعے بنایا گیا" کیا یہ دلچسپ نہیں ہے کہ ایک سنار پتھر سے بنا مجسمہ بھی تیار کر سکتا تھا؟ آپ کے خیال میں اس سے ہمیں اس وقت کے لوگوں کے پیشوں کے بارے میں کیا معلوم ہوتا ہے؟

تیسری صدی عیسوی میں، ساتواہن سلطنت چھوٹی چھوٹی آزاد سلطنتوں میں منقسم ہو گئی۔ اس کے بکھرنے میں کئی عوامل کار فرما تھے، جن میں اہم کمزور مرکزی اقتدار اور بتدریج معاشی زوال ہیں۔ اس سے ایک بار پھر علاقائی طاقتوں کو ابھرنے اور نئی سلطنتیں قائم کرنے کا موقع ملا۔

چیدیوں کی آمد

آیئے ہم تھوڑا سا پیچھے کی طرف چلتے ہیں۔ کیا آپ کو کلنگ کی جنگ یاد ہے، جس کا ذکر پچھلے باب میں کیا گیا تھا؟ موریا سلطنت کے زوال کے بعد، کلنگ کو ایک نئی طاقت ملی اور یہ چیدی خاندان کے راجاؤں کے تحت ایک بڑی قوت کے طور پر ابھرا۔

ان کے اہم حکمرانوں میں سے ایک "کھاراویلا" جین تعلیمات سے گہری عقیدت رکھتا تھا، اسے بعض اوقات بھکشوراجا یا راہب راجا بھی کہا جاتا ہے، حالانکہ وہ تمام مکاتب فکر کا احترام کرتا تھا۔ بھونیشور کے قریب، مشہور ادئے گیری۔ کھنڈگیری غار جو شاید جین بھکشوؤں کے لیے تیار کیے گئے تھے، ان میں پینل، مجسمے اور چٹانوں کو تراش کر بنائے گئے کشادہ کمرے ہیں، جو کاری گروں کی مہارت کو ظاہر کرتے ہیں. ان غاروں کے نقش و نگار اور ہنر مندی انھیں "چٹانی طرز تعمیر" کی قابل ذکر مثال بناتے ہیں، اس طرز تعمیر کے بارے میں ہم اعلیٰ جماعتوں میں پڑھیں گے۔







شکل.6.13.1. بھونیشور کے قریب اودے گیری غار۔ شکل. 6.13.2 .ہاتھی گمپھا کا کتبہ۔

شکل.6.13.3. منقش پینل جس میں رامائن کا ایک منظر دکھایا گیا ہے۔

One of the caves prominently displays the Hathigumphä inscription, written in Brahmi script, which records King Kharavela's accomplishments year after year, including his victorious military campaigns and his benevolent works for the welfare of his people. Kharavela also proudly declares that he created a 'council of ascetics and sages' from a hundred regions and is 'accomplished in extraordinary virtues, respector of every sect and repairer of every temple'. Once again, a ruler takes pride in extending his protection to all schools of thought. This is a fundamental part of what we may call the 'Indian ethos'.



THINK ABOUT IT



Notice the regularity of the rock-cut chambers sculpted nearly two millennia ago. How did artisans achieve such precision with just a chisel and a hammer? Picture yourself as a sculptor in that era, shaping stone into art with your own hands. What tools would you use?

Kingdoms and Life in the South

In India's southern region, this period, between the 2nd or 3rd century BCE and the 3rd century CE, saw the rise to prominence of three powerful kingdoms- the Cheras, the Cholas and the Pandyas which often competed with each other for control over the South, while also contributing to the region's growth in trade and culture. Let's remember how Ashoka's empire stopped at those south Indian kingdoms (which he mentions in his edicts), which suggests that they remained independent even at the height of Mauryan power. And although Kharavela claims that he defeated an alliance of south Indian kings that threatened his own territory, the location of that battle is unknown and he does not seem to have invaded the southern region.



THINK ABOUT IT



In the map given on next page, you may notice different symbols alongside the names of the kingdoms. What do these symbols represent? Think about how they highlight the unique identities of the kingdoms.

ان غاروں میں سے ایک میں برہمی رسم الخط میں لکھا گیا ہاتھی گمپھا کتبہ بھی موجود ہے، جس میں راجا کھاراویلا کی سال بہ سال کامیابیوں کو درج کیا گیا ہے، جس میں اس کی فوجی فتوحات کے ساتھ عوامی بہبود کے لئے کئے گئے فلاحی خدمات بھی شامل ہیں کھاراویلا یہ بھی فخر سے اعلان کرتا ہے کہ اس سے سینکڑوں مقامات کے سادھوؤں اور بھکشوؤں کی کونسل بنائی اور وہ غیر معمولی خوبیوں کا حامل، ہر فرقے کا احترام کرنے والا اور ہر مندر کی مرمت کرنے والا ہے۔ یہاں ایک بار پھر ہم دیکھتے ہیں کہ ایک حکمراں کو تمام مکاتب فکر کو تحفظ بخشنے پر ناز ہے۔ یہی وہ بنیادی جز ہے جسے ہم تہذیبی اخلاقیات کہہ سکتے ہیں۔

اس پر غور و فکر کریں

اس چٹانی کمروں کی موزونیت پر غور کیجیے، جو تقریباً دو ہزار سال پہلے تراشے گئے تھے۔ صرف ایک چھینی اور ہتھوڑے کے ساتھ کاریگروں کی ہنر میں اتنی قطعیت کیسے آئی؟ تصور کیجیے کہ آپ اُس دور کے سنگ تراش ہیں اور اپنے ہاتھوں سے پتھر کو آرٹ میں ڈھال رہے ہیں۔ آپ کون سے اوزاروں کا استعمال کریں گے؟

جنوب کی سلطنتیں اور عوامی زندگی

ہندوستان کے جنوبی خطے میں دوسری، اور تیسری قبل مسیح سے لے کر تیسری صدی عیسوی تک کے دور میں تین بڑی سلطنتیں ابھریں: چیرا، چولا اور پانڈیا۔ اکثر جنوب پر قبضہ کرنے کے لئے باہم دست و گریباں رہتی تھیں، لیکن ساتھ ہی انہوں نے اس خطے کی تجارت اور ثقافت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ یاد کیجیے کہ کس طرح اشوک کی سلطنت کو ان جنوبی ریاستوں نے آگے بڑھنے سے روک دیا تھا، (جس کا ذکر اس نے اپنے فرامین میں کیا ہے)۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ سلطنتیں موریا اقتدار کے دورِ عروج میں بھی خود مختار رہیں۔ اور اگرچہ کھاراویلا کا دعویٰ ہے کہ اس نے جنوبی ہند کی سلطنتوں کے اتحاد کو شکست دی جس سے اس کے اپنے علاقے کو خطرہ تھا، لیکن اس جنگ کا مقام نامعلوم ہے اور ایسا لگتا ہے کہ اس نے جنوبی خطے پر قبضہ بھی نہیں کیا تھا۔

اس پر غور و فکر کریں

اگلے صفحے پر دیے گئے نقشے میں، آپ کو سلطنتوں کے ناموں کے ساتھ مختلف علامتیں نظر آئیں گی۔ آپ کے خیال میں یہ علامتیں کسی چیز کی نمائندگی کرتی ہیں؟ غور کیجیے کہ یہ علامات سلطنتوں کی منفرد شناخت کو کس طرح اجاگر کرتی ہیں۔





Fig. 6.14. Kingdoms in the South (note that borders are approximate and fluctuated in time).

That period saw the advent of many poets whose works, collectively known as 'Sangam literature', defined the entire era: it came to be known as the 'Sangam Age'. The word sangam is derived from the Sanskrit sangha, which translates to 'association' and 'coming together' in this context, referring to an assembly of the poets. The Sangam literature, the oldest in south India, consists of several collections or anthologies of poems and is much consulted by historians who investigate the society and culture of the times. Primarily, Sangam poetry expresses with great skill and delicacy personal emotions such as love or societal values like heroism and generosity.

The Cholas

The Sangams refer to three 'crowned kings' the Cholas, Cheras and Pandyas. The Cholas were a powerful dynasty that ruled parts of south India from the 3rd century BCE to the 13th century CE. The Chola king Karikala is said to have defeated a combined force of the Cheras and Pandyas and established his supremacy.



شکل 6.14 : جنوب کی سلطنتیں (ملحوظ رکھیے کہ سرحدیں تخمینی ہیں اور وقت کے ساتھ ان میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے)

اسی دور میں کئی بڑے شعرا پیدا ہوئے جن کی تخلیقات کو اجتماعی طور پر "سنگم ادب" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اسی نسبت سے پورے عہد کو "سنگم عہد" کا نام دیا گیا ہے۔ سنگم کا لفظ سنسکرت کے "سنگھ" سے اخذ کیا گیا ہے، جس کا مطلب ہے "انجمن" یا "جمع ہونا"۔ یہاں اس سیاق میں، یہ لفظ شاعروں کی انجمن کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ سنگم ادب، جو ہندوستان کا سب سے قدیم ترین ادبی سرمایہ ہے اور نظموں کے متعدد مجموعوں یا دیوانوں پر مشتمل ہے، مورخین اس دور کے معاشرے اور ثقافت کو سمجھنے کے لیے بکثرت اس سے استفادہ کرتے ہیں۔ بنیادی طور پر سنگم شاعری بڑی ہنر مندی اور لطافت سے جذبات عشق اور معاشرتی اقدار جیسے شجاعت و تمام کو سخاوت کو بیان کرتی ہے۔

چولا

سنگم ادب سے، ادب میں تین 'تاج دار' بادشاہوں کا ذکر ملتا ہے۔ چولا، چیر اور پانڈیا۔ ان میں سے چولا ایک طاقتور خاندان تھا۔ جس نے تیسری صدی قبل مسیح سے تیرہویں صدی تک جنوبی ہندوستان کے بڑے حصے پر حکومت کی۔ کہا جاتا ہے کہ چولا بادشاہ کریکالا نے چیروں اور پانڈیوں کی مشترکہ فوج کو شکست دے کر اپنی بالادستی قائم کی۔

Silappadikaram : The Tale of the Anklet

This famous epic, composed soon after the Sangam collections, tells the story of Kannagi, who lived happily with her husband Kovalan in the prosperous Chola capital city of Puhar (identified with Kaveripat -tinam seen earlier). However, Kovalan fell in love with a dancer and eventually lost all his wealth over her. Realising his mistake, he returned to Kannagi, who forgave him. They then travelled to Madurai, the capital of the Pandya kingdom, hoping to rebuild their lives.



Fig. 6.15. Statue of Kannagi, Chennai

To start a new, Kannagi gave Kovalan one of her anklets to sell; however, he was falsely accused of theft and executed by the Pandya king. Devastated, Kannagi proved his innocence by revealing her second anklet. The king, realising his mistake, died of shock. Kannagi then cursed Madurai, in voking the god of fire who destroyed the city. She then walked further west to the Chera kingdom, where she was honoured as a goddess. Even today, Kannagi is worshipped in Tamil Nadu and Kerala.

Silappadikaram's exquisite poetry thus centres on the principles of justice and the ruler's dharma to protect it. It also takes us through cities rich in traded goods, through three kingdoms, and also through several schools of thought.

سلتا دیکارم: پاریب کی کہانی



شکل 6.15: کنا گی کا مجسمہ، چیرائی

یہ مشہور رزمیہ سنگم ادب کے مجموعوں کے فوراً بعد تخلیق کیا گیا۔

اس میں کنا گی کی داستان بیان کی گئی ہے، جو اپنے شوہر کوولن کے ساتھ چولا سلطنت کے خوش حال دارالحکومت بوہار (جسے آج کاویری پٹنم سے پہچانا جاتا ہے) میں خوش وخرم زندگی گزار رہی تھی لیکن کوولن کو ایک رقاصہ سے محبت ہو گئی اور آخر کار اس نے اپنی ساری دولت اس پر لٹا دی۔ اپنی غلطی کا احساس ہونے پر، وہ کنا گی کے پاس واپس آیا، جس نے اسے معاف کر دیا۔ اس کے بعد دونوں نے نئی زندگی شروع کرنے کی امید میں پانڈیا سلطنت کے دارالحکومت مدورائی کا رخ کیا۔

نئی شروعات کے لیے کنا گی نے کوولن کو اپنی ایک پازیب بیچنے کے لیے دی۔ لیکن، اس پر چوری کا جھوٹا الزام لگ گیا اور پانڈیا راجا نے اسے پھانسی دے دی۔ تباہ حال، گنا گی نے اپنے دوسرے پازیب کو ظاہر کر کے اپنے شوہر کی بے گناہی ثابت کر دی۔ بادشاہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو وہ صدمے سے مر گیا۔ اس کے بعد کنا گی نے مدورائی کو بد دعا دی اور آگ کے دیوتا کو پکارا جس سے شہر کو جلا کر تباہ کر دیا۔ پھر اس کے بعد کنا گی مغرب میں چیرا سلطنت کی طرف چلی گئی، جہاں اسے دیوی کا درجہ دے کر عزت واکرام سے نوازا گیا۔ آج بھی تاملناڈو اور کیرلا میں کنا گی کی پوجا کی جاتی ہے۔

اس طرح سلپادیکارم کی دل نشیں شاعری انصاف کے اصولوں اور حکمران کے فرائض پر زور دیتی ہے کہ انصاف کا تحفظ کیا جائے۔ اس رزمیہ کے ذریعے ہمیں تجارتی ساز وسامان سے مالا مال شہروں، تینوں سلطنتوں اور اس وقت کے مختلف مکاتب فکر کا حسین منظر نامہ دیکھنے کو ملتا ہے۔

THINK ABOUT IT



Observe the statue of the king. How is he depicted? What do his posture, clothing, and expression say about his power and status?

Fig. 6.16 Statue of King Karikala at the Grand Anicut Memorial Park in Tamil Nadu

Karikala undertook many projects for the benefit of the people. Among them is the Kallanai or Grand Anicut, a complex water diversion system located at a geographically strategic point just downstream of the Srirangam island. It helped to divert waters from the Kaveri to the central and southern parts of the Kaveri delta. This enabled more land to be brought under cultivation, earning this area the name 'rice bowl of the South'. Restored several times in the course of time, it is still in use and helps millions of people in Tamil Nadu by providing water for irrigation and thus supporting agriculture in the region.

The Cheras

Also known as the Keralaputra (sons of Kerala), the Cheras ruled over the western parts of Tamil Nadu and Kerala, with their capital at Vanji, present day Karur in Tamil Nadu. They played an essential role in shaping the region's cultural and economic history, encouraging the growth of Tamil literature and patronising Sangam poets.



Fig. 6.17. A view of the Kallanai or Grand Anicut

The Cheras were known for their extensive trade connections with the Roman Empire and West Asia, exporting many goods from India to the outside world. The kingdom became a hub for the export of spices, timber, ivory and pearls.

THINK ABOUT IT

Have you ever wondered how historians uncover the trade relations between two distant kingdoms many centuries ago? Let's take a moment to brainstorm and discuss how this information comes to light.

اس پر غور و فکر کریں

بادشاہ کے مجسمے کو دیکھیے۔ اسے کس انداز میں دکھایا گیا ہے؟ اس کے بیٹھنے کا انداز، لباس اور چہرے کے تاثرات اس کی طاقت اور حیثیت کے بارے میں کیا بتاتے ہیں؟



شکل 6.16 : تامل ناڈو کے گرانڈ اینی کٹ میموریل پارک میں واقع راجا کری کالا کا مجسمہ

کاری کالا نے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کئی منصوبے شروع کئے تھے۔ ان میں سے نمایاں کلانائی یا گرانڈ اینی کٹ ہے، جو آب پاشی کا ایک پیچیدہ نظام ہے۔ یہ جغرافیائی طور پر اہم مقام سری رنگم جزیرے کے بالکل نیچے واقع ہے۔ اس نظام سے دریائے کاویری سے پانی کو کاویری ڈیلٹا کے وسطی اور جنوبی حصوں کی طرف موڑنے میں مدد ملی۔ اس کی وجہ سے مزید زمین کو کاشتکاری کے تحت لایا گیا، جس سے اس علاقے کو "جنوب کے چاول کا کٹورا" کا نام ملا۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس کی کئی بار مرمت کی گئی، اور یہ اب بھی استعمال میں ہے اور تامل ناڈو کے لاکھوں لوگوں کو آب پاشی کے لیے پانی مہیا کرتا ہے اور اس طرح خطے کی زراعت کو سہارا دیتا ہے۔

چیرا



شکل 6.17 : کلانائی یا گرانڈ اینی کٹ کا ایک منظر

چیرا حکمرانوں کو کیرلا پترا (کیرلا کے بیٹے) کے نام سے بھی جانا جاتا تھا۔ انہوں نے تامل ناڈو کے مغربی حصے اور کیرلا پر حکمرانی کی۔ ان کا دارالحکومت ونجی تھا جو آج تامل ناڈو کا شہر کرور ہے۔ انہوں نے اس خطے کی ثقافتی اور معاشی تاریخ کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے تامل ادب کی نشو نما اور سنگم شاعروں کی سرپرستی میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔

چیرا سلطنت اپنے وسیع تجارتی روابط کے لیے جانی جاتی تھی۔ انھوں نے رومی سلطنت اور مغربی ایشیا کے ساتھ سرگرم تجارتی تعلقات قائم کیے اور ہندوستانی مصنوعات بڑی مقدار میں باہر کی دنیا کو بھیجیں۔ یہ سلطنت مسالے، لکڑی، ہاتھی دانت اور موتیوں کی برآمدات کا اہم مرکز تھی۔

اس پر غور و فکر کریں

کیا آپ نے کبھی غور کیا ہے کہ مورخین نے کئی صدیاں پہلے دور دراز کے دو سلطنتوں کے درمیان تجارتی تعلقات کا سراغ کیسے لگایا؟ آیئے کچھ دیر اس پر غور و فکر اور تبادلہ خیال کریں کہ یہ معلومات کس طرح منظر عام پر آتی ہیں۔

The Chera kings issued a number of coins under their reign. Do you notice the royal emblem of Cheras on one such coin given below?



Fig. 6.18 Coins under Chera Kings

The Pandyas

The Pandyas' rule over parts of Tamil Nadu and the surrounding regions, with their capital at present day Madurai, goes back several centuries BCE. Successive kings expanded the Pandyan kingdom. In his work Indika, Megasthenes mentions this kingdom as a prosperous one, with a strong administration and involved in active trade with distant powers like the Greeks and Romans, apart from much internal trade (Kharavela, for instance, states that he gets hundreds of pearls brought from the Pandya kingdom). The Pandyas were also an important naval power of the subcontinent. The later Pandyas also contributed greatly to the art, architecture, and overall prosperity of the region.

THINK ABOUT IT

The Pandyas were known for their pearls. Why do you think pearls were an important article of trade during these times?

The Pandyas were known for their pearls. Why do you think pearls were an important article of trade during these times?

Invasions of the Indo-Greeks

Having completed our brief journey into south India, it is time to return to the north, where a very different kind of development is about to occur. So far, we have only visited a few native dynasties; yet the same period also witnessed the arrival of invaders who entered through the northwest frontier and took control of the northwestern, northern, and central regions of the Subcontinent.



Fig. 6.19. The Heliodorus pillar near Vidisha

Let us first examine the legacy of Alexander's brief campaign in the Indus plains. While retreating from the areas he had conquered, he left satraps behind. Over time, these regional rulers established their independent domains and came to be known as 'Indo-Greeks'.

چیر احکمرانوں نے اپنے دور حکومت میں متعدد سکے جاری کیے۔ کیا آپ یہاں دیے گئے ایسے ہی کسی سکے پر چیر اسلطنت کی شاہی علامت دیکھ سکتے ہیں؟



شکل 6.18: چیر احکمرانوں کے سکے

پانڈیا

پانڈیا حکمران تامل ناڈو کے کچھ حصوں میں آس پاس کے علاقوں پر حکومت کرتے تھے ان کا دارالحکومت موجودہ مدورئی تھا، پانڈیا سلطنت کی تاریخ کئی صدیوں قبل مسیح پر محیط ہے۔ ایک کے بعد دوسرا حکمراں آتا رہا اور انہوں نے پانڈیا سلطنت کے حدود کو مسلسل وسعت دی۔ یونانی سیاح میگس تھنیز نے اپنی کتاب انڈیکا میں اس کا ذکر ایک خوش حال سلطنت کے طور پر کیا ہے۔ جس کی انتظامیہ مضبوط تھی جو یونانیوں اور رومیوں جیسی دور دراز طاقتوں کے ساتھ فعال تجارت میں مشغول تھی۔ اسکے علاوہ اس کی بہت وسیع داخلی تجارت بھی تھی (مثال کے طور پر، کھاروویلا کا کہنا ہے کہ اسے پانڈیا سلطنت سے لائے گئے سینکڑوں موتی حاصل ہوتے ہیں)۔ پانڈیا سلطنت برصغیر کی ایک اہم بحری طاقت بھی تھی۔ بعد کے پانڈیا حکمرانوں نے بھی فنون لطیفہ، فن تعمیر اور علاقے کی مجموعی خوشحالی میں نمایاں حصہ لیا۔

اس پر غور و فکر کریں

پانڈیا حکمراں اپنے موتیوں کے لیے مشہور تھے۔ آپ کے خیال میں موتی اس زمانے میں تجارت کی ایک اہم شئے کیوں تھی؟

پانڈیا حکمرانوں نے بے شمار کتبے چھوڑے جن میں ان کے راجاؤں نے اپنی رعایا کی فلاح و بہبود اور تمام مکاتب فکر اور عقیدوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اپنی گہری فکر کا اظہار کیا۔



شکل 6.19 : ودیشا کے قریب ہیلیوڈورس کا ستون

ہند یونانیوں کے حملے

جنوبی ہندوستان میں اپنا مختصر سفر مکمل کرنے کے بعد اب وقت ہے کہ شمال کی طرف لوٹا جائے، جہاں ایک بالکل مختلف قسم کی پیش رفت سامنے آنے والی ہے۔ اب تک، ہم سے صرف چند مقامی سلطنتوں کا جائزہ لیا ہے، لیکن اسی دور میں بیرونی حملہ آوروں کی آمد بھی دیکھی گئی جو شمال مغربی سرحد سے داخل ہوئے اور برصغیر کے شمال مغربی، شمالی اور وسطی علاقوں کے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔

آیئے سب سے پہلے سندھ کے میدانی علاقوں میں سکندر کی مختصر مہم کا جائزہ لیتے ہیں۔ جن علاقوں کو اس نے فتح کیا تھا، وہاں سے واپس جاتے ہوئے، اس نے اپنے صوبے داروں (Satrap) کو اقتدار سونپ دیا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان مقامی حکمرانوں نے اپنے اپنے علاقے آزاد کر لیے جنھیں "ہند۔یونانی" کے نام سے جانا جانے لگا۔

After the decline of the Mauryas, the areas in the northwestern regions (roughly present-day Pakistan and Afghanistan) were an easy target for the Indo-Greeks. However, while they arrived as conquerors, they were much influenced by the rich local culture. This cultural interaction led to a blend of Greek and Indian elements in governance, art, language, and daily life, shaping the cultural landscape of the region.

The Heliodorus pillar, near Vidisha (Madhya Pradesh), is a notable example of such connections. It is named after an Indo-Greek ambassador, who in his inscription praises Vasudeva as the 'god of gods'. The inscription also states, "Three immortal precepts (footsteps) [...] when practised lead to heaven: selfrestraint, charity, consciousness."

During excavations in north India, archaeologists have found many Indo-Greeks coins, which have provided most of the information we have about these rulers. Those coins were made of gold, silver, copper and nickel often portraying a king on one side and Greek deities on the other. However, some coins, instead, depicted Indian deities like Väsudeva-Krishna and Lakshmi. The rule of the Indo-Greeks ended with the invasions of the Indo-Scythians or Shakas (see a little below).

LET'S EXPLORE

What do you think might have been the meaning of having deities like Vasudeva-Krishna or Lakshmi on some Indo-Greek coins?



Fig. 6.20. An Indo-Greek silver coin with Vasudeva K.i.h.a on one side

DON'T MISS OUT

The Shakas (sometimes called Indo-Scythians) also invaded the northwest of the Subcontinent and ruled from the latter part of the 2nd century BCE to the 5th century CE. Their kingdoms rose to power after the Indo-Greeks, and they were in power until the arrival of the Kushänas (see below). It was during this period that the Shaka Samvat calendar was developed. It is 78 years behind the Gregorian calendar (except from January March, when it is behind by 79 years). It was adopted as the Indian National Calendar in 1957.



भारत का राजपत्र
The Gazette of India
EXTRAORDINARY
PART II — Section 1
PUBLISHED BY AUTHORITY
MINISTRY OF LAW AND JUSTICE
(Legislative Department)

Fig. 6.21. Notice how dates are provided in both the Gregorian and Ehaka Samvat eras on this official publication of the Government of India.

موریا سلطنت کے زوال کے بعد، شمال مغربی علاقوں (قریب قریب موجودہ پاکستان اور افغانستان) کے علاقے ہند یونانیوں کے لیے ایک آسان ہدف بن گئے۔ تاہم، اگرچہ وہ فتوحات کی نیت سے آئے تھے لیکن وہ جلد ہی ثروت مند مقامی ثقافت سے بہت متاثر ہوئے۔ اس ثقافتی تعامل کے نتیجے میں انتظامیہ، فنون لطیفہ، زبان اور روزمرہ کی زندگی میں یونانی اور ہندوستانی عناصر کا امتزاج پیدا ہوا، جس نے خطے کے ثقافتی منظرنامے کی ایک نئے انداز سے تشکیل کی۔

ودیشار (مدھیہ پردیش) کے قریب ہیلیوڈورس کا ستون اس طرح کے رابطوں کی ایک قابل ذکر مثال ہے۔ اس ستون کا نام ایک ہند یونانی سفیر کے نام پر رکھا گیا ہے، جس نے اپنے کتبے میں واسودیو کو "دیوتاؤں کا دیوتا" قرار دیا تھا۔ اس کتبے میں یہ بھی بیان ہے: "تین ابدی اصول (نقوش) [...] جن پر عمل کیا جائے تو وہ جنت کی طرف لے جاتے ہیں: ضبط نفس، خیرات، شعور"۔

شمالی ہندوستان کی کھدائی میں آثار قدیمہ کے ماہرین نے بہت سے ہند۔یونانی سکے دریافت کئے ہیں، جن سے ان حکمرانوں کے بارے میں سب سے زیادہ معلومات حاصل ہوئی ہیں۔ یہ سکے سونے، چاندی، تانبے اور نکل دھات سے بنے ہوئے تھے جن میں اکثر ایک طرف بادشاہ کی تصویر اور دوسری طرف یونانی دیوتاؤں کی تصویر کنندہ ہوتی تھی۔ لیکن کچھ سکوں پر اس کے بجائے ہندوستانی دیوتاؤں جیسے واسودید کرشنا اور لکشمی بھی دکھائے گئے ہیں۔ ہندوستانیوں کی حکمرانی کا خاتمہ سیتھن یا شکوں کے حملوں کے ساتھ ہو گیا۔ جن کا ذکر آگے کیا گیا ہے

آیئے معلوم کریں

آپ کے خیال میں کچھ ہند۔یونانی سکوں پر واسودیو کرشنا یا لکشمی جیسی دیوی دیوتاؤں کی تصاویر کنندہ کرنے کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟



شکل 6.20: ایک ہند۔یونانی چاندی کا سکہ جس کے ایک طرف واسودیو کرشنا کی شبیہ کنندہ ہے

اسے دیکھنا نہ بھولیں

شاکاس (جنھیں بعض اوقات سیتھس بھی کہا جاتا ہے) نے بھی برصغیر کے شمال مغربی حصے پر حملہ کیا تھا جس نے دوسری صدی قبل مسیح کے اواخر سے لے کر پانچویں صدی عیسوی تک یہاں حکومت کی۔ ہند۔یونانیوں کے بعد ان کی سلطنتیں برسر اقتدار ہوئیں اور انہوں نے کسان کی آمد تک حکومت کی (نیچے دیکھیے)۔ اسی دور میں شک سموت کیلنڈر تیار کیا گیا۔ یہ گریگورین کیلنڈر سے 78 سال پیچھے ہے (سوائے جنوری مارچ سے، جب یہ 79 سال پیچھے ہوتا ہے) اسے 1957 میں ہندوستانی قومی کیلنڈر کے طور پر اپنایا گیا تھا۔


भारत का राजपत्र
The Gazette of India
EXTRAORDINARY
PART II — Section 1
PUBLISHED BY AUTHORITY
NEW DELHI, FRIDAY, AUGUST 16, 2024/SRAVANA 25, 1946 (Saka)
MINISTRY OF LAW AND JUSTICE
(Legislative Department)

شکل 6.21: غور کیجئے کہ حکومت ہند کی اس سرکاری گزٹ پر گریگورین اور شک سموت دونوں ادوار میں تاریخیں کس طرح فراہم کی گئی ہیں۔

The Emergence of the Kushanas

The Kushanas, originally from central Asia, entered India probably in the 2nd century CE. At its peak, their empire extended from central Asia to large parts of northern India. Their rule marked a period of extensive cultural intermixing and had a profound impact on the history of the Indian subcontinent. When he was not busy with his military campaigns, Kanishka encouraged art and culture, leading to the development of new artistic styles.

LET'S EXPLORE

Carefully observe this massive statue (1.85 m high) and notice the clothing, weapon, and footwear. What does it tell us about this figure?



Fig. 6.22. Headless statue of King Kanishka

This famous 'headless' statue is of King Kanishka, probably the most powerful ruler of the Kushana dynasty. The Brahmi inscription on the statue reads, 'maharaja rajadhiraja devaputra kanishka', that is, 'The great king, king of kings, son of God, Kanishka'.

LET'S EXPLORE

Observe the coins carefully. Who, besides the emperor, appears on the coin?



Fig. 6.23. Coins of Kanoisohka

On the first coin, Kanishka is shown holding a spear, titled 'King of Kings', while the other side features Buddha with the inscription BΟΔΔΟ (Buddha) in Greek script. On the second coin, an emperor appears on one side, and Shiva with the bull Nandi on the other. Let's reflect on the following:

کُشانوں کا ظہور

کُشان جو بنیادی طور پر وسطی ایشیاء سے آئے تھے۔ شاید دوسری صدی عیسوی میں ہندوستان میں داخل ہوئے۔ اپنے عروج پر ان کی سلطنت وسطی ایشیاء سے لے کر شمالی ہندوستان کے بڑے حصوں پر محیط تھی۔ ان کی حکومت وسیع پیمانے پر ثقافتی میل جول اور اختلاط کا ایک نیا دور لے کر آئی۔ جس نے برصغیر کی تاریخ پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ جب بادشاہ کنشک اپنی فوجی مہمات میں مصروف نہ ہوتا تو وہ فنون لطیفہ اور ثقافت کی حوصلہ افزائی کرتا۔ یہی حوصلہ افزائی نے فن پاروں اور اسالیب کی تخلیق کا باعث بنی۔

آیئے معلوم کریں

اس دیو قامت مجسمے (185 میٹر اونچے) کا بہ غور مشاہدہ کیجیے۔ اس کے لباس، ہتھیار اور جوتوں کو دیکھیے۔ ان سے ہمیں اس مجسمے کے بارے میں کیا پتہ چلتا ہے؟



شکل 6.22 : راجا کنشک کا بے سر مجسمہ

یہ "بے سر" کا مشہور مجسمہ بادشاہ کنشک کا ہے، جو شاید کشان خاندان کا سب سے طاقت ور حکمراں تھا۔ مجسمے پر براہمی میں یوں لکھا ہے "مہاراجا راجا دھیراج دیو پترا کنشک" یعنی "عظیم راجا، راجاؤں کا راجا" دیوتا کا بیٹا، کنشک"۔

آیئے معلوم کریں

سکّوں کا بغور مشاہدہ کیجیے۔ سکّوں پر حکمراں کے علاوہ اور کون نظر آرہا ہے؟



شکل 6.23 : کنشک کے سکّے

پہلے سکّے میں کنشک کو "راجاؤں کا راجا" کے لقب کے ساتھ ایک نیزہ تھامے ہوئے دکھایا گیا ہے، جب کہ دوسرے رخ پر مہاتما بدھ کی شبیہ کندہ ہے اور یونانی رسم الخط میں BOΔΔO (بدھا) لکھا ہوا دکھایا گیا ہے۔ دوسرے سکے میں ایک جانب ایک حکمراں اور دوسری جانب نندی بیل کے ساتھ شیو کی شبیہ ہے۔ آیئے مندرجہ ذیل پر غور و فکر کریں۔

- Why would a powerful ruler feature Buddha and Shiva on his coins? What does it say about his values and priorities?
- Can you find modern examples of such symbolic currency?

The Kushanas held control over significant sections of the Silk Route (on the next page), and during their reign, trade grew, connecting India with other parts of Asia and the West.

Continuing the trend set under the Indo-Greek rulers, Kushana art and architecture, exemplified by the Gandhara and Mathura schools of art, are celebrated for their fusion of Indian and Greek styles. The sculptures feature a variety of deities reflecting the peaceful coexistence of various schools of thought. This era saw the rise of representations of deities-like Surya or the sun god which looked more similar to humans and the increase in the development of religious art, laying the groundwork for later temple architecture in the subcontinent.



Fig. 6.24. Head of a bodhisattva (or future Buddha) from the Gandhara School of Art. Note the fusion of Indian and Greek features.

The Gandhara style, which emerged in the western regions of Punjab, blended Greco-Roman elements with Indian features. Most sculptures and artefacts from this tradition were crafted in intricate detail from grey black schist stone. In particular, sculptors produced many fine Buddha images with realistic anatomy and flowing robes.



THINK ABOUT IT




Do you know where Gandhara is? Does it remind you of a character from the epic Mahabharata?

- ایک طاقتور حکمران اپنے سکوں پر مہاتما بدھ اور شیو کی تصویر کیوں نقش کرواتا ہوگا؟ یہ اس کی ترجیحات واقدار کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟
- کیا آپ ایسی علامتی کرنسی کی جدید مثالیں تلاش کر سکتے ہیں؟

کشان حکمرانوں نے شاہراہ ریشم کے بڑے حصے (اگلے صفحے) پر قابض رہ کر تجارت کو فروغ دیا، جس سے ہندوستان ایشیا اور مغرب کے دیگر حصوں سے جڑ گیا۔

ہند۔یونانی حکمرانوں کے دور میں قائم کردہ رجحان کو جاری رکھتے ہوئے، کسانوں کے عہد میں فن تعمیر اور فن مجسمہ سازی نے نئی جہت اختیار کی جس کی مثال گندھارا اور متھرا مکاتب فکر کے فنون لطیفہ سے ملتی ہے۔ اسے ہندوستانی اور یونانی طرز کے امتزاج کے لیے سراہا جاتا ہے۔ اس دور کے مجسموں میں مختلف قسم کے دیوی دیوتاؤں کو دکھایا گیا ہے جو مختلف نظریاتی مکاتب فکر کے پرامن بقائے باہمی کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس دور میں سوریہ یا سورج دیوتا جیسے دیوتاؤں کی نمائندگی میں اضافہ دیکھا گیا جو انسانی خدوخال زیادہ مماثلت رکھتے تھے۔ یہی روایت بعد میں برصغیر میں مندروں کی تعمیر اور مذہبی فنون کے فروغ کی بنیاد بنی۔



شکل 6.24 "گندھارا اسکول آف آرٹ" سے تعلق رکھنے والے بودھی ستو (یا مستقبل کے بدھا) کا سر نوٹ کیجیے کہ اس میں ہندوستانی اور یونانی دونوں خصوصیات نمایاں ہیں۔

پنجاب کے مغربی علاقوں میں ابھرنے والے "گندھارا اسکول آف آرٹ" نے یونانی۔رومی عناصر کو ہندوستانی خصوصیات کے ساتھ ضم کر دیا۔ اس روایت کے زیادہ تر مجسمے سرمئی سیاہ رنگ کے پتھر پر انتہائی باریک کاریگری کے ساتھ تراشے گئے تھے۔ خاص طور پر مجسمہ سازوں نے حقیقی جسمانی تناسب اور ڈھیلے ڈھالے لباس میں بدھ کے نفیس مجسمے تراشے۔

اس پر غور و فکر کریں

کیا آپ جانتے ہیں کہ گندھارا کہاں واقع ہے؟ کیا یہ نام آپ کو مہابھارت کے کسی کردار کی یاد دلاتی ہے۔





Fig. 6.25. Some of the trade routes of the ancient world. The network marked in green shows the Silk Route connecting China with the Mediterranean world and passing through central Asia, Persia, etc.



شکل 6.25: زمانہ قدیم کے چند تجارتی راستے۔ سبز رنگ میں نشان زد نیٹورک شاہراہ ریشم کو ظاہر کرتا ہے جو چین کو بحر روم کی دنیا سے جوڑتا تھا اور وسطی ایشیا ایران وغیرہ سے گزرتا ہوا آگے بڑھتا تھا۔

The Mathura style developed in the Ma-thura region of presentday Uttar Pradesh and is known for its distinct Indian style. Unlike the Gändhära style, it primarily used red sandstone for its sculptures and reflects less influence from Greco-Roman aesthetics. This art form is known for its depictions of Indian deities, including Kubera, Lakshmi, Shiva, Buddha, yaksh as and yakshinis and generally produced fuller figures with smooth modelling.




Fig. 6.26. Kubera, God of 'wealth' from the Mathura School of Art. Did you miss the prominent moustache? The moustache is a distinguishing feature of some Indian sculptures.

LET'S EXPLORE

Now that you are familiar with the basic characteristics of the Mathura and Gändhara styles of art, study the pictures of artefacts given in Fig. 6.27 on the page below and try to identify which school of art each artefact belongs to. Write your observations with justifications and discuss your answers with your classmates.

Despite the political conflicts and power struggles, the period saw remarkable cultural exchange and assimilation. This shared heritage is evident in art and architecture, where styles interacted, but with a dominance of Indian themes (especially Hindu and Buddhist ones). It was also the age when Sanskrit literature flourished, with, in particular, the composition of major Indian texts such as the Mahabharata and the Rämayana (refer to the chapter "Unity in Diversity, or 'Many in the One'" in your Grade 6 textbook).

Recognising these connections encourages us to view this "Tapestry of the Past' not as confined to any one kingdom or ruler, but as a dynamic process that works through interaction and assimilation over time.

1




2



3





شکل 6.26 :"متھرا اسکول آف آرٹ" سے کبیر دولت کے دیوتا کا مجسمہ – کیا آپ نے اس کی نمایاں مونچھوں پر توجہ دی؟. مونچھیں بعض ہندوستانی مجسموں کی ایک امتیازی خصوصیت ہے۔

"متھرا اسکول آف آرٹ" کا ارتقاء موجودہ اتر پردیش کے متھرا خطے میں ہوا اور اپنی خالص ہندوستانی خصوصیات کے لئے مشہور ہوا۔ گندھارا اسکول آف آرٹ کے برعکس، اس میں بنیادی طور پر مجسموں کے لئے سرخ ریتیلے پتھر کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس پر یونانی رومی جمالیات کے اثرات کم دکھائی دیتے ہیں۔ یہ فن ہندوستانی دیوتاؤں بشمول کبیر، لکشمی، شیو، بدھ، یکشی اور یکشینوں کی عکاسی کے لئے جانا جاتا ہے، جن میں عام طور پر بھرپور جسمانی خدوخال اور ہموار تراش خراش دکھائی دیتی ہے۔


آیئے معلوم کریں

اب جب کہ آپ متھرا، اور گندھارا کے اسکول آف آرٹ کی بنیادی خصوصیات سے واقف ہو چکے ہیں، تو نیچے صفحے پر دی گئی شکل 6.27 میں دکھائے گئے نوادرات کی تصاویر کو غور سے دیکھئے اور یہ شناخت کرنے کی کوشش کیجئے کہ کون سا فن پارہ کس اسکول آف آرٹ سے تعلق رکھتا ہے۔ اپنے مشاہدات کو جواز کے ساتھ لکھئے۔ اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ اپنے جوابات پر تبادلہ خیال کیجیے۔

سیاسی تنازعات اور اقتدار کی کشمکش کے باوجود اس دور میں قابل ذکر ثقافتی تبادلے اور امتزاج دیکھنے کو ملے۔ یہ مشترکہ ورثہ فن اور تعمیرات میں نمایاں ہے۔ جہاں مختلف اسالیب ایک دوسرے سے گھل مل گئے، مگر غالب رنگ ہندوستانی ہی رہا (خاص طور پر ہندو اور بودھ موضوعات کا)۔ یہی وہ دور تھا جب سنسکرت ادب نے بھی عروج پایا۔ خاص طور پر مہابھارت اور راماین جیسے ہندوستانی تہذیب کے عظیم متون کی تخلیق اسی دور میں ہوئی۔ (چھٹی جماعت کے اپنی درسی کتاب کے باب "کثرت میں وحدت یا ایک میں انیک" دیکھیے)

ان روابط کی شناخت ہمیں یہ احساس دلاتی ہے کہ "ماضی کے یہ رنگارنگ نقوش "کسی ایک سلطنت یا حکمراں تک محدود نہیں تھے، بلکہ ایک مسلسل ارتقائی عمل تھا جو باہمی تبادلے اور امتزاج کے ساتھ آگے بڑھتا رہا۔

1



2



3



4



5



6




Fig. 6.27.1. A scene of the death of Buddha. Fig. 6.27.2. Bodhisattva Maitreya. Fig. 6.27.3. Œhiva linga being worshipped by Ku.hana devotees. Fig. 6.27.4. A Naga between two Nagis, with an inscription referring to the eighth year of Ka.i.hka's reign. Fig. 6.27.5. Kartikeya, the god of war, and Agni, the god of fire. Fig. 6.27.6. Standing Buddha.



Before we move on....

→ The period after the disintegration of the Mau rya empire was characte rised by the emergence of many big and small kingd oms across the Subcontin Ient.

→ The internal conflicts were coupled with foreign invasions, which together led to a period of reorganis Iation of political powers.



→ This period witnessed a dialogue of various cultures that absorbed each other's influence to create new styles of art, architecture, coinage, etc., with ultimately a dominance of Indian themes and flourishing Sanskrit literature.

→ This time was also marked by remarkable developments in trade activities, both internal and external.

4



5



6



شکل 6.27.1 : بدھ کے وصال کا ایک منظر، شکل 6.27.2: بودھی ستھوپتا یہ،


شکل 6.27.3: شیولنگ کی پوجا کرتے کُشان عقیدت مند

شکل6.27.4 : دو ناگوں کے درمیان ایک ناگ جس میں کتبے پر کنشک کی حکومت کے آٹھویں سال کا ذکر ہے

شکل6.27.5: کارتیکیہ (جنگ کا دیوتا) اور اگنی (آگ کی دیوی)، شکل6.27.6 : قیام کی حالت میں بدھ



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں . . .



← موریا سلطنت کے زوال کے بعد برصغیر میں بڑی اور چھوٹی کئی سلطنتیں ابھریں۔

← اندرونی خانہ جنگیوں کے ساتھ غیر ملکی حملے بھی ہوئے، جنہوں نے سیاسی طاقتوں کی از سر نو تنظیم کی راہیں ہموار کیں۔

← اس دور میں مختلف ثقافتوں کے درمیان مکالمہ ہوا، اور ایک دوسرے کا اثر قبول کیا، جس کے نتیجے میں فن تعمیرات، سکوں وغیرہ میں نئے انداز سامنے آئے۔ البتہ ہندوستانی موضوعات کا غلبہ رہا اور سنسکرت ادب بھی پروان چڑھا۔

← یہ عہد اندرونی اور بیرونی تجارت کی شاندار ترقی کے لحاظ سے بھی یادگار ہے۔

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS


1. Which present-day Indian state was ruled by the ancient Chera dynasty?

   A. Odissa

   B. Kerala

   C. Karnataka

   D. Andhra Pradesh




2. Which rulers mentioned in this chapter included their mother's name in their title, and why did they do so?
3. Why was the post-Maurya era also known as the era of reorgani -sation?
4. Write a note on the Sangam literature in 150 words.
5. How did economic prosperity help the growth of literature, art, and culture during the Satavahana period?
6. You have read about the architectural developments of the post-Maurya era. Take an outline of the Indian subcontinent and mark the approximate locations of some of the ancient structures mentioned in this chapter.
7. Write a note of 250 words about one kingdom from this chapter that you find interesting. Explain why you chose it. After presenting your note in class, find out what kingdoms have been the most selected by your classmates.
8. Imagine you have the chance to create your own kingdom. What royal emblem would you choose, and why? What title would you take as the ruler? Write a note about your kingdom, including its values, rules and regulations, and some unique features.

✧✧✧✧✧

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجکٹس)

1. موجودہ ہندوستان کی کس ریاست پر قدیم چیر اخاندان کی حکومت تھی؟



A. اڑیسہ

B. کیرالا

C. کرناٹک

D. آندھرا پردیش

2. اس باب میں مذکورہ کون سے حکمراں تھے جنھوں نے اپنے القاب میں اپنی ماں کا نام شامل کیا اور ایسا کرنے کی وجہ کیا تھی؟
3. موریا سلطنت کے بعد کے دور کو تنظیم نو کے دور کے طور پر کیوں جانا جاتا ہے؟
4. سنگم ادب پر 150 الفاظ میں ایک تبصرہ لکھئے۔
5. ساتواہن دور کے دوران معاشی خوشحالی نے ادب، آرٹ اور ثقافت کی ترقی میں کس طرح مدد کی؟
6. آپ نے اس باب میں موریا عہد کے بعد کی تعمیرات کے بارے میں پڑھا ہے۔ برصغیر کے جغرافیائی خاکے میں ان کی تاریخی عمارتوں کے مقامات کو نشان زد کیجئے جن کا اس باب میں ذکر کیا گیا ہے۔
7. اس باب میں دی گئی سلطنتوں میں سے کسی ایک پر جو آپ کو دلچسپ لگی ہو، 250 الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ وضاحت کیجیے کہ آپ نے اسے کیوں منتخب کیا۔ کمرہ جماعت میں اپنی تحریر پیش کرنے کے بعد، دیکھیے کہ آپ کے ساتھیوں نے کس سلطنت کا انتخاب سب سے زیادہ کیا۔
8. تصور کیجیے کہ آپ کے پاس اپنی سلطنت بنانے کا موقع ہے۔ آپ کون سا شاہی نشان منتخب کریں گے اور کیوں؟ آپ حکمراں کی حیثیت سے کون سا لقب اختیار کریں گے؟ اپنی سلطنت کے بارے میں ایک مختصر مضمون لکھیے، جس میں اس کے اقدار قواعد و ضوابط اور کچھ انوکھی خصوصیات شامل ہوں۔

✧✧✧✧✧

CHAPTER

7

HOW THE LAND BECOMES SACRED?

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Define the term sacredness and understand India's glorious past. (CG-1)
- Explain the importance of pilgrimages in India and locates important pilgrimage centers on the map of India. (CG-1)
- Appreciate elements of nature such as mountains, rivers, trees, plants and animals and their connection with Indian traditions. (CG-4)
- Develop sensitivity towards the shrinking of the sacred groves and recognises the need for their conservation. (CG-5)

"Ether, air, fire, water, earth, planets, all creatures, directions, trees and plants, rivers and seas, are orgnas of the supreme Lord's body." - Bhagavata Purana



fig - 7.1

The Big Questions ?

1. *What is 'sacredness'?*
2. *How does the land become sacred?*
3. *How do sacred sites and pilgrimage networks connect with the life and culture of the people?*
4. *What role did sacred geography play in the cutural integration of the Indian Subcon - tinent?*

باب

7 زمین کس طرح مقدس بنتی ہے

U7M4W8

اکتسابی نتائج

طلبا اس قابل بنیں گے کہ...

- تقدیس کی تعریف کر سکے اور ہندوستان کے شاندار ماضی کو سمجھ سکے۔(CG-1)
- ہندوستان میں تیرتھ یاترا (مقدس سفر) کی اہمیت کی وضاحت کر سکے اور ہندوستان کے نقشے پر اہم زیارتی مراکز کی نشاندہی کر سکے۔(CG-1)
- قدرت کے عناصر جیسے کہ پہاڑوں، دریاؤں، درختوں، پودوں اور جانوروں کی قدر کر سکے اور ہندوستانی روایات کے ساتھ ان کے تعلق کو سمجھ سکے۔(CG-4)
- ملک کی زوال پذیر مقدس درختوں کے بارے میں حساسیت پیدا کر سکے اور ان کے تحفظ کی ضرورت کو پہچان سکے۔(CG-5)

"آسمان، ہوا، آگ، پانی، زمین، سیارے، تمام جاندار سمتیں، درخت اور پودے، دریا اور سمندر یہ سب خداوند برتر کے جسم کے اعضا ہیں۔"

– بھاگوت پُران



fig - 7.1

اہم سوالات ؟

(1) تقدیس کیا ہے؟

(2) زمین کس طرح مقدس حیثیت اختیار کر لیتی ہے؟

(3) مختلف مقدس مقامات اور زیارت گاہیں کس طرح لوگوں کی زندگی اور ثقافت سے جڑی ہوئی ہیں؟

(4) برصغیر ہند کے ثقافتی اتحاد میں مقدس جغرافیہ نے کیا کردار ادا کیا؟

LET'S EXPLORE

Do any of the pictures look familiar to you? Can you name similar places found your neighbourhood?

What is 'Sacredness'?

Sacredness can have many meanings. In the limited context of this chapter, sacredness is finding something of deep religious or spiritual significance, worthy of respect and reverence, holy or divine. But what is this 'something'? It can be a special location or shrine that evokes such deep feelings, high thoughts or emotions. It can also be, as we will see in this chapter, a journey of a special kind (often called a 'pilgrimage'), the route the journey takes, or even the very land covered.

Sacredness, therefore, is not just connected with religion and spirituality, but also with geography, all sorts of traditions, and, in the case. Let us focus on sacred places first. You will find that almost every school of thought and religion in India has its own sacred places.



Fig. 7.2

The places in these pictures are revered by followers of Islam, Christianity, Judaism and Zoroastrianism religions that originated outside India. People visit or congregate in these places for prayer and worship.

آیئے معلوم کریں

کیاان تصویروں میں سے کوئی آپ کو جانی پہچانی لگتی ہے؟ کیا آپ اپنے قرب وجوار میں موجود اس قسم کے کچھ مقامات کے نام بتاسکتے ہیں؟

تقدیس کیا ہے؟

تقدیس کے کئی معنی ہیں۔ اس باب کے محدود سیاق میں تقدیس کا مطلب ہے کوئی ایسی چیز جو مذہبی اور روحانی اعتبار سے بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہو، احترام اور تعظیم کے لائق ہو، اور متبرک اور الوہی نوعیت کی ہو، لیکن یہ "کوئی ایسی چیز" کیا ہے؟ یہ کوئی مخصوص مقام یا کوئی زیارت گاہ ہو سکتی ہے جس سے اس قسم کے گہرے احساسات، اعلیٰ خیالات اور جذبات بیدار ہوتے ہیں۔ یہ مخصوص قسم کا کوئی سفر ہو سکتا ہے جسے (اکثر "زیارت" کہا جاتا ہے) اور اس سفر کا راستہ یا خود وہ زمین بھی مقدس سمجھی جاسکتی ہے۔

لہٰذا تقدیس کا تعلق صرف مذہب اور روحانیت سے نہیں بلکہ جغرافیہ اور ہر قسم کی روایات سے بھی ہے۔ ہندوستان کے معاملے میں تو اس کا تعلق کچھ اور چیزوں سے بھی ہے جن کے بارے میں ہم جلد ہی جانیں گے۔

آیئے سب سے پہلے مقدس مقامات پر اپنی توجہ مرکوز کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ ہندوستان میں ہر مکتب فکر اور مذہب کے اپنے مقدس مقامات ہیں۔



شکل–7.2

ان تصاویر میں دکھائے گئے مقامات کو اسلام، عیسائیت، یہودیت اور زرتشت جیسے مذاہب کے پیروکار مقدس مانتے ہیں جب کہ ان مذاہب کی ابتدا ہندوستان کے باہر ہوئی ہے لوگ عبادات کے مقصد سے ان مقامات کی زیارت کرتے ہیں یا جمع ہوتے ہیں۔

Followers from other faiths also visit them, as can be seen at the Dargah Sharif of Ajmer (Rajasthan) or the Velankanni Church in Tamil Nadu. People go on pilgrimages to these shrines on special occasions.

Pllarimage : A journey to a sacred place that is slgnificnt within a rellglon or bellef system.
Shrine : A place regarded as holy because of its associatios with the divine, sacred rellc, or a splrltual figure,
Relic : A part of a saint's or other splritual flgure's body or sometlmes to one of their bell-onglngs kept as an object of reverence.

Naturally, when we turn to religions that originated in India, we find that they have many more sacred sites. In the case of Buddhism, those are often places that were visited by the Buddha or where his relics are kept. Among them is the Great Stüpa at Sanchi (Madhya Pradesh), which is a relic stupa (you saw this in the chapter on 'The Rise of Empires'), and the Mahabodhi Stupa in Bodh Gaya (Bihar), where, according to Buddhist tradition, the Buddha attained enlightenment. They are important sites for pilgrims; Bodh Gaya, for instance, receives more than four million visitors every year.



Fig. 7.3

In sikhism, takhts are seats or centres of spiritual authority for example, the Takht sri Patna Sahib (in Patna), the Akal Takht (part of the Golden Temple at Amritsar, see Fig. 8.3), and Takht sir Keshgarh sahib (atAnandpur). Sikhs aspire to undertake pilgrimages to these place s at least once in their lifetimes, as they are associated with important Sikh Gurus and therefore have special significance. In addition, Sikh tradition records pilgrimages conducted by several Gurus, such as Guru Nanak, to places like Haridwar, Prayag, Mathura, Varanasi, Ayodhya, Puri and many more, besides a few Muslim shrines.

India has, for ages past, been a country of pilgrimages. All over the country, you find these ancient places, from Badrinath, Kedarnath and Amarnath, high up in the snowy Himalayas down to Kanyaku-mari in the south. What has drawn our people from the south to the north and from the north to the south in these great pilgrimages? It is the feeling of one country and one culture.

Jawaharlal Nehru, 1961

دوسرے مذاہب سے عقیدت رکھنے والے لوگ بھی یہاں آتے ہیں جیسا کہ اجمیر کی درگاہ شریف (راجستھان) یا ٹامل ناڈو کے ویلنگنتی چرچ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ لوگ خاص موقعوں پر ان **متبرک مقامات** کی **زیارت** کے لیے دور دور سے پہنچتے ہیں۔

زیارت :	کسی ایسے مقدس مقام کا سفر جو کسی مذہب یا عقیدے کے نظام میں اہم ہے۔
متبرک مقام:	ایک ایسی جگہ جسے اس لیے متبرک مانا جاتا ہے کیونکہ وہ انہی، مقدس یادگار یا روحانی شخصیت سے تعلق رکھتا ہے۔
باقیات :	کسی ولی یا روحانی شخصیت کے جسم کا کوئی حصہ یا بعض اوقات ان سے متعلق کسی چیز کو بطور "تبرک" محفوظ کیا گیا ہو۔

فطری طور پر جب ہم ان مذاہب کی طرف رجوع کرتے ہیں جن کی ابتدا ہندوستان میں ہوئی ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے یہاں اور بھی بہت سے مقدس مقامات ہیں۔ بدھ مذہب میں اکثر وہ مقامات مقدس ہیں جہاں مہاتما بدھ نے قیام کیا تھا یا جہاں ان کے باقیات رکھے ہوئے ہیں۔ سانچی (مدھیہ پردیش) میں واقع عظیم استوپ ایسا ہی ایک مقدس مقام ہے جو ایک **باقیاتی** استوپ ہے (اسے آپ نے "سلطنتوں کا عروج" والے باب میں دیکھا ہے) اور دوسرا بودھ گیا (بہار) میں واقع مہابودھی استوپ ہے۔ جہاں، بدھ روایات کے مطابق، بدھ کو "گیان" حاصل ہوا تھا۔ یہ زائرین کے لیے نہایت اہم مقامات ہیں۔ مثال کے طور پر بودھ گیا میں ہر سال چالیس لاکھ سے بھی زیادہ زائرین آتے ہیں۔



شکل 7.3 :

سکھ مذہب میں تخت روحانی- مقتدرہ کے مراکز یا نشست گاہیں ہیں۔ مثال کے طور پر تخت سری پٹنہ صاحب (پٹنہ میں)، اکال تخت (امرتسر میں گولڈن ٹمپل کا حصہ شکل 7.3 دیکھیے) اور تخت سری کیش گڑھ صاحب (آنند پور میں)۔ سکھ مذہب کے ماننے والے لوگ زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ ان مقامات کی زیارت کی خواہش رکھتے ہیں۔ کیوں کہ یہ تخت اہم سکھ گروؤں سے وابستہ ہیں اور اسی لیے یہ خصوصی تقدس کے حامل ہیں۔ علاوہ ازیں، سکھ روایات کے مطابق کئی گروؤں جیسے گرو نانک کے روحانی سفر کا ذکر ملتا ہے، جنھوں نے ہری دوار، پریاگ، متھرا، بنارس، ایودھیا، پوری اور دیگر کئی مقامات کی بھی زیارت کی جس میں چند مسلم درگاہیں یا خانقاہیں بھی شامل ہیں۔

"ہندوستان صدیوں سے زیارتوں کی سرزمین رہا ہے۔ آپ کو برفیلے ہمالیہ میں بلندی پر واقع بدری ناتھ، کیدارناتھ اور امرناتھ سے لے کر جنوب میں کنیا کماری تک یہ قدیم مقامات ملیں گے۔ ان عظیم زیارتوں نے ہمارے ہم وطنوں کو کبھی جنوب سے شمال تک اور کبھی شمال سے جنوب تک کیوں متوجہ کیا؟ اس کے پس پشت ایک ہی ملک اور ایک ہی ثقافت کا احساس ہے۔"

جواہر لال نہرو 1961

Pilgrimages

Many Indians undertake tirthayatr -as or pilgrimages to various sacred sites (tirthas) during their lifetime. This ancient and continuous tradition of ilgrimage is not just a physical journey but also an inner journey that requires a specified code of conduct.

Tirthar:
Literally, a place where one can cross a river of other body of water. Symbolically. it becomes a place where one can cross from the ordinary worldy life to a higher spiritual life. such place are held in high reverence and regarded as sacred.

For at least 3,000 years, and with no modern means of transportion available, Indians have been crisscrossing the Subcontinent, resulting in its entire geography being considered sacred. We return to this soon.

Here's an excerpt from the writings of Dharampal, a historian and thinker :

"I was travelling from Gwalior to Delhi ... when I met a group of people... about twelve of them, some three or four women and seven or eight men... They said that they had been on a pilgrimage, three months long, up to Rameswaram, among other places. They came from two different villages north of Lucknow. They had various bundles of things and some earthen pots with them... They had taken all the necessities for their food-atta, ghee, sugar with them... I asked them, "You are going to Delhi now?" "Yes!", they replied. "You will stop in Delhi?" "No, we only have to change trains there. We're going to Haridwar!... We don't have time ... We have to go to Haridwar. And then we have to get back home."

LET'S EXPLORE

→ Read the excerpt. What are your observations? Locate the route the group must have taken from Rameswaram to Haridwar. Why do you think the group was going straight to Haridwar instead of stopping at Delhi?

Tirthankara:
Liberally, someone who makes a tirt-ha, that is, who guldes the crossing from ordinary to igher life in jainism, the Tirthan -karas are the upreme preachers of dharmads

→ In ancient times, when people were travelling from Madurai in Tamil Nadu to Varanasi in Uttar Pradesh, what languages would they come across? How would they communicate with people in those places? Where would they stay? What food would they eat?

زیارتیں

ہندوستان میں رہنے والے بہت سے لوگ اپنی زندگیوں کے دوران متعدد مقدس مقامات تیرتھوں کی زیارت پر جاتے ہیں۔ زیارت کی یہ قدیم اور مسلسل روایت محض ایک جسمانی سفر نہیں بلکہ روحانی بھی ہے جس کے لیے ایک مخصوص ضابطہ اخلاق کی ضرورت ہوتی ہے۔

تیر تھا:
لفظی معنی کے اعتبار سے تیر تھا وہ مقام ہے جہاں سے کوئی آبی گزرگاہ عبور کی جاسکے۔ علامتی اعتبار سے وہ مقام جہاں سے کوئی عام دینوی زندگی سے اُٹھ کر روحانی زندگی کی جانب جاسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مقامات بڑی عظمت کے حامل ہوتے ہیں اور مقدس تسلیم کئے جاتے ہیں۔

کم از کم 3000 سال سے نقل و حمل کے جدید ذرائع دستیاب نہ ہونے کے باوجود ہندوستان کے لوگ برصغیر میں ایک جگہ سے دوسری جگہ آتے جاتے رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پورے خطے کی جغرافیائی سرزمین ہی مقدس سمجھی جانے لگی۔ ہم اس موضوع پر آگے پھر گفتگو کریں گے۔

یہاں ایک مورخ اور مفکر، دھرم پال کی تحریروں سے ایک اقتباس پیش کیا جارہا ہے:

"جب میں گوالیار سے دہلی جارہا تھا.... تو میری ملاقات کچھ لوگوں سے ہوئی۔ لگ بھگ بارہ افراد، ان میں سے تین چار عورتیں اور سات آٹھ مرد تھے۔ انھوں نے بتایا کہ وہ تین ماہ سے رامیشورم اور دیگر مقامات کی طویل زیارت پر نکلے ہوئے ہیں۔ وہ لکھنو کے شمال میں واقع دو الگ الگ دیہات سے آئے تھے۔ ان کے پاس مختلف قسم کی چیزیں اور کچھ مٹی کے برتن تھے۔ وہ اپنے کھانے کی تمام چیزیں جیسے آٹا، گھی، شکر وغیرہ اپنے ساتھ لائے تھے۔" میں نے اس سے پوچھا۔

"اب آپ دہلی جارہے ہیں؟"

"ہاں!" انہوں نے جواب دیا۔ "آپ دہلی میں قیام کریں گے؟" "نہیں، ہمیں وہاں سے صرف ٹرین بدلنی ہے۔ ہم ہری دوار جارہے ہیں!..... ہمارے پاس وقت نہیں ہے... ہمیں ہری دوار جانا ہے اور پھر واپس گھر بھی جانا ہے۔"

آیئے معلوم کریں

← اس اقتباس کو غور سے پڑھیے- آپ کے کیا مشاہدات ہیں؟ رامیشورم سے ہری دوار تک جانے کے لئے اس قافلے نے کون سا راستہ اختیار کیا ہوگا؟ اس کی نشاندہی کیجئے۔ آپ کے خیال میں گروپ دہلی میں کیوں نہیں رکا اور سیدھے ہری دوار کیوں نہیں جارہا تھا؟

تیر تھنکر
لفظی طور پر وہ شخص جو تیر تھ بناتا ہے یعنی جو عام زندگی سے اعلیٰ زندگی تک رہنمائی کرتا ہے۔ جین مت میں تیر تھنکر دھرم کے اعلیٰ مبلغ مانے جاتے ہیں۔

← قدیم زمانے میں لوگ، جب تامل ناڈو کے مدورائی سے اتر پردیش میں بنارس کا سفر کرتے تھے تو ان کا واسطہ کون کون سی زبانوں سے پڑتا ہوگا؟ وہ ان مقامات پر لوگوں سے کس طرح بات چیت کرتے ہوں گے؟ وہ کہاں ٹھہرتے اور کیا کھاتے پیتے ہوں گے؟

In the Jain tradition, the tirthas are associated with places where the **Tirthankaras** attained liberation or where significant events of their lives occurred. Trees, ponds, hills and mountains that the Tirthankaras visited or meditated at are also considered sacred. Examples of such places include Mount Abu, Girnar and the Shatrun-jaya hill in Saurashtra (Gujarat).

Another example is the pilgrimage to Sabarimala temple (Kerala), dedicated to the deity Ayyappa, which draws over ten million devotees every year. This hilltop shrine was traditionally reaced by an immensely difficult trek through hills and forests. Such a challenging approach, common to man hilltop or mountain shrines all over the country, symbolises the difficulties of the inner path, with natural landmarks alnog the route bing considered sacred.



Fig. 7.4. Pandharpur war an 800 year old tradition in Magarashtra. War means a pilgrinage that is held regularly, in this case annually. Pilgrims walk in large groups for 21 days to the famous Vithba temple in Pandharpur.

More sacred sites

Hindu and many folk and tribal belief systems go further. In Grade 6 we learnt that in such belief systems, people regard elements of Nature, such as mountains, rivers, trees, plants and animals, and sometimes stones too, as sacred. In Hinduism, for instance, this includes countless geographical sites or features of Nature, such as specific mountains, rivers and forests, which are regarded as particularly divine and are worshipped as deities; many rivers are regarded as devis, while some species of trees, animals and plants are particularly holy.



Fig. 7.5. In this image, Vishnu in the form of his boar avatar crushes a demon and saves Bhadevi (Mother Earth), shown here sitting on his elbow (from the Belur temple, Karnataka)

جین روایت میں تیر تھ (زیارت گاہیں) ان مقامات سے وابستہ ہیں جہاں تیر تھنکروں کو نروان یعنی نجات حاصل ہوتی تھی یا جہاں ان کی زندگی کے اہم واقعات رونما ہوتے تھے۔ درخت تالاب، پہاڑیاں اور پربت جہاں تیر تھنکروں نے قیام کیا یا دھیان لگایا، انھیں بھی مقدس مانا جاتا ہے۔ اس قسم کے مقامات کی مثالوں میں ماؤنٹ آبو، گرنار اور سوراشٹرا (گجرات) میں شترنجے پہاڑی شامل ہیں۔

سبری مالا مندر (کیرلا) کی تیر تھ یاترا اس کی ایک اور مثال ہے۔ یہ مندر ایپا دیوتا (بھگوان) سے منسوب ہے جہاں ہر سال ایک کروڑ سے بھی زیادہ عقیدت مند پہنچتے ہیں۔ پہاڑ کی چوٹی پر بنی اس زیارت گاہ تک روایتی طور پر پہاڑوں اور جنگلات سے گزرنے والے انتہائی مشکل راستوں سے ہو کر پہنچا جا سکتا تھا۔ ملک بھر میں کئی پہاڑیوں اور برجتوں پر بنی ہوئی زیارت گاہوں تک پہنچنے کی اس قسم کی دشواری دراصل باطن (روحانیت) کے راستے کی دشواریوں کی علامت ہے، جہاں راستے کے قدرتی مقامات بھی ان کے ساتھ متبرک مانے جاتے ہیں۔



شکل 7.4 : پنڈھرپوواری، مہاراشٹر امیں 800 سال پرانی روایت، واری کا مطلب ہے ایسی تیر تھ یاترا جو باقاعدگی کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس معاملے میں ہر سال زائرین بڑے بڑے گروہوں میں پنڈھرپور کے مشہور وٹھوبا مندر پہنچنے کے لیے 21 دن تک پیدل سفر کرتے ہیں۔

مزید مقدس مقامات:

ہندو دھرم اور کئی عوامی و قبائلی اعتقادی نظام اس سے بھی آگے جاتے ہیں۔ چھٹی جماعت میں ہم نے پڑھا ہے کہ ان عقائد کے پیروکار فطرت کے عناصر جیسے پہاڑوں، دریاؤں، درختوں، پودوں، حیوانات بعض اوقات پتھروں کو بھی مقدس سمجھتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندو مذہب میں بے شمار جغرافیائی مقامات یا فطرت کے خدوخال شامل ہیں جیسے مخصوص پہاڑ، دریا اور جنگلات جنہیں بالخصوص "الوہی" تصور کیا جاتا ہے اور دیوتا کے طور پر ان کی پرستش کی جاتی ہے۔ بہت سے دریاؤں کو دیوی مانا جاتا ہے جبکہ درختوں، جانوروں اور پودوں کی کچھ اقسام کو خاص طور سے مقدس سمجھا جاتا ہے۔



شکل 7.5 : اس شبیہ میں وشنو بور کے اوتار میں شیطان کو کچل رہے ہیں اور بھو دیوی (دھرتی ماں) کو بچا رہے ہیں جو کہ ان کی گہنی پر بیٹھی دکھائی گئی ہیں۔ (یہ مجسمہ کرناٹک کے بیلور مندر کا ہے)

This tradition comes from the perception of a divine presence in all of Nature. Ultimately, the whole of planet Earth is considered sacred she is Mother Earth or Bhüdevi.

Here are a few more examples of such traditions:

- The Niyam Dongar hill in the Niyamgiri Range of Jharkhand is sacred to the Dongria Khond tribe. They believe that the hill is the abode of Niyam Raja, the supreme deity who provides everything they need for sustenance. Cutting trees here is prohibited and considered a sign of disrespect to the deity.
- In the early 2000s, the Government of Sikkim identified several sacred mountains, caves, lakes, rocks and hot springs that were to be protected against all forms of damage,
- In the Nilgiris of Tamil Nadu, the Todas, a tribal community, regard many mountain peaks as sacred and associate them with their gods. To them, this sense of sacredness extends to many plants (which often become part of their rituals), Shola forests, wetlands, and even specific stones and individual trees.

Becoming Aware of Sacred Geography

Some sacred places are marked on the map (Fig. 8.6) given on the next page. Though spread all over India, they are also interconnected. For example, some Hindus aspire to do the char dham yatra, and those four sites appear to have been deliberately located in the southern, northern, eastern and western corners of India! A similar aspiration exists with respect to the 12 jyotirlingas, which are considered highly auspicious. The 51 Shakti pithas, too, cover the entire map of India (even parts of presentday Bangladesh and Pakistan). And there are many more regional networks.

These networks crisscross India's length and breadth, creating a sacred geography. As a result, the land itself becomes sacred. There is a story about the 51 Shakti pithas. Shakti, the livine mother in the form of Sati, and her consort, Shiva, were insulted by her father. An angry Sati immolated herself. Shiva was so livid that he took her body and refused to allow the last rites.

The 12 jyotirlingas are sacred shrines dedicated to shiva, a major deity of Hinduism. Each shrine has its own unique mytho -logy and name.

اس روایت کے پس پشت فطرت کے تمام مناظر میں الوہیت کی موجودگی کا تصور کار فرما ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ تمام کرہ ارض کو مقدس سمجھا جاتا ہے۔ یعنی یہی دھرتی ماں یا بھودیوی ہے۔

یہاں اس قسم کی روایات کی کچھ اور مثالیں پیش کی گئی ہیں:

- جھارکھنڈ کے نیم گری سلسلے کی نیم ڈونگر پہاڑی ڈونگریا کھونڈ قبائل کے نزدیک بہت مقدس ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ یہ پہاڑی عظیم دیوتا نیم راجا کی قیام گاہ ہے جو ان کی زندگی کی پوری ضروریات پوری کرتا ہے۔ یہاں درختوں کے کاٹنے پر پابندی ہے اور ایسا کرنا دیوتا کی توہین سمجھا جاتا ہے۔
- سن 2000 کے اوائل میں سکم کی حکومت نے کئی مقدس پہاڑوں، غاروں، جھیلوں، چٹانوں اور گرم پانی کے چشموں کی نشاندہی کی ہے جنھیں ہر قسم کے نقصان سے بچانے کے لیے محفوظ مقامات قرار دیا ہے۔
- تامل ناڈو کے نیل گری میں، ٹوڈا قبیلہ کئی پہاڑی چوٹیوں کو مقدس سمجھتا ہے اور انہیں اپنے دیوتاؤں سے منسوب کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک تقدیس کا یہ احساس بہت سے پودوں (جو اکثر ان کی رسوم کا حصہ ہوتے ہیں) جنگلات، آبی خطے حتی کہ مخصوص پتھروں اور مختلف درختوں میں بھی کار فرما ہے۔

مقدس جغرافیہ سے باخبری

اگلے صفحے پہ دیے گئے نقشے شکل (7.6) میں کچھ مقدس ہندو مقامات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ حالانکہ یہ مقامات پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں مگر باہم مربوط بھی ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ ہندو چار دھام یاترا کی خواہش رکھتے ہیں اور ایسا لگتا کہ یہ چاروں مقامات دانستہ طور پر ہندوستان کے جنوبی، شمالی، مشرقی اور مغربی کونوں پر قائم کیے گئے ہیں۔ اسی طرح 12 جیوترلنگ کے معاملے میں بھی اسی قسم کی خواہش کا اظہار ہوتا ہے جنھیں انتہائی متبرک مانا جاتا ہے۔ شکتی پیٹھ بھی ہندوستان کے پورے نقشے (حتی کہ موجودہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے کچھ حصے) کا احاطہ کرتے ہیں۔ علاوہ ایں اور بھی بہت سے علاقائی زیارت گاہوں کا جال پھیلا ہوا ہے۔

12 جیوترلنگ مقدس زیارت گاہیں ہیں جو شیو سے منسوب ہیں جنھیں ہندو مذہب میں عظیم دیوتا مانا جاتا ہے۔ ہر زیارت گاہ کی جداگانہ اساطیری روایت اور منفرد نام ہے۔

زیارت گاہوں کا یہ جال ہندوستان کے طول و عرض کو عبور کرتے ہوئے ایک مقدس جغرافیہ کی تشکیل کرتے ہیں۔ نتیجتاً زمین خود بہ خود مقدس بن جاتی ہے۔ 51 شکتی پیٹھ کے متعلق ایک کہانی بھی ہے۔ شکتی، جو ستی کی شکل میں دیوی ماں تھی اور ان کے شوہر شیو کو ستی کے والد کی طرف سے توہین کا سامنا کرنا پڑا۔ ناراض ہو کر ستی نے خود سوزی کر لی۔ شیو اس قدر ناراض ہوئے کہ انھوں نے ستی کے جسم کو اپنی تحویل میں لے کر کندھوں پر اٹھا لیا اور آخری رسوم ادا کرنے کی اجازت دینے سے منع کر دیا۔

Shiva's anger was dangerous for the world and the cosmos. So Vishnu used his chakra to cut up Sati's body. The Shakti pithas are the places across the Subcontinent where the body parts of the divine mother fell one by one. The symbol behind the story is clear: the whole land becomes the body of the divine mother.

LET'S EXPLORE

Note the locations of the dham. what do you think it implied for the people when they travelled north south and east west?

While vistiting the major sacred places connected to their respective faiths, pilgrims would naturally cover the geography of India. They would come across diverse languages, customs, cloting and foods along the way, but would notice the commonalities too





Fig. 7.6. A map showing a few networks of traditional tirthas.

شیو کا غصہ دنیا اور تمام کائنات کے لیے خطرناک تھا۔ لہذا وشنو نے ستی کے جسم کو کاٹنے کے لئے اپنے چکر کا استعمال کیا۔ شکتی پیٹھ، برصغیر کے وہ مقامات ہیں جہاں دیوی ماں کے جسم کے اعضا ایک ایک کر کے گرے۔ کہانی کے پس پشت علامت واضح ہے، یعنی پوری زمین دیوی ماں کے جسم کی طرح ہے۔

آیئے معلوم کریں

چار دھام کے محل وقوع پر غور کیجئے۔ آپ کے خیال میں جب لوگ شمال سے جنوب اور مشرق سے مغرب کا سفر کرتے تھے تو اس کا کیا مطلب تھا؟

جب زائرین اپنے اپنے عقائد سے وابستہ بڑے مقدس مقامات کا سفر کرتے ہیں تو قدرتی طور پر وہ ہندوستان کے پورے جغرافیہ کا احاطہ کرتے۔ راستے میں وہ مختلف زبانوں، رسومات، ملبوسات اور غذاؤں سے ان کا سابقہ پڑتا، لیکن وہ یکسانیتوں پر بھی غور کرتے تھے۔



شکل 7.6 : رویتی زیارت گاہوں کے نظام کو ظاہر کرنے والا نقشہ

LET'S EXPLORE

Can you identify the names of a few traditional tirthas given in the map above? You can refer to the political map at the end of the book for help.

Why did people travel such long distances? Apart from religious motivations, some, like merchants and traders, travelled to exchange goods; others travelled to discuss, debate and popularise their beliefs or to learn and study from eminent teachers in different parts of the country. However, though they were travelling for different purposes, their routes often converged. Discussions and debates, sharing of goods, experiences, and tales, enriched everyone. New ideas emerged, and old ones were adapted. This complex process became a m-ajor factor in the cultural integration of the Indian Subconti-nent.

Sacred Ecology

Tirthas are usually located on the banks of a river or a lake, in a forest or on a mountain. As we saw above, the natural landsc-ape itself is thus seen or perceived as sacred space, or pun-yakshetra. This perception has helped us to protect and prese-rve Nature, since we are not distinct from her. So geography, culture and spirituality fuse together in these kshetras.

Rivers and sangams (confluence of rivers)

Rivers have been worshipped in India since Vedic times. The nadistuti sukta of the Rigveda is a hymn (sukta) in praise of (stuti) rivers (nadi) that invokes 19 major rivers of ancient northwest India. Even today, many rituals involving water invoke the presence of some of the most important rivers of India:

gange cha yamune chaiva godavari sarasvati narmade sindhu kaveri jalesmin sannidhim kuru"Ganga, Yamuna, Godavari, Sarasvati, Narmada, Sindhu, and Kaveri, may you manifest in this water.

Those rivers have been lifelines for the Indian civilisation. Their sources, tributaries and the places they flow through are often regarded as sacred too, and are visited by many pilgrims. In local languages, these rivers are referred to with respect for instance, 'Ganga ji' or 'Yamuna ji'. Krishnamma talli, Godarammatalli and so on

آیئے معلوم کریں

کیا آپ اوپر دیئے گئے نقشے میں چند روایتی تیرتھ (زیارت گاہ) کے نام بتاسکتے ہیں؟ آپ کتاب کے آخر میں دیئے گئے سیاسی نقشے کی بھی مدد لے سکتے ہیں۔

لوگ اتنے طویل فاصلوں تک سفر کیوں کرتے تھے؟ مذہبی مقاصد کے علاوہ کچھ لوگ جیسے تاجر اور سوداگر اشیا کے مبادلے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کیا کرتے تھے۔ کچھ لوگ بحث ومباحثے اور اپنے عقائد کو فروغ دینے یا ملک کے نامور مختلف حصوں میں نامور اور ممتاز دانشوروں سے سیکھنے اور علم حاصل کرنے کے غرض سے سفر کرتے تھے۔ حالانکہ وہ مختلف مقاصد کے تحت سفر کررہے تھے مگر ان کے راستے اکثر ایک دوسرے سے مل جاتے تھے۔ مباحثے اور تبادلہ خیال، اشیاء تجربات اور کہانیاں سنانے کا عمل سب کو ثروت مند بناتا تھا۔ نئے خیالات ابھر کر سامنے آتے اور پرانے خیالات نئے انداز میں ڈھلتے تھے۔ یہی پیچیدہ عمل برصغیر کی تہذیبی یکجہتی کا ایک بڑا سبب بنا۔

مقدس ماحولیات

زیارت گاہیں عام طور پر کسی دریا یا جھیل کے کنارے یا جنگل میں یا کسی پہاڑ کے اوپر واقع ہوتی ہیں۔ جیسا کہ ہم نے اوپر دیکھا کہ خود فطرت کے خدوخال کو بھی مقدس جگہ یا پنیہ چھیتر تصور کیا جاتا ہے۔ اس شعور نے فطرت کے تحفظ اور بقا میں مدد کی ہے۔ چونکہ ہم فطرت سے الگ نہیں ہیں، اس نے ان چھیتروں میں جغرافیہ، ثقافت اور روحانیت باہم مدغم ہوگئے ہیں۔

دریا اور سنگم

ہندوستان میں ویدک عہد سے ہی دریاؤں کی پرستش کی جارہی ہے۔ رگ وید کا ندی استوتی سوکت دریاؤں کی تعریف (استوتی) میں ایک بھجی (سوکت) ہے جو قدیم شمال مشرقی ہندوستان کے 19 بڑے دریاؤں سے دعا کرتا ہے۔ آج بھی بہت سی مذہبی رسوم میں پانی کو یاد کرتے ہوئے ہندوستان کے کچھ اہم ترین دریاؤں کی موجودگی کا دھیان کیا جاتا ہے۔

"گنگے چ یمنے چیو گوداوری سرسوتی نرمدے سندھو کاویری جلیسمن سن ندم کورا ے گنگا، جمنا، گوداوری، سرسوتی اے نرمدا، سندھو اور کاویری، آپ سبھی اس پانی میں اپنا جلوہ دکھائیں"

ان دریاؤں نے ہندوستانی تہذیب کے لیے شہ رگ کا کام کیا ہے۔ ان کے منبع، معاون ندیوں اور وہ جگہیں جہاں سے ہوکر یہ بہتے ہیں، سبھی مقدس سمجھے جاتے ہیں اور لاکھوں زائرین وہاں جاتے ہیں۔ مقامی زبانوں میں ان دریاؤں کے نام احترام کے ساتھ لئے جاتے ہیں مثال کے طور پر گنگا جی" یا "جمنا جی" کرشنا تلی، گودارما تلی وغیرہ وغیرہ .....

DON'T MISS OUT

- Prayagraj hosts the Kumbh Mela every six years. Prayag is located at the confluence of three rivers Ganga,Yamuna and the invisible Sarasvati. A few years ago, UNESCO listed the Kumbh Mela as an intangible heritage of the world'.
- An estimated 660 million people participated in the Kumbh Mela of 2025. What proportion of the popula tion of India is this?

Kumbh Mela

The Kumbh Mela originates in the legend of amrita manthana. The devas and asuras (i.e., more or less, gods and demons), traditional enemies, for once joined forces in churning the cosmic ocean to extract amrita, the divine nectar that would give them immortality.



fig 7.7

To prevent the asuras from getting the amrita, Vishnu, in the form of Mohini, a beautiful lady, snatched the pitcher or kumbha which contained the amrita. In the process, a few drops fell over four places Haridwar, Prayagraj, Nashik, and Ujjain. These are the places where the Kumbh Mela has been held, and a dip in the rivers there during a prescribed period is con sidered most auspicious.

THINK ABOUT IT



fig. 7.8

How do you think these sacred places are connected with the people's economic lives and activities? Draw a mind map to trace these connections. (Hint: The pictures above can provide some clues.)

اسے دیکھنا نہ بھولیں

- پریاگ راج میں ہر چھ سال. بعد کمبھ میلا لگتا ہے۔ پریاگ تین دریاؤں۔ گنگا، جمنا اور غیر مرئی سرسوتی کے سنگم پر واقع ہے۔ کچھ سال پہلے یونیسکو نے کمبھ میلے کو "دنیا کی غیر مادی وراثت" کے طور پر درج کیا ہے۔
- ایک تخمینے کے مطابق 2025 کمبھ میلے میں 66 کروڑ لوگوں نے شرکت کی۔ یہ ہندوستان کی کل آبادی کا کتنا حصہ ہے؟

کمبھ میلہ



شکل 7.7

کمبھ میلے کی جڑیں امرت منتھن کی دیومالائی حکایت میں ملتی ہیں۔ دیو اور اسر (یعنی کم و بیش دیوتا اور راکشس) ایک دوسرے کے روایتی دشمن ہیں۔ ایک مرتبہ امرت (آب حیات) نکالنے کے مقصد سے کائناتی سمندر کو متھنے کے لئے دونوں جمع ہوئے۔

امرت، دیوتاؤں کا مشروب ہے جو انھیں ابدی زندگی بخشے گا، مگر جب امرت برآمد ہوا تو وشنو نے موہنی یعنی ایک خوبصورت عورت کے روپ میں امرت سے بھرے ہوئے گھڑے (کمبھ) کو چھین لیا، تاکہ اسروں کے ہاتھ امرت نہ لگے۔ اس جدوجہد کے دوران امرت کے چند قطرے چار مقامات ہری دوار، پریاگ راج، ناسک اور اجین پر جا گرے۔ یہ وہی مقامات ہیں جہاں کمبھ میلے کا انعقاد ہوتا ہے اور ان دریاؤں میں مجوزہ مدت کے دوران ڈبکی لگانا نہایت متبرک سمجھا جاتا ہے۔

اس پر غور و فکر کریں



آپ کے خیال میں یہ مقدس مقامات لوگوں کی معاشی زندگی اور سرگرمیوں سے کس طرح جڑے ہوئے ہیں؟ ان روابط کو معلوم کرنے کیلئے ایک ذہنی خاکہ بنائیے۔ (اشارہ: اوپر دی ہوئی تصاویر سے کچھ سراغ مل سکتا ہے)

Mountains and Forests

All over the world, mountains are often associated with legends, deities or heroes. Also mountains are seen as a symbolic gateway from earth to heaven because of their height. That is why many tirthas and temples in India are located on hilltops, as the physical journey to these peaks is seen as a symbolic journey to reach the divine. People would undertake arduous walks through mountain trails to those sites and shrines, which tested not only their physical abilities but also their mental strength. Today, such places are often accessible through roads and other modes of transport.




fig. 7.9

Trees, Forests and Sacred Groves

In many parts of India, trees are adorned with offerings like turmeric and kumkum. One species of fig tree commonly called 'peepul' (or 'pipal'), 'bo tree' or 'bodhi tree' (ashvattha in Sanskrit) is sacred to Hinduism, Buddhism, Sikhism and Jainism. In fact, its botanical name is 'Ficus religiosa' (literally, in Latin, the 'religious' or sacred 'fig' tree).

پہاڑ اور جنگلات:

پوری دنیا میں پہاڑوں کو اکثر دیومالائی حکایتوں میں دیوتاؤں اور سورماؤں سے جوڑا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں پہاڑوں کو ان کی بلندی کی وجہ سے زمین سے جنت میں جانے کے لئے ایک علامتی دروازہ کے طور پر بھی دیکھا جاتا ہے۔ اسی لیے ہندوستان میں کئی تیرتھ اور مندر پہاڑی چوٹیوں پر واقع ہیں۔ کیونکہ ان چوٹیوں کے جسمانی سفر کو الوہی دنیا تک پہنچنے کا علامتی سفر سمجھا گیا ہے۔ قدیم زمانے میں لوگ ان مقامات اور زیارت گاہوں تک پہنچنے کے لیے دشوار گزار پہاڑی راستوں سے ہو کر پیدل سفر کرتے تھے، جو نہ صرف جسمانی طاقت بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ان کے ذہنی استحکام کی بھی آزمائش ہوئی تھی۔ آج کے زمانے میں ہم ان مقامات تک سڑکوں یا حمل و نقل کے دیگر ذرائع کی مدد سے آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔



شکل:7.9

درخت، جنگلات اور مقدس پیڑ پودے

ہندوستان کے کئی حصوں میں، درختوں کو ہلدی اور کم کم کی نذر پیش کر کے آراستہ کیا جاتا ہے۔ ایک خاص قسم کا برگد نما درخت جسے عام طور پر پیپل یا بودھی درخت (سنسکرت میں اشوتھ) کہا جاتا ہے، ہندو، بدھ، سکھ اور جین مذاہب میں انتہائی مقدس مانا جاتا ہے۔ در حقیقت، اس کا نباتاتی نام ہے فائکس ریلی جیوسا، (اس لاطینی لفظ کا معنی ہے مذہبی یا مقدس درخت)



Fig. 7.10. The tree in the Mahabodhi Temple at Bodh Gaya is often cited as a direct descendant of the original tree under which, according to Buddhist tradition, the Buddha attained enlightenment hence the names 'bodhi tree' and 'Bodh Gaya'.

In Grade 6 we read about the two epics of India, the Mahabharata and Ramayana. These texts have vivid descriptions of pilgrimages undertaken and places visited, and of sacred rivers, forests and mountains. In almost every region of India, numerous rural and tribal traditions claim that the heroes of these texts passed through their locality, with shrines often marking such passages. Such legends allowed a wide diversity of communities to make the two epics their own.



Fig. 7.11. A shrine in Bastar, Chhattisgarh, celebrating Rama's passing through the area



Fig. 7.12. A seal from Mohenjodaro

Observe this seal from Mohenjodaro. Can you recognise the leaves at the top? As you can see, the peepul tree has been an important part of India's cultural geography for millennia.



THINK ABOUT IT



Many parts of the peepul tree have medical uses: the leaves are used to treat some skin ailments while the bark is useful for stomach ailments. Since it stays green almost through the year, it provides food and shelter to many types of birds and other animals.

AP SCERT



شکل 7.10 : بودھ گیا کے مہابودھی مندر میں واقع درخت کو اکثر اس اصل درخت کی براہ راست نسل بتایا گیا ہے جس کے نیچے بودھ روایت کے مطابق مہاتما بدھ کو گیان حاصل ہوا تھا۔ اسی نسبت سے اس کا نام ابودھی درخت اور اس مقام کو "بودھ گیا" کہا جاتا ہے۔

چھٹی جماعت میں ہم نے ہندوستان کے رزمیہ ادب کے دو شاہکاروں یعنی رامائن اور مہابھارت کے بارے میں پڑھا تھا۔ ان متون میں تیرتھ یاتراؤں، زیارت گاہوں اور مقدس دریاؤں، جنگلات اور پہاڑوں کی واضح تفصیلات موجود ہیں۔ ہندوستان کے تقریباً ہر خطے میں دیہی اور قبائلی روایات موجود ہیں، جن میں یہ دعوی کیا گیا ہے کہ ان رزمیہ داستانوں کے ہیرو ان علاقوں سے گزرے تھے۔ ان گزرگاہوں کو یادگار بنانے کیلئے زیارت گاہوں یا چھوٹے مندروں کی تعمیر کی گئی۔ ان روایات نے مختلف برادریوں کو موقع دیا کہ وہ ان دونوں رزمیہ متون کو اپنی تہذیب کا حصہ سمجھیں۔



شکل 7.11 : بستر، چھتیس گڑھ کی ایک زیارت گاہ جو اسی علاقے سے رام جی کے گزرنے کی یادگار ہے



شکل 7.12 : موہنجودارو کی ایک مہر

موہنجودارو کے دور کی اس مہر کا مشاہدہ کیجئے۔ کیا آپ اس پر بنی ہوئی پتیوں کی شناخت کر سکتے ہیں؟ جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ پیپل کے پتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیپل صدیوں سے ہندوستان کے ثقافتی جغرافیہ کا اہم حصہ رہا ہے۔

اس پر غور کریں

پیپل کے درخت کے کئی حصوں کے طبی فوائد ہیں۔ پتیوں کا استعمال جلد سے متعلق بیماریوں کے علاج میں کیا جاتا ہے جب کہ چھال، معدے کے امراض میں بہت مفید ہے چونکہ یہ پورے سال ہرا بھرا رہتا ہے، اس لیئے مختلف قسم کے پرندوں اور جانوروں کو غذا اور پناہ گاہ بھی مہیا کرتا ہے

Over time, many rural and tribal communities across India decided to protect and preserve some natural forests from harmful activities such as hunting, tree felling or mining. They saw those forests as the abodes of deities for example, Ryngkew or Basa in Meghalaya. Such special forests are called 'sacred groves' in English (see the table below for a few names in regional languages) and, thanks to their sacred status, have come to shelter great biodiversity of flora and fauna. Many sacred groves are also home to small water bodies and thus help in water conservation.

There were many thousands of sacred groves in India. Sadly, these numbers have been shrinking as people have started encroaching on them for various purposes, from agriculture to industry. Still, sacred groves continue to be protected in many regions of India.



Fig. 7.13. Kalkai temple, Mulshi, Maharashtra



Fig. 7.14. Mawphlong, Shillong



Fig. 7.15. From the sacred groves of the Bhils



Fig. 7.16. Udaiyankudukadu Karumbayiramkondan, Tamil Nadu

وقت گزرنے کے ساتھ، ہندوستان میں کئی دیہی اور قبائلی برادریوں نے قدرتی جنگلات کے کچھ حصوں کو شکار درختوں کی کٹائی یا کان کنی جیسی نقصان دہ سرگرمیوں سے بچانے اور تحفظ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا۔ وہ ان دیوتاؤں کا مسکن تصور کرتے تھے۔ مثال کے طور پر میگھالیہ میں **رنگ کیو یا باسا** ایسے ہی مقامات کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان مخصوص جنگلات کو **"مقدس نواحی باغات"** کہا گیا ہے۔ (کچھ مقامی زبانوں میں نام دیکھنے کے لیے اگلے صفحے پر جدول کو دیکھئے) ۔ ان کے مقدس ہونے کی وجہ سے نباتات اور حیوانات کے عظیم حیاتیاتی تنوع کو پناہ ملتی ہے۔ کسی مقدس باغات میں چھوٹے آبی ذخائر بھی ہوتے ہیں، اس طرح پانی کے تحفظ میں بھی مدد ملتی ہے۔

قدیم ہندوستان میں ہزاروں مقدس نواحی باغات تھے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ ان کی تعداد کم ہوتی جاتی رہی ہے کیوں کہ لوگ زراعت سے لے کر صنعت تک مختلف مقاصد کے تحت ان پر قابض ہو رہے ہیں۔ اس کے باوجود ہندوستان کے بہت سے علاقوں میں مقدس باغات محفوظ ہیں اور اپنی ثقافتی و ماحولیاتی اہمیت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔



شکل 7.13 کلکئی مندر ملسی، مہاراشٹرا



شکل 7.14 : ماؤ بھلونگ شیلانگ



شکل 7.15: بھیل برادری کے مقدس نواحی باغات



شکل 7.16 ناد ے ین کڈوکاڈو، کرومبائی رام کونڈن، تامل ناڈو

Given below are the names of a few sacred groves in a few regional languages of India. Can add to this?

Malayalam	kavu
Tamil	kovikadu
Kannada	devarekadu
Marathi	devarai
Khasi (Meghalaya)	khlaw kyntang
Hindi (Himachla Pradesh	devan
Jharkhand	sarna
Chhattisgarh	dev gudi
Rajasthan	oran

In Tamil Nadu, local chronicles highlight the relationship between the deity of a sacred grove, Nature and humans. One such chronicle in the Thanjavur District states that the groves' deities protect fruit bats, which are regarded as sacred spotting one of them is considered auspicious. Besides, bats play a critical role in the pollination of flowers and in the dispersal of seeds. Sacred groves thus evolve a harmonious relationship between the deity, the ecosystem, and humans.

From pilgrimage to trade

Pilgrims encounter traders and merchants along their journey. This interaction benefits both groups. Pilgrims need various items, which traders can provide. As a result, the pilgrimage routes and the trade routes often overlap. Some traders might also double as pilgrims, taking their wares to distant towns and cities while visiting sacred sites and shrines.



AP SCERT

ذیل میں چند مقدس نواحی باغات کے نام ہندوستان کی کچھ مقامی زبانوں میں دیے گئے ہیں۔ کیا آپ ان میں کچھ اور نام شامل کر سکتے ہیں؟

ملیالم	کاوو
تامل	کویل کاڈو
کنڑ	دیورے کاڈو
مراٹھی	دیورائی
کھاسی (میگھالیہ)	کھلاو کنٹانگ
ہندی (ہماچل پردیش)	دیوون
جھارکھنڈ	سرنا
چھتیس گڑھ	دیوگڑی
راجستھان	اورن

تامل ناڈو میں مقامی تواریخ ایک مقدس نواحی باغ کے دیوتا، فطرت اور انسانوں کے مابین تعلق کو اجاگر کرتی ہیں۔ تنجاور ضلع میں ایسی ہی ایک تاریخ میں بیان کیا گیا ہے کہ باغات کے دیوتا میوہ خور چمگادڑوں (Fruit Bat) کی حفاظت کرتے ہیں، جنھیں مقدس سمجھا جاتا تھا اور ان میں سے ایک کو دیکھ لینا متبرک تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ چمگادڑیں پھولوں کی زیرگی اور بیجوں کو منتشر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس طرح مقدس نواحی باغات دیوتا، ماحولیاتی نظام اور انسانوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرتے ہیں۔



زیارت سے تجارت تک:

سفر کے دوران تاجروں اور سوداگروں سے بھی زائرین کی ملاقات ہوئی ہے۔ اس تعامل سے دونوں فریق مستفید ہوتے ہیں۔ زائرین کو مختلف اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے، جنھیں تاجر فراہم کرتے ہیں۔ نتیجتاً زیارتگاہوں کے راستے اکثر ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔ کچھ تاجر زائرین بھی ہو سکتے ہیں جو مقدس مقامات اور زیارتگاہوں کی حاضری کے سفر کے دوران دور دراز کے قصبوں اور شہروں میں اپنے سامان کے ساتھ پہنچتے ہیں۔

What routes did those traders use in ancient India? Revisit the map of trade routes (Fig. 5.5) in the chapter The Rise of Empires'. Uttarapatha was a major trade route connecting the north western and eastern parts of the Subcontinent; the Dakshina-patha went from Kaushambi through Ujjayini (Ujjain) to Pratishthana (Paithan). As you know, some of the goods traded along these routes included precious stones like shells and pearls, coins, gold and diamonds, as well as cotton, spices, and sandal wood.

LET'S EXPLORE

Take a sheet of transparent paper that can be used for tracing. Trace a map of the trade routes from the chapter 'The Rise of Empires'. Place it on top of the map of the important tirthas. What do you observe?

Sacred Geography beyond India

The concept and practice of sacred geography are not unique to India. Ancient Greece had many sacred landmarks, from mountains to sacred groves. The Native Americans used to have a special bond with Nature, which they viewed as sacred. The Maoris, the indigenous people of New Zealand, regard the Taranaki Maunga mountain as their ancestor and therefore as sacred; after many representations by the Maoris, a law recently granted this mountain the rights and responsibilities of a human being an acknowledgement of the Maori worldview. The elders of the community represent the voice of the mountain or river threatened with destruction. This ensures that the sacred places are not exploited and degenerated.

Restoring and conserving the sacred

THINK ABOUT IT







fig 7.18

قدیم ہندوستان میں تاجر کن راستوں کو استعمال کرتے تھے، اس کے لئے باب ''سلطنتوں کا عروج'' میں تجارتی راستوں کے نقشے (شکل 5.5) کو دوبارہ دیکھیے۔ اتر پتھ برصغیر کے شمال مغربی اور مشرقی حصوں کو جوڑنے والا ایک اہم تجارتی راستہ تھا، دکشن پتھ کو شامبی سے اجینی ہوتے ہوئے پرتشٹھان تک جاتا تھا۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں ان راستوں سے جن سامان کی تجارت ہوتی تھی، ان میں سیپی، موتی، قیمتی پتھر، سکے، سونا اور ہیرے کے ساتھ ساتھ کپاس، مسالے اور صندل کی لکڑی بھی بڑی مقدار میں شامل تھی۔

آیئے معلوم کریں

ایک شفاف کاغذ لیجئے جیسے عکس اتارنے کے لیے استعمال کیا جاسکے۔ باب ''سلطنتوں کا عروج'' سے تجارتی راستوں کے نقشے کا عکس اتاریے۔ اب رسے اہم زیارت گاہوں کے نقشے کے اوپر رکھ کر دیکھیے۔ آپ کیا مشاہدہ کر پا رہے ہیں؟

ہندوستان سے باہر مقدس جغرافیہ

مقدس جغرافیہ کا تصور اور روایت ہندوستان تک ہی محدود نہیں ہے۔ یہ روایت دنیا کے دوسرے خطوں میں بھی ملتی ہے۔ قدیم یونان میں پہاڑوں سے لیکر مقدس پیڑ۔ پودوں تک متعدد متبرک مقامات تھے۔ امریکہ کے اصل باشندوں کا فطرت کے ساتھ ایک مخصوص تعلق ہوا کرتا تھا۔ ان کے نزدیک فطرت بذات خود متبرک تھی۔ اسی طرح نیوزی لینڈ کے مقامی ماؤری لوگ، ترانکی مونگا پہاڑ کو آباواجداد تسلیم کرتے ہیں اور اسی لیے اسے مقدس سمجھتے ہیں۔ ماؤریوں کی طرف سے کئی مرتبہ کی کوششوں کے بعد حال ہی میں منظور کیے گئے ایک قانون نے اس پہاڑ کو ایک انسان کے حقوق اور ذمے داریاں عطا کی ہیں۔ یہ ماؤریوں کے نقطہ نظر سے دنیا کو دیکھنے کا اعتراف ہے۔ برادری کے بزرگ افراد اس پہاڑ یا دریا کی آواز کی نمائندگی کرتے ہیں، جب بھی وہ تباہی کے خطرے سے دوچار ہوں۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مقدس مقامات کا استعمال اور انحطاط نہ ہو۔

مقدس مقامات کی بحالی اور تحفظ:

آیئے غور و فکر کریں







شکل 7.18

Look carefully at these pictures of places and animals that are considered sacred. The Yamuna in the north, the Mahanadi in the east or the Kaveri in the south are all sacred rivers. How come they have become so polluted? Are there sacred places in your locality or region that have been similarly polluted or degraded by human activity? Whose responsibility is it to preserve the sanctity of our sacred places? Discuss in class.

A harmonious relationship that once existed between people and the sacred geography sustained Indian civilisation over millennia, creating values that were shared all over the Subcontinent. But today it is under great strain.

Sacred geography continues to be relevant today. When there is a conflict in our relationship with Nature, when a river is overexploited to the point of disappearance, or a sacred mountain is challenged with competing ideas of development, people have spoken up to protect their environment, their deities and values. At a time when sustainability has become a global issue, a worldview that embeds sacred geography has a significant contribution to make.



Before we move on.....

→ All religions in India have their sacred places dotted over the landscape. In Buddhism, Jainism and Sikhism, such places are usually associated with some of the great figures in these belief systems.

→ Hinduism has dense networks of pilgrimage sites, covering the entire geography of India. The practice of pilgrimage is interwoven with the lives of people, as it serves the individual development and spiritual growth, but also the socio economic purposes of trade expansion and pan Indian cultural integration.

→ In many Hindu, tribal and folk traditions, the very land is perceived as sacred.

→ Our sacred places are being polluted owing to widespread neglect and a lack of concern. It is our duty to protect our national heritage, as our Constitution also reminds us.

AP SCERT

مقدس سمجھے جانے والے مقامات اور جانوروں کی ان تصاویر کو غور سے دیکھیے۔ شمال میں جمنا، مشرق میں مہاندی اور جنوب میں کاویری، یہ سبھی مقدس دریا ہیں۔ وہ اتنے آلودہ کیسے ہو گئے؟ کیا آپ کے علاقے میں ایسے مقدس مقامات ہیں جو انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے اسی طرح آلودہ یا انحطاط زدہ ہو چکے ہیں؟ ہمارے مقدس مقامات کی خدمت کو برقرار رکھنا کس کی ذمہ داری ہے؟ اس پر اپنی جماعت میں تبادلہ خیال کیجیے۔

اس زمانے میں انسان اور مقدس جغرافیہ کے مابین ہم آہنگ تعلق نے ہزاروں سال تک ہندوستانی تہذیب کو سہارا دیا اور برصغیر میں مشترکہ قدروں کو جنم دیا، لیکن آج صورت حال بہت کشیدہ ہے۔

مقدس جغرافیہ آج بھی اپنی معنونیت رکھتا ہے۔ جب فطرت کے ساتھ ہمارے روابط میں کوئی تصادم ہوتا ہے، جب کسی دریا کا ضرورت سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے کہ وہ معدوم ہونے لگتا ہے یا کوئی مقدس پہاڑ ترقیاتی منصوبوں کی زد میں آتا ہے تو لوگوں نے اپنے ماحول، اپنے دیوتاؤں اور اقدار کی حفاظت کے لیے آواز اٹھائی ہے۔ ایسے وقت میں جب پائیداری ایک عالمی مسئلہ بن چکا ہے، تو ایک ایسا نقطہ نظر جو مقدس جغرافیہ کو مرکزیت دیتا ہو، دنیا کو بیش قیمت رہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں...

- ہندوستان میں تمام مذاہب کے اپنے مقدس مقامات ہیں جو پوری سرزمین پر پھیلے ہوئے ہیں۔ بدھ مت، جین مت، اور سکھ مت میں ایسے مقامات عام طور پر ان عقائد کی شخصیات سے منسوب ہیں۔
- ہندو مذہب میں زیارت گاہوں کا ایک وسیع اور گھنا جال ہے جو پورے ہندوستان کی جغرافیائی حدود کا احاطہ کرتا ہے۔ زیارت کی روایت لوگوں کی زندگی سے جڑی ہوئی ہے، کیونکہ یہ نہ صرف انفرادی اور روحانی نشوونما میں معاون ہے بلکہ تجارتی توسیع اور پورے ہندوستان کے ثقافتی اتحاد کے سماجی و معاشی مقاصد کو بھی پورا کرتا ہے۔
- بہت سے ہندو قبائل اور لوک (عوامی) روایات میں خود زمین کو مقدس سمجھا گیا ہے۔
- ہمارے مقدس مقامات بڑے پیمانے پر نظر انداز کیے جانے اور عدم سروکار کی وجہ سے آلودہ ہو رہے ہیں۔ ان کے تقدس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے اور یہ ہماری دستوری ذمہ داری بھی ہے۔

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. If your friend is going to Amritsar, which famous temple does she\he visit?

   A) Akshardam Temple B) Golden Temple ( )

   C) Vaishno Devi Temple D) Amarnath Temple

2. A temple near a river receives thousands of visitors daily. Waste from shops and devotees affects the river. Which action best shows responsible behavior?

   ( )

   A) Continuing daily activities without changing practices

   B) Waiting for the river to clean itself naturally

   C) Setting up dustbins, awareness boards, and cleaning groups

   D) Closing the temple to prevent visitors

3. Why do you think natural elements like rivers, mountains and forests are considered sacred for the people? How do they contribute to our lives?

4. Why do people visit a tirtha or other sacred sites?

5. How did the ancient pilgrimage routes help in fostering trade during those times? Do you think the sacred sites help in developing the economy of the region?

6. How do sacred places influence the culture and traditions of the people living near them?

7. What is the two-fold significance of a tirthayatra? or a pilgrimage?

8. Read the following statement by a well-known environmental thinker, David Suzuki:

   "The way we see the world shapes the way we treat it. If a mountain is a deity, not a pile of ore; if a river is one of the veins of the land, not potential irrigation water; if a forest is a sacred grove, not timber; if other species are biological kin, not resources; or if the planet is our mother, not an opportunity then we will treat each other with greater respect. Thus is the challenge, to look at the world from a different perspective."

APSCERT

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس):

(1) اگر آپ کا دوست امرتسر جارہا ہے، تو وہ کس مشہور مندر کی زیارت کرے گا؟ ( )

(a) اکشردھام (b) سنہرا مندر

(c) ویشنو دیوی مندر (d) امرناتھ مندر

(2) ایک دریا کے قریب واقع مندر میں روزانہ ہزاروں زائرین آتے ہیں۔ دکانوں اور عقیدت مندوں کا فضلہ دریا کو متاثر کرتا ہے۔ کون سا عمل ذمہ دارانہ رویے کی بہترین عکاسی کرتا ہے؟ ( )

(a) طریقوں کو بدلے بغیر روزانہ کی سرگرمیاں جاری رکھنا۔ (b) دریا کے قدرتی طور پر خود کو صاف کرنے کا انتظار کرنا۔

(c) کوڑے دان لگانا، آگاہی بورڈ لگانا اور صفائی کے گروپ بنانا۔ (d) زائرین کو روکنے کے لیے مندر کو بند کر دینا۔

(3) آپ کے خیال میں لوگ دریاؤں، پہاڑوں اور جنگلات جیسے فطرت کے عناصر کو مقدس کیوں سمجھتے ہیں؟ یہ عناصر ہماری زندگی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

(4) لوگ تیرتھ یاترا یا دیگر مقدس مقامات پر کیوں جاتے ہیں۔

(5) قدیم زمانے میں زیارت گاہوں کے راستوں سے وہاں ہونے والی تجارت کو فروغ دینے میں کس طرح مدد کی؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ مقدس مقامات اس خطے کی معاشی ترقی میں مدد کرتے ہیں؟

(6) مقدس مقامات اپنے آس پاس رہنے والے لوگوں کی ثقافت اور روایات کو کس طرح متاثر کرتے ہیں؟

(7) تیرتھ یاترا یا زیارت کے دوہرے معنوی پہلو کیا ہیں؟

(8) مصروف ماحولیاتی مفکر ڈیوڈ سوزوکی کے مندرجہ ذیل بیان کو پڑھیے:


"جس طرح سے ہم دنیا کو دیکھتے ہیں، اسی طرح سے ہم اس کے ساتھ سلوک کرتے ہیں۔ اگر پہاڑ ہمارے نزدیک محض کان کنی کے ذخائر نہیں بلکہ ایک دیوتا ہیں، اگر دریا زمین کی کوئی ایک رگ ہے، نہ کہ محض آب پاشی کا ذریعہ : اگر جنگل ایک مقدس باغ ہے، نہ کہ صرف لکڑی؟ اگر دیگر دوسری انواع و اقسام حیاتیاتی رشتے دار ہیں، نہ کہ صرف وسائل، اگر زمین ہماری ماں ہے، نہ کہ محض ایک موقع۔ تو پھر ہم ایک دوسرے کے ساتھ زیادہ عزت و احترام کے ساتھ پیش آئیں گے۔ اس طرح دنیا کو ایک مختلف نقطہ نظر سے دیکھنا ایک چیلنج ہے۔"

Discuss in small groups. What do you think this statement means? What implication does it have for our actions with respect to the air, water, land, trees and mountains around us?

9. List the sacred sites in your region. Enquire into why they are considered sacred. Are there stories connected with these sacred places? Write a short essay of 150 words. (Hint: You could speak to elders in your family and community, discuss with your teacher, read books and articles, etc., to gather relevant information.)

10. From the various sacred sites of India, select two of your choice and create a project explaining their significance.

11. Identify the well known sacred sites in below India map.




✧✧✧✧✧

چھوٹے گروہوں میں اس پر تبادلہ خیال کیجیے۔ آپ کے خیال میں اس بیان کا کیا مطلب ہے؟ ہمارے ارد گرد ہوا، پانی، زمین، درخت اور پہاڑوں کے ساتھ ہمارے رویے پر اس کے کیا اثرات پڑتے ہیں؟

(9) اپنے علاقے کے مقدس مقامات کی فہرست بنایئے اور معلوم کیجئے کہ انھیں مقدس کیوں سمجھا جاتا ہے؟ کیا ان مقدس مقامات سے جڑی ہوئی کہانی ہے؟ 150 الفاظ پر مشتمل ایک مختصر مضمون تحریر کیجئے۔ (اشارہ: آپ متعلقہ معلومات جمع کرنے کے لیے اپنے خاندان اور معاشرے کے بزرگ افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں، اپنے استاد سے تبادلہ خیال کر سکتے ہیں اور کتابیں اور مضامین وغیرہ پڑھ سکتے ہیں)

(10) ہندوستان کے مختلف مقدس مقامات میں سے اپنی پسند کے دو مقامات کا انتخاب کیجیے اور ان کی اہمیت کی وضاحت کرتے ہوئے ایک پروجیکٹ بنایئے۔

(11) نیچے دیے گئے ہندوستان کے نقشے میں مشہور مقدس مقامات کی نشاندہی کریں۔



✧✧✧✧✧

FROM THE RULERS TO THE RULED:TYPES OF GOVERNMENTS

CHAPTER

8

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Understand Democracy and the functions of Government. (CG-1)
- Identify the fundamental principles of Democracy. (CG-1)
- Compare Direct Democracy and Representative Democracy. (CG-6)
- Distinguish between parliamentary democracy and presidential democracy. (CG-6)
- Analyse different forms of Government and their functioning. (CG-6)

"A ruler's duties in the internal administration of the country are three fold : raksha (protection of the state from external aggression), Palana (maintenance of law and order within the state), and yogakshema (safeguarding the welfare of the people)."

Kautilya in Arthashastra
(translation by L.N. Rangarajan)

Fig. 8.1. Inside the Indian Parliament



The Big Questions ?

1. What are the different types of government?
2. Where do governments get their power from?
3. How does a country's government interact with the people?
4. Why does democracy matter?

باب

8

حکمران سے رعایا تک
حکومت کے اقسام

A3E6S3

اکتسابی نتائج:

طلبا اس قابل بنیں گے کہ:

- حکومت کے تصور اور اس کے فرائض کو سمجھ سکیں گے۔(CG-1)
- جمہوریت کے بنیادی اصولوں کی شناخت کر سکیں گے۔(CG-1)
- براہ راست جمہوریت اور نمائندہ جمہوریت کے درمیان موازنہ کر سکیں گے۔(CG-6)
- پارلیمانی جمہوریت اور صدارتی جمہوریت کے درمیان فرق کر سکیں گے۔(CG-6)
- حکومت کی مختلف اقسام اور ان کے طریقہ کار کا تجزیہ کر سکیں گے۔(CG-6)

"ملک کے داخلی نظم و نسق میں حکم راں کی ذمہ داریاں سہ رخی ہوتی ہیں رکشا (بیرونی حملوں سے ریاست کو بچانا)، پالن (ریاست میں قانون اور امن و امان برقرار رکھنا) اور یوگ کشیما (عوام کی بھلائی اور خوش حالی کا تحفظ کرنا)"۔

"ارتھ شاستر" از کوٹلیہ (ترجمہ: ایل۔ این۔ رنگاراجن)

شکل 8.1 : ہندوستانی پارلیمنٹ کا اندرونی منظر



اہم سوالات؟

1۔ حکومت کی مختلف اقسام کیا ہیں؟
2۔ حکومت اپنے اختیار کہاں سے حاصل کرتی ہے؟
3۔ کسی ملک کی حکومت عوام کے ساتھ کس طرح رابطہ قائم کرتی ہے؟
4۔ جمہوریت کی اہمیت کیوں ہے؟

What is Government?

What are its Functions?

In Grade 6, we learned what government is and explored some of its roles.

The government plays an important role in our lives. This role includes:

- maintaining law and order in society;
- ensuring peace, stability, and security for the people;
- managing relationships with other countries;
- taking care of national defence;
- delivering essential goods and services (education, heal-thcare, infrastructure);
- managing the economy and economic activities;
- working for the welfare and improving people's lives.

LET'S EXPLORE

→ Do you remember this picture from your Grade 6 textbook?

→ The government also has many other roles. Try to list them.



In Grade 6, we learned that India has a democratic form of government. Like India, many countries have a democratic government; but some countries have other forms of governments. Even all democratic governments are not exactly the same. In this chapter, we will learn about various forms of government, how they differ from each other, and how they function.

THINK ABOUT IT

The school example helps us to understand the concept of epresentation and how it works. However, the students' committee is different from Parliamentary and Legislative committees, as class representatives in a school are quite different from Members of Parliament (MPs) and Members of the Legislative Assembly (MLAs). What are these differences?

Discuss with your teacher in the class room and make a list.

حکومت کیا ہے؟

اس کے فرائض کیا ہیں؟

چھٹی جماعت میں، ہم نے یہ سیکھا تھا کہ حکومت کیا ہوتی ہے اور اس کے کچھ اہم کرداروں کا مطالعہ کیا تھا۔ حکومت ہماری زندگیوں میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے چند بنیادی کام یہ ہیں:

- معاشرہ میں قانون اور امن و امان قائم رکھنا؛
- عوام کے لیے امن، استحکام اور تحفظ کو یقینی بنانا؛
- دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کو بنائے رکھنا؛
- قومی دفاع کا انتظام کرنا؛
- ضروری اشیا اور خدمات کی فراہمی (جیسے تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچہ)؛
- معیشت اور معاشی سرگرمیوں کا انتظام سنبھالنا؛
- عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنا اور ان کی زندگیوں کو بہتر بنانا۔

آیئے معلوم کریں :



کیا آپ کو اپنی چھٹی جماعت کی کتاب سے یہ تصویر یاد ہے؟

حکومت کے اور بھی کئی فرائض ہوتے ہیں۔ ان کی فہرست بنانے کی کوشش کرو۔

چھٹی جماعت میں ہم نے یہ سیکھا تھا کہ ہندوستان میں جمہوری طرز حکومت ہے۔ ہندوستان کی طرح دیگر دوسرے ممالک میں بھی جمہوری حکومتیں ہیں لیکن کچھ ممالک میں دوسرے طرزِ حکومت بھی ہیں۔ یہاں تک کہ تمام جمہوری حکومتیں بھی ایک جیسی نہیں ہوتیں۔ اس باب میں الگ الگ طرزِ حکومت کے بارے میں سمجھیں گے۔ ان کے درمیان فرق کو دیکھیں گے اور ان کے کام کے بارے میں سیکھیں گے۔

اس پر غور و فکر کریں

اسکول کی مثال ہمیں نمائندگی کے تصور اور اس کے کام کرنے کے طریقے کو سمجھنے میں مدد کرتی ہے۔ تاہم طلبا کی کمیٹی پارلیمانی اور قانون ساز کمیٹیوں سے مختلف ہوتی ہے کیوں کہ اسکول میں جماعت کے نمائندے ممبرانِ پارلیمنٹ (MPs) اور ممبرانِ قانون ساز اسمبلی (MLAs) سے کافی مختلف ہوتے ہیں۔

یہ اختلافات کیا ہیں؟

اپنی جماعت میں اپنے استاد کے ساتھ بحث کریں اور ایک فہرست بنائیں۔


What is Democracy?

As we studied in Grade 6, 'democracy' is best understood as 'rule of the people.' This means that the source of power and authority in a democracy are the people of the country. Let's understand this with the example of a school.

A school example

A school is full of activities and things that must be done. Many day-to-day tasks need to be managed, and things need to be organised. For example, there are timetables to be made and followed, sports activities to be organised, food to be served during lunch time (also called the mid-day-meal), utensils to be cleaned, speakers to be decided for the morning assembly, and activities to be arranged for 'No Bag Days'. The list is very long in terms of all that needs to be done in the school. With so many things to be done, the Head Teacher realised that a Student Committee should be appointed so that students can be part of making the relevant rules to get all this done, then help in implementation of the rules, and ensure that the rules are being followed. The question before the Head Teacher was — who will be part of the committee?

The Head Teacher discussed this in the assembly. She proposed that it would be good if some students can take responsibility for these tasks. A student committee should be formed. Hearing this, the students got excited and started arguing.



Nirmala: *Students in Grade 12 are the most senior; we will take care of everything.*

Shobha: *But you will finish school in a few months. The students in Grade 11 should take care of everything.*

Krishna: *If the students of only one grade will take care of everything, then how will they know about the problems that other grades face?*

APSCERT

جمہوریت کیا ہے؟

جیسا کہ ہم نے چھٹی جماعت میں پڑھا تھا ''جمہوریت'' کو سب سے آسان انداز میں یوں سمجھ سکتے ہیں کہ یہاں ''عوام کی حکم رانی'' ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جمہوریت میں طاقت اور اختیار کا اصل ماخذ ملک کے عوام ہوتے ہیں۔ آیئے اسے ایک اسکول کی مثال سے سمجھتے ہیں۔

اسکول کی مثال :

ایک اسکول میں بہت سی سرگرمیاں اور بہت سے کام انجام دینے ہوتے ہیں۔ روزمرہ کے کئی کاموں کو منظم کرنا پڑتا ہے اور سب کچھ ترتیب سے چلانا ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً نظام الاوقات بنانا اور اس پر عمل کرنا، کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد، دوپہر کے کھانے کا بندوبست کرنا، برتن صاف کیا جانا، صبح کی اسمبلی کے لیے مقررین کا انتخاب ، No Bag Day کی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا۔ یوں تو یہ فہرست بہت طویل ہے اور ان کے لیے ایک بہتر نظام کی ضرورت ہوتی ہے۔ اتنے سارے کاموں کو دیکھتے ہوئے صدر مدرس نے یہ محسوس کیا کہ طلبا کی ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ طلبا ان اصولوں کی تشکیل میں شامل ہوں، جو ان کاموں کو انجام دینے کے لیے ضروری ہیں۔ پھر ان اصولوں پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں۔ لیکن صدر مدرس کے سامنے یہ سوال تھا کہ کمیٹی میں کون ہو گا؟



صدر مدرس نے اس معاملہ پر اسمبلی میں بات کی۔ انھوں نے تجویز پیش کی کہ اگر کچھ طلبا ان کاموں کی ذمہ داری سنبھالیں تو بہتر ہو گا۔ ایک اسٹوڈنٹ کمیٹی تشکیل دی جائے۔ یہ سن کر طلبا پُرجوش ہو گئے اور بحث کرنے لگے۔

سارہ: بارہویں جماعت کے طلبا سب سے سینیئر ہیں، ہم سب کچھ سنبھالیں گے۔

اسماء: لیکن آپ لوگ تو چند مہینوں میں اپنی تعلیم کی تکمیل کے بعد اسکول سے رخصت ہو جائیں گی۔ گیارہویں جماعت کے طلبا کو سب کچھ سنبھالنا چاہیے۔

عرفان: اگر ایک ہی جماعت کے طلبا سب کچھ سنبھالیں گے تو وہ باقی جماعت کے مسائل کو کیسے سمجھیں گے۔

In this exciting situation, the students finally came to three
options:

. Everyone in the school becomes part of the committee and takes responsibility.
. The Head Teacher chooses the students herself for the committee.
. The students choose their representatives through voting, and the chosen **representatives** become the members of the committee.

Representative: A person who is chosen to act or make decisions on behalf of another person or group of people



LET'S EXPLORE



Which of the three methods do you think is most effective? Why?

The first method may seem appealing, but if every student in the school is part of the committee, it will be difficult to reach decisions and manage implementation effectively. In the second method, since the Head Teacher selects the students for the committee, many students will not have a role and won't have a way to ensure that their voices are heard regarding what they need and want. However, in the third method, students from each grade can choose one representative from among themselves someone they believe will effectively advocate for their class's needs. This representative will serve on the committee, meaning that the student committee will consist of representatives from each grade. This approach is a demo-cratic way to choose representatives and form a committee.

Functions of Government

Previously, we discussed the various roles that a government plays in our lives, similar to the responsibilities of a student committee in a school. Just like the school committee, a government must create necessary rules, implement them, and ensure that everyone follows these rules. These three responsibilities are known as the functions of government.

The creation of rules is called the legislative function; these rules serve as the framework for running the country. The implementation of these rules and the administration of the country according to them is known as the **executive function**. Finally, ensuring that the rules are followed is referred to as the **judicial function**. Democracy is defined as the 'rule of the people'. This means that, similar to the third method of electing representatives in a school, in a democracy, the people select their representatives to govern them. However, not every country

نمائندہ : ایسا شخص جو کسی دوسرے فرد یا لوگوں کے گروہ کی طرف سے فیصلے کرنے کا کام انجام دینے کے لیے منتخب کیا گیا ہو۔

اس دل چسپ صورتِ حال میں، طلبا بالآخر تین (3) تجاویز پر پہنچے:

- اسکول کے تمام طلبا کمیٹی کا حصہ بن جائیں اور اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں۔
- صدر مدرس خود طلبا کو کمیٹی کے لیے منتخب کریں۔
- طلبا ووٹنگ کے ذریعہ اپنے نمائندے منتخب کریں اور منتخب نمائندے کمیٹی کے رکن بنیں۔



آپ کے خیال میں ان تینوں طریقوں میں کونسا طریقہ سب سے موثر ہے اور کیوں؟

پہلا طریقہ بہ ظاہر پُرکشش لگتا ہے لیکن اگر اسکول کا ہر طالب علم کمیٹی میں شامل ہو گا تو فیصلے لینے اور ان پر موثر انداز میں عمل درآمد کروانا مشکل ہو جائے گا۔ دوسرے طریقہ میں چوں کہ صدر مدرس خود کمیٹی کے لیے طلبا کا انتخاب کرتا ہے، اس لیے زیادہ تر طلبا کا کوئی کردار نہیں ہو گا اور ان کے مطالبات یا ضروریات کی نمائندگی نہیں ہو پائے گی۔ تاہم، تیسرے طریقہ میں ہر جماعت کے طلبا اپنی جماعت سے ایک نمائندہ منتخب کر سکتے ہیں۔ ایسا نمائندہ جس پر وہ اعتماد رکھتے ہوں کہ وہ ان کی جماعت کی ضروریات کی صحیح ترجمانی کرے گا۔ یہ نمائندے کمیٹی میں شامل ہوں گے، یعنی کہ طلبا کمیٹی ہر جماعت کے نمائندوں پر مشتمل ہو گی۔ یہ طریقہ نمائندے چننے اور کمیٹی بنانے کے کا ایک جمہوری انداز ہے۔

حکومت کے فرائض :

ہم پہلے بھی اس بات پر گفتگو کر چکے ہیں کہ اسکول میں طلبا کی کمیٹی کی ذمہ داریوں کی طرح حکومت ہماری زندگیوں میں کیا کردار ادا کرتی ہے۔ اسکول کمیٹی ہی کی طرح حکومت ضروری اصول و ضوابط بناتی ہے، ان پر عمل درآمد کرواتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ ہر کوئی ان اصولوں کی پیروی کرے۔ ان تین (3) ذمہ داریوں کو حکومت کے فرائض کہا جاتا ہے۔

قوانین بنانے کے عمل کو **قانون سازی** کہا جاتا ہے۔ یہ قوانین ملک کو چلانے کے لیے ایک خاکہ فراہم کرتے ہیں۔ ان قوانین پر عمل درآمد کروانا اور ملک کا نظم و نسق ان کے مطابق چلانا **انتظامی عمل** کہلاتا ہے۔ آخر میں یہ یقینی بنانا کہ ان قوانین کی پابندی کی جائے، **عدالتی عمل** کہلاتا ہے۔ جمہوریت کو "عوام کی حکم رانی" کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جیسے اسکول میں نمائندے منتخب کرنے کے تیسرے طریقہ میں طلبا اپنے نمائندے خود چنتے ہیں تاکہ وہ ان پر حکومت کریں۔ تاہم ہر ملک ان

uses the same method for choosing these representatives. We will explore this topic in more detail in the following sections.

DO YOU KNOW?



fig 8.4 an 1896 moral by the painter vedder called " government" from the library of congren, USA.

Mural :
A large painting or artwork created directly on a wall or a ceiling

Abraham Lincoln, a U.S. president in the late 19th century, described democracy as a 'government of the people, by the people, for the people', a phrase still widely used today.

What Makes Governments Different?

The government of any country evolves over time. Since countries have their own history, culture, and aspirations, it is natural that governments of different countries are different. Let's look at some aspects that can make one form of government different from another. These differences will become clearer when we look at various types of government later in the chapter.

Key differences between governments

1. **Who gets to decide that 'this is the government'?**
   This is the most basic difference across many types of government. Who or what says that 'this is the government of our country'? That is, who or what gives the government its authority and power? For example, in a democracy like India, it is the people of the country who decide and are the source of authority, while in a theocracy, the source of authority is religious beliefs and the head of a religious institution.

   Who gets to decide that 'this is the government'?

2. **How is the government formed?** In a democracy, a government is formed usually through some kind of election. While in kingdoms which have kings or queens, the kind that you have read about in other chapters, usually someone from within the family continues to rule and decide how the government will be set up. There are other ways of forming a government, and even in democracies there can be different kinds of elections.

   How is the government formed?

نمائندوں کو منتخب کرنے کے لیے ایک ہی طریقہ استعمال نہیں کرتا۔ ہم اس موضوع پر آگے تفصیل سے بات کریں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

تصویری دیوار: ایک بڑی تصویر یا فن پارہ جو براہ راست دیوار یا چھت پر بنایا گیا۔

امریکہ کے صدر اَبراہم لنکن نے انیسویں 19 صدی کے آخر میں جمہوریت کو ان الفاظ میں بیان کیا "عوام کی حکومت عوام کے ذریعہ اور عوام کے لیے" یہ محاورہ آج بھی وسیع پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔



شکل 8.4: پینٹر ویدر کی بنائی گئی سن 1896ء کی دیواری تصویر جسے "گورنمنٹ" کہا جاتا ہے، یہ یو۔ ایس۔ اے کی لائبریری آف کانگریس سے لی گئی ہے۔

حکومتوں میں فرق کیوں ہوتا ہے؟

کسی بھی ملک کی حکومت وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی ہے چوں کہ ہر ملک کی اپنی ایک تاریخ، ثقافت اور آرزوئیں ہوتی ہیں۔ اس لیے یہ فطری بات ہے کہ ہر ملک کی حکومتیں بھی مختلف ہوتی ہیں۔ آیئے ان پہلوؤں پر نظر ڈالیں جو ایک حکومت کو دوسری حکومت سے مختلف بناسکتے ہیں۔ یہ فرق اس وقت اور واضح ہو جائے گا جب ہم باب کے آخری حصہ میں حکومت کی مختلف اقسام پر غور کریں گے۔

حکومتوں کے درمیان بنیادی فرق :

یہ کون طے کرتا ہے کہ ہماری ملکی حکومت ہے؟

1۔ یہ کون طے کرتا ہے کہ یہ ہماری ملکی حکومت ہے؟ یہ سوال مختلف اقسام کی حکومتوں میں سب سے بنیادی فرق پیدا کرتا ہے۔ کون یہ طے کرتا ہے کہ یہ "ہمارے ملک کی حکومت ہے؟ یعنی حکومت کو اختیار اور طاقت کہاں سے حاصل ہوتی ہے؟ مثال کے طور پر ہندوستان جیسے جمہوری ملک میں عوام حکومت کا انتخاب کرتے ہیں اور وہی اس کی طاقت کا سرچشمہ ہوتے ہیں، جب کہ ایک مذہبی حکومت میں حکومت کو اختیار مذہبی عقائد اور کسی مذہبی ادارہ کے سربراہ سے حاصل ہوتا ہے۔

حکومت کس طرح بنائی جاتی ہے؟

2۔ حکومت کس طرح بنائی جاتی ہے؟ جمہوریت میں عموماً حکومت انتخابات کے ذریعہ بنتی ہے۔ جب کہ وہ بادشاہتیں جن کے بارے میں آپ نے پچھلے ابواب میں پڑھا ہے، وہاں عموماً بادشاہ یا ملکہ کے خاندان ہی کا کوئی فرد حکومت سنبھالتا ہے اور یہ فیصلہ کرتا ہے کہ حکومت کس طرح چلائی جائے گی۔ حکومت بنانے کے اور بھی طریقے ہوسکتے ہیں حتی کہ جمہوریتوں میں بھی انتخابات کی مختلف اقسام ہوسکتی ہیں۔

3. **What are the different parts of the government and what do they do?**
Any government has many parts and systems, and these vary across different types of government. For example, the three functions of government referred to earlier — legislative, executive, and judiciary - can be performed by totally independent bodies or by the same body. The system to decide how the government will work can be written down in a book of fundamental rules of the country, called the 'constitution', which is what happens in most democracies. Or it can be decided by the king or queen, as it happens in 'monarchies' -governments of kings or queens.

What are the different parts of the government and what do they do?

4. **What is the government working for? What goals is it trying to achieve?** Governments are designed to work towards certain values and ideals. Some governments, like the government of India, are designed to work towards equality and prosperity for all, while some other governments may be designed only for the prosperity of some families or groups.
There are differences between different forms of government based on these four major aspects, but there could be other kind of differences. So, let us now look at some types or forms of government.

What is the government working for? What goals is it trying to achieve?

Democratic Governments around the World

Democracy is the most popular form of government in the modern world. In this part of the chapter, we will see that there are different kinds of democratic governments. Before we get into the differences, we should know that there are some fundamental principles of any democracy.

Fundamental principles of democracy.



Equality in a democracy means that every person has the right to be treated equally. It also means that everyone should have equal access to facilities like education and health, and that everyone is equal before the law.



Freedom in democracy means that citizens have the right to make their own choices and express their opinions.

APSCERT

3. **حکومت کے مختلف اجزا کونسے ہوتے ہیں اور وہ کیا کام کرتے ہیں؟** کسی بھی حکومت میں مختلف حصے اور نظام ہوتے ہیں اور یہ مختلف قسم کی حکومت میں مختلف ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر جیسا کہ ہم پہلے پڑھ چکے ہیں، حکومت کے تین اہم فرائض مقننہ، عاملہ اور عدلیہ۔ یہ تینوں کام بھی الگ الگ ادارے آزادانہ طور پر انجام دیتے ہیں اور کبھی ایک ہی ادارہ انجام دیتا ہے۔ حکومت کس طریقہ سے کام کرے گی، اس کا نظام ملک کے بنیادی اصولوں پر مشتمل ایک کتاب میں درج ہوتا ہے جسے "دستور" کہا جاتا ہے۔ یہ طرزِ عمل زیادہ تر جمہوری ملکوں میں اختیار کیا جاتا ہے لیکن بادشاہتوں میں اکثر سب کچھ بادشاہ یا ملکہ کے فیصلوں پر منحصر ہوتا ہے۔

حکومت کے مختلف اجزا کونسے ہوتے ہیں اور وہ کیا کام کرتے ہیں؟

4. **حکومت کن مقاصد کے لیے کام کر رہی ہے؟** وہ کونسے اہداف حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے؟ حکومتیں مخصوص اقدار اور نظریات کو فروغ دینے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ کچھ حکومتیں، جیسے کہ ہندوستان کی حکومت، مساوات اور سب کی خوش حالی کے لیے کام کرتی ہے، جب کہ بعض دیگر حکومتیں صرف چند خاندانوں یا گروہوں کی ترقی و فلاح کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ مختلف حکومتوں میں چار بڑے پہلوؤں کی بنیاد پر فرق پایا جاتا ہے، تاہم دیگر قسم کے فرق بھی ہو سکتے ہیں۔ آیئے اب ہم مختلف قسم کی حکومتوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

حکومت کن مقاصد کے لیے کام کر رہی ہے؟ وہ کونسے اہداف حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے؟

دنیا بھر میں جمہوری حکومتیں:

آج کی دنیا میں سب سے زیادہ مقبول طرزِ حکومت جمہوریت ہے۔ باب کے اس حصہ میں ہم دیکھیں گے کہ جمہوری حکومتوں کی بھی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔ اس فرق کو سمجھنے سے پہلے ضروری ہے کہ ہم جمہوریت کے کچھ بنیادی اصولوں کو جانیں گے۔

جمہوریت کے بنیادی اصول:

مساوات: جمہوریت میں مساوات کا مطلب ہے کہ ہر فرد کو برابر سمجھا جائے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ ہر شخص کو تعلیم اور صحت جیسی سہولیات تک برابر رسائی حاصل ہو اور قانون کی نظر میں سب برابر ہوں۔




آزادی : جمہوریت میں آزادی کا مطلب ہے کہ ہر شہری کو اپنی رائے کے اظہار اور اپنی مرضی سے فیصلے کرنے کا حق حاصل ہو۔



Representative participation means that every person has a right to choose and elect their representatives. This is done through the process of elections. Elected representatives become a part of the legislature.



Universal adult franchise grants every citizen (above a certain age) the right to vote to choose their representative.



Fundamental rights of a citizen, such as right to equality, right to freedom of speech and expression, and right against exploitation — are all provided and protected in a democracy.



Independent judiciary ensures that every citizen's fundamental rights are protected, and that laws are followed by the citizens and also by all the parts of the government.



It is useful to remember that even these fundamental principles have evolved over time. For example, India provided universal adult franchise (meaning the right to vote in elections to all adults) from the very beginning of the Indian republic in 1950; on the other hand, in Switzerland, women got the right to vote only in 1971. Clearly, the above principles are ideals; not all democracies are able to put them in practice. But equally clearly, it is impor-tant for the citizens to keep these ideals in front of them.

Different forms of democratic governments

Let us now understand the different forms of democratic governments around the world.


1. Direct democracy

This is a form of democracy where all the citizens of a country are directly responsible for all the rules, regulations and functions. They participate in all the decisions directly. In contemporary times, some kinds of this form are followed in a few countries, like Switzerland. The limitation of this form of government is that it is very hard to carry out in practice, particularly in larger countries just as we saw in our school story: if everyone becomes a part of the committee, then decision-making and working on all tasks smoothly will be difficult.

APSCERT



نمائندہ شمولیت: اس کا مطلب ہے کہ فرد کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہ انتخاب "الیکشن" کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ منتخب ہونے والے نمائندے "مقننہ" کا حصہ بنتے ہیں۔



عالمی بالغ رائے دہی: ہر ایسے شہری کو (جو مخصوص عمر سے زیادہ کا ہو) یہ حق دیتی ہے کہ وہ اپنے نمائندے کے انتخاب کے لیے ووٹ دے سکے۔



شہری کے بنیادی حقوق: جمہوریت میں شہریوں کو بنیادی حقوق حاصل ہوتے ہیں جیسے کہ مساوات کا حق، اظہارِ رائے و آزادی تقریر کا حق اور استحصال کے خلاف تحفظ کا حق۔ یہ تمام حقوق جمہوریت میں دیے جاتے ہیں اور ان کا تحفظ کیا جاتا ہے۔



خود مختار عدلیہ: عدلیہ یہ یقینی بناتی ہے کہ ہر شہری کے بنیادی حقوق محفوظ رہیں اور یہ کہ نہ صرف عوام بلکہ حکومت کے تمام ادارے بھی قوانین کی پابندی کریں۔

یہ بات یاد رکھنا مفید ہے کہ بنیادی اصول وقت کے ساتھ ساتھ ارتقا پاتے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان نے 1950ء میں جمہوریہ بنتے ہی عالمی بالغ رائے دہی (یعنی تمام بالغوں کو الیکشن میں ووٹ دینے کا حق) کا نظام اپنا لیا تھا، جب کہ سوئٹزرلینڈ میں خواتین کو ووٹ دینے کا حق 1971ء میں حاصل ہوا۔ صاف ظاہر ہے کہ یہ اصول ایک مثالی حیثیت ہیں۔ تاہم تمام جمہوریتیں ان پر مکمل طور پر عمل نہیں کر پاتیں لیکن یہ تو واضح ہے کہ تمام شہری ان اعلیٰ اصولوں کو ہمیشہ مقدم رکھیں۔

جمہوری حکومتوں کی مختلف اقسام:

آیئے اب دنیا میں رائج جمہوری حکومتوں کی مختلف اقسام کو سمجھتے ہیں۔

1۔ براہ راست جمہوریت

یہ جمہوریت کی وہ شکل ہے جہاں ملک کے تمام شہری براہِ راست تمام قوانین، ضوابط اور حکومتی معاملات کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ وہ ہر فیصلے میں براہِ راست شریک ہوتے ہیں۔ آج کے دور میں اس قسم کی کچھ شکلیں چند ممالک میں رائج ہیں جیسے سوئٹزرلینڈ۔ تاہم اس طرز حکومت کی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ اسے عملی طور پر نافذ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے خاص طور پر بڑے ممالک میں۔ بالکل ویسے ہی جیسے ہم نے اسکول کی کہانی میں دیکھا تھا کہ اگر ہر کوئی کمیٹی کا حصہ بن جائے تو فیصلے کرنا اور تمام کاموں پر آسانی سے عمل کرنا مشکل ہو جائے گا۔

2. Representative democracy

Accountability:
Accountability in democracy means that the government is answerable to the people who have elected them.

This is the form of democratic govern - ment in which the people elect their representatives through universal adult franchise, just like in India. In this form of democracy, the people do not directly govern, but the government is always **accountable** to the people.

Elections are an integral part of representative democracy through which people can express changes in their choices as well. To accomplish this, elections happen in regular and fixed intervals of time. In India we have general elections every five years, while in the United States of America they occur every four years.



DON'T MISS OUT



As we stated in the beginning, democracies have evolved over time, and so have their characteristics. Even today, there are a lot of differences in the functioning of these democracies. It is useful to remember that when these countries adopted democracies, they may not have had all the principles of democracy as we understand them today. For example, effective Universal Adult Suffrage in the UK happened in 1928 and in the USA by 1965.

Country	Year when democracy was established
USA	1787
Switzerland	1848
India	1947
Germany	1949
Kenya	1964
Nepal	2008

Most of the democracies today are representative democracies. But every democracy functions differently. Here are the two forms of representative democ- racy.

2۔ نمائندہ جمہوریت

یہ جمہوریت کی وہ قسم ہے جس میں عوامی عالمی بالغ رائے دہی کے ذریعہ اپنے نمائندے منتخب کرتے ہیں جیسے کہ ہندوستان میں ہوتا ہے۔ اس طرز کی جمہوریت میں عوام براہِ راست حکومت نہیں کرتے لیکن حکومت ہمیشہ عوام کے سامنے **جواب دہ** ہوتی ہے۔

جواب دہی: جمہوریت میں جواب دہی کے معنی یہ ہیں کہ حکومت اس عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے جو اسے منتخب کرتی ہے۔

انتخابات نمائندہ جمہوریت کا ایک لازمی جزو ہیں، جن کے ذریعے عوام اپنی پسند میں تبدیلی کا اظہار کرسکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے انتخابات مقررہ وقفوں پر کرائے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں ہر پانچ 5 سال بعد عام انتخابات ہوتے ہیں جب کہ امریکہ میں ہر چار 4 سال بعد انتخابات کراتے ہیں۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں

جیسا کہ ہم نے ابتدا میں کہا تھا، جمہوریت وقت کے ساتھ ساتھ ترقی پذیر رہی ہے اور اس کے خدوخال میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ آج بھی دنیا کے مختلف جمہوریتوں کے کام کرنے کے انداز میں کئی فرق پائے جاتے ہیں۔ یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ جب ان ممالک نے جمہوریت اپنائی تھی، تب ان کے پاس وہ تمام اصول نہیں تھے جنھیں ہم آج جمہوریت کا حصہ سمجھتے ہیں۔ مثال کے طور پر، برطانیہ میں موثر عالمی بالغ رائے دہی 1928ء میں عمل میں آئی، جب کہ امریکہ میں یہ حق 1965ء میں مکمل طور پر ملا۔

ملک	جمہوریت کے قیام کا سال
یو۔ایس۔اے	1787ء
سوئٹزرلینڈ	1848ء
ہندوستان	1947ء
جرمنی	1949ء
کنیا	1964ء
نیپال	2008ء

آج کی زیادہ تر جمہوریتیں نمائندہ جمہوریتیں ہیں لیکن ہر جمہوری نظام کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔ یہاں نمائندہ جمہوریت کی دو اقسام درج ہیں۔

a. Parliamentary democracy

In this form of government, the members of the executive are also part of the legislature. For example, in India, the prime minister and the council of ministers are also members of the parliament.



The council of ministers are accountable to the legislature and continue working as long as they have the confidence of the legislature. In India, the council of ministers can continue working while they have confidence of the Lok Sabha.

In this form of government, people elect the legislature but not the executive. Selected members of the legislature become ministers.

b. Presidential democracy

In this form of government, the executive works independently of the legislature. The president is elected by the people. The president does not need to have the confidence of the legislature for his / her position.In some countries like India, states within the country such as Rajasthan or Kerala have their own governments, but they are not completely independent. They are still governed by a larger national government, the Union Government of India. The different forms of democratic government have different structures. You can understand the basic differences from the table 9.1 on the facing page.

What do these terms mean?

. **Executive:** The executive is the organ of the government which is responsible for implementing the law. But the process of its election is different in different countries.

APSCERT

A ۔ پارلیمانی جمہوریت

اس طرزِ حکومت میں انتظامیہ کے ارکان، قانون ساز ادارہ کا بھی حصہ ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان میں وزیر اعظم اور وزیروں کی کونسل پارلیمنٹ کے رکن بھی ہوتے ہیں۔ وزیروں کی کونسل قانون ساز ادارے کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے اور وہ صرف اس وقت تک کام کرتی ہے جب تک اسے قانون ساز ادارہ کا اعتماد حاصل ہوتا ہے۔ ہندوستان میں وزیروں کی کونسل اس وقت تک کام جاری رکھ سکتی ہے جب تک اسے لوک سبھا کا اعتماد حاصل ہوتا ہے۔ اس طرز حکومت میں عوام صرف قانون ساز ادارہ کے نمائندے کو منتخب کرتے ہیں۔



شکل:8.5

انتظامیہ براہِ راست عوام سے منتخب نہیں ہوتی بلکہ منتخب شدہ قانون ساز ادارہ کے کچھ ارکان وزیر بنتے ہیں۔

B ۔ صدارتی جمہوریت

اس طرز حکومت میں عاملہ، مقننہ سے آزاد کام کرتی ہے۔ صدر براہِ راست عوام کے ذریعہ منتخب ہوتا ہے۔ صدر کو اپنے عہدہ پر برقرار رہنے کے لیے مقننہ کے اعتماد کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کچھ ممالک جیسے کہ ہندوستان میں ریاستیں مثلاً راجستھان یا کیرالا اپنی الگ حکومتیں رکھتی ہیں لیکن وہ مکمل طور پر خود مختار نہیں ہوتیں۔ ان پر ایک بڑی قومی حکومت یعنی مرکزی ہندوستانی حکومت کی بالادستی برقرار رہتی ہے مختلف اقسام کی جمہوری حکومتوں کا مختلف ڈھانچہ ہوتا ہے۔ ان کے بنیادی فرق کو جدول 8.1 میں آئندہ صفحہ پر سمجھا جا سکتا ہے۔

ان اصطلاحات کے کیا معنی ہیں؟

عاملہ: عاملہ حکومت کا وہ شعبہ ہے جو قوانین پر عمل درآمد کی ذمہ داری سنبھالتا ہے لیکن اس کے انتخاب کا طریقہ کار مختلف ممالک میں جداگانہ ہوتا ہے

Different forms of democratic government			
Institution	**Executive**	**Legislature**	**Judiciary**
India	Prime Minister and the council of ministers	Lower House (Lok Sabha) is more powerful than Upper House (Rajya Sabha)	independent from executive and legislature (separation of power)
USA	President	equal power between Upper House (Senate) and Lower House (House of Representatives)	independent from executive and legislature (separation of power)
South Korea	President	single house (National Assembly)	independent from executive and legislature (separation of power)
Australia	Prime Minister and the council of ministers	equal power between Upper House (Senate) and Lower House (House of Representatives)	independent from executive and legislature (separation of power)
A			
B			

Table 8.1 Different forms of democratic government

. **Legislature :** The legislature is the body of the government which is responsible for making laws. It is known by different names in different countries. In India, it is called Parliament; in the USA, it is called Congress. In most democracies, it has two houses, the Upper House and the Lower House.

APSCERT

جمہوری حکومت کی مختلف اقسام			
ممالک	عاملہ	مقننہ	عدلیہ
ہندوستان	وزیر اعظم اور وزرا کی کونسل	ایوانِ زیریں (لوک سبھا) کو ایوانِ بالا (راجیہ سبھا) سے زیادہ اختیارات حاصل ہیں	عاملہ اور مقننہ سے آزاد (اختیارات کی تقسیم)
امریکہ	صدر	ایوانِ بالا (سنیٹ) اور ایوانِ زیریں (ایوانِ نمائندگان) کو مساوی اختیارات حاصل ہیں	عاملہ اور مقننہ سے آزاد (اختیارات کی تقسیم)
جنوبی کوریا	صدر	ایک ایوان پر مشتمل (قومی اسمبلی)	عاملہ اور مقننہ سے آزاد (اختیارات کی تقسیم)
آسٹریلیا	وزیر اعظم اور وزرا کی کونسل	ایوانِ بالا (سنیٹ) اور ایوانِ زیریں (ایوانِ نمائندگان) کو مساوی اختیارات حاصل ہیں	عاملہ اور مقننہ سے آزاد (اختیارات کی تقسیم)
A			
B			

جدول 8.1: جمہوری حکومت کی مختلف اقسام

مقننہ: مقننہ حکومت کا وہ شعبہ ہے جو قوانین بنانے کا پابند ہوتا ہے۔ اسے مختلف ممالک میں الگ الگ ناموں سے جانا جاتا ہے۔ ہندوستان میں اسے پارلیمنٹ اور امریکہ میں کانگریس کہا جاتا ہے۔ زیادہ جمہوریتوں میں دو ایوانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ **ایوانِ بالا** اور **ایوانِ زیریں**۔

- **Upper House and Lower House:** In most countries, the Lower House is elected by direct voting and is generally more powerful than the Upper House, which is formed either by election or nomination. These Houses are known by different names in different countries. In India, the Lower House is called the Lok Sabha, and the Upper House is called the Rajya Sabha.
- **Separation of Power** means that the three organs of the government Legislature, Executive, and Judiciary work independently and do not interfere in each other's functions.



LET'S EXPLORE



→ Fill the blank columns under Country A and Country B in table9.1 given on the previous page by taking two different countries of your choice.

→ Analyse the table and discuss amongst yourselves the similarities and differences in all the examples.

The exercise must have given you an understanding that different forms of democratic governments have different ways of formation, structures and functioning. Along with this, the relationships between the three organs of government also differs. But as we read in the beginning, some characteristics, like equality, freedom and universal adult franchise remain the same in all democracies.



LET'S EXPLORE



→ After studying the above examples, list the core principles of a democratic government. Based on your understanding, do the activity given below:

→ You have to form a Student Committee in your school. Make a plan and execute it in a democratic manner, ensuring that:

- Functions of the committee are well defined
- The election process of the committee members is democratic

A Peek into History

Early republics

A republic is a form of government in which the head of state is elected and is not a hereditary monarch. This was the case in at least two of India's ancient mahajana-padas, as you might recall from the chapter 'New Beginnings: Cities and States'. In the Vajji (or Viji) mahajanapada, the Lichchhavi clan, in particular, practised collective decision making, and leaders were chosen based on merit

ایوانِ بالا اور ایوانِ زیریں : زیادہ تر ممالک میں ایوانِ زیریں کا انتخاب براہِ راست ووٹنگ کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور یہ عام طور پر ایوانِ بالا کے مقابلہ میں زیادہ طاقت ور ہوتا ہے۔ ایوانِ بالا یا تو انتخاب یا نامزدگی کے ذریعہ تشکیل دیا جاتا ہے۔ ان ایوانوں کو مختلف ممالک میں مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے۔ ہندوستان میں ایوانِ زیریں کو لوک سبھا اور ایوانِ بالا کو راجیہ سبھا کہا جاتا ہے۔

اختیارات کی تقسیم: اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کے تین ادارے مقننہ، عاملہ اور عدلیہ یہ سبھی آزادانہ طور پر کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتے۔

آیئے معلوم کریں:

← جدول 8.1 کے تحت پچھلے صفحہ پر دیے گئے ٹیبل میں ملک A اور ملک B کے خانے خالی ہیں۔ اپنی پسند کے دو مختلف ممالک کی بنیاد پر اسے پُر کیجیے۔

← جدول کا تجزیہ کیجیے اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ تمام مثالوں میں ان کی مماثلتوں اور فرق پر گفتگو کیجیے۔

یہ مشق آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دے گی کہ جمہوری حکومتوں کی مختلف اقسام کی تشکیل، ساخت اور مختلف ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، حکومت کے تینوں اداروں کے درمیان تعلق بھی مختلف ہوتا ہے لیکن جیسا کہ ہم نے آغاز میں پڑھا۔ کچھ خصوصیات جیسے مساوات، آزادی اور عالمی بالغ رائے دہی کا حق تمام جمہوریتوں میں یکساں ہوتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں:

← اوپر دی گئی مثالوں کا مطالعہ کرنے کے بعد جمہوری حکومت کے بنیادی اصولوں کی فہرست بنایئے۔ اپنی سمجھ کی بنیاد پر درج ذیل سرگرمی مکمل کیجیے۔

← آپ کو اپنے اسکول میں طلبا کی ایک کمیٹی تشکیل دینی ہے۔ ایک منصوبہ بنایئے اور اس کو یقینی بناتے ہوئے اسے جمہوری انداز میں نافذ کیجیے کہ:

کمیٹی کے کام واضح طور پر متعین ہوں۔

کمیٹی کے ارکان کے انتخاب کا عمل جمہوری ہو۔

تاریخ کی ایک جھلک

ابتدائی جمہوریتیں:

جمہوریہ ایک ایسی طرزِ حکومت ہے جس میں ریاست کا سربراہ عوام کے ووٹ سے منتخب ہوتا ہے اور وہ موروثی بادشاہ یا ملکہ نہیں ہوتے۔ یہ طرز حکومتیں کم از کم دو قدیم ہندوستانی مہاجناپدا میں رائج تھا جیسا کہ آپ کو "نئی ابتدا: شہر اور ریاستیں" والے باب سے یاد ہوگا۔ وجّی مہاجناپدا میں، خصوصاً لچھوی قبیلہ اجتماعی فیصلہ سازی کی روایت پر عمل کرتا تھا جہاں رہنماؤں کا انتخاب نسب کے

rather than birth. Key positions were filled through elections, and representatives from various clans met regularly to address issues and develop solutions to ensure the people's welfare. As a result, such states have been called early republics.

Indeed, the voice of the common people has been valued and upheld in India through the ages, even when the power was in the hands of a king or queen. A remarkable example from the Chola period is seen in the Uttaramerur inscriptions from the 10th century CE in Tamil Nadu, which provide us with details about the election of members to the village sabha (local administrative body). We learn about the election process, including sealed ballot boxes, qualifications of members, their duties, and also the conditions that could lead to their dismissal. For instance, members would be immediately removed if found to have indulged in any corruption. There were republics in other parts of the world too. In the 5th and 4th centuries BCE, Rome and Greece had republics. In some regions of Greece, free men could vote, but women, workers and **slaves** could not. Other areas had a system where only a small, privileged group could vote or make decisions.




fig 8.6 Chola period inscriptions on the walls of Vaikunta Perumal temple uttaramerur, Tamilnadu

Other Forms of Government

In the previous sections we saw that democracy is the most popular form of government in today's world, and that there are different forms of democracy as well. Let us now look at other forms of governments, and understand their basic structures.

Slave:
A person who is forced to work for and obey another and is considered to be their property.

1 Monarchy

As we saw in chapters of 'Tapestry of the Past', mahajanapadas were headed by kings, who were guided by the sabha or samiti and were expected to take decisions and advice of these institutions seriously. As empires were built and expanded across India, kings began to gain immense power. Yet, they

Subjugate:
To take control of people or a place by using force and make the people obey.

بجائے اہلیت کی بنیاد پر ہوتا تھا۔ اہم عہدوں پر انتخابات کے ذریعے افراد کو منتخب کیا جاتا تھا اور مختلف قبیلوں کے نمائندے باقاعدگی سے ملاقات کر کے عوام کی فلاح و بہبود کے مسائل پر گفتگو کرتے اور حل تجویز کرتے تھے۔ اس لیے ایسی ریاستوں کو ابتدائی جمہوریتیں کہا جاتا ہے۔

درحقیقت، ہندوستان میں عوام کی آواز کو صدیوں سے اہمیت دی گئی ہے چاہے اقتدار کسی بادشاہ یا ملکہ کے ہاتھ ہی میں کیوں نہ ہو۔ چولا عہد کا ایک شان دار نمونہ دسویں صدی عیسوی کے تمل ناڈو کے اترمیرور کے کتبوں میں ملتا ہے جہاں گاؤں کی سبھا (مقامی انتظامیہ) کے ارکان کے انتخاب سے متعلق تفصیلات درج ہیں۔ ان تحریروں سے ہمیں انتخابی عمل، مہر بند بیلٹ بکسوں، ارکان کی اہلیت، ان کے فرائض اور وہ وجوہات بھی معلوم ہوتی ہیں جن کی بنیاد پر انھیں معذول کیا جا سکتا تھا۔ مثال کے طور پر اگر کسی رکن کے حوالہ سے بدعنوانی میں ملوث ہونے کا ثبوت مل جاتا تو اسے فوراً برطرف کر دیا جاتا۔ دنیا کے دیگر حصوں میں بھی جمہوری ریاستیں موجود تھیں۔ پانچویں اور چوتھی صدی قبل مسیح میں روم اور یونان میں جمہوری طرز حکومت رائج تھی۔ یونان کے بعض علاقوں میں آزاد مردوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل تھا لیکن عورتوں، مزدوروں اور غلاموں کو یہ حق حاصل نہیں تھا۔ دیگر علاقوں میں صرف ایک چھوٹے، مراعات یافتہ طبقے کو ووٹ دینے یا فیصلے کرنے کا اختیار حاصل تھا۔



شکل 8.6: اترمیرور، تمل ناڈو میں واقع وینکٹھ پیرومال مندر کی دیواروں پر چولا عہد کے کتبے۔

حکومت کی دیگر شکلیں

پچھلے سیکشن میں ہم نے دیکھا کہ آج کی دنیا میں جمہوریت سب سے مقبول طرز حکومت ہے اور جمہوریت کی بھی مختلف شکلیں موجود ہیں۔ اب آیئے حکومت کی دیگر شکلوں پر نظر ڈالتے ہیں اور ان کی بنیادی ڈھانچوں کو سمجھتے ہیں۔

غلام: وہ شخص جسے کسی اور کے لیے زبردستی کام کرنے اور اطاعت کرنے پر مجبور کیا جائے اور اسے دوسروں کی ملکیت سمجھا جائے۔

1۔ بادشاہت

جیسا کہ ہم نے "ماضی کے نقوش" والے ابواب میں دیکھا، مہاجنپدوں کی سربراہی بادشاہوں کے ہاتھ ہوتی تھی، جنھیں سبھا اور سمیتی کی رہنمائی حاصل رہتی تھی اور ان اداروں کی رائے اور فیصلوں کو سنجیدگی سے لینے کی توقع کی جاتی تھی۔ جب ہندوستان میں سلطنتیں قائم ہوئیں اور ان کی توسیع ہوئی تو بادشاہ کو بے پناہ طاقت حاصل ہونے لگی۔ تاہم وہ حکومت

تابع کرنا: لوگوں یا کسی جگہ پر طاقت کے ذریعہ قابو پانا اور لوگوں کو اطاعت پر مجبور کرنا۔

relied on a council of ministers and a network of officials to help them govern the empire. In many cases, the king also sought the advice of learnt scholars on matters related to dharma. Of course, there were also examples of kings who used their power to subjugate their people.



Fig. 8.7. Adoration of the pillar of Sanchi Stupa

In some parts of the world, kings had all the power; they made the laws, enforced them, and also decided the punishments. In some cases, they claimed to have received divine power from God.

However, in many parts of India, the power of the raja was neither absolute nor beyond question. The king was expected to make decisions while staying within the limits of rajadharma; this meant ruling according to dharma and ensuring the welfare of all people. This was an ideal that kings did not necessarily achieve.

THINK ABOUT IT

What might happen if the king considered himself to have divine powers? How would he rule over the people?

DON'T MISS OUT

In the Shanti Parva of the Mahabharata, when Bhishma, the wise elder of the Kuru dynasty, lies on a bed of arrows awaiting his death, he teaches Yudhisthira, the eldest Pandava, at great length on good governance, justice, and the moral responsibilities of a raja. A raja is not just a ruler; the welfare of his people is his highest priority. He must apply the law without bias to ensure fairness and equality. He must not get attached to power, as it fosters ego and corruption. He must seek guidance from wise advisors to ensure just and well-informed decisions. The raja must understand that his authority is temporary and bound by dharma.





شکل:8.7 : سانچی اسٹوپ کے ستون کے تئیں عقیدت کا اظہار

چلانے کے لیے وزیروں کی کونسل اور حسب مراتب افسران کی جماعت پر انحصار کرتے تھے۔ بہت سے معاملات میں بادشاہ مذہب سے متعلق امور پر دانش وروں کی رائے بھی طلب کرتے تھے۔ البتہ ایسے بادشاہوں کی بھی مثالیں موجود ہیں جنھوں نے اپنی طاقت کا غلط استعمال کرتے ہوئے عوام کو اپنے تابع کیا۔

دنیا کے بعض حصوں میں بادشاہ کے پاس تمام اختیارات ہوتے تھے وہ قوانین بناتے، ان پر عمل درآمد کرواتے اور سزائیں بھی خود ہی مقرر کرتے۔ کچھ صورتوں میں بادشاہ یہ دعویٰ کرتے کہ انھیں اقتدار خدائی حکم سے ملا ہے۔

البتہ ہندوستان کے کئی علاقوں میں راجا کی طاقت نہ تو مکمل طور پر مطلق تھی اور نہ ہی تنقید سے بالاتر۔ بادشاہ سے راج دھرم کی حدود میں رہتے ہوئے فیصلے کرنے کی توقع کی جاتی تھی۔ اس کا مطلب تھا کہ دھرم کے مطابق حکومت کی جائے اور تمام لوگوں کی بھلائی کو یقینی بنایا جائے۔ یہ ایک مثالی تصور تھا جس پر بادشاہ پورے نہیں اترتے تھے۔

اس پر غور و فکر کریں:

اگر بادشاہ خود کو خدائی طاقتوں کا حامل سمجھنے لگے تو کیا ہوگا؟ وہ عوام پر کس انداز میں حکومت کرے گا؟

اسے دیکھنا نہ بھولیں:

مہابھارت کے "شانتی پرو" میں بیان ہے کہ جب کورو خاندان کے دانا بزرگ بھیشما تیروں کے بستر پر موت کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں، تب انھوں نے پانڈوؤں میں سب سے بڑے یودھشترا کو اچھی حکم رانی، انصاف اور راجا کی اخلاقی ذمہ داریوں پر بڑے مفصل انداز میں تعلیم دی۔ راجا محض حکم راں نہیں ہوتا۔ اس کے لیے اپنی رعایا کی بھلائی سب سے بڑی ترجیح ہوتی ہے۔ اس قانون کو بغیر کسی جانب داری کے نافذ کرنا چاہیے تاکہ عدل و مساوات قائم رہے۔ اسے اقتدار سے دل نہ لگانا چاہیے کیوں کہ اس سے انانیت اور بدعنوانی پیدا ہوتی ہے۔ اسے دانش مند مشیروں سے مشورہ لینا چاہیے تاکہ فیصلے منصفانہ اور بصیرت پر مبنی ہوں۔ راجا کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اس کا اقتدار عارضی ہے اور وہ مذہب کے دائروں کا پابند ہے۔



Sovereign: Sovereign indicates that the source of power of a country is independent from external influence.

Monarchs: Kings or queens who inherit their position from their fam ily, usually passing it from one genera tion to the next within the royal family.

King Chandrapida wanted to build a temple to his deity, but the hut of a stubborn cobbler stood in the way. When the builders complained to the king that he did not even allow them to take measurements, the king blamed them for not asking the cobbler's permission first. The king received the cobbler, who explained that his humble hut was like a mother to him and as precious to him as the palace was to the king: The misery people feel when their homes are forcibly taken away can be described only by a god who has fallen from his celestial car or by a king who has lost his kingdom!" Nevertheless, the cobbler expressed his readiness to let go of his hut if only the king would come and respectfully ask for his permission which the king did, giving him adequate money as compensation. "For those who desire happiness, there should be no false pride," concludes the text, while the cobbler praised the king's commitment to dharma, even towards a lowly subject!

– From Rajatarangani by the Kashmiri scholar Kalhaa (12th century CE)

2. Monarchies today

A monarchy is the type of government that is ruled by a monarch. Kings and queens are called monarchs, who exercise their sovereign power. Monarchies are usually hereditary; typically, the eldest son of the ruling monarch becomes the next king.

Today we have two types of monarchy:

a. Absolute monarchy

In an absolute monarchy the monarch has complete control in the making of laws, ensuring that they are followed and adjudicating when they are not.

بادشاہ چندراپیڑا اپنے دیوتا کے لیے ایک مندر تعمیر کروانا چاہتا تھا مگر ایک ضدی موچی کی جھونپڑی اس راستہ میں حائل تھی۔ جب کاری گروں نے بادشاہ سے شکایت کی کہ وہ انھیں ناپ بھی لینے کی اجازت نہیں دے رہا ہے تو بادشاہ نے انھیں ہی قصوروار ٹھہرایا کہ انھوں نے پہلے موچی سے اجازت کیوں نہیں لی۔ بادشاہ نے موچی کو دربار میں طلب کیا۔ جس نے وضاحت کی کہ اس کی سادہ سی جھونپڑی اس کے لیے ماں کی طرح ہے اور اتنی ہی قیمتی ہے جتنا قیمتی بادشاہ کے لیے محل ہے۔ ''جس کرب کا سامنا کسی انسان کو اپنے گھر کے جبراً چھین جانے پر ہوتا ہے اسے صرف وہی بیان کر سکتا ہے جو یا تو آسمان سے گرا ہوا دیوتا ہو یا اپنی سلطنت سے محروم بادشاہ!'' تاہم، موچی نے اس پر آمادگی ظاہر کی کہ اگر بادشاہ خود عزت سے آکر اس سے اجازت مانگے تو وہ اپنی جھونپڑی چھوڑنے کو تیار ہے۔ بادشاہ نے واقعی ایسا ہی کیا اور اسے مناسب معاوضہ بھی دیا۔ متن کے آخر میں کہا گیا ہے کہ ''جو لوگ خوشی چاہتے ہیں انھیں جھوٹی انا نہیں رکھنی چاہیے۔'' جب کہ ایک موچی نے ایک بادشاہ کی تعریف کی کہ اس نے راج دھرم کا لحاظ رکھتے ہوئے ایک معمولی رعایا کے ساتھ بھی انصاف کیا۔

کشمیری دانش ور کلہن کی راج ترنگنی سے ماخوذ (بارہویں صدی عیسوی)

خود مختار: خود مختاری اس بات کی نشان دہی کرتی ہے کہ کسی ملک کی طاقت کا ماخذ بیرونی اثر و رسوخ سے آزاد ہے۔

بادشاہ: بادشاہ یا ملکہ وہ حکمراں ہوتے ہیں جو اپنی حیثیت، اپنے خاندان سے وراثت میں حاصل کرتے ہیں اور عموماً یہ منصب ایک نسل سے دوسری نسل کے شاہی خاندان میں منتقل ہوتا ہے۔

2۔ آج کی بادشاہتیں

بادشاہت ایک ایسا طرزِ حکومت ہے جس میں حکومت ایک بادشاہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ ایسے بادشاہوں اور ملکاؤں کو شہنشاہ کہا ہے جن کے پاس خود مختار اختیارات ہوتے ہیں۔ عام طور پر بادشاہتیں موروثی ہوتی ہیں۔ عموماً بادشاہ کا سب سے بڑا بیٹا اس کا جانشین بنتا ہے۔

آج دو طرح کی بادشاہتیں پائی جاتی ہیں:

a۔ مطلق العنان بادشاہت

اس قسم کی بادشاہت میں بادشاہ کو مکمل اختیار حاصل ہوتا ہے اور وہ اس بات کو یقینی بناتے ہوئے قانون سازی میں مکمل اختیار اپنے پاس رکھتا ہے کہ وہ ان پر عمل درآمد بھی کروائے گا اور خلاف ورزی کی صورت میں عدالتی فیصلہ بھی جاری کرے گا۔

Saudi Arabia is an example of an absolute monarchy; here the king holds all power and governs according to Islamic law. However, he appoints a council that advises and assists him on governance; but he is not bound by the council's advice.

Adjudicaing: Judging a case when there is a dispute

b. Constitutional monarchy

Let us consider an example of a different kind of monarchy. The United Kingdom or Britain is also a monarchy. The head of the state is the king or queen, but he or she has only nominal power and the real power of the executive is exercised by the prime minister. The legislative power is exercised by the parliament. This means that all the laws are made by the elected parliament, and executive power is exercised by the Council of Ministers led by the prime minister. So while Britain has a king, it really is, today, a parliamentary democracy. This kind of monarchy is called a constitutional monarchy.

3. Theocracy

A theocracy is a form of government where the country is ruled by the rules of religion and religious leaders.



Fig. 8.9. King Charles III in a ceremonial coach during the visit of a foreign dignitary.

Iran, whose full official name is 'Islamic Republic of Iran' has a unique political system combining elements of both a theocratic and democratic governance. Their constitution is based on the fundamental principles of Islam, the country's official religion. The Supreme Leader, who has the ultimate authority over the legislature, executive and judiciary, is selected by a group of Islamic clerics and his term is for life. There are also an elected president and a parliament that take care of everyday governance. The intent of the republic is to establish a society based on Islamic norms. Other theocracies currently in existence include Afghanistan and Vatican City.

4. Dictatorship

A dictatorship is a form of government in which one person, or a small group possesses absolute power they do not have any limits imposed on them by a constitution or law. The 20th century witnessed many examples of dictators who created extremely difficult circumstances for the people; we will only see two of them here.

عدالتی فیصلہ دینا: کسی تنازعہ کی صورت میں منصفانہ فیصلہ کرنا۔

سعودی عرب مطلق العنان بادشاہت کی ایک مثال ہے، یہاں بادشاہ کے پاس تمام اختیارات ہوتے ہیں اور وہ اسلامی قانون (شریعت) کے مطابق حکومت کرتا ہے۔ اگرچہ کہ وہ مشاورتی کونسل مقرر کرتا ہے جو اسے حکومت کے معاملات میں مشورہ دیتی اور مدد کرتی ہے لیکن وہ کونسل کی رائے کا پابند نہیں ہوتا۔

b۔ دستوری بادشاہت

آیئے اب ہم بادشاہت کو ایک مختلف قسم کی مثال پر غور کرتے ہیں۔ برطانیہ بھی ایک بادشاہت ہے۔ یہاں بادشاہ یا ملکہ ریاست کے سربراہ ہوتے ہیں مگر اس کے پاس محض علامتی اختیارات ہوتے ہیں۔ اصل اختیارات وزیر اعظم کے پاس اور قانون سازی کا اختیار پارلیمنٹ کے پاس ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام قوانین منتخب پارلیمنٹ بناتی ہے اور انتظامی اختیارات کا استعمال وزیروں کی کونسل کرتی ہے۔ جس کی قیادت وزیر اعظم کرتا ہے۔ لہذا برطانیہ میں اگرچہ بادشاہ موجود ہے مگر حقیقت میں وہاں پارلیمانی جمہوریت قائم ہے۔ اس قسم کی بادشاہت کو دستوری بادشاہت کہا جاتا ہے۔



شکل 8.9 : بادشاہ چارلس سوم ایک غیر ملکی معزز مہمان کے استقبال کے موقع پر رسمی شاہی گھوڑا گاڑی میں سوار ہیں۔


3۔ مذہبی حکومت

تھیوکریسی ایک ایسا طرزِ حکومت ہے جس میں ملک کو مذہب کے اصولوں اور مذہبی رہنماؤں کے تحت چلایا جاتا ہے۔ ایران، جس کا مکمل سرکاری نام "اسلامی جمہوریہ ایران" ہے، ایک منفرد سیاسی نظام رکھتا ہے جس میں تھیوکریسی (مذہبی حکومت) اور جمہوریت دونوں کے عناصر شامل ہیں۔ اس کا دستور اسلام کے اصولوں پر مبنی ہے جو کہ ملک کا سرکاری مذہب ہے۔ سپریم لیڈر (رہبر اعلیٰ)، جو مقننہ، عاملہ اور عدلیہ پر مکمل اختیار رکھتا ہے۔ اسے اسلامی دانش وروں کے ایک گروہ کے ذریعہ منتخب کیا جاتا ہے اور اس کی مدت اقتدار تاحیات ہوتی ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ ایک منتخب صدر اور پارلیمنٹ بھی ہوتی ہے جو روزمرہ کے حکومتی امور سرانجام دیتے ہیں۔ اس جمہوریہ کا مقصد ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا ہے جو اسلامی اقدار پر مبنی ہے۔ دیگر ممالک جہاں اس وقت تھیوکریسی ہے، ان میں افغانستان اور ویٹیکن سٹی شامل ہیں۔

4۔ آمریت

آمریت ایک ایسا طرزِ حکومت ہے جس میں تمام اختیارات ایک فرد یا چند افراد کے ہاتھ میں ہوتے ہیں۔ ان پر نہ کوئی دستوری پابندی ہوتی ہے اور نہ ہی قانونی حدود کا اطلاق۔ بیسویں صدی میں کئی ایسے آمروں نے ایسے حالات پیدا کیے جو عوام کے لیے بے حد تکلیف دہ ثابت ہوئے۔ یہاں ہم ان میں سے صرف دو کی مثالیں دیکھیں گے۔

- Soon after Adolf Hitler was appointed Chancellor of Germany in 1933, he passed laws that gave him full power and eliminated the opposition. He was now a dictator. Convinced of the superiority of his people, he believed that Germany should rule the world and dominate 'inferior races'. He was responsible for the killing of at least six million Jews (this is known as the 'Holocaust') as well as hundreds of thousands of Roma and other groups of people. In fact, he was the cause for World War II in the years 1939–1945,



Adolf Hitler

which resulted in immense loss of life and property in many countries.




Fig. 8.11. Caricature of Idi Amin

- Idi Amin was a military dictator in Uganda. He was directly responsible for the merciless killing of thousands of people. Many Indians whose ancestors had migrated to Uganda a few generations before were forced to flee the country.

Caricature:
A drawing that makes some one look funny or foolish be cause some part of the person's appearance is exaggerated


DON'T MISS OUT

The Roma, or Romani people; were originally nomads. Based on their linguistic and cultural characteristics, scholars have determined that they originated in India. They first settled in parts of eastern Europe but have now migrated to several countries of the world.



Story of Shane


Shane lives in North Korea which has a set of defined rules for his everyday living. He is currently serving in compulsory military service in which he is expected to serve in the military till the time government decides. There are also rules about how his hair should be cut and the clothes he should wear. He cannot access the global internet, and so is unaware of the world outside his own country.



شکل 8.10: ایڈولف ہٹلر کا ایک طنزیہ خاکہ

1933ء میں ایڈولف ہٹلر کو جرمنی کا چانسلر بنائے جانے کے فوراً بعد اس نے ایسے قوانین منظور کیے جن کی رو سے اس نے تمام اختیارات حاصل کر لیے اور ہر قسم کی مخالفت کو ختم کر دیا۔ یوں وہ ایک آمر بن گیا۔ وہ اپنے لوگوں کی برتری کا قائل تھا اور یہ یقین رکھتا تھا کہ جرمنی کو دنیا پر حکومت کرنی چاہیے اور کم تر نسلوں پر غلبہ حاصل کرنا چاہیے۔ وہ کم از کم چھ ملین یہودیوں کے قتل کا ذمہ دار تھا جسے ہولوکاسٹ کہا جاتا ہے، اس کے علاوہ سیکڑوں ہزاروں خانہ بدوش اور دیگر اقلیتی گروہوں کو بھی اس نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ درحقیقت وہی 1939ء سے 1945ء تک ہونے والی دوسری عالمی جنگ کا سبب بنا۔ جس کے نتیجہ میں کئی ممالک میں جان و مال کا بے حد نقصان ہوا۔

طنزیہ خاکہ: ایسی تصویر جس میں کسی شخص کی جسمانی خصوصیت کو حد سے زیادہ بڑھا چڑھا کر دکھایا جاتا ہے تاکہ وہ مضحکہ خیز لگے۔



شکل 8.11: عیدی امین کا ایک طنزیہ خاکہ

عیدی امین یوگانڈا کا ایک فوجی آمر تھا۔ وہ ہزاروں افراد کے بے رحمانہ قتل براہِ راست ذمہ دار تھا۔ بیش تر ہندوستانی نژاد لوگ، جن کے آباو اجداد چند نسلوں قبل یوگانڈا ہجرت کر گئے تھے، انھیں ملک چھوڑ کر فرار ہونے پر مجبور کر دیا گیا۔



اسے یاد رکھیں:





روما یا رومانی (ہند آریائی) لوگ دراصل خانہ بدوش تھے۔ لسانی اور ثقافتی خصوصیات کی بنیاد پر ماہرین نے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ہندی الاصل تھے۔ ابتدا میں وہ مشرقی یوروپ کے بعض علاقوں میں آباد ہوئے اور اب دنیا کے کئی ممالک میں ہجرت کر چکے ہیں۔

شین کی کہانی:

شین شمالی کوریا میں رہتا ہے، جہاں اس کی روزمرہ زندگی کے لیے سخت قوانین مقرر ہیں۔ وہ اس وقت لازمی فوجی خدمت میں ہے، جس میں اسے اس وقت تک خدمات انجام دینی ہوں گی جب تک حکومت خود فیصلہ نہ کرے۔ یہاں تک کہ اس کے بالوں کی تراش اور پہنے جانے والے لباس کے بارے میں بھی قوانین موجود ہیں۔ وہ عالمی انٹرنٹ تک رسائی نہیں رکھتا، اس لیے وہ اپنے ملک سے باہر کی دنیا سے بے خبر ہے۔

The government watches his every action closely and he is also expected to report about anyone who tries breaking any of the defined rules. One day he met a tourist who asked him, "Why do all of you have the same haircut here?" To this Shane responded, "We all want to explore new styles, but the government decides the way we should keep our hair.

LET'S EXPLORE

→ Does Shane's country look like a democracy?
→ How do you think Shane's everyday life would be?
→ Would you like to live in such a country? Explain why.

4. Oligarchy

The word 'oligarchy' is of Greek origin, where oligos means a few and arkho means to rule or command. It is a type of government where a small, powerful group makes all the important decisions; usually they are wealthy families or influential people.

Political commenttors: People who analyse and share their opinions about political events

In some places in ancient Greece, aristocratic families ruled as oligarchies. In modern times, political commentators have observed that even some democracies show signs of oligarchy when a small group of politicians and wealthy businesspeople hold too much influence in governance.



Fig. 8.13. A cartoon from 1889 depicting an oligarchic situation.

حکومت اس کی ہر حرکت پر گہری نظر رکھتی ہے اور اس سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ اگر کوئی فرد کسی قانون کی خلاف ورزی کرے تو وہ اس کی اطلاع دے۔ ایک دن وہ ایک سیاح سے ملا، جس نے اس سے پوچھا "یہاں سب کے بال ایک ہی طرز کے کیوں ہیں؟" اس پر شین نے جواب دیا "ہم سب نئے اسٹائیل آزمانا چاہتے ہیں، مگر حکومت ہی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ہمیں اپنے بال کس طرح رکھنے ہیں۔"

آیئے معلوم کریں:


- کیا شین کے ملک کی شکل دیکھ کر آپ کہیں گے کہ یہ جمہوری ملک ہے؟
- آپ کے خیال میں شین کی روزمرہ زندگی کیسی ہوگی؟
- کیا آپ ایسے ملک میں رہنا چاہیں گے؟ وضاحت کیجیے کہ کیوں؟

4۔ چند تری حکومت

لفظ "اولیگارکی" یونانی زبان سے ماخوذ ہے جہاں "Oligos" کا معنی ہے "چند" اور "arkho" کے معنی "حکومت کرنا یا حکم دینا" ہے۔ یہ ایک ایسا طرزِ حکومت ہے جہاں ایک چھوٹا سا طاقت ور گروہ تمام اہم فیصلے کرتا ہے۔ یہ عام طور پر امیر خاندان یا با اثر افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔

سیاسی مبصر: وہ شخص جو سیاسی واقعات کا تجزیہ رکھتا ہے اور ان پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے۔

قدیم یونان کے بعض علاقوں میں اشرافیہ کے خاندان "اولیگارکی" کے طور پر حکومت کیا کرتے تھے۔ جدید دور میں سیاسی مبصروں نے یہ مشاہدہ کیا ہے کہ کچھ جمہوری ممالک میں بھی چند سَری حکومت (Oligarchy) کی علامات پائی جاتی ہیں، جب چند سیاست دان اور دولت کاروباری شخصیات حکم رانی میں حد سے زیادہ اثر و رسوخ حاصل کر لیتے ہیں۔



شکل 1889:8.13ء کا ایک کارٹون جو "چند سَری حکومت" کی صورتِ حال کو ظاہر کرتا ہے۔

LET'S EXPLORE

→ Look carefully at the picture in Fig. 9.13 on the previous page. It depicts an elected body in the USA in the late 19th century. The people shown in the cartoon are all elected members. What do you observe? What do you see at the top lefthand corner of the cartoon? Who do you think is making decisions in this elected body?

→ Can a democracy turn into an oligarchy? What can people do to keep democracy strong?

Why Democracy Matters

These different types of governments show us that democracy is not the only way in which countries are governed. But in most countries, democracy is considered to be a better form of government than others. Let us do a quick comparison to understand this better.

Consider the characteristics below in different forms of government and fill in the blank boxes with Yes or No:

Characteristics	Democracy	Dictatorship	Absolute	Oligarchy
Universal Adult Franchise	Yes	No	No	No
Equality amongst citizens				
Freedom of speech				
Separation of powers				
Wellbeing and Prosperity of all citizens				

LET'S EXPLORE

You have learnt the basic characteristics of various forms of governments. Do a small role play of the various forms in your classroom:

AP SCERT

آیئے معلوم کریں:

پچھلے صفحہ پر دی گئی تصویر 8.13 کو غور سے دیکھیے۔ یہ تصویر انیسویں صدی کے آخر میں امریکہ کے ایک منتخب شدہ اسمبلی ادارہ کو دکھاتی ہے۔ کارٹون میں دکھائے گئے تمام افراد منتخب ارکان ہیں۔ آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟ کارٹون کے بالائی باتیں کونے میں آپ کو کیا نظر آتا ہے؟ آپ کے خیال میں اس منتخب شدہ اسمبلی میں فیصلے کون کر رہا ہے؟
کیا کوئی جمہوریت اولیگار کی میں تبدیلی ہو سکتی ہے؟ لوگ جمہوریت کو مضبوط رکھنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

جمہوریت کی اہمیت کیوں ہے؟

یہ مختلف حکومت کی شکلیں ہمیں بتاتی ہیں کہ جمہوریت ہی وہ واحد طریقہ نہیں جس سے ممالک کو چلایا جاتا ہے۔ مگر زیادہ تر ممالک میں جمہوریت کو دوسری شکلوں کے مقابلہ میں بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ آیئے اسے بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ایک مختصر موازنہ کرتے ہیں۔

نیچے دی گئی خصوصیت کو حکومت کی مختلف شکلوں کے تناظر میں دیکھیں اور خالی خانوں میں ہاں یا نہیں لکھ کر مکمل کریں:

خصوصیات	جمہوریت	آمریت	مطلق العنان بادشاہت	چند سری حکومت
عالمی بالغ رائے دہی	ہاں	نہیں	نہیں	نہیں
شہریوں کے درمیان مساوات				
اظہار رائے کی آزادی				
اختیارات کی تقسیم				
تمام شہریوں کی فلاح و بہبودی				

آیئے معلوم کریں:

آپ نے مختلف طرزِ حکومت کی بنیادی خصوصیات کے بارے میں سیکھا ہے۔ اب اپنی جماعت میں ان کے بارے میں ادائیگی کردار (Role Play) کا مظاہرہ کیجیے۔

→ Enact democracy
→ Enact monarchy
→ Enact dictatorship
→ What do you find to be the most suitable form of government?

You have read about different forms of government above and how the form of government defines the lives of its citizens. In the previous table, we could see that the representation of people's choices and rights varies across the different forms.

In a genuine democracy, the people can lead their everyday lives in the way they want. They can choose what to speak, what to wear, what beliefs to follow, and how to express themselves. All of this can be done in a democracy until and unless it harms someone else's rights.

In a democratic government, the people choose their government. The government is accountable for protecting the rights of its people and is responsible for providing basic needs to its citizens. If the government does not perform its functions properly, the people can change their representatives through elections. This ensures that there is a constant check of what the government does. Thus, the values and ideals of the government in a democracy should focus on the well-being of all its people.

Our country is a democracy, and you can see many of the features of a democracy in our lives every day. It is therefore no wonder that more than half of the countries in the world have adopted democracy and democratic forms of government.

It is important to keep in mind, however, that even democracies have their problems. Issues such as corruption, wealth disparity, excessive control by a few over democratic institutions, erosion of the judiciary's independence, manipulation of information. Channels, and several more, can cause hurdles in achieving the ideals of democracy. What can we do as individuals, and as a society, to remain vigilant and minimize these issues and hurdles?



Before we move on

→ Government plays an important role in running a country. Different types of governments across the world have different answers to the following questions: Who decides "This is the government"? What are the parts of the government and what do they do? Who or what is the government working for? What values and ideals should the government follow?

- جمہوریت کو عملی طور پر پیش کیجیے۔
- بادشاہت کو عملی طور پر پیش کیجیے۔
- آمریت کو عملی طور پر پیش کیجیے۔
- آپ کے خیال میں ان میں سے کونسی شکل موزوں ترین طرزِ حکومت ہے؟

آپ نے اوپر حکومت کی مختلف شکلوں کے بارے میں پڑھا اور یہ جانا کہ کس طرح حکم رانی کا طریقہ شہریوں کی زندگی کو متعین کرتا ہے۔ پچھلے جدول میں ہم نے دیکھا کہ مختلف نظاموں میں عوام کے اختیارات اور ترجیحات کا اظہار کس حد تک مختلف ہوتا ہے۔

ایک حقیقی جمہوریت میں، لوگ اپنی روزمرہ زندگی اپنی مرضی کے مطابق گزار سکتے ہیں۔ وہ یہ طے کر سکتے ہیں کہ کیا بولنا ہے، کیا پہننا ہے، کن عقائد پر عمل کرنا ہے اور اپنے خیالات کا اظہار کس طرح کرنا ہے۔ جمہوریت میں یہ سب اس وقت تک ممکن ہے جب تک یہ کسی کے حقوق کو نقصان نہ پہنچائے۔

جمہوری حکومت میں لوگ خود اپنی حکومت کا انتخاب کرتے ہیں۔ حکومت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرے اور ان کی بنیادی ضروریات پوری کرے۔ اگر حکومت اپنا کام صحیح طریقہ سے انجام نہیں دیتی تو عوام انتخابات کے ذریعہ اپنے نمائندوں کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مستقل نظر رکھی جائے کہ حکومت کیا کچھ کر رہی ہے۔ لہٰذا جمہوریت میں حکومت کے اقدار اور اصول تمام شہریوں کی فلاح و بہبود پر مرکوز ہونی چاہیے۔

ہمارا ملک بھی ایک جمہوریت ہے اور ہم روزمرہ زندگی میں جمہوریت کی بہت سی خصوصیات کو دیکھ سکتے ہیں۔ اس لیے حیرت کی بات نہیں کہ دنیا کے نصف سے زیادہ ممالک نے جمہوریت اور جمہوری طرزِ حکومت کو اپنا رکھا ہے۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ جمہوریتوں کو بھی مسائل کا سامنا ہوتا ہے جیسے کہ بدعنوانی، دولت کی غیر مساوی تقسیم، جمہوری اداروں پر چند لوگوں کا حد سے زیادہ غلبہ، عدلیہ کی خود مختاری میں کمی، معلومات کے مقاصد کے حصول میں رکاوٹ بن سکتے ہیں۔ ہمیں انفرادی طور پر اور ایک معاشرہ کی حیثیت سے محتاط رہنا چاہیے تاکہ ہم یہ سوچیں کہ ان مسائل اور رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے کیا کچھ کر سکتے ہیں۔



اس سے پہلے کہ ہم لوگ آگے بڑھیں کہ:

حکومت کسی ملک کو چلانے میں اہم کردار کرتی ہے۔ دنیا بھر میں مختلف قسم کی حکومتوں کے پاس ان سوالات کے مختلف جوابات ہیں۔ یہ کون طے کرتا ہے کہ ”یہ حکومت ہے؟“ حکومت کے اجزا ہوتے ہیں اور وہ کیا کام انجام دیتے ہیں؟ حکومت کس کے لیے کام کرتی ہے؟ حکومت کو کن اقدار اور اصولوں کی پیروی کرنی چاہیے؟

→ The most popular form of government in the world today is democracy. Democratic governments across the world have variations, including direct democracy and representative democracy.

→ There are two types of representative democracy presidential and parliam - entary democracy. India is a parliamentary democracy.

→ Other types of government include monarchy, theocracy, dictatorship and oligarchy.

→ Democracy matters, but there are serious challenges to democracy that citizens need to remain vigilant about.

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. The symbol represents the which fundamental principles of democracy?

   A) Freedom of speech

   B) Equality before law

   C) Fundamental rights

   D) Universal adult franchise



2. Write names of the various types of government that you have learnt in the chapter.
3. Which type of Government does India have? And why is that called that type?
4. Democracy is different from monarchy and dictatorship. Explain.
5. What are possible hurdles in a democracy in achieving its values and ideals? How can they be overcome?
6. You read that an independent judiciary is present in all types of democracies. State any three reasons why you think it is important for the judiciary to be independent.
7. Do you think democratic government is better than other forms of government?

AP SCERT

- جمہوریت آج دنیا میں سب سے مقبول ترین حکومت ہے۔ دنیا بھر کی جمہوری حکومتوں میں مختلف صورتیں پائی جاتی ہیں جیسے کہ براہِ راست جمہوریت اور نمائندہ جمہوریت۔
- نمائندہ جمہوریت کی دو اقسام ہیں (i) صدارتی اور (ii) پارلیمانی جمہوریت۔ ہندوستان ایک پارلیمانی جمہوریت ہے۔
- حکومت کی دیگر شکلوں میں بادشاہت، مذہبی جمہوریت، آمریت اور چند سَری حکومت شامل ہیں۔
- جمہوریت اہم ہے لیکن جمہوریت کو سنگین مسائل درپیش ہیں جن سے شہریوں کو ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہیے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پراجیکٹس):

1۔ تصویر میں دیا گیا نشان جمہوریت کے کس بنیادی اصول کی عکاسی کرتا ہے؟ ( )



(a) اظہار رائے کی آزادی (b) قانون کے سامنے سب مساوی

(c) بنیادی حقوق (d) عالمی بالغ رائے دہی

2۔ حکومت کی ان مختلف اقسام کے نام لکھیں جو آپ نے اس باب میں پڑھی ہیں یا سیکھی ہیں؟

3۔ ہندوستان میں کس قسم کی حکومت ہے؟ اور اسے اس قسم کی حکومت کیوں کہا جاتا ہے؟

4۔ ”جمہوریت بادشاہت اور آمریت سے مختلف ہے“۔ اس کی وضاحت کریں۔

5۔ جمہوریت کو اس کے مقاصد اور اقدار کے حصول میں ممکنہ رکاوٹیں کونسی ہو سکتی ہیں؟ انھیں کیسے دور کیا جا سکتا ہے؟

6۔ آپ نے پڑھا ہے کہ جمہوریت میں ایک آزاد عدلیہ ہوتی ہے۔ تین وجوہات بیان کریں کہ آپ کیوں یہ سوچتے ہیں کہ عدلیہ کا آزاد ہونا ضروری ہے؟

7۔ کیا آپ سمجھتے ہیں جمہوریت حکومت کی دیگر شکلوں سے بہتر ہے؟ اگر بہتر ہے تو کیوں؟

8. These are some practices in a few different countries. Can you match the practice with the type of government?

S.No	Practice in the contry	Type of Government
1.	All citizens are treated equally before law	Dictatorship
2.	The government refers to the religious leader for each and every decision it tekes.	Monarchy
3.	After the equeen's death, her son became the new king.	Democracy
4.	The ruler is not bound to follow any constitution. He makes all the decisions as per his choice	Theocracy

9. Below is a list of countries. Find out the types of government these countries have:

S.No	Country	Type of Government
1.	Bhutan	
2.	Nepal	
3.	Bangladesh	
4.	South Africa	
5.	Brazil	

APSCERT

8۔ یہ چند ممالک میں رائج طریقے ہیں۔ کیا آپ ان طریقوں کو متعلقہ طرزِ حکومت سے ملا سکتے ہیں؟

شمار نمبر	ملک میں رائج طریقہ	طرزِ حکومت
1	تمام شہریوں کو قانون کے سامنے مساوی سمجھا جاتا ہے	آمریت
2	حکومت ہر فیصلہ کرنے سے پہلے مذہبی رہنما سے رجوع کرتی ہے	مطلق العنان بادشاہت
3	ملکہ کی وفات کے بعد اس کا بیٹا بادشاہ بنتا ہے	جمہوریت
4	حکمراں کسی دستور کا پابند نہیں وہ تمام فیصلے خود کرتا ہے	مذہبی حکومت

9۔ نیچے کچھ ممالک کی فہرست دی گئی ہے۔ تلاش کیجیے کہ ان ممالک میں کونسا طرزِ حکومت رائج ہے۔

شمار نمبر	ملک	طرزِ حکومت
1	بھوٹان	
2	نیپال	
3	بنگلہ دیش	
4	جنوبی آفریقہ	
5	برازیل	

✧✧✧✧✧

CHAPTER

9

FROM BARTER TO MONEY

C1B9S4

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Define barter system and understands the difficulties of the barter system. (CG-1)
- Explain the basic functions of money. (CG-1)
- Identify the importance of money as a medium of exchange in economic activities. (CG-9)
- Understand the evolution of money in India. (CG-9)
- Describe the importance of paper currency and the new forms of money such as digital payments. (CG-9)

"The importance of money flows from it being a link between the present and the future."

– John Maynard Keyns
(20th century economist)



fig. 9.1

The Big Questions ?

1. How did exchange take place before money?
2. Why did money come into existence?
3. How has money transformed into various forms over time?

In the theme "Tapestry of the Past", you read about the crops that people grew, such as food grains or goods they made like carnelian beads. How do you think they exchanged these goods for that they needed?

باب
9
مبادلہ کاری سے زر تک

T3A8R7

اکتسابی نتائج:

طلبا اس قابل ہوں گے کہ:

- مبادلہ کاری کی تعریف کر سکیں گے اور مبادلہ کاری کی مشکلات کو سمجھ سکیں گے۔(CG-1)
- زر کے بنیادی فرائض کی وضاحت کر سکیں گے۔(CG-1)
- معاشی سرگرمیوں میں تبادلے کے ایک ذریعہ کے طور پر زر کی اہمیت کی شناخت کر سکیں گے۔(CG-9)
- ہندوستان میں زر کے ارتقا کو سمجھ سکیں گے۔(CG-9)
- کاغذی کرنسی کی اہمیت اور زر کی نئی شکلوں جیسے ڈیجیٹل ادائیگیوں کو بیان کر سکیں گے۔(CG-9)

"زر یا پیسے کی اہمیت اسی لیے ہے کیوں کہ وہ حال اور مستقبل کے درمیان ایک پُل کا کردار ادا کرتا ہے۔"

جان مینارڈ کینز

(بیسویں صدی کا ایک اہم معاشیات)

اہم سوالات ؟

1۔ زر یا پیسہ کے وجود میں آنے سے پہلے لوگ لین دین کس طرح کرتے تھے؟

2۔ زر یا پیسہ وجود میں کیوں آیا؟

3۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زر یا پیسہ سے کن کن شکلوں میں تبدیلی اختیار کی؟



شکل 9.1

باب "ماضی کے نقوش" میں آپ نے پڑھا کہ لوگ کونسی فصلیں اگاتے تھے مثلاً اناج یا کونسی چیزیں بناتے تھے جیسے عقیق کے موتی۔ آپ کے خیال میں وہ لوگ ان اشیا کا اپنی ضرورت کو دوسری اشیا کے ساتھ کس طرح تبادلہ کرتے ہوں گے

People exchanged goods or services for other goods and services. This system is called the **barter system.** How did this work? Suppose you need a pencil and have an extra eraser. Meanwhile, your classmate forgot to bring their eraser but has an extra pencil. You could exchange your extra eraser for the extra pencil that your classmate has. Wouldn't this satisfy your and the classmate's needs? This is how the barter system works.

Today, we use coins and notes to buy and sell things. People also use their mobile phones and computers for such **transactions.** The barter system was the earliest form of exchange. There is a lot of evidence of it from around the world. People used **commodities** such as cowrie shells, salt, tea, tobacco, cloth, cattle (cows, goats, horses, sheep), seeds, etc.

Barter System: a way of exchanging goods and services without using money.

Money: the common tool that every body accepts and uses in order to make or receive payments in exchange for goods and services.

Transaction: a piece of business that is done between people, especially an act of buying or selling.

Commodities: Products or goods that can be traded, bought and sold.



Fig. 9.2.1. Stone Money: Giant discs of rock – called Rai stones – were used as money on the Yap Island, in the Pacific Ocean country of Micronesia.



Fig.9.2.2. The Aztec copper Tajadero (Spanish word for chopping knife) was a form of money used in Central Mexico and parts of Central America.



Fig. 9.2.3.Tevau (Red feather coil made from birds' feathers) used as money on the Solomon Islands.

© NCERT not to be republished

لوگ ماضی میں ایک چیز یا خدمت سے دوسری چیز یا خدمت کا تبادلہ کیا کرتے تھے۔ اسی کو **مبادلہ کاری کا نظام** (Barter System) کہا جاتا تھا۔ یہ نظام کیسے کام کرتا تھا؟ فرض کیجیے کہ آپ کے پاس ایک اضافی ربر ہے۔ اسی دوران آپ کا ساتھی طالبِ علم اپنی ربر لانا بھول گیا ہے لیکن اس کے پاس ایک اضافی پنسل موجود ہے۔ آپ دونوں آسانی سے ایک دوسرے سے چیزوں کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ یعنی آپ اسے ربر دیں اور آپ اس سے پنسل لیں۔ کیا یہ تبادلہ آپ دونوں کی ضرورت پوری نہیں کرے گا؟ اسی طرح مبادلہ کاری کا نظام کام کرتا ہے۔

آج ہم خرید و فروخت کے لیے سکّے اور نوٹ استعمال کرتے ہیں۔ لوگ اس طرح کے **لین دین** کے لیے اپنے موبائل فون اور کمپیوٹروں کا استعمال کرتے ہیں۔ مبادلہ کاری لین دین کی سب سے ابتدائی شکل تھی۔ اس نظام کے بہت سے شواہد دنیا بھر میں ملتے ہیں۔ قدیم زمانے میں لوگ مختلف **اشیا** کو بہ طور زر مبادلہ استعمال کرتے تھے جیسے کوڑیاں، نمک، چائے، تمباکو، کپڑا، مویشی (گائیں، بکریاں، گھوڑے، بھیڑ) اور بیج وغیرہ۔

مبادلہ کاری: ایسا نظام جس میں زر کے بغیر اشیا اور خدمات کا لین دین کیا جاتا ہے۔

زر: ایک عام ذریعہ جو ہر شخص اشیا اور خدمات کے لین دین کی ادائیگی یا وصولی میں قبول کرتا یا استعمال کرتا ہے۔

لین دین: کاروبار کا ایک طریقہ جو لوگوں کے درمیان رائج ہے۔ خاص طور سے خرید و فروخت کا عمل۔

اشیا: یعنی وہ چیزیں جن کا تبادلہ یا خرید و فروخت ممکن ہو۔



شکل 9.2.1 : سنگی پیسے، چٹان کے بڑے بڑے گول پتھر جنھیں رائے اسٹون کہا جاتا ہے، بحرالکاہل کے ملک مائکرونیشیا کے یاپ جزیرے میں پیسے کے طور پر استعمال کیے جاتے تھے۔




شکل 9.2.2 : ایزٹک کا پر تجاڈیرو (اسپینی زبان میں دھاردار چاقو)، وسطی میکسیکو اور وسطی امریکہ کے کچھ علاقوں میں استعمال ہونے والے پیسے کی ایک شکل تھی۔



شکل 9.2.3 : تیواو (چڑیوں کے سرخ پروں سے بنی چرخی) جو سولومن جزائر میں پیسے کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔

Why Do we Need Money?


LET'S EXPLORE



Imagine that you are a farmer and that people use a barter system where you live. You need a whole variety of things a pair of new shoes, a sweater, and medicines for your grand mother. But you only have an ox that you can spare. How would you be able to exchange the ox for all the different things you need from different people or places? What difficulties are you likely to face?




For one, you would have to find someone who needed an ox. Now, swapping your ox for a pair of shoes would hardly be a fair exchange! You may have had to go through a series of exchanges for example, find someone to exchange your ox for several bags of wheat. You would then have to transport all that wheat to several places; first, find someone willing to exchange a part of the wheat for shoes, another person for the sweater, and yet another for the medicines. In each of these cases, a discussion would take place to arrive at the fair amount of wheat that you could exchange for shoes or for the sweater.



APSCERT


ہمیں پیسے کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

آیئے معلوم کریں:



تصور کیجیے کہ آپ ایک کسان ہیں اور آپ جس علاقہ میں رہتے ہیں مبادلہ کاری کا استعمال کرتے ہیں۔ آپ کو مختلف چیزوں کی ضرورت ہے۔ مثلاً نئے جوتوں کا جوڑا، ایک سویٹر اور اپنی دادی کے لیے دوائیاں ، لیکن آپ کے پاس صرف ایک بیل ہے جسے آپ دے سکتے ہیں۔ اب سوچیں کیا کوئی ایسا شخص آسانی سے مل جائے گا جسے ایک بیل چاہیے اور جس کے پاس یہ تینوں چیزیں ہوں! ظاہر ہے کہ یہ اتنا آسان نہیں ہو گا۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کو ایسا شخص تلاش کرنا ہو گا جسے بیل کی ضرورت ہو۔ اب بیل کے بدلے صرف ایک جوڑی جوتے حاصل کرنا یقیناً انصاف پر مبنی تبادلہ نہیں ہو گا۔ ممکن ہے کہ آپ کو تبادلہ کے کئی مراحل سے گزرنا پڑے۔ مثلاً کسی سے بیل کے بدلے گیہوں کے کئی بورے حاصل کیجیے۔ پھر سارے گیہوں کو مختلف جگہوں پر لے جا کر ، کسی فرد سے گیہوں کے ایک حصہ کے بدلے جوتے حاصل کیجیے، دوسرے سے سویٹر اور پھر تیسرے سے دوائیاں۔ ان تمام صورتوں میں طے شدہ مقدار تک بیچنے کے لیے طویل گفت وشنید کی جاتی تھی کہ جوتوں یا سویٹر کے بدلے میں کتنا گیہوں دینا مناسب ہو گا۔













You would have to take the leftover bags of wheat and find a place to store them safely. The next time you needed something, you would have to carry the bags of wheat with you again!

THINK ABOUT IT

What are the different types of of difficulties you encountered in the siruation above?

In the farmer's story, imagine he finds someone who is willing to trade a pair of new shoes, a sweater, and medicines all in exchange for his ox. Do you think it would be easy to come across such a situation?

Just like the farmer, people who depended on the barter system would face many problems in making an exchange in their everyday lives. They would have to find someone who wants the exact item that they want to give, and in return are also able to offer exactly what the other party wants. This scenario is called double coincidence of wants.









آپ کو بیچے ہوئے گیہوں کے بوریوں کو لے جا کر انھیں سنبھال کر رکھنے کے لیے کوئی محفوظ جگہ تلاش کرنی ہوتی تھی۔ اگلی بار جب آپ کو کسی چیز کی ضرورت پیش آتی تو آپ کو وہ گیہوں کے بورے دوبارہ اپنے ساتھ لے جانے پڑتے!



اس پر غور و فکر کریں:



مندرجہ بالا صوتِ حال میں آپ کو مختلف قسم کی کون کونسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

کسان کی کہانی میں تصور کیجیے کہ اسے کوئی ایک ایسا شخص مل جاتا ہے جو نئے جوتوں کا جوڑا، ایک سویٹر اور دوائیاں سب کچھ اس کے بیل کے بدلے دینے کا خواہش مند ہے۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ یہ آسان ہوگا کہ اسے ایسا موقع مل جائے؟

بالکل اسی کسان کی طرح ان لوگوں کو بھی روزمرہ کی زندگی میں مشکلات پیش آتے ہیں جو مبادلہ کاری انجام کرتے تھے۔ انھیں ایسا شخص تلاش کرنا پڑتا تھا جو نہ صرف وہی چیز چاہتا ہو جو وہ دینا چاہتے ہیں بلکہ بدلے میں وہی چیز دے بھی سکتا ہو جس کی انھیں ضرورت ہو۔ اس صوتِ حال کو ضروریات کا دوہرا اتفاق کہا جاتا ہے۔

Even if there are two people who want each other's goods and are also willing to make an exchange, other issues could arise in what proportion should the two goods be exchanged? In such cases, it becomes difficult to compare the value of one good against another. If one of the people feels that the exchange is disadvantageous, they would not be interested in the exchange. This is because there is no common standard measure of value.



THINK ABOUT IT



What are the instances of double coincidence of wants in the above example?

Even if there are two people who want each other's goods and are also willing to make an exchange, other issues could arise in what proportion should the two goods be exchanged? In such cases, it becomes difficult to compare the value of one good against another. If one of the people feels that the exchange is disadvan Itageous, they would not be interested in the exchange. This is because there is no common standard measure of value.

In the situation given above, what are the cases where you could encounter the lack of a common standard measure of value?

Double coinc idenceof wants: an economic concept that describes a situation where two people each have something the other wants and can exchange them directly.

Common standard measure of value: an agreed upon worth for a transaction that helps in determining the value of goods and services in the economy.

Divisibility: The capacity of an object or material to be split in to pieces or portions

Portability: The ability of an object or material to be carried or moved from one place to another.

Similarly, you cannot exchange only a part of the ox for a sweater; this is the problem of **divisibility.** Taking the ox everywhere is a problem and leads to the problem of portability. You solved part of the problem by exchanging the ox for bags of wheat, but you cannot store the wheat for long; it would rot or get eaten by rats! Thus arises the problem of durability.

یہاں تک کہ اگر دو لوگ ایک دوسرے کی اشیا لینا اور دینا چاہتے ہوں تو ایک اور مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے کہ ان دونوں اشیا کا تبادلہ کس تناسب میں ہو؟ ایسی صورت میں ایک شے کی قیمت کا دوسری شے کے ساتھ موازانہ مشکل ہو جاتا ہے۔ اگر فریقین میں سے ایک کو محسوس ہو کہ اس کے لیے نقصان دہ ہے تو وہ اس میں دل چسپی نہیں لے گا۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ کوئی مشترکہ معیار قیمت موجود نہیں ہوتا۔ اوپر دی گئی صورت حال میں کن مواقع پر آپ کو مشترکہ معیار قیمت کی کمی کا سامنا ہو سکتا ہے؟

ضروریات کا دوہرا اتفاق:
ایک معاشی تصور جو ایسی صورتِ حال کو بیان کرتا ہے جہاں دو افراد میں سے ہر ایک کے پاس دوسرے کی مطلوبہ چیزیں ہوتی ہیں اور وہ اس کا براہِ راست تبادلہ کر سکتے ہیں۔

مشترکہ معیار قیمت:
لین دین کے لیے کسی چیز کی طے شدہ یا متفقہ قیمت جو معیشت میں چیزوں اور خدمات کی قدر متعین کرنے میں مدد کرتی ہے۔

تقسیم کی صلاحیت:
کسی چیز یا مادے کو ٹکڑوں یا حصوں میں تقسیم ہونے کی صلاحیت۔

نقل پذیری:
کسی چیز یا مواد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کی صلاحیت۔


اس پر غور و فکر کریں:

اوپر دی گئی مثال میں ضروریات کا دوہرا اتفاق کن مواقع پر ہوا؟

یہاں تک کہ اگر دو لوگ ایک دوسرے کی اشیا لینا اور دینا چاہتے ہوں تو ایک اور مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے کہ ان دونوں اشیا کا تبادلہ کس تناسب میں ہو؟ ایسی صورت میں ایک شے کی قیمت کا دوسری شے کے ساتھ موازانہ مشکل ہو جاتا ہے۔ اگر فریقین میں سے ایک کو محسوس ہو کہ اس کے لیے نقصان دہ ہے تو وہ اس میں دل چسپی نہیں لے گا۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ کوئی مشترکہ معیار قیمت موجود نہیں ہوتا۔ اوپر دی گئی صورتِ حال میں کن مواقع پر آپ کو مشترکہ معیار قیمت کی کمی کا سامنا ہو سکتا ہے؟

اسی طرح آپ صرف بیل کے ایک حصہ کو سویٹر کے بدلے نہیں دے سکتے، یہ تقسیم کی دشواری ہے۔ بیل کو ہر جگہ ساتھ لے جانا ایک مسئلہ ہے یہ نقل پذیری کی دشواری کی طرف لے جاتا ہے۔ آپ نے گیہوں کی بوریوں کے بدلے بیل کا تبادلہ کر کے آدھا مسئلہ حل کر لیا لیکن آپ اس گیہوں کو زیادہ عرصہ تک محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ وہ یا تو سڑ جائے گا یا اسے چوہے کھا جائیں گے۔ اس طرح پائیداری کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔

THINK ABOUT IT

What are the different ways in which money would make the above situation easier for the farmer?

DON'T MISS OUT

Although money has replaced traditional barter systems all around the world, there are some that still exist today! One of the is the Junbeel Mela (jun means moon in Assamese and beel means wetland), a threeday annual socio cultural fair at Junbeel in Moriagaon distict of Assam. Intere-stingly, the mela begins with the Agni Puja worship of fire, a prayer for universal wellbing.



fig. 9.3



fig. 9.4

Beginning in the 15th century, the chiefs of the tiwa, Karbi, Khasi, and Jaintia tribal communities of Assam and Maghalaya would gather every year to discuss political issues and to maintain friendly relationships. Members of these communities began to gather around this event and soon it turned into a fire, where people would bring their produced and began exchaniging them among each other.

Durability: Trait of an object or material that material that indicates its longevity and ability to with stand damage due to which it can be stored for a longer time period.

اس پر غور و فکر کریں:

مذکورہ صوتِ حال میں پیسہ کس طرح مختلف طریقوں سے کسان کے مسائل کو آسان بنا سکتا ہے؟

اسے دیکھنا نہ بھولیں

پائیداری:
کسی چیز یا مادہ کی وہ خصوصیت جو اس کے ٹکاؤ اور نقصان برداشت کرنے کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے، اس خوبی کی وجہ سے وہ طویل عرصہ تک محفوظ رکھی جا سکتی ہے۔



شکل 9.3



شکل 9.4

اگرچہ زر یا پیسہ نے دنیا بھر میں روایتی مبادلہ کاری کی جگہ لے لی ہے لیکن بعض جگہوں پر یہ رواج آج بھی موجود ہیں۔ ان میں سے ایک جون بیل میلہ ہے (آسامی زبان میں "جون" کے معنی "چاند" اور "بیل" کے معنی "گیلی زمین" ہے) یہ آسام کے ضلع موری گاؤں میں واقع جون بیل نامی ایک مقام کا ایک سالانہ سماجی اور ثقافتی میلہ ہے جو تین دن جاری رہتا ہے۔ دل چسپ بات یہ ہے کہ یہ میلہ اگنی پوجا سے شروع ہوتا ہے جو کہ سب کی بھلائی کے لیے ایک اجتماعی دعا ہوتی ہے۔ پندرہویں صدی کی شروعات سے آسام اور میگھالیہ کی قبائلی برادریوں تیوا، کاربی، کھاسی اور جینتیا کے سردار ہر سال جمع ہوتے ہیں تاکہ سیاسی معاملات پر بات چیت کی جائے اور باہمی دوستانہ تعلقات قائم رکھے جائیں۔ ان برادریوں کے افراد اس موقع پر جمع ہونے لگے اور جلد ہی اس نے ایک ایسے میلہ کی شکل اختیار کر لی جہاں لوگ اپنی اجناس کو اور اشیا کو لا کر آپس میں تبادلہ کرنے لگے۔

This continues to be an important socio cultural event even today. Bartering begins early in the morning, with the trade of local products such as roots, vegetables, fruit, herbs, and spices. Also seen at the fair are handmade goods and artifacts, made from natural materials sourced from the forests of the hilly region. These are often exchanged with people from the plains for rice cakes, and other types of food that cannot be grown in the hills.



Fig 9.5



Fig 9.6

* **Book exchange :** Think of a fun club where you can trade your old books with friends! It's like a treasure hunt for stories. You bring books you've read and pick new ones from a big collection. For example, you might swap your exciting jungle adventure book for a friend's mystery story. It's a cool way to discover new advent ures without pending any money!



Fig 9.7

* One common example is the exchange of old clothes for new utensils, a practice that has persisted over the years. In this system, a vendor visits homes, offering households new utensils or other household items in return for their used clothes or fabrics. This exchange benefits both parties households rid of items they no longer need, while vendors collect materials that can be resold, repurposed, or recycled.

یہ روایت آج بھی زندہ ہے اور یہ میلہ ایک اہم سماجی اور ثقافتی تقریب کے طور پر منایا جاتا ہے۔ مبادلہ کاری کا عمل صبح سویرے ہی مقامی اجناس مثلاً جڑیں، سبزیاں، پھل، جڑی بوٹیاں اور مسالوں کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے۔ میلہ میں ہاتھ سے بنائی گئی اشیا اور فن پارے بھی نظر آتے ہیں جو پہاڑی علاقوں کے جنگلات سے حاصل کردہ قدرتی مواد سے تیار کیے جاتے ہیں۔ ان اشیا کا مبادلہ اکثر میدانوں میں رہنے والوں کے ساتھ چاول کے کیک اور دیگر ایسی غذاؤں سے کیا جاتا ہے جو پہاڑوں میں نہیں اگائی جا سکتیں۔



شکل 9.5



شکل 9.6

- **کتابوں کا تبادلہ** : ایک تفریحی کلب کا تصور کیجیے جہاں آپ اپنی کتابیں دوستوں سے تبدیل کر سکتے ہیں۔ یہ کہانیوں کے خزانے کی تلاش جیسا ہے۔ آپ وہ کتابیں لاتے ہیں جو آپ پڑھ چکے ہیں اور بڑے ذخیرے سے نئی کتابیں چنتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ اپنی جنگلی مہماتی کتاب کے بدلے اپنے دوست کو پُر اسرار والی کتاب حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پیسہ خرچ کیے بغیر نئی دریافت کرنے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔



شکل 9.7

- ایک عام مثال جو آج بھی دیکھی جا سکتی ہے کہ پرانے کپڑوں کے بدلے نئے برتنوں کا مبادلہ ہوتا ہے۔ اس نظام میں ایک خوانچہ فروش گھروں میں آتا ہے اور استعمال شدہ کپڑوں کے بدلے نئے گھریلو برتن یا دوسری گھریلو اشیا پیش کرتا ہے۔ یہ مبادلہ دونوں فریقین کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ گھریلو افراد غیر ضروری اشیا سے نجات پا جاتے ہیں جب کہ خوانچہ فروش ایسی چیزیں جمع کر لیتے ہیں جنھیں دوبارہ فروخت کیا جا سکتا ہے اور قابل استعمال یا کارآمد بنایا جا سکتا ہے۔

LET'S EXPLORE

The illustrations above show you some of the ways in which people practise barter today. Have you observed similar practices in your locality? What are the types of experiences people have in this process?

Basic Functions of Money



Fig 9.8

It is said that "necessity is the mother of invention." As the types and numbers of things that were being exchanged grew, and the distances across which barter was beginning to take place became longer, it became clear that there was a need for a different system. A common medium of exchange would make trade easier and so, money came into existence. As more and more people began to use it for transactions buying and selling goods and services it became the accepted method of payment."As we saw in the farmer's story above, he could not store the wheat for long as it would rot or get eaten by rats. If the farmer uses money instead of wheat as a medium of exchange, he can keep the money for a longer time and use it for making purchases later. So, money acts as a store of value that can be used later. Isn't it fascinating!

Money also serves as a common denomination that measures the value of goods and services, and enables the comparison of goods and services in terms of their prices. For example, your parents pay money to the shopkeepers in exchange for various products. This money is used by the shopkeepers to pay salaries to their workers. The workers use the same medium to buy everyday essentials and other goods, pay their children's school fees, etc.




Fig 9.9

آیئے معلوم کریں:

اوپر دی گئی تصویروں میں کچھ ایسے طریقے دکھائے گئے ہیں جن میں لوگ آج بھی مبادلہ کاری کا استعمال کرتے ہیں۔ کیا آپ نے اپنے علاقہ میں اس طرح کے طریقے دیکھے ہیں؟ اس عمل کے دوران لوگ کس طرح کے تجربات سے گزرتے ہیں؟

زر کے بنیادی افعال:




شکل 9.8

کہا جاتا ہے کہ "ضرورت ایجاد کی ماں ہے"۔ جب مبادلے میں شامل اشیا کی اقسام اور تعداد میں اضافہ ہوا اور جب یہ مبادلے دور دراز علاقوں تک پھیلنے لگے تو یہ واضح ہو گیا کہ ایک نئے نظام کی ضرورت ہے۔ یعنی مبادلے کا ایسا مشترکہ ذریعہ جو لین دین کو آسان بنائے۔ اسی لیے پیسہ وجود میں آیا ہے۔ جوں جوں زیادہ سے زیادہ لوگ اسے اشیا اور خدمات کی خرید و فروخت کے لیے استعمال کرنے لگے، یہ ادائیگی کا مقبول ذریعہ بن گیا۔

جیسا کہ ہم نے کسان کی کہانی میں دیکھا، وہ اپنا گیہوں زیادہ دیر تک محفوظ نہیں رکھ سکتا ہے اور بعد میں اسے خریداری کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔ اس طرح زر قیمت کو محفوظ رکھنے کا ذریعہ بھی ہے۔ جسے بعد میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کیا یہ دل چسپ بات نہیں ہے!

زر ایک ایسا مشترکہ پیمانہ بھی فراہم کرتا ہے جس کے ذریعہ اشیا اور خدمات کی قیمت معلوم کرنے اور مختلف اشیا کی قیمتوں کا تقابل کرنا ممکن ہے۔ مثال کے طور پر آپ کے والدین دکانداروں کو مختلف اشیا کے بدلے پیسے دیتے ہیں۔ دکان دار ان ہی پیسوں کو اپنے ملازمین کی تنخواہوں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ملازمین اسی لین دین کے ذریعہ کو روزمرہ کی ضروریات کے سامان خریدنے اور دوسری اشیا اور بچوں کی اسکول فیس وغیرہ ادا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔



شکل 9.9

THINK ABOUT IT

Suppose you need to buy a book. You have ₹50 in your pocket. You visit the bookshop in your neighbourhood where the shopkeeper tells you that the book is worth ₹100. What options do you have to buy the book today? Will you request the shopkeeper to allow you to make the rest of the payment later?

The fact that money is accepted as a way of making deferred payments makes money a standard of deferred payment.

The Journey of Money

LET'S EXPLORE

Look at the timeline given below. What are the changes in money that you observe?

Coingage

As you can see from the timeline, coins were among the earliest forms of money. During those times, would issue coins that were used by the citizens of their respective kingdoms for transtions. So different kingdoms would have their own coinage. The minting and issue of coins was controlled entirely by the rulers. Over time, the coins of powerful rulers were accepted across various kingdoms and not just their own. This facilitated trade across geographies. The coins were made from precious metals like gold, silver, and copper or their alloys. They were called 'karshapanas' or panas. They had symbols punched on them called rupas.




Fig 9.10 Evolution of money in India – a broad timeline

Minting:
The process of producing coins. A mint refers to a manufacturing facility that prodces coins that are used as a nation's currency

Alloy:
A metal made by combining two or more metallic elements. This makes the coin strong.

اس پر غور و فکر کریں:

فرض کیجیے کہ آپ کو ایک کتاب خریدنی ہے۔ آپ کی جیب میں پچاس روپے ہیں۔ آپ اپنے محلہ کی کتابوں کی دکان پر جاتے ہیں ، جہاں دکان دار بتاتا ہے کہ کتاب کی قیمت سو روپے ہے۔ اس کتاب کو آج ہی خریدنے کے لیے آپ کے پاس کیا راستے ہیں؟ کیا آپ دکان دار سے درخواست کریں گے کہ وہ باقی رقم بعد میں ادا کرنے کی اجازت دے دے؟

حقیقت یہ ہے کہ زر مؤخر ادائیگی کے طریقے کے طور پر قبول کیا جاتا ہے جو زر کو مؤخر ادائیگی کا معیار بناتا ہے۔


زر کا سفر

آیئے معلوم کریں:

نیچے دیے گئے وقوعی ترتیب کے خاکہ پر نظر ڈالیں۔ آپ زر میں کن کن تبدیلیوں کا مشاہدہ کرتے ہیں؟

سکّے کی ترویج :

جیسا کہ آپ وقوعی ترتیب کے خاکہ میں دیکھ سکتے ہیں، سکّے زر کے ابتدائی اقسام میں سے تھے۔ اس وقت حکم راں اپنے اپنے علاقوں میں سکّے جاری کرتے تھے جنھیں رعایا ان کی متعلقہ سلطنت میں روزمرہ لین دین کے لیے استعمال کرتی تھی۔ لہٰذا ہر ریاست کے اپنے سکّے ہوا کرتے تھے۔ اس لیے سکّوں کی ڈھلائی اور انھیں جاری کرنا مکمل طور پر حکم رانوں کے اختیار میں ہوتا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ، طاقت ور بادشاہوں کے سکّے نہ صرف ان کی سلطنتوں بلکہ دوسرے علاقوں میں بھی قبول کیے جانے لگے۔ اس سے مختلف علاقوں کے درمیان تجارت میں سہولت ہوتی گئی۔ یہ سکّے قیمتی دھاتوں مثلاً سونا، چاندی، تانبا یا ان کے مخلوط دھات سے بنائے جاتے تھے۔ انھیں کارشاپن یا پن کہا جاتا تھا۔ ان پر مہر ثبت کی جاتی تھی جسے "روپاس" کہا جاتا تھا۔



شکل 9.10 ہندوستان میں زر کا ارتقا (ایک اجمالی وقوعی ترتیب)

سکّہ سازی:
سکے بنانے کا عمل۔ ٹکسال سے مراد مصنوعات سازی کا وہ مقام ہے جہاں سکّے بنائے جاتے ہیں جو کسی ملک کی کرنسی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

بھرت / مخلوط دھات: وہ دھات جو دو یا دو سے زیادہ دھاتی عناصر کو ملا کر بنائی جاتی ہے۔ یہ سکّے کو مضبوط بناتی ہے۔

Does this word sound familiar to a word we use for money today in India?

DON'T MISS OUT

* Is it not interesting that variations of the word 'pana' continue to be used in Tamil, Telugu, and Malayalam as panam and in Kannada as 'hana' for money?
* Alloys of silver and copper were used to mint coins. The coins we use today are also alloys consisting largely of iron. They contain other materials like chromium, silicon, and carbon in precise proportions. You will learn more about alloys in your science lessons.

In ancient times, the two sides of the coins the head (obverse) and the tail (reverse) had different kinds of symbols and motifs engraved on them. These included nature motifs like animals, trees and hills, and those of kings or queens, and deities. For example, the coins of the Chalukyas had a Varaha image (avatar of Vishnu) on one side and decorated three-tiered parasol on the other.

LET'S EXPLORE

The coins shown in Fig. 9.12 were found during excavations in Pudukkottai in Tamil Nade. Their heads embossed are those of Roman kings. What conclusions can we draw from such a finding?



Fig 9.11



Fig. 9.12. Roman gold coins excavated in Pudukottai India

The use of coinage helped boost India's maritime trade with the world. For example, they were found in parts of Kerala and Tamil Nadu. This throws light on the trading activities of soutihern India with the rest of the world. Based on this finding, scholars conclude that the trade was in favour of India.

کیا یہ لفظ آج کے ہندوستان میں زر کے لیے استعمال ہونے والے کسی لفظ سے مشابہت رکھتا ہے؟

اسے دیکھنا نہ بھولیں:

← کیا یہ بات دل چسپ نہیں کہ "پانا" لفظ کی مختلف شکلیں آج بھی تمل، تیلگو اور ملیالم زبانوں میں پنم کے طور پر اور کنڑ ازبان میں "ہانا" کے طور پر زر کے لیے استعمال کی جاتی ہیں؟

← چاندی اور تانبا کے مرکب سے سکّے بنائے جاتے تھے۔ آج جو سکّے ہم استعمال کرتے ہیں وہ بھی دھاتوں کے مرکب سے بنے ہوتے ہیں جن میں لوہے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ ان میں کرومیم، سلیکان اور کاربن جیسی دھاتیں بھی خاص تناسب میں شامل کی جاتی ہیں۔ آپ ان مرکبات کے بارے میں مزید تفصیل سے اپنے سائنس کے اسباق میں پڑھیں گے۔

قدیم زمانے میں سکّوں کے دونوں رخ یعنی چت اور پٹ پر مختلف نقوش اور علامات نقش ہوتے تھے۔ ان میں قدرتی مناظر جیسے جانور، درخت، پہاڑ، بادشاہوں یا ملکاؤں اور دیوتاؤں کی شبیہیں شامل ہوتی تھیں۔ مثال کے طور پر چالوکیہ خاندان کے سکّوں پر ایک طرف وراہ (وشنو کے اوتار) کی شبیہ ہوتی تھی اور دوسری طرف تین منزلہ شاہی چھتری ہوتی تھی۔

آیئے معلوم کریں:

شکل 9.12 میں دکھائے گئے سکّے تمل ناڈو کے پدوکوٹائی علاقہ کی کھدائی کے دوران ملے ہیں۔ ان سکوں کے چت کے رخ پر رومی بادشاہوں کے چہرے کندہ ہیں۔ ایسی دریافت سے ہم کیا نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں؟



شکل 9.11



شکل 9.12: رومن سونے کے سکّے جو پُدوکوٹّائی، تمل ناڈو میں کھدائی کے دوران دریافت ہوئے۔

سکّے کی ترویج سے ہندوستان کی سمندری تجارت کو عالمی سطح پر فروغ ملا۔ مثال کے طور پر ایسے سکّے کیرالا اور تمل ناڈو کے مختلف علاقوں میں پائے گئے ہیں۔ یہ بات جنوبی ہندوستان کی بقیہ دنیا کے ساتھ تجارتی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتی ہے۔ ان دریافتوں کی بنیاد پر ماہرین اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ یہ تجارت ہندوستان کے حق میں تھی۔

DON'T MISS OUT

1 anna was equal to 1/16 of a rupee! In 1947, one anna could by a dozen bananas.



1 half anna, 1942 | *1 quarter anna, 1918* | *1 anna, 1943* | *1 paisa, 1945*

Fig. 9.13

Today, we see coins of different sizes (shown below) for varius denominations with both Hindi and English used on each coin. Special coins are also minted to mark important events for the nation.

DON'T MISS OUT

The ₹ sign was adopted by the Government of India in 2010. It was designed by Udaya Kumar from the Indian Institute of Technology, Bombay (Mumbai),The symbol is a mix of the Devanagari ₹ "Ra" and the Roman "R" with two parallel horizontal stripes running at the top representing the national flag and also the "equal to" sign.



Coinage today



Coin with symbol marking India's 75 years of independence in 2021

Fig. 9.14

ایک ”آنا“ ایک روپے کے سولہویں حصہ کے برابر ہوتا تھا۔1947ء میں ایک آنے میں ایک درجن موز خریدے جاسکتے تھے۔



آدھا آنا	چوتھائی آنا	ایک آنا	ایک پیسہ
1942ء	1918ء	1943ء	1945ء

آج ہم مختلف قدروں کے لیے الگ الگ حجم کے سکّے دیکھتے ہیں جن پر ہندی اور انگریزی دونوں زبانوں میں معلومات درج ہوتی ہیں خصوصی موقعوں پر اہم قومی واقعات کی یاد میں خصوصی سکّے بھی جاری کیے جاتے ہیں۔

حکومتِ ہند نے سال 2010ء میں روپے کا نشان (₹) اختیار کیا۔ اسے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف تکنالوجی، بمبئی کے اُدے کمار نے بنایا تھا۔ یہ علامت دیوناگری کے ”Ra“ اور رومن ”R“ کا امتزاج ہے جس میں دو متوازی افقی دھاریاں جو اوپر کی طرف چل رہی ہیں، قومی پرچم کی نمائندگی کرتی ہیں اور برابر کے نشان کی بھی عکاسی کرتی ہیں۔



آج کے سکے



2021ء میں ہندوستان کی آزادی کی پچہتر ہویں (75) سال گرہ کی مناسبت سے جاری ہونے والا ایک یاد گاری سکّہ۔

شکل 9.14

LET'S EXPLORE

Organise yourselves into groups of five students each. Take up a group project to collect old coins from family members, neighbours, shopkeepers, and so on. Document their various features what are they made of, what is the year inscribed on the coins, what do you observe on the obverse and reverse sides of the coins. What can you guess from your observations? How would you know if your guesses are true?

While the barter system used non metallic money as discussed above, coinage, that is metallic money, gave way to other forms of money!

LET'S EXPLORE

Paper Money

What do you think happened as coins began to be used for all types of exchanges, whether to buy vegetables or to buy some land? What problems could have come up?

As you may have imagined, it became difficult to carry a large number of coins. Storing the coins also became a problem. The search for a more suitable alternative ended. Whit the use of paper money. Paper money or currency was first used in China and was introduced in India in the late 18th century.



Fig. 9.15. Uniface notes of Bank of Bengal (Left) and Ten rupee note from Bank of Bombay (Source : RBI)

While coins are used for smaller denominations, paper currency is used for higher denominations. Today, most of the currency notes you see look like this...

آیئے معلوم کریں

پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنایئے۔ اپنے خاندان کے افراد، پڑوسیوں، دکان داروں وغیرہ سے پرانے سکّے جمع کرنے کے لیے ایک گروپ پروجیکٹ شروع کیجیے۔ ان کی مختلف خصوصیات کو دستاویزی شکل دیجیے کہ یہ سکّے کس مواد سے بنے ہیں؟ ان پر کس سال کا نشان درج ہے؟ سکّوں کے چت اور پٹ کے رخوں پر آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟ آپ اپنے مشاہدات سے کیا اندازہ لگا سکتے ہیں؟ آپ کیسے جانیں گے کہ آپ کے اندازے درست ہیں؟

جب مبادلہ کاری میں غیر دھاتی پیسہ استعمال ہوتا تھا جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، تو سکّہ یعنی دھاتی پیسہ نے زر کی دیگر شکلوں کا راستہ کھولا!

آیئے معلوم کریں:

کاغذی زر یا کرنسی:

جب سکے ہر قسم کے لین دین میں استعمال ہونے لگے، چاہے سبزیاں خریدنے کے لیے ہوں یا زمین خریدنے کے لیے تو آپ کیا سوچتے ہیں؟ کس طرح کے مسائل پیدا ہوئے ہوں گے؟

جیسا کہ آپ نے تصور کیا، سکّوں کی بڑی مقدار کو لے کر چلنا مشکل ہو گیا تھا۔ سکّوں کو ذخیرہ کرنا بھی ایک مسئلہ بن گیا تھا۔ زیادہ موزوں متبادل کی تلاش کاغذی زر یا کرنسی کے استعمال پر آکر ختم ہوئی۔ کاغذی زر یا کرنسی سب سے پہلے چین میں استعمال کی گئی تھی اور اٹھارہویں صدی کی اواخر میں ہندوستان میں متعارف کرائی گئی۔



شکل 9.15: بینک آف بمبئی کا دس روپے کا نوٹ اور بینک آف بنگال کا ایک رخی نوٹ (دائیں) (ماخذ: آر بی آئی)

سکے عام طور پر کم قیمتوں (Smaller Denominations) کے لیے استعمال ہوتے ہیں، کاغذی کرنسی اونچی قیمتوں کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ آج آپ جو زیادہ تر کرنسی نوٹ دیکھتے ہیں وہ اس طرح نظر آتے ہیں۔



Fig. 9.16. Paper currency today

Currency: System of money that is used in a particular country. For example, coins and paper notes that are used in India in terms of rupee is the Indian currency."

Denominations: Units in which coins and paper notes are classified. For example denominations of Indian currency include 50 paisa, ₹1, ₹2, ₹5, ₹10, 120 coins and paper notes of ₹10, 20, 50, ₹100, 200, ₹500 and ₹1.000.

LET'S EXPLORE

Look at a 50 and a 100 rupee note. Can you identify the motifs depicting India's cultural heritage on the revers side of the notes? Find out more about them.



Fig 9.17

→ Feel the surface of the notes. What special features of currency notes help visually impaired persons to identiy the notes' denominations?

Earlier in this chapter, we read that in ancient times coins were issued by rulers. Today, in India, we have a central authority called the Reserve Bank of India (RBI) that controls the issue of currency. It is not legal for anybody other than the RBI to issue currency.

New Forms of Money

As time has progressed and technology has advanced, other forms of money have come to be used today. Let's look at some of them. Krishnappa sells seasonal fruit on a cart. Alongside the colourful fruit that he arranges neatly on his cart is a little card with a **QR code.** His customers scan the QR code with their mobile phones and pay for their purchase digitally. The payment then goes directly into Krishnappas bank account.









शکل 9.16: آج کے کاغذی نوٹ

کرنسی:
زر کی وہ شکل جو کسی ملک میں استعمال کی جاتی ہے مثال کے طور پر سکے اور کاغذی نوٹ جو ہندوستان میں روپے کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں یہ ہندوستانی کرنسی ہے۔

قیمت:
وہ اکائیاں جن میں سکے اور کاغذی نوٹ جاری کیے جاتے ہیں۔ مثلاً بھارت کی اکائیاں جن میں پچاس پیسہ، 1، 2، 5، 10، 20 اور کاغذی نوٹ 10، 20، 50، 100، 200، 500

آیئے معلوم کریں:



شکل 9.17

پچاس اور سو روپے کے کرنسی نوٹ کو دیکھیے۔ کیا آپ ان نوٹوں کے پیچھے کی طرف ہندوستان کے ثقافتی ورثہ کو ظاہر کرنے والی علامات کی شناخت کر سکتے ہیں؟ ان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیجیے۔

← نوٹوں کی سطح کو محسوس کیجیے۔ کرنسی نوٹ کی وہ کون کونسی اہم خصوصیات ہیں جو نقص بصارت والے افراد کو نوٹوں کی قیمتوں کی شناخت میں مدد دیتی ہیں؟

ہم نے اس باب میں پہلے پڑھا تھا کہ قدیم دور میں سکے حکم رانوں کی جانب سے جاری کیے جاتے تھے لیکن آج ہندوستان میں ہمارے پاس واحد مرکزی ادارہ ریزرو بینک آف انڈیا (RBI) کے علاوہ کسی دوسرے ادارہ یا شخص کا کرنسی جاری کرنا غیر قانونی ہے۔

زر کی نئی شکلیں:

جیسے جیسے وقت گزرا اور تکنالوجی نے ترقی کی، زر کی دیگر شکلیں بھی سامنے آچکی ہیں اور آج کے دور میں استعمال ہونے لگی ہیں۔ آیئے ان میں سے کچھ پر نظر ڈالیں۔ کرشنپا ایک ٹھیلہ پر موسمی پھل بیچتا ہے۔ وہ ٹھیلہ پر صفائی سے رکھے ہوئے رنگین پھلوں کے ساتھ ساتھ ایک کیو آر کوڈ (QR CODE) والا ایک چھوٹا سا کارڈ بھی رکھتا ہے۔ اس کے گاہک اپنے موبائل فون سے اس کوڈ کو اسکین کرتے ہیں اور سامان کی قیمت ڈیجیٹل طور پر ادا کرتے ہیں۔ پھر یہ ادائیگی بہ راہِ راست کرشنپا کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل ہو جاتی ہے۔



Fig 9.18

QR Code: Stands for "quick response" codes, these are collections of black and white squares, which are readable by devices like smartphones and QR scanners. They contain information about the receiver's bank account and are used for making monetary transactions.

Apart from tangible forms of money such as coins and paper notes, money has taken intangible forms that we cannot touch and feel. This is called digital money which is in electronic form. Have you observed other people around you making or receiving payments with out using coins and notes? Different payment methods like debit cards, credit cards, net banking, UPI (Unified Payments Interface), etc., are also used for transactions. These mediums directly transfer money from one person's bank account into another. You will learn more about the modern methods of monetary transactions later.



Before we move on

- The barter system existed before money came into existence. A variety of commodities were used to facilitate exchange.
- The limitations of the barter system led to the development of money as a medium of exchange.
- Forms of money evolved through time, such as shells, coins, and paper currency. This evolution continues as we create new and easier ways to make and receive payments, including the QR code that you saw in the illustration above.



شکل 9.18

کیو آر کوڈ: (QR CODE)

یہ "کوئک رسپانس کوڈ" ہے جو کالے اور سفید چوکور شکلوں کا مجموعہ ہے جو اسمارٹ فون اور QR اسکینر جیسے آلات کے ذریعہ پڑھے جاسکتے ہیں۔ ان میں حاصل کرنے والے کے بینک اکاؤنٹ کے بارے میں معلومات ہوتی ہیں اور یہ کرنسی کے لین دین میں استعمال ہوتے ہیں۔

سکوں اور کاغذی نوٹوں جیسے مادی زر کے علاوہ پیسہ اب غیر مادی شکلوں میں بھی آچکا ہے جنھیں ہم چھو سکتے ہیں اور نہ ہی محسوس کر سکتے ہیں۔ اسے ڈیجیٹل کرنسی کہا جاتا ہے جو الکٹرانک شکل میں ہوتا ہے۔ کیا آپ نے اپنے ارد گرد دیگر افراد کو نوٹ اور سکّے استعمال کیے بغیر ادائیگی کرتے یا وصول کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ مختلف ادائیگی کے طریقے جیسے ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ، نیٹ بینکنگ، یو پی آئی (UPI) (یونی فائیڈ پیمنٹس انٹر فیس) وغیرہ بھی لین دین کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ طریقے پیسے کو ایک شخص کے بینک اکاؤنٹ سے دوسرے کے اکاؤنٹ میں براہِ راست منتقل کرتے ہیں۔ آپ جدید مالیاتی لین دین کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات بعد میں حاصل کریں گے۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں:

- مبادلہ کاری کا نظام زر کے وجود میں آنے سے پہلے موجود تھا، جسے مختلف اجناس کے تبادلے کو آسان بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔
- مبادلہ کاری کا محدود دائرہ زر کے تبادلے کے ذریعہ کے طور پر ترقی کا سبب بنا۔
- زر کی مختلف شکلیں وقت کے ساتھ ترقی کرتی گئیں جیسے کہ گھونگھے، پھر سکّے اور پھر اس کے بعد کاغذی کرنسی۔ یہ ارتقا آج بھی جاری ہے کیوں کہ ہم ادائیگیاں وصولی کے نئے اور آسان طریقے وضع کرتے ہیں جن میں کیو آر کوڈ (QR Code) جسے آپ نے اوپر کی تصویر میں دیکھا ہے۔

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. Rangaiah is a farmer who sells vegetables online. Priya buys vegetables for ₹450. She scans his QR code and pays through UPI. The money goes directly to Rangaiah's bank account. ( )

   What does this situation show?

   A) Priya used cash to pay at the time of delivery.

   B) Priya used a debit card machine at Rangaiah's shop.

   C) Priya used digital money to make an online payment.

   D) Priya gave Rangaiah a paper receipt instead of money.

2. What were the limitations of the barter system?
3. What were the salient features of ancient Indian coins?
4. How does the barter system take place and what kinds of commodities were used for exchange under the system?
5. How has money as a medium of exchange transformed over time?
6. What steps might have been taken in ancient times so that Indian coins could become the medium of exchange across countries?
7. Read the following lines from the Arthahstra.

   "An annual salary of 60 panas could be substituted by an adhaka of grain per day, enough for four meals…" (One adhaka is equal to about 3 kg) What does this indicate about the value of one pana?

   The fine for failing to help a neighbour was 100 panas. Compare this with the annual salary. What conclusion can you draw about the human values being encouraged through this?

8. The RBI is the only legal source that prints and distributes paper currency in India. To prevent illegal printing of notes and their misuse, the RBI has introduced many security features. Find out what some of these measures are and discuss them in class.
9. Write and enact a skit to show how people may have persuaded each other to use cowrie shells (or other such items) as the medium of exchange.
10. Interview a few of your family members and local shopkeepers, and ask them their preferences in making and receiving payments - do they prefer.

✧✧✧✧✧

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس)

1۔ رنگیّا ایک کسان ہے جو آن لائن میں سبزیاں بیچتا ہے۔ پریا نے 450 ` کی سبزیاں خریدیں۔ وہ اس کا QR Code اسکین کرتی ہے اور UPI کے ذریعہ ادائیگی کرتی ہے۔ رقم براہِ راست رنگیّا کے بینک اکاؤنٹ میں چلی جاتی ہے۔ یہ صوتِ حال کیا ظاہر کرتی ہے۔ ( )

(a) پریا نے ڈیلیوری کے وقت ادائیگی کے لیے نقد رقم کا استعمال کیا

(b) پریا نے رنگیّا کی دکان پر ڈیبٹ کارڈ مشین کا استعمال کیا

(c) پریا نے آن لائن ادائیگی کرنے کے لیے ڈیجیٹل رقم کا استعمال کیا

(d) پریا نے رنگیّا کو پیسوں کے بجائے کاغذ کی رسید دی

2۔ مبادلہ کاری کی خامیاں کیا تھیں؟

3۔ قدیم ہندوستانی سکّوں کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

4۔ مبادلہ کاری کا نظام کیسے عمل میں آیا اور اس نظام کے تحت تبادلہ کے لیے کونسی اشیا استعمال کی جاتی تھیں؟

5۔ وقت کے ساتھ ساتھ تبادلہ کے ذریعہ کے طور پر زر کا ارتقا کس طرح ہوا ہے؟

6۔ قدیم زمانے میں کونسے اقدامات کیے گئے ہوں گے کہ ہندوستانی سکّے دنیا بھر میں تبادلے کے ذریعہ کے طور پر استعمال ہونے لگے؟

7۔ ارتھ شاستر اکی مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے:

”سالانہ ساٹھ (60) پنوں کی تنخواہ کو روزانہ ایک اڑھا کا اناج سے بدلا جاسکتا تھا، جو چار وقت کے کھانوں کے لیے کافی ہوتا تھا“ ---

(ایک اڑھا کا تقریباً تین کلو کے برابر ہوتا تھا) یہ اقتباس ایک پنا کی قیمت کے بارے میں کیا ظاہر کرتا ہے؟

مزید یہ کہ اگر کسی کی پڑوسی کی مدد نہ کرنے پر جرمانہ سو (100) پنا کا ہوتا تھا تو سالانہ تنخواہ کے مقابلہ میں اس سزا سے کونسی انسانی قدریں نمایاں ہوتی ہیں؟

8۔ ریزرو بینک آف انڈیا (RBI) ہی وہ واحد قانونی ادارہ ہے جو ہندوستان میں کاغذی کرنسی چھاپتا ہے اور تقسیم کرتا ہے۔ نوٹوں کی غیر قانونی چھپائی اور ان کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے، آر بی آئی نے کئی تحفظاتی تدابیر متعارف کرائی ہیں۔ ان میں سے کچھ تدابیر کیا ہیں؟ تلاش کیجیے اور کلاس میں تبادلۂ خیال کیجیے۔

9۔ ایک مختصر ڈرامہ لکھ کر پیش کیجیے جس میں یہ دکھایا جائے کہ لوگ کس طرح ایک دوسرے کو اس پر قائل کرتے ہوں گے کہ وہ گھونگھے کے قول (یا اسی طرح کی دوسری اشیا) کو تبادلہ کے ذریعہ کے طور پر استعمال کریں۔

10۔ اپنے خاندان کے چند افراد اور مقامی دکانداروں کا انٹرویو لیجیے اور ان سے پوچھیے کہ وہ ادائیگیوں اور وصولیوں میں کس چیز کو ترجیح دیتے ہیں۔ کیا وہ نقد رقم پسند کرتے ہیں یا یو پی آئی (UPI) اور کیوں؟

✧✧✧✧✧

CHAPTER

10

UNDERSTANDING MARKETS

K3Z3A1

Learning Outcomes

The student will be able to :

- Define the term market and understands how markets function. (CG-1)
- Compare physical markets and online markets and classify markets into domestic and international markets. (CG-9)
- Analyse informatic figures related to India's exports and imports and prepares a table showing India's major imports and exports. (CG-9)
- Understand the role of the Government in regulating markets. (CG-9)
- Identify certification marks of different products issued by the government agencies. (CG-1)

"Prosperity emanates from the market that develops when people need goods and services that they can't create themselves."

- Adam Smith, 18th century economist

In the picture on the following page you will see people buying and selling goods vegetables, fruits, clothes, groceries, mobile phones, refrigerators, and so on. These goods result from various types of economic activities primary, secondary, and tertiary that you studied in Grade 6. But how do these goods reach us?




fig. 10.1

The Big Questions ?

1. *What are markets and how do they function?*
2. *What is the role of markets in people's lives?*
3. *What role does the government play in markets?*
4. *How can consumers assess the quality of goods and services they purchase?*

باب
10

بازاروں کو سمجھنا

P4W6Q8

اکتسابی نتائج:

طلبا اس قابل بنیں گے کہ:

لفظ "بازار" کی تعریف کر سکیں گے اور سمجھ سکیں گے کہ بازار کیسے کام کرتے ہیں۔(CG-1)

طبیعی بازاروں اور آن لائن بازاروں کا موازنہ کر سکیں گے، بازاروں کی ملکی اور بین الاقوامی بازاروں میں درجہ بندی کر سکیں گے۔ (CG-9)


ہندوستان کی برآمدات اور درآمدات سے متعلق معلوماتی اعداد و شمار کا تجزیہ کر سکیں گے اور ہندوستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کو ظاہر کرنے والا ایک جدول تیار کر سکیں گے۔(CG-9)

بازاروں کو منظم اور کنٹرول کرنے میں حکومت کے کردار کو سمجھ سکیں گے۔(CG-1)

سرکاری ایجنسیوں کی طرف سے جاری کردہ مختلف مصنوعات کے تصدق نشانات کی شناخت کر سکیں گے۔(CG-1)

"بازار خوش حالی کا سرچشمہ ہیں جو اس وقت فروغ پاتے ہیں جب لوگوں کو ان اشیا و خدمات کی ضرورت پیش آتی ہے جنھیں وہ خود نہیں بنا سکتے۔"

ایڈم اسمتھ (اٹھارہویں صدی کا ایک ماہر معاشیات)



شکل 10.1

اگلے صفحہ پر دی ہوئی تصویر میں آپ لوگوں کو سبزیاں، پھل، کپڑے، کرانے کا سامان، موبائل فون، ریفریجریٹر وغیرہ جیسی اشیا کو خریدتے اور فروخت کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ یہ اشیا مختلف قسم کی معاشی سرگرمیوں کا نتیجہ ہیں جو ابتدائی، ثانوی اور ثالثی ہو سکتی ہیں۔ جن کے بارے میں آپ چھٹی جماعت میں پڑھ چکے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ آخر یہ اشیا ہم تک کیسے پہنچتی ہیں؟


اہم سوالات؟

1۔ بازار کیا ہیں اور وہ کس طرح کام کرتے ہیں؟

2۔ لوگوں کی زندگی میں بازاروں کا کیا کردار ہے؟

3۔ بازاروں کے معاملے میں حکومت کیا کردار ادا کرتی ہے؟

4۔ صارفین خریدی گئی اشیا اور خدمات کے معیار کا اندازہ کس طرح لگا سکتے ہیں؟






fig 10.2

What is a Market?

A place where people buy and sell goods is called a market. It is also known as bazaar, haat (in Hindi), and marukatte (in Kannada). What is it called in your region? This can be at a physical place or, as is becoming popular today, online . Goods and services become available to individuals, households, and businesses through markets. For a long time, people have relied on markets to fulfil their needs and wants for goods and services. In addition, markets connect people, traditions, and ideas. Let's see an example of a market from 16th century India.

Needs:
In economics, a need is something that a person requires to survive, such as food, water, clothing, and shelter
Wants:
In economics, a want is something that a person desires but is not essential for survival.


The Glorious Hampi Bazaar, Karnataka


The Hampi Bazaar in Karnataka was one of the prosperous markets in the Vijayanagara Empire which was the centre of flourishing trade. The bazaar was located opposite the Virupaksha temple. The sheer abundance and prosperity of the city have been described in many foreign accounts.



Fig. 10.3. Hampi Bazaar today

Trade:
buying and selling or exchange of goods and services between people or countries





شکل 10.2

بازار کیا ہے؟

وہ جگہ جہاں لوگ اشیا کی خرید و فروخت کرتے ہیں، بازار کہلاتے ہیں۔ ہندی میں اسے ہاٹ اور کنڑ امیں مرو کٹے کہتے ہیں۔ آپ کے علاقہ میں اسے کیا کہا جاتا ہے؟ یہ کسی مخصوص طبیعی مقام پر ہو سکتا ہے یا آن لائن بھی، جو آج کل بہت مقبول ہو رہا ہے۔ بازاروں کے ذریعے ہی اشیا و خدمات لوگوں، گھروں اور کاروباری اداروں تک پہنچتی ہیں۔ صدیوں سے لوگ اپنی ضروریات اور خواہشات کی تکمیل کے لیے بازاروں پر منحصر ہیں۔ اس کے علاوہ بازار افراد، روایات اور خیالات کو بھی جوڑتے ہیں۔ آیئے سولہویں صدی کے ہندوستان کے ایک بازار کی مثال دیکھیں۔

کرناٹک کا شاندار ہمپی بازار

ہمپی، وجے نگر سلطنت کے خوش حال بازاروں میں سے ایک تھا اور پھلتی پھولتی تجارت کا مرکز تھا۔ یہ بازار ویروپاکشا مندر کے سامنے واقع تھا۔ شہر کی خوش حالی اور فراوانی کا تذکرہ کئی غیر ملکی تحریروں میں کیا گیا ہے۔



شکل 10.3: آج کا ہمپی بازار

بنیادی ضرورتیں:

معاشیات میں بنیادی ضرورت سے مراد وہ چیزیں ہیں جن کے بغیر انسان کا زندہ رہنا ممکن نہیں ہوتا، جیسے غذا، پانی، کپڑے اور رہائش۔

تجارت:

خرید و فروخت یا سامان و خدمات کا تبادلہ جو افراد یا ممالک کے درمیان کیا جاتا ہے۔

The famous Portuguese traveller, Domingos Paes, called Hampi "the best provided city in the world" due to the wide variety of products traded in the market grains, seeds, milk, oil, silk, animals like cows, rabbits, horses, and even birds like quails and partridges. Another Portuguese traveller, Fernao Nuniz, wrote about the bazaar, "There were craftsmen, also, working in their streets, so that you saw made there, golden jewels and gewgaws, and you will find all kinds of rubies and diamonds and pearls, with every other kind of precious stone for sale... sellers of cloths... they being of cotton... grass and straw in infinite abundance. I do not know who could describe it to be believed, so barren a country is this... it is a mystery how there should be an abundance of everything therein."

LET'S EXPLORE

→ Can you imagine what this bazaar must have looked like during its peak?

→ Do you know of any old markets from your state? How would they be similar or different from today's markets? Discuss with elders in the family and community.

Let's learn more about markets and how they function!

LET'S EXPLORE

Observe the illustration. What are these people discussing? Imagine you and your partner as a buyer and a seller of guavas. Prepare a set of dialogues between both of you and present it in your class as a skit.



Fig. 10.4

Price: Price is the amount at which a buyer is willing to buy, and a seller is willing to sell par ticular goods or services.

Certain features are required for places to be called markets. As you observed in the figure 10.2 every market has a buyer and a seller. They both need to agree on a price at which the transaction would take place. Price is an important feature in completing a transaction.

پرتگالی سیاح، ڈومینگو پائز تے ہمپی کے بارے میں کہا ہے کہ "دنیا کا بہترین شہر جہاں آسائش کا تمام تر سامان مہیا تھا" کیوں کہ بازار میں مختلف قسم کی مصنوعات کی تجارت ہوتی تھی مثلاً اناج، بیج، دودھ، تیل، ریشم اور گائے، خرگوش، گھوڑے جیسے جانور حتی کہ بٹیر اور تیتر جیسے پرندے بھی۔ ایک اور پرتگالی سیاح فرناؤنونیز نے بازار کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھا ہے کہ "بازار کی گلیوں میں دست کار بھی بیٹھے ہوتے تھے، جہاں سونے کے زیورات اور دلکش اشیا تیار کی جاتیں اور آپ کو وہاں ہر قسم کے قیمتی پتھر جیسے کہ لعل اور ہیرے موتی فروخت کے لیے ملیں گے۔۔۔ زیادہ تر سوتی کپڑے فروخت کرنے والے بھی تھے۔۔۔ گھاس پوس کی بھی بے پناہ کثرت تھی۔ مجھے نہیں معلوم کہ کوئی کس طرح اس منظر کو بیان کرے گا تا کہ لوگ اس پر یقین کر سکیں کیوں کہ بہ ظاہر تو یہ ایک بنجر سرزمین معلوم ہوتی ہے۔۔۔ یہ واقعی ایک معمہ ہے کہ ایسی جگہ پر ہر چیز کس طرح وافر مقدار میں موجود ہے۔"

آیئے معلوم کریں:

← کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ یہ بازار اپنے عروج کے وقت کیسا نظر آتا ہو گا؟

← کیا آپ اپنی ریاست کے کسی قدیم بازار کے بارے میں جانتے ہیں؟ موجودہ بازاروں سے وہ کس طرح ملتے جلتے یا مختلف ہوں گے؟ اپنے خاندان یا معاشرہ کے بزرگ افراد سے گفتگو کیجیے۔

آیئے بازاروں اور ان کے کام کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید جانیں!

آیئے معلوم کریں:

تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔ یہ لوگ کس چیز کے بارے میں بات کر رہے ہیں؟ تصور کیجیے کہ آپ اور آپ کا ساتھی امرود کے خریدار اور فروخت کنندہ ہیں۔ آپ دونوں کے درمیان ہونے والے مکالمات کا ایک مجموعہ تیار کیجیے اور اسے اپنی کلاس میں ایک مختصر ڈرامہ کی شکل میں پیش کیجیے۔



شکل 10.4

قیمت:
قیمت وہ رقم ہے جس پر کوئی خریدار مخصوص اشیا و خدمات کو خریدنے پر تیار ہوتا ہے اور فروخت کنندہ سے فروخت کرنے پر آمادہ ہوتا ہے۔

کسی جگہ کو بازار کہنے کے لیے کچھ خصوصیات کا ہونا ضروری ہے۔ جیسا کہ آپ نے شکل 10.2 میں دیکھا۔ ہر بازار میں ایک خریدار اور ایک فروخت کنندہ ہوتا ہے۔ ان دونوں کو ایک ایسی قیمت پر اتفاق کرنا پڑتا ہے جس پر سودا طے ہو گا۔ کسی بھی لین دین کی تکمیل میں قیمت ایک اہم خصوصیت ہے۔

THINK ABOUT IT

Can you think of a type of market where negotiation is less common and why?

Prices and Markets

What happens when there are many buyers and sellers in the market? How do prices respond to how buyers and sellers interact in the market?

In the figure given below, the seller wants to sell the guavas at ₹ 80 per kg. However, buyers may not be willing to buy at that price. If a buyer finds the price very high, he will ask for a price that he is willing to pay. The seller may not be willing to sell at the price offered by the buyer because it would not be profitable for him. The buyer and seller negotiate until a mutually agreeable price is reached. The transaction can then be completed. If such a point is not reached, i.e. the point where the buyer and the seller agree on a price, the transaction may not take place.

Let's see some scenarios below to understand this.

1. What happens in case the seller fixes the pricevery high?



Fig. 10.5



Fig. 10.6

2. What happens in case the seller fixes the price very low?



Fig. 10.7

3. Over time the price of guavas is fixed at one that is just right, not very high for the buyer, not too low for the seller!

© NCERT

اس پر غور و فکر کریں:

کیا آپ ایک ایسے بازار کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جہاں مول بھاؤ عام نہیں ہیں اور کیوں؟

قیمتیں اور بازار:

جب کسی بازار میں کئی خریدار اور فروخت کنندگان ہوتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟ بازار میں خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان تعامل کا قیمتوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

نیچے دی گئی شکل میں فروخت کنندہ اسی (80) روپے فی کیلو گرام کے حساب سے امرود فروخت کرنا چاہتا ہے۔ تاہم یہ ممکن ہے کہ خریدار اس قیمت پر خریدنے کے لیے تیار نہ ہو۔ اگر خریدار کو قیمت بہت زیادہ لگتی ہے تو وہ ایسی قیمت کی پیش کش کرے گا جسے وہ ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ممکن ہے کہ فروخت کنندہ، خریدار کی پیش کی گئی قیمت پر فروخت کرنے کے لیے تیار نہ ہو کیوں کہ یہ اس کے لیے نفع بخش نہیں ہے۔ خریدار اور فروخت کنندہ اس وقت تک مول بھاؤ کرتے ہیں جب تک کہ ایسی قیمت پر نہ پہنچ جائیں جس پر دونوں متفق ہوں۔ اس کے بعد ہی لین دین کا عمل مکمل ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا نقطہ نہیں آتا ہے جہاں خریدار اور فروخت کنندہ ایک قیمت پر متفق ہوں، تو لین دین نہیں ہو پاتا۔

آیئے اس کو سمجھنے کے لیے ذیل میں کچھ منظر ناموں پر غور کیجیے۔

1۔ اگر فروخت کنندہ بہت زیادہ قیمت طلب کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟




شکل 10.5

2۔ اگر فروخت کنندہ بہت کم قیمت طلب کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟



شکل 10.6

3۔ اس دوران امرود کی ایک ایسی قیمت طے ہو جاتی ہے جو نہ خریدار کے لیے بہت زیادہ ہے اور نہ فروخت کنندہ کے لیے کم۔



شکل 10.7

Learning from all three scenarios, the seller can assess approximately what quantity of guavas are needed by the buyers and offer that quantity in the market in future.

Over time, the amount of goods offered by the sellers and the amount required by the buyers help determine the price of the goods that is just right, high enough for the seller, and low enough for the buyer.



THINK ABOUT IT



Vegetables are sold cheaper late at night at the weekly market compared to during the day. Why do you think this is so? Garment stores offer heavy discounts on woollen clothing at the end of the winter season. Why does this happen?

Markets Around Us

Markets are present everywhere and in various forms.

Physical and online markets

A physical market is where buyers can meet the seller physically, and purchase goods or services in exchange for money. This is the most common type of market. It includes weekly markets and haats where vendors sell vegetables, other essential items, and handicraft items lined up on a cart. Local markets with shops and buzzing with vendors selling street food, knick knacks, and so on are also physical markets. There are also multi storey buildings, i.e., malls in cities and towns spanning large areas with stores inside.

Today buyers and sellers need not necessarily meet in person to engage in a transaction. They can transact from a convenient location even thousands of kilometres away from each other. They can use shopping applications (Apps) or websites on a phone or a computer. These apps or websites are created by businesses that make available a wide variety of goods and services. We will read about how this works in a section below.

Inputs for production; Materials or resources that are used in the production of goods and services.

Manufacturer: A person or company that makes goods for sale

APSCERT

تینوں مناظر سے سبق لیتے ہوئے فروخت کنندہ اس بات کا اندازہ لگا سکتا ہے کہ خریداروں کی امرود کی کتنی مقدار درکار ہے اور وہ آئندہ بازار میں اس مقدار کو پیش کر سکتا ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ، فروخت کنندگان کی طرف سے پیش کی گئی اشیا کی مقدار اور خریداروں کو مطلوب اشیا کی مقدار کی مناسب قیمت کے تعین میں مدد کرتی ہے یعنی فروخت کنندہ کے لیے منافع بخش اور خریدار کے لیے کافی کم ہوتی ہے۔




اس پر غور و فکر کریں:

ہفتہ وار بازاروں میں دن کی بہ نسبت دیر رات میں سبزیاں سستے داموں پر فروخت ہوتی ہیں۔ آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہے؟ سردی کا موسم ختم ہو جانے پر کپڑوں کی دکانیں اونی کپڑوں پر بھاری رعایت کی پیش کش کرتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

ہمارے اطراف کے بازار:

بازار ہر جگہ اور مختلف شکلوں میں موجود ہوتے ہیں۔

طبیعی اور آن لائن بازار:

طبیعی بازار وہ بازار ہیں جہاں خریدار، فروخت کنندہ سے براہِ راست مل سکتے ہیں اور رقم کے بدلے اشیا یا خدمات خرید سکتے ہیں۔ یہ بازار کی سب سے عام قسم ہے۔ اس میں ہفتہ وار بازار اور میلہ نما بازار شامل ہیں۔ جہاں دکاندار سبزیاں، دیگر ضروری سامان اور ٹھیلہ پر سجی ہوئی دست کاری کی اشیا فروخت کرتے ہیں۔ دکانوں اور اسٹریٹ فوڈ، آرائشی اشیا وغیرہ فروخت کرنے والے دکانداروں سے گونجتے ہوئے مقامی بازار بھی طبیعی بازار ہیں۔ شہروں اور قصبوں میں کثیر منزلہ عمارتیں یعنی بڑے علاقے میں پھیلے ہوئے مال بھی ہیں جن کے اندر بہت سی دکانیں ہوتی ہیں۔

پیداواری مادخل:
وہ مواد یا وسائل جن کا استعمال اشیا اور خدمات کی پیداوار کے لیے کیا جاتا ہے۔

مصنوعات ساز:
وہ شخص یا کمپنی جو فروخت کے لیے سامان بناتی ہے۔

آج خریداروں اور فروخت کنندگان کو لین دین کرنے کے لیے ذاتی طور پر ملنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ وہ ایک دوسرے سے ہزاروں کیلو میٹر دور ہوتے ہوئے بھی کسی مناسب جگہ سے لین دین کر سکتے ہیں۔ وہ اس کے لیے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر پر شاپنگ ایپلی کیشنز (ایپ) یا ویب سائٹ ان کاروباری اداروں کے ذریعہ بنائی جاتی ہیں جو مختلف قسم کی اشیا و خدمات فراہم کرتی ہیں۔ ہم مندرجہ ذیل حصہ میں پڑھیں گے کہ یہ کیسے کام کرتے ہیں۔

One can buy goods ranging from books, clothes, furniture, and grocery items to electronic items like TVs, mobile phones, and laptops, and get them delivered to their doorstep. Manufacturers can also buy components online to be used as inputs for production of goods. Apart from goods, one can also avail of services like online classes without having to step outside the home. Payments for such services can also be made online



Fig. 10.8



THINK ABOUT IT



- What do you think are the pros and cons of online and physical shopping respectively? Explore this question from the point of view of both, sellers and buyers.
- Some services require in person contact like tailoring and cannot be provided online. Can you suggest other services where physical markets are needed?

There are other types of markets that do not transact goods and services. One of them is the share or stock market.



Fig. 10.9 Stock market

Ask your family members, teachers, or members in your community about it. We will explore these concepts later in the year

Domestic and international markets

A market where goods and services are bought and sold within the geographical boundaries of the country is called a domestic market. For example, to print this book, paper was procured from big paper mills located all over India. The transaction between the buyer and the seller took place within the country.

International markets exist outside a nation's boundary; the sellers in one country **export** their products to another country, or the buyers in one country **import** products produced in another country. Thus, trade occurs across borders of countries.

Export: Selling goods or services produced in one country to a buyer in another country.
Import: Buying goods or services from other countries and bringing them into one's own country

APSCERT



شکل 10.8

کوئی بھی شخص کتابوں، کپڑوں، فرنیچر اور کرانہ کی اشیا سے لے کر ٹی۔وی، موبائل فون اور لیپ ٹاپ جیسے الکٹرانک سامان خرید سکتا ہے اور انہیں اپنے گھر پر منگوا سکتا ہے۔ مصنوعات ساز اشیا تیار کرنے کے لیے مادخل کے طور پر استعمال کیے جانے والے اجزا کو آن لائن بھی خرید سکتے ہیں۔ اشیا کے علاوہ کوئی بھی فرد گھر سے باہر قدم رکھے بغیر آن لائن کلاس جیسی خدمات حاصل کر سکتا ہے۔ اس طرح کی خدمات کے لیے ادائیگیاں بھی آن لائن کی جا سکتی ہیں۔

اس پر غور و فکر کریں:

← آپ کے خیال میں آن لائن اور طبیعی خریداری کے بالترتیب فوائد اور نقصانات کیا ہیں؟ فروخت کنندہ اور خریدار دونوں کے لحاظ سے اس سوال کا جواب تلاش کیجیے۔

← کچھ خدمات جیسے کپڑوں کی سلائی کے لیے ذاتی رابطہ کی ضرورت ہوتی ہے اور انہیں آن لائن فراہم نہیں کیا جا سکتا ہے۔ کیا آپ کچھ اور ایسی خدمات تجویز کر سکتے ہیں جہاں طبیعی بازاروں کی ضرورت ہے؟



شکل 10.9 :اسٹاک مارکیٹ

بازار کی کچھ قسمیں بھی ہیں جہاں اشیا و خدمات کا لین دین نہیں ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک شیر بازار یا اسٹاک مارکیٹ ہے۔

اپنے اہل خانہ، اساتذہ یا معاشرہ کے افراد سے اس کے متعلق بات کیجیے۔ ہم سال کے آخر میں ان تصورات کی چھان بین کریں گے۔

گھریلو اور بین الاقوامی بازار:

ایک ایسا بازار جہاں سامان اور خدمات کی خرید و فروخت ملک کی جغرافیائی حدود کے اندر کی جاتی ہے، اسے گھریلو بازار کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر اس کتاب کو چھپانے کے لیے کاغذ پورے ہندوستان میں واقع کاغذ کے کارخانوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان لین دین ملک کے اندر ہی ہوا۔

بین الاقوامی بازار ملک کی سرحد سے باہر واقع ہوتے ہیں: ایک ملک کے فروخت کنندگان اپنی مصنوعات دوسرے ملک کو **برآمد** کرتے ہیں یا ایک ملک کے خریدار دوسرے ملک میں تیار ہونے والی مصنوعات کی **درآمد** کرتے ہیں۔ اس طرح ملکوں کی سرحدوں کے آر پار تجارت ہوتی ہے۔

برآمد:
کسی ملک میں تیار کی گئی اشیا یا خدمات کو دوسرے ملک کے خریداروں کو فروخت کرنا۔


درآمد:
دیگر ممالک سے اشیا یا خدمات کو خریدنا اور انہیں اپنے ملک میں لانا۔



Fig. 10.10

DON'T MISS OUT

India was the world's largest importer of vegetable oils like palm oil, sunflower oil, and soybean oil in 2024. Most of the palm oil is imported from Malaysia, Indonesia, and Thailand.



1. **شمالی امریکہ:** سافٹ ویر جیسی خدمات کی آوٹ سورسنگ
2. **جنوبی امریکہ:** کیمیائی مصنوعات
3. **افریقہ:** دواسازی سے متعلق مصنوعات
4. **یوروپ:** انجینئرنگ کا سازوسامان جیسے فوڈ پروسیسنگ کی مشینیں، بوئلر
5. **مغربی ایشیا:** ریفائن شدہ پٹرولیم مصنوعات

1. **شمالی امریکہ:** ہوائی جہاز اور ان کے پرزے
2. **جنوبی امریکہ:** معدنی کچ دھاتیں جیسے تانبا
3. **افریقہ:** ہیرے
4. **یوروپ:** برقی سازوسامان
5. **مشرقی ایشیا:** خام پٹرولیم فرٹیلائزرز
6. **جنوب مشرقی ایشیا:** خوردنی تیل

شکل: 10.10



اسے دیکھنا نہ بھولیں:



ہندوستان 2024ء میں پام، سورج مکھی اور سویابین تیل جیسے خوردنی تیل کا دنیا بھر میں سب سے بڑا درآمداتی ملک تھا۔ پام تیل سب سے زیادہ ملیشیا، انڈونیشیا اور تھائی لینڈ سے درآمد کیا جاتا ہے۔

Wholesale and Retail

Several participants play their role in the smooth funcioning of the markets.




fig : 10.11

LET'S EXPLORE

Observe the diagram and describe the flow of goods from the manufacturer / producer to the consumer. What is the role of the wholesaler and the retailer in the flow?

In the case of physical markets, whole salers buy goods in large quantities from the producer or manufacturer of the product. For example, grains, vegetables, and fruits are bought by whol esalers directly from the farms. The produce is then stored in large warehouses called godowns. In the case of perishables, the warehouses may also have cold storage facilities. They are then brought to markets called 'mandis'.



for vegetables Fig.10.12. Cold



Fig. 10.13. Warehouse storing grains




Fig. 10.14. Large warehouses of wholesalers

Cold storage: Specialized warehouses or designed to maintain specific low temperatures to preserve perishable goods

ٹھوک اور خوردہ بازار

منڈیوں (بازاروں) کے ہموار اور مؤثر کام کرنے میں کئی افراد اور ادارے اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔



شکل 10.11

آیئے معلوم کریں:

خاکہ کا مشاہدہ کیجیے اور صنعت کار / پیداکار سے صارفین تک سامان کے بہاؤ کی وضاحت کیجیے۔ بہاؤ میں ٹھوک اور خوردہ فروشوں کا کیا کردار ہے؟

طبیعی بازاروں کے معاملہ میں ٹھوک فروش صنعت کاروں یا پیداکاروں سے بڑی مقدار میں سامان خریدتے ہیں۔ مثال کے طور پر اناج، سبزیاں اور پھل ٹھوک فروش براہِ راست کھیتوں سے خریدتے ہیں۔ اس کے بعد پیداوار کو بڑے ذخیرہ گاہ میں رکھا جاتا ہے جنھیں مال گودام کہتے ہیں۔ جلدی خراب ہونے والی اشیا کے معاملے میں ٹھنڈے گوداموں کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد انھیں بازار میں لایا جاتا ہے جسے منڈی کہتے ہیں۔



شکل 10.12: سبزیوں کے لیے ٹھنڈے گوداموں کی سہولت۔

ٹھنڈے گودام:
جلد خراب ہونے والی اشیا کو محفوظ رکھنے کے لیے مخصوص گودام جہاں ہلکے درجہ حرارت کو برقرار رکھا جاتا ہے۔



شکل 10.13: اناج ذخیرہ کرنے والا گودام۔



شکل 10.14: ٹھوک فروش تاجروں کے بڑے گودام۔

Similarly, there exist wholesale markets for other commodities like che-micals, electronic items and components, construction materials, automotive parts, etc.



Fig. 10.15. Khari Baoli spice market, Old Delhi (spices and dry fruits



Fig. 10.16. Flower market, Bengaluru

The wholesalers supply goods to the shops and stores located near households. These shopkeepers are called retailers. They sell goods to final consumers like us. Unlike wholesalers, retailers sell in smaller quantities, and the products are meant for consumption rather than resale. Retail stores also exist for services like salons, movie theatres, and restaurants.

Retailers help increase the availability of goods and services to households. In some cases, it may be difficult for wholesalers to reach a large number of retailers because of distances and terrains. Distributors help to bridge this gap. Do you remember the middlemen for milk in the AMUL story from Grade 6?



Fig. 10.17. Johari Bazaar, Jaipur (gems and jewellery)

However, the distribution channel is different in the case of online markets. Here manufacturers send bulk quantities of their products to the warehouse of the business that sells through online apps. Consumers buy the product from the online option (website or mobile application). These businesses are called aggregators. The aggregator then packs the products and delivers them to the online buyer.

Distributors: Individuals or businesses who supply goods from manufacturers and wholesalers to retailers

Aggregator: Website or mobile application that organizes and combines offers from multiple sellers and sells them to consumers at one place.

اسی طرح کیمیائی اشیا، الکٹرانک اشیا اور ان کے پرزے، تعمیراتی مواد، موٹر گاڑیوں کے حصے وغیرہ جیسی دیگر اشیا کے لیے تھوک بازار موجود ہیں۔



شکل 10.15: کھاری باؤلی مسالہ بازار، پرانی دہلی (مسالے اور خشک میوے جات)۔



شکل 10.16: پھولوں کی منڈی، بنگلور۔

تھوک فروش گھروں کے نزدیک واقع دکانوں کو سامان فراہم کرتے ہیں۔ ان دکان داروں کو خوردہ فروش کہا جاتا ہے۔ وہ ہم جیسے حتمی صارفین کو سامان فروخت کرتے ہیں۔ تھوک فروش تاجروں کے برعکس، خوردہ فروش کم مقدار میں سامان فروخت کرتے ہیں اور ان کی فروخت کا مقصد دوبارہ فروخت نہیں بلکہ براہ راست استعمال ہوتا ہے۔ خوردہ فروش کی دکانیں صرف اشیا کے لیے نہیں بلکہ خدمات کے لیے بھی موجود ہوتی ہیں۔ جیسے سیلون، سینیما گھر اور ریستوران وغیرہ۔

تقسیم کار:
ایسے افراد یا کاروباری جو مصنوعات ساز اور تھوک فروش تاجروں کو سامان فراہم کرتے ہیں۔
جمع کنندہ:
ویب سائٹ یا موبائل اپلی کیشن جو متعدد فروخت کنندگان کی پیش کش کو منظم اور یک جا کرتی ہے اور صارفین کو ایک ہی جگہ پر فروخت کرتی ہے۔

خوردہ فروش گھروں تک اشیا و خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کچھ معاملوں میں، تھوک فروش تاجروں کے لیے طویل فاصلوں اور دشوار گزار علاقوں کی وجہ سے خوردہ فروش تاجروں کی ایک بڑی تعداد تک پہنچنا مشکل ہو سکتا ہے۔ تقسیم کار اس خلا کو پُر کرنے کے لیے مدد کرتے ہیں۔ کیا آپ کو چھٹی جماعت کی امول کی کہانی میں دودھ کے کاروبار سے جڑے ہوئے درمیانی افراد یاد ہیں؟



شکل 10.17: جوہری بازار جے پور (جواہرات اور زیورات)۔

تاہم، آن لائن بازاروں کے معاملہ میں تقسیم کاری زنجیر بالکل مختلف ہے۔ یہاں مصنوعات ساز اپنی مصنوعات کی بڑی تعداد آن لائن ایپ کے ذریعہ فروخت کرنے والے کاروباریوں کے گودام میں بھیجتے ہیں۔ صارفین آن لائن (ویب سائٹ یا موبائل اپلی کیشن) سے مصنوعات خریدتے ہیں۔ ان کاروباروں کو جمع کنندہ یا ایگری گیٹر کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد ایگری گیٹر مصنوعات کی ڈبابندی کرتا ہے اور انہیں آن لائن خریدار تک پہنچاتا ہے۔



Fig. 10.18. Garment shop



Fig. 10.19. Saloon



Fig. 10.20. Mall



Fig. 10.21. Grocery store


Let's explore the chain of supply in physical markets for the **textile market in Surat, Gujarat** Asia's oldest textile market, and the city famously known as a textile hub.

The Surat textile market consists of thousands of factories manu facturing cotton and synthetic textiles. In the case of cotton textiles, raw cotton is received here through cotton mandis from nearby states like Maharashtra, as well as from other parts of Gujarat. It is transformed into finished fabric or garments after processing at various stages weaving on power looms, dyeing in processing units and so on. The product moves from one stage to another through markets for woven fabric, for dyed fabric, and for finished products (sarees, or ready made garments, for example).



Fig. 10.22

The finished product from the fabric is traded by the manufacturing units in the wholesale market. The wholesalers are an important channel of supply as they oversee the distribution of products to small shopkeepers and big retail stores across the country and internationally. They also assess how much product is required by retailers. This helps maintain the stock of products with the manufacturers and ensures an uninterrupted supply of products to the end consumers.



شکل:10.18: کپڑے کی دکان



شکل:10.19: سیلون



شکل10.20:مال



شکل10.21: کرانے کی دکان

آیئے دیکھتے ہیں کہ طبیعی بازاروں میں رسدی زنجیر کیسے کام کرتی ہے۔ سورت، گجرات میں اشیا کی سب سے پرانی کپڑا امنڈی جس کی بنا پر یہ شہر کپڑے کے مرکز کے طور پر مشہور ہے۔

سورت کپڑا امنڈی میں کپاس اور مصنوعی کپڑا بنانے والی ہزاروں فیکٹریاں ہیں۔ سوتی کپڑے کے لیے یہاں خام کپاس آس پاس کی ریاستوں جیسے مہاراشٹر ااور گجرات کے دیگر حصوں کی کپاس منڈیوں سے حاصل کی جاتی ہے۔ پاور لوم پر بنائی، پروسسنگ یونٹوں میں رنگائی وغیرہ کے مختلف مراحل میں پروسسنگ کے بعد اسے تیار فیبرک یا کپڑوں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ یہ مصنوعات ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ میں ان بازاروں کے ذریعہ منتقل ہوتی ہیں جہاں بنے کپڑے، رنگے کپڑے اور تیار شدہ مصنوعات (جیسے ساڑیاں، ریڈی میڈ ملبوسات وغیرہ) فروخت ہوتی ہیں۔



شکل : 10.22

مصنوعات سازی کی اکائیاں کپڑے سے تیار کردہ مال کو تھوک بازار میں بیچتی ہیں۔ تھوک فروش سپلائی کا ایک اہم وسیلہ ہیں کیوں کہ وہ ملک بھر میں اور بین الاقوامی سطح پر چھوٹے دکان داروں اور بڑے خوردہ سٹوروں کو مصنوعات کی تقسیم کی نگرانی کرتے ہیں ۔ وہ اس کا جائزہ لیتے ہیں کہ خوردہ فروشوں کی کتنی مقدار میں مصنوعات کی ضرورت ہے۔ اس سے مصنوعات سازوں کے ساتھ سامان کے اسٹاک کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے اور حتمی صارف تک مصنوعات کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔




Fig. 10.23. Supply of raw cotton from surrounding cotton clusters to Sura






Fig. 10.24. Surat City Map



Fig. 10.25. A wholesaler's warehouse of fabric



شکل 10.23: آس پاس کے کپاس کے علاقوں سے سورت کو خام کپاس کی فراہمی۔



شکل 10.24: سورت شہر کا نقشہ



شکل 10.25: کپڑے کے تھوک فروش کا گودام

LET'S EXPLORE

Ask your nearest retailer about a product, its place of origin, and the chain of suppliers in the process of the product reaching the shop. Trace this using a flow chart like Fig. 10.11 and share it in class.

DON'T MISS OUT

→ Apart from textiles, Surat is home to the largest diamond industry in the world. Approximately 1.5 million artisans are involved in activities like cutting and polishing diamonds on a gigantic scale. Trade flourished here from the 16th century onwards. The city's location on the west coast led to the setting up of ports and road networks that continue to be important today. Communities of expert artisans and skilled persons have lived here for centuries; their skills have been passed on over generations making it a flourishing city.

→ Can you spot the port, highway and railway network on the map in Fig. 10.24? How do you think they helped make Surat a trading hub?

The Role of Markets in People's Lives

As we can see from the sections above, markets play an important role in the economic life of the people. It facilitates transactions between producers and consumers. It helps individuals, households and businesses access goods and services that they"need and cannot produce themselves.

THINK ABOUT IT

We have discussed different dimensions of markets. Can we imagine what life might be like without markets? What would happen if farmers did not bring rice, wheat, dal, vegetables and fruits to the market? What would happen if the producers of cloth in Surat could not procure inputs like cotton from markets?

In this section, we will explore a few other dimensions of the role of markets. Sitha is a professional artist who creates oil paintings on canvas. Her paintings are appreciated, but she finds it difficult to find buyers. She is worried about where to sell the paintings and what price she should offer them for. Unlike the case of guavas there are fewer local buyers and sellers for artwork.

آیئے معلوم کریں:

اپنے قریبی خوردہ فروش سے کسی تیار سامان کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے، وہ کس جگہ تیار ہوتی ہے اور کن مراحل سے گزر کر اس دکان تک پہنچتی ہے۔ ان معلومات کو ایک فلوچارٹ کی شکل میں درج کیجیے، جیسا کہ شکل 10.11 میں دکھایا گیا ہے اور اسے کلاس میں پیش کیجیے۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں:

← سورت پارچہ سازی کے علاوہ ہیرے کی صنعت کا بھی دنیا کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ تقریباً پندرہ لاکھ کاری گر بڑے پیمانے پر ہیروں کو تراشنے اور پالش کرنے جیسی سرگرمیوں میں کام کرتے ہیں۔ سولہویں صدی کے بعد سے یہاں تجارت کو فروغ ملا۔ مغربی ساحل پر شہر کا محل وقوع، بندرگاہوں اور سڑکوں کے قیام کے لیے موزوں ثابت ہوا، جو آج بھی تجارت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ماہر کاری گروں اور ہنر مند افراد کی برادریاں صدیوں سے یہاں رہتی آئی ہیں۔ ان کی صلاحیتیں نسل در نسل منتقل ہوئیں جس سے سورت ایک ترقی یافتہ تجارتی مرکز بن گیا۔

← کیا آپ شکل 10.24 میں نقشہ پر بندرگاہ، شاہراہوں اور ریلوے کے جال کو دیکھ سکتے ہیں؟ آپ کے خیال میں ان سے سورت کو تجارتی مرکز بننے میں کس طرح مدد ملی؟

لوگوں کی زندگی میں بازاروں کا کردار:

جیسا کہ ہم نے پچھلے سیکشن میں دیکھا، بازار لوگوں کی معاشی زندگی میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ صنعت کاروں اور صارفین کے درمیان لین دین کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ اس سے افراد، خاندانوں اور کاروباری اداروں کو ان اشیا اور خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے جن کی انھیں ضرورت ہو اور جنھیں وہ خود تیار نہیں کر سکتے۔

اس پر غور و فکر کریں:

ہم نے بازاروں کی مختلف جہتوں پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ کیا ہم تصور کر سکتے ہیں کہ بازاروں کے بغیر زندگی کیسی ہو سکتی ہے؟ اگر کسان چاول، گیہوں، دال، سبزیاں اور پھل بازار میں نہیں لائیں گے تو کیا ہو گا؟ اگر سورت کے پارچہ ساز بازاروں سے کپاس جیسی خام اشیا خریدتے تو کیا صورت حال ہوتی؟

اس حصہ میں ہم بازاروں کے کردار کی کچھ دیگر جہتوں کی دریافت کریں گے۔ سیتا ایک پیشہ ور آرٹسٹ ہے جو کینوا س پر آئل - پینٹنگ بناتی ہے۔ اس کی مصوری کو سراہا جاتا ہے لیکن اسے خریدار ڈھونڈنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ وہ فکر مند ہے کہ اپنی پینٹنگ کہاں فروخت کرے اور کس قیمت پر۔ امرود کے برعکس، فن پاروں کے لیے مقامی سطح پر خریدار اور فروخت کنندہ کم ہوتے ہیں۔

Can you think of other products which do not have a ready market? How does it affect those willing to buy or sell? What are the different ways in which artists can find buyers for their work today?

How markets benefit society

LET'S EXPLORE

Consumers prefer to buy refrigerators that use less electricity. When a large number of consumers begin to ask for refrigerators that use less electricity, what do you think happens in the network you saw in Fig. 10.11?

The producers get an indication as to what consumers would buy. They produce refrigerators which use less electricity. This benefits society through the production of energy efficient refrigerators.

Although buying and selling is an economic activity that involves monetary exchange, interactions in the markets often move beyond just enquiring about the product or service or negotiations between parties.

Often, a relationship develops between buyers and sellers that continues even across generations. Some families have long lasting trusted relationships with their tailor, jeweller, and doctor over decades. Many families in India maintain an account with the local grocer that is settled at the end of the month.
So, while the primary role of the market is to promote economic activities, it also has non economic significance in many people's lives.

Mother's Market, Ima Keithal in the Meitei language of Manipur, is a unique market in Imphal. About 3000 women own and run all the shops in this market. They sell vegetables, clothes including traditional Manipuri attire, handloom and handicrafts, local produce, and daily essentials that people in the city and the surrounding areas require. On one hand, the market provides employment, becoming an important source of income for thousands of families; on the other hand, the market is a melting pot of cultures. People from different communities come together to exchange ideas and enjoy shared traditions.



Fig. 10.26. Ima Keithal of Imphal

کیا آپ ایسی دیگر مصنوعات کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جن کے لیے باضابطہ بازار نہیں ہوتا؟ یہ بات خریدنے یا فروخت کرنے کے خواہش مند افراد کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟ وہ کونسے مختلف طریقے اس زمانے میں جن میں فن کار اپنے فن کے لیے خریدار تلاش کر سکتے ہوں؟

بازار معاشرے کو کیسے فائدہ پہنچاتے ہیں؟



صارفین کم بجلی استعمال کرنے والے ریفریجریٹر خریدنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ جب صارفین کی بڑی تعداد کم بجلی استعمال کرنے والے ریفریجریٹروں کے بارے میں پوچھنا شروع کرتی ہے تو آپ کے خیال میں خرید و فروخت کے اس عمل میں کیا ہوتا ہے جو آپ نے شکل 10.11 میں دیکھا ہے؟

اس سے مصنوعات سازوں کو ایک اشارہ ملتا ہے کہ صارفین کس قسم کے مصنوعات خریدنا چاہیں گے۔ چناں چہ وہ ایسے ریفریجریٹر تیار کرتے ہیں جن میں کم بجلی استعمال ہوں۔ اس سے توانائی کو بچت کرنے والے ریفریجریٹروں کی پیداوار کے ذریعہ معاشرہ کو فائدہ پہنچتا ہے۔

اگرچہ خرید و فروخت ایک معاشی سرگرمی ہے جس میں مالیاتی لین دین شامل ہے لیکن بازاروں میں بات چیت اکثر صرف مصنوعات یا خدمات کے بارے میں استفسار یا فریقین کے مابین مذاکرات سے آگے بڑھتی ہے۔

اکثر خریداروں اور فروخت کنندگان کے درمیان ایک رشتہ بنتا ہے جو نسل در نسل بھی جاری رہتا ہے۔ کچھ خاندانوں کے کئی دہائیوں سے اپنے درزی، سنار اور طبیب کے ساتھ دیرپا قابل اعتماد رابطے ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں بہت سے کنبے مقامی کرانہ دکان کے پاس کھاتا رکھتے ہیں جو مہینہ کے آخر میں چکایا جاتا ہے۔ لہٰذا اگرچہ بازار کا بنیادی کردار معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے لیکن بہت سے لوگوں کی زندگیوں میں اس کی غیر معاشی اہمیت بھی ہے۔



شکل 10.26: امپھال کی ایما کیتھل بازار کا ایک منظر

منی پوری میتئی زبان میں ایما کیتھل یا اماں کا بازار، امپھال میں ایک انوکھا بازار ہے۔ تقریباً تین (3000) ہزار عورتیں اس بازار کی تمام دکانوں کے مالک ہیں اور انھیں چلاتی ہیں۔ وہ سبزیاں، کپڑے بہ شمول روایتی منی پوری لباس، ہینڈلوم اور دست کاری، مقامی پیداوار اور روزمرہ کی ضروری اشیا بیچتی ہیں جن کی شہر اور آس پاس کے علاقوں کے لوگوں کو ضرورت ہوتی ہے۔ ایک طرف منڈی روزگار فراہم کرتی ہے، ہزاروں خاندانوں کے لیے آمدنی کا ایک اہم ذریعہ ہے اور دوسری طرف بازار مختلف ثقافتوں کا سنگم بھی ہے۔ مختلف برادریوں کے لوگ خیالات کا تبادلہ کرنے اور مشترکہ روایات سے لطف اندوز ہونے کے لیے بھی یک جا ہوتے ہیں۔

DON'T MISS OUT

There are many traditions followed even today that go beyond just buying and selling. In south India, the sellers of haldi and kumkum (turmeric and vermilion) give a small quantity of"haldi and kumkum separately, at no charge, as a mark of auspiciousness and good wishes to the buyer.



Fig. 10.27

Demand: Quantity of a product or service that consumers are willing and able to purchase at a particular price at a given time.

Supply: Quantity of a product or service that sellers are willing and able to sell at a particular price at a given time.

LET'S EXPLORE

Have you observed any such practices in your community or neighbourhood? Describe the practice as a drawing or in a short para-graph.

Government's Role in the Market

Markets function through interactions of demand from buyers and supply by sellers. However, there are some situations in which this may not work very well. The government plays a crucial role in such situations. It monitors the interaction between consumers and producers, and fair determination of price.

Controlling prices for protecting buyers and sellers

The government controls the prices of certain goods. For example, it sets the maximum price that the seller can charge. Several essential goods and services, such as lifesaving drugs, have an upper limit on their prices. Another instance is where the government sets the minimum price at which essential agricultural products like wheat, paddy and maize can be sold. This ensures that farmers do not incur losses. The government also sets minimum wages for work done by employees so that employers make fair payments to them.

However, the government needs to carefully implement such price limits. If the price is too low, producers would not have any motivation to produce. If the prices are too high, consumers would be disadvantaged.

طلب:
کسی مخصوص وقت میں کسی مخصوص قیمت پر وہ مقدار یا شے یا خدمت جو صارفین خریدنے کے لیے تیار اور قادر ہوں۔

رسد:
کسی مخصوص قیمت پر وہ مقدار یا شے یا خدمت جو فروخت کنندگان بیچنے کے لیے تیار اور قادر ہوں۔

اسے دیکھنا نہ بھولیں:

آج بھی ایسی بہت سی روایات پر عمل کیا جاتا ہے جو محض خرید و فروخت سے بالاتر ہیں۔ جنوبی ہندوستان میں ہلدی اور کم کم بیچنے والے لوگ خریدار کو تہنیت اور نیک خواہشات کی علامت کے طور پر تھوڑی سی ہلدی اور کم کم مفت میں الگ سے دیتے ہیں۔



شکل 10.27

آیئے معلوم کریں:

کیا آپ نے اپنی برادری یا محلہ میں اس طرح کے کسی عمل کا مشاہدہ کیا ہے؟ اس روایت کو خاکہ کے طور پر یا ایک مختصر پیراگراف میں بیان کیجیے۔

بازار میں حکومت کا کردار:

بازار خریداروں سے طلب اور فروخت کنندگان کی طرف سے رسد سے چلتا ہے، تاہم بعض حالات میں تو زیادہ کارآمد نہیں ہے۔ ایسے حالات میں حکومت اہم کردار ادا کرتی ہے وہ صارفین اور مصنوعات سازوں کے مابین تعامل اور قیمت کے منصفانہ تعین کی نگرانی کرتی ہے۔

خریداروں اور فروخت کنندگان کے تحفظ کے لیے قیمتوں کا انضباط

حکومت بعض اشیا کی قیمتوں کو قابو میں رکھتی ہے۔ مثال کے طور پر وہ زیادہ سے زیادہ قیمت مقرر کرتی ہے جو بیچنے والا لے سکتا ہے۔ بہت سی ضروری اشیا اور خدمات، جیسے زندگی بچانے والی دواؤں کے لیے قیمتوں پر بالائی حد مقرر کرتی ہے۔ ایک اور مثال یہ ہے کہ حکومت کم سے کم امدادی قیمت طے کرتی ہے جس پر گیہوں، دھان اور مکئی جیسی ضروری زرعی مصنوعات فروخت کی جاسکتی ہے۔ اس سے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ کسانوں کو نقصان نہ ہو۔ حکومت ملازمین کی محنت کی کم از کم اجرت بھی مقرر کرتی ہے تاکہ تاجرین انھیں معقول اور مناسب اجرت ادا کریں۔

البتہ حکومت کو اس طرح کی قیمتوں کی حد کو احتیاط سے نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر قیمت بہت کم ہو تو پیداکاروں کو مصنوعات سازی کی کوئی ترغیب نہیں ملے گی اور اگر قیمتیں بہت زیادہ ہوں تو صارفین کو نقصان ہوگا۔

LET'S EXPLORE

→ Onions are an important part of the cuisine in most parts of India. In some seasons, the supply of onions comes down in the market. What do you think happens to the price of onions when this happens?

→ What will happen if the people supplying onions do not bring the required quantities to the market? What do you think the government should do in this situation?

Ensuring quality and safety standards

The government has a role in ensuring the welfare of consumers and protecting them from unfair practices. The government ensures that manufacturers follow the required quality and safety standards while producing goods and delivering services. For instance, pharmaceutical companies manufacture medicines for treating diseases. The government sets procedures for approvals of medicines and conducts sample testing to check if the produced drug meets standards of quality. These regulations ensure the quality and safety of the drugs so that there is no risk to the consumers' health.

Mitigating the external effects of markets

Markets sometimes have significant effects beyond the selling and buying. For example, the markets for certain goods require production in factories that could pollute the environment. The government plays a crucial role in understanding and controlling such effects of markets. For example, what happens when the manufacturing of certain items, like single use plastics, pollutes the environment and poses health risks to consumers? In such cases, the government intervenes by implementing strict regulations to mitigate these negative effects.

Similarly, the government puts in place systems to monitor the weights and measures of the packaged products to check the net quantity contained in the package.

THINK ABOUT IT

The practice of rulers protecting consumers is not a phenomenon of modern India. Kautilya's Arthashastra includes instructions for the traders trading in clarified butter (ghee). It mentions that buyers shall be given 1 / 50 part more as manasrava to compensate for the reduction in quantity owing to (the ghee)...sticking to the measuring can.



آیئے معلوم کریں:

← پیاز ہندوستان کے زیادہ تر حصوں میں پکوانوں کا ایک اہم جز ہے۔ کچھ موسموں میں بازار میں پیاز کی رسد کم ہو جاتی ہے۔ آپ کے خیال سے اس صورت حال میں پیاز کی قیمت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

← اگر پیاز کے فراہم کار مطلوبہ مقدار مارکٹ میں نہیں لائیں گے تو کیا ہو گا؟ آپ کے خیال میں حکومت کو اس صورت حال میں کیا کرنا چاہیے؟


افادیت اور حفاظت کے معیار کی ضمانت:

صارفین کی بہبود کو یقینی بنانے اور انھیں غیر منصفانہ طریقوں سے بچانے میں حکومت کا کردار بنیادی ہے۔ حکومت یہ یقینی بناتی ہے کہ مصنوعات ساز اشیا کی پیداوار اور خدمات کی فراہمی کے دوران مطلوبہ افادیتی اور حفاظتی معیارات پر عمل کریں۔ مثال کے طور پر دواساز کمپنیاں بیماریوں کے علاج کے لیے دوائیں تیار کرتی ہیں۔ حکومت دواؤں کی منظوری کے طریقے طے کرتی ہے اور یہ طے کرنے کے لیے نمونوں کی جانچ کرتی ہے کہ تیار کردہ دوا معیار پر پوری اترتی ہے یا نہیں۔ یہ ضوابط دواؤں کے معیار اور حفاظت کو یقینی بناتے ہیں تاکہ صارفین کی صحت کو کوئی خطرہ نہ ہو۔

بازاروں کے بیرونی اثرات کو کم کرنا:

بازار پر بعض اوقات خرید و فروخت سے ہٹ کر بھی نمایاں اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ مخصوص مصنوعات کی تیاری میں بازاروں کو کارخانوں میں ایسی پیداوار کی ضرورت ہوتی ہے جو ماحول کو آلودہ کر سکتی ہے۔ ایسی صورت میں حکومت بازاروں کے اس طرح کے اثرات کو سمجھنے اور ان پر قابو رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مثال کے طور پر جب کچھ مصنوعات، جیسے ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کی تیاری ماحول کو آلودہ کرتی ہے اور صارفین کی صحت کے لیے خطرہ بن جاتی ہے تو ایسی صورت میں حکومت ان منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے سخت قواعد و ضوابط نافذ کر کے مداخلت کرتی ہے۔

اسی طرح حکومت ڈبہ بند مصنوعات کے وزن اور پیمائش کی نگرانی کا نظام بھی قائم کرتی ہے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ ڈبہ میں درج شدہ مقدار واقعی موجود ہے یا نہیں۔



اس پر غور و فکر کریں:

صارفین کی حفاظت کرنے والے حکم رانوں کا مذکورہ عمل جدید ہندوستان کا رجحان نہیں ہے۔ کوٹلیہ کی کتاب ''ارتھ شاستر ا'' میں دیسی گھی کے تاجروں کے لیے ہدایات موجود ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ خریداروں کو پیمائش ڈبہ میں لگ جانے والے گھی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے پچاسواں حصہ (1/50) الگ سے زیادہ مانسراؤ کے طور پر دیا جائے گا۔

Governments make rules to ensure markets work fairly and consumers are not exploited. However, too many rules can make it difficult for markets to function properly.

Public goods: Service o r commodity that is accessible or available to all members of a society. Their present use does not diminish their availability for future use.

Providing public goods

Producers make and sell goods and services to be able to make a profit. However, there are some goods and services that producers do not expect to make a profit on; for example, public parks, roads, policing, and so on. In addition, you read about the rights that citizens have to certain welfare provisions in a previous chapter. So, the government provides these public goods and services.

THINK ABOUT IT

→ What are the other areas where you can see the govern-ment being involved in the markets?

→ Are there areas where government intervention needs to be reduced? Discuss with family or relatives.

How can consumers assess the quality of products and services?

Markets enable access to a wide variety of goods and services to consumers. How will consumers decide what they would like to buy?

THINK ABOUT IT

There is a marbles competition in yo-ur neighbourhood with the team in the next street. You want to buy new marbles for the competition. You have ₹150 saved up. You go to a shop to buy the marbles. What are the qualities you would look for in the marbles so that you can win the competition?



Fig. 10.28

Did you think about the price, size of the marbles, strength and the attractive col-ours? As you can see, every consumer would need to assess the quality of products that they are buying.

حکومتیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے قوانین بناتی ہیں کہ بازار منصفانہ طور پر کام کرے اور صارفین کا استحصال نہ ہو۔ تاہم حد سے زیادہ ضوابط بازاروں کے لیے مناسب طریقے سے کام کرنا مشکل بنا سکتے ہیں۔

عوامی سہولیات: ایسی خدمات یا اشیا جو معاشرہ کے تمام افراد کے لیے دستیاب اور قابل رسائی ہوں۔ ان کا موجودہ استعمال ان کی آئندہ دست یابی کو کم نہیں کرتا ہے۔

عوامی سہولیات کی فراہمی:

پیداکار منافع کمانے کے لیے سامان اور خدمات تیار اور فروخت کرتے ہیں۔ تاہم کچھ اشیا اور خدمات ایسی ہیں جن پر پیداکار منافع کمانے کی توقع نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر عوامی پارک، سڑکیں، پولیس خدمات وغیرہ۔ اس کے علاوہ آپ نے پچھلے باب میں شہریوں کے حقوق کے بارے میں پڑھا ہے جو مخصوص فلاحی خدمات کی فراہمی کے بارے میں ہیں۔ اسی لیے حکومت عوامی مفاد کے لیے یہ چیزیں اور خدمات فراہم کرتی ہیں۔




اس پر غور و فکر کریں:

← وہ کونسے دیگر شعبے ہیں جہاں حکومت کو آپ بازاروں میں مداخلت کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں؟

← کیا ایسے شعبے ہیں جہاں سرکاری مداخلت کو کم کرنے کی ضرورت ہے؟ خاندان یا رشتے داروں کے ساتھ اس پر تبادلہ خیال کیجیے۔

صارفین مصنوعات اور خدمات کے معیار کا اندازہ کیسے لگا سکتے ہیں؟

بازار صارفین کو طرح طرح کی اشیا اور خدمات تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ صارفین کیسے فیصلہ کریں گے کہ وہ کیا خریدنا چاہیں گے؟




اس پر غور و فکر کریں:

آپ کے محلہ میں پڑوسی گلی کی ٹیم کے ساتھ گولیاں کھیلنے کا مقابلہ ہونے والا ہے آپ مقابلہ کے لیے نئے گولیاں خریدنا چاہتے ہیں۔ ایک سو پچاس (150) روپے لے کر گولیاں خریدنے کے لیے ایک دکان پر جاتے ہیں۔ گولیوں میں آپ کونسی خصوصیت تلاش کریں گے تاکہ آپ مقابلہ جیت سکیں۔



شکل 10.28

کیا آپ نے گولیوں کی قیمت، جسامت، مضبوطی اور پُرکشش رنگوں کے بارے میں سوچا؟ جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں، ہر صارف کو ان مصنوعات کے معیار کا اندازہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جنھیں وہ خریدتا ہے۔

In the following section, we will look at various ways in which this can be done.



Suppose your parent asks you to get a 1 kg packet of gram flour from the nearby grocer. There are different types of packets available at the shop such as the one shown below. Observe it carefully. How would you determine that the quality of gram flour meets the required standards?

Did you notice the FSSAI logo?

FSSAI means Food Safety & Standards Authority of India and its symbol on the food packets and cartons indicates that food has been tested by the government and is safe to consume.

Government agencies provide such certifications that help buyers to assess product quality. Their presence on the prod uct or its package confirms that the product fulfills the mini mum quality standards.


Let's see what each of these labels mean:

- Just like FSSAI, there is Indian Standards Institution (ISI) **Mark** issued by the Bureau of India Standards (BIS). This symbol is generally present on electrical appliances, construction materials, automotive tires, paper, etc. This ensures quality and that the product is safe to use.
- Similarly, AGMARK (Ag for agriculture) is the certification mark for agricultural products like vegetables, fruits, cereals, pulses, spices, honey, etc.
- Electronics items like TVs, laptops, air conditioners, etc. have BEE STAR rating. BEE stands for Bureau of Energy Efficiency. These ratings are printed on the product package as stars. Higher stars indicate that the appliance uses less energy and electricity. This is good forconsumers as the electricity bill would be lesser and good for the environment as well.

LET'S EXPLORE

Check out the BEE Star labels on the electronic devices in your home and make a chart of all the devices in an increasing order of their energy efficiency.

مندرجہ ذیل سیکشن میں، ہم ایسے مختلف طریقوں کو دیکھیں گے جن میں یہ کام انجام دیا جاسکتا ہے۔



فرض کیجیے کہ آپ کے والد آپ سے قریبی کرانہ کی دکان سے بیسن کے ایک کیلو کا پیکٹ لینے کے لیے کہتے ہیں۔ دکان پر کئی طرح کے پیکٹ دستیاب ہیں جیسے کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔ اس کا بہ غور مشاہدہ کیجیے۔ آپ اس بات کا تعین کیسے کریں گے کہ بیسن کا معیار مطلوبہ معیارات پر پورا اترتا ہے؟

کیا آپ نے پیکٹ پر FSSAI کا لوگو دیکھا؟

FSSAI کا مطلب فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈ اتھارٹی آف انڈیا ہے اور کھانے کے پیکٹوں اور ڈبوں پر اس کی علامت اس بات کی نشان دہی کرتی ہے کہ حکومت کے ذریعہ اس کی جانچ کی گئی ہے اور یہ کھانے کے لیے محفوظ ہے۔

سرکاری ایجنسیاں ایسے سرٹیفکیٹ فراہم کرتی ہیں جو خریداروں کو مصنوعات کے معیار کا اندازہ کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ مصنوعات یا اس کے پیکیج پر ان کی موجودگی اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ مصنوعات کم ترین معیار کی تکمیل پورا کرتی ہیں۔

آیئے دیکھتے ہیں ان لیبلوں کا کیا مطلب ہے:

FSSAI کی طرح بیورو آف انڈیا اسٹینڈرڈ (BIS) کا جاری کردہ انڈین اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ (ISI) کا نشان بھی ہے۔ یہ علامت عام طور پر برقی آلات، تعمیراتی مواد، گاڑیوں کے ٹائر، کاغذ وغیرہ پر موجود ہوتی ہے۔ یہ نشان اسے یقینی بناتا ہے کہ سامان معیاری اور استعمال کرنے کے لیے محفوظ ہے۔

اسی طرح "AGMARK" اے۔جی سے مراد زراعت ہے۔ زرعی مصنوعات جیسے سبزیوں، پھلوں، اناج، دالوں، مسالوں، شہد وغیرہ کے لیے سند کا نشان ہے۔

الیکٹرانک اشیا جیسے ٹی وی، لیپ ٹاپ، اے۔سی وغیرہ میں BEE STAR درجہ بندی ہوتی ہے۔ BEE کا مطلب Bureau of Energy Efficiency ہے۔ یہ درجہ بندی مصنوعات کے پیکیج پر ستاروں کی شکل میں طبع کی جاتی ہے۔ ستاروں کی زیادہ تعداد یہ ظاہر کرتی ہے کہ متعلقہ برقی آلے میں بجلی کم خرچ ہوتی ہے۔ یہ صارفین کے لیے اچھا ہے کیوں کہ بجلی کا بل کم ہوگا اور ماحول کے لیے بھی بہتر ہوگا۔

آیئے معلوم کریں:

اپنے گھر میں موجود برقی آلات پر BEE اسٹار لیبل کی جانچ کیجیے اور توانائی کی کارکردگی کا بڑھتی ترتیب میں تمام آلات کا چارٹ بنایئے۔

On the other hand, purchase decisions of buyers are influenced by the reputation of the product. This is built through word of mouth. Have your family members bought some product because their friends or relatives suggested it to them?

Online reviews and feedback from other consumers about products and services help us decide whether to buy or not while shopping online.



figure 10.30



Before we move on

- Markets facilitate exchange between buyers and sellers at a mutually agreed price which is determined by the demand from buyers and supply by sellers.
- Markets have a chain of participants like manufacturers, wholesalers, distributors and retailers that enables supply of goods to the final consumers.
- Markets are also places for interaction as they bring people together and enable exchange of ideas and traditions.
- The government plays a regulatory role in the markets to promote quality standards for products and services and fair practices in the market. However, consumers can also assess the quality of products and services through certification marks on the products from government agencies and through online reviews.

QUESTIONS, ACTIVITIES AND PROJECTS

1. If the price of sugar increases from ₹40 per kg to ₹60 per kg, what will most families do to manage their monthly budget?

   A) Buy more sugar than before


   B) Stop using sugar completely

   C) Reduce the amount of sugar they use

   D) Ignore the price and buy the same amount always

2. What are the main features of a market? Recall a recent visit to a market to purchase a product. What are the different features of a market that you observed during this visit?

دوسری طرف مصنوعات کی شہرت لوگوں کی خریداری کے فیصلہ پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ شہرت اکثر زبانی تشہیر سے قائم ہوتی ہے۔ کیا آپ کے خاندان کے افراد نے کوئی چیز صرف اس لیے خریدی کہ ان کے دوستوں یا رشتہ داروں نے انھیں وہ تجویز کی تھی؟



شکل 10.30

مصنوعات اور خدمات کے بارے میں دوسرے صارفین سے آن لائن جائزے اور جوابی تاثرات (Review & Feedback) ہمیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد کرتی ہے کہ آن لائن خریداری کرتے وقت اس چیز کو خریدنا چاہیے یا نہیں۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں۔۔۔

- بازار خریداروں اور فروخت کنندگان کے مابین باہمی طور پر متفقہ قیمت پر تبادلہ کی سہولت فراہم کرتے ہیں جو خریداروں کی طلب اور فروخت کنندگان کی طرف سے رسد کی بنیاد پر طے ہوتی ہے۔
- بازاروں میں صنعت کار، تھوک فروش، تقسیم کار اور خوردہ فروشوں جیسے شرکا کی ایک زنجیر ہوتی ہے جو حتمی صارفین تک سامان کی فراہمی میں مدد کرتی ہے۔
- بازار باہمی میل جول کی جگہیں بھی ہیں کیوں کہ وہ لوگوں کو یک جا کرتے اور خیالات اور روایات کے تبادلے کو ممکن بناتے ہیں۔
- حکومت بازاروں میں مصنوعات اور خدمات کے معیار اور بازار میں منصفانہ طریقوں کو فروغ دینے کے لیے ضابطہ بندی کا کردار ادا کرتی ہے۔ تاہم صارفین سرکاری ایجنسیوں سے مصنوعات پر استنادی نشان اور آن لائن جائزوں کے ذریعہ مصنوعات اور خدمات کے معیار کا اندازہ بھی کر سکتے ہیں۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے (پروجیکٹس):

1۔ اگر شکر کی قیمت چالیس (40) روپے فی کیلو سے بڑھ کر ساٹھ (60) روپے فی کیلو ہو جائے تو زیادہ تر خاندان اپنے ماہانہ بجٹ کو سنبھالنے کے لیے کیا کریں گے؟

A۔ پہلے سے زیادہ شکر خریدیں گے

B۔ شکر کا استعمال مکمل طور پر بند کر دیں گے

C۔ شکر کی وہ مقدار کم کر دیں گے جو وہ استعمال کرتے ہیں

D۔ قیمت کو نظر انداز کریں گے اور ہمیشہ کی طرح اتنی ہی مقدار خریدیں گے

2۔ بازار کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟ مصنوعات خریدنے کے لیے بازار کے حالیہ دورہ کو یاد کیجیے۔ بازار کی وہ مختلف خصوصیات کیا ہیں جو آپ اس سفر کے دوران دیکھیں؟

3. Remember the epigraph from a famous economist at the beginning of the chapter? Discuss its relevance in the context of the chapter you have read.

4. In the example of buying and selling of guavas, imagine that the seller is getting a good price, and is able to make a profit. He will try to get more guavas from farmers to be able to sell them at the same price and increase his earnings. What is the farmer likely to do in this kind of a situation? Do you think he will start thinking about the demand for guavas in the next season? What is likely to be his response?

5. Look at the real-life situation that a retail seller of vegetables encountered: A family came to shop for vegetables. The price of beans that the seller on the cart was offering was ₹30 / kg. The lady started to bargain with the seller to bring the price down to ₹25 / kg. The seller protested and refused to sell at that price saying he would make a loss at that price. The lady walks away. The family then goes to a super bazaar nearby. They buy vegetables in the super bazaar where they pay ₹40 / kg for the beans that is neatly packed in a plastic bag. What are the reasons that the family does this? Are there factors that affect buying and selling which are not directly connected to price?

6. Prices are generally determined by the interaction between demand from buyers and supply by sellers. Can you think of products where prices are high despite lesser number of buyers demanding the product? What could be the reasons for that?

7. There are some districts in India that are famous for growing tomatoes. However, during some seasons, the situation is not good for farmers. With a large quantity of harvest, there are reports of farmers throwing away their produce and all their hard work going to waste. Why do you think farmers do this? What role can wholesalers play in such situations? What are the possible ways of ensuring that the tomatoes are not wasted, and the farmers are also not at a loss?

8. Sameer wants to expand his small shop to an online market. Suggest two ways he can reach more customers through digital platforms.

APSCERT

3۔ کیا آپ کو اس باب کے آغاز میں دیا گیا ایک مشہور ماہر معاشیات کا مقولہ یاد ہے؟ اس باب کے سیاق وسباق میں اس کی معنویت پر تبادلہ خیال کیجیے۔

4۔ امرود کی خرید و فروخت کی مثال میں تصور کیجیے کہ بیچنے والے کو اچھی قیمت مل رہی ہے اور اسے منافع ہو رہا ہے۔ وہ کسانوں سے زیادہ سے زیادہ امرود حاصل کرنے کی کوشش کرے گا تاکہ انھیں اسی قیمت پر فروخت کر سکے اور اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکے۔ اس طرح کی صورت حال میں کسان سے کس اقدام کی توقع ہے؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ وہ اگلے موسم میں امرود کی مانگ کے بارے میں سوچنا شروع کر دے گا؟ اس کا جواب کیا ہو سکتا ہے؟

5۔ سبزیوں کے خوردہ فروش کی حقیقی زندگی کی صورت حال پر نظر ڈالیں۔ ایک خاندان سبزیوں کی خریداری کے لیے آیا۔ ٹھیلہ پر بیچنے والا جو پھلیاں بیچ رہا ہے، اس نے اسکی قیمت تیس (30) روپے فی کیلو بتائی ہے۔ خاتون نے فروخت کنندہ کے ساتھ سودہ بازی شروع کر دی تاکہ قیمت کو پچیس (25) روپے فی کیلو تک لایا جا سکے۔ بیچنے والے نے احتجاج کیا اور یہ کہتے ہوئے اس قیمت پر فروخت کرنے سے انکار کر دیا کہ اسے اس قیمت پر نقصان ہو گا۔ خاتون چلی جاتی ہے۔ اس کے بعد وہ خاندان قریب کے سوپر بازار میں جاتا ہے۔ وہ سوپر بازار میں سبزیاں خریدتا ہے، جہاں وہ پلاسٹک کے تھیلہ میں اچھی طرح پیک کی گئی پھلیوں کے لیے چالیس (40) روپے فی کیلو گرام ادا کرتا ہے۔ خاندان کے ایسا کرنے کے کیا اسباب ہیں؟ کیا براہِ راست قیمت سے تعلق نہ رکھنے والے ایسے عوامل ہیں جو خرید و فروخت کو متاثر کرتے ہیں؟

6۔ قیمتوں کا تعین عام طور پر خریداروں کی طلب اور بیچنے والے کی فراہمی کے درمیان تعامل سے ہوتا ہے۔ کیا آپ ایسی مصنوعات کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جہاں خریداروں کی تعداد کم ہونے کے باوجود قیمتیں زیادہ ہوں؟ اس کے کیا اسباب ہو سکتے ہیں؟

7۔ ہندوستان میں بعض ایسے اضلاع ہیں جو ٹماٹر کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔ حالاں کہ کچھ موسموں کے دوران کسانوں کے لیے حالات اچھے نہیں ہوتے۔ اچھی فصل کے ساتھ ایسی اطلاعات ملتی ہیں کہ کسان اپنی پیداوار کو پھینک دیتے ہیں اور ان کی ساری محنت برباد ہو جاتی ہے۔ آپ کے خیال میں کسان ایسا کیوں کرتے ہیں؟ ایسے حالات میں ٹھوک فروش کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ اس بات کو یقینی بنانے کے ممکنہ طریقے کیا ہیں کہ ٹماٹر ضائع نہ ہوں اور کسان بھی نقصان میں نہ رہیں؟

8۔ سمیر اپنی چھوٹی دکان کو آن لائن مارکٹ تک بڑھانا چاہتا ہے۔ ایسے دو (2) طریقے تجویز کریں جن کے ذریعے وہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے استعمال سے مزید گاہکوں تک پہنچ سکے۔

9. Have you heard about or visited a school carnival / fair organized by your school or any other school? Discuss with your friends and teachers about the kind of activities organized by students there. How do they conduct selling and negotiation with the buyers?

10. Choose any 5 products and check out the label with the certification signs discussed in the chapter. Did you find products that did not have a logo? Why do you think this is so?

11. You and your classmates have manufactured a soap bar. Design a label for its packaging. What in your opinion should be mentioned on the label for the consumer to know the product better?

12. Match the following types of markets with their characteristics:

S.No.	Markets	Criteria
1.	Physical market	Goods and services flow outside the mation's bondaries
2.	Online market	Deals in bulk quantities
3.	Domestic market	Serves the final consumers with goods and services
4.	International market	Requires physical presence of buyers and seller
5.	Wholesale market	Buyers and sellers meet virtually and can transact at any time
6.	Retail market	Lies with in the boundaries of a nation.

AP SCERT

9۔ کیا آپ نے اپنے اسکول یا کسی دوسرے اسکول میں منعقد ہونے والے اسکول کارنیوال یا اسکول کا جشن کے بارے سنا ہے یا اسے دیکھا ہے؟ اپنے دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیجیے کہ وہاں طلبا کی منعقد سرگرمیاں کس طرح کی تھیں؟ وہ کس طرح خریداروں کے ساتھ خرید و فروخت کرتے ہیں اور مول تول کیسے کرتے ہیں؟

10۔ کوئی پانچ (5) مصنوعات کا انتخاب کیجیے اور باب میں زیر بحث استنادی شناخت والے لیبل کی جانچ کیجیے۔ کیا آپ کو ایسی مصنوعات لیں جن میں استنادی نشان نہیں تھا؟ آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہے؟

11۔ آپ اور آپ کے ہم جماعتوں نے ایک صابن کی ٹکیہ بنائی ہے۔ اس کی ڈبہ بندی کے لیے ایک لیبل وضع کیجیے۔ آپ کی رائے مصنوعات کو بہتر طور پر جاننے کے لیے صارفین کی مدد کے لیے لیبل کونسے اندراجات ضروری ہیں؟

12۔ درج ذیل اقسام کے بازاروں کو ان کی خصوصیات کے ساتھ ملائیے۔

نمبر شمار	بازار	معیار
1	طبیعی بازار	اشیا اور خدمات جو ملک کی سرحدوں سے باہر بھیجی جاتی ہیں
2	آن لائن بازار	بہت زیادہ مقدار میں خرید و فروخت ہوتی ہے
3	گھریلو بازار	اشیا اور خدمات کو حتمی صارف تک پہنچاتا ہے
4	بین الاقوامی بازار	خریدار اور فروخت کنندہ کو طبیعی طور پر حاضر رہنا ضروری ہے
5	ٹھوک بازار	خریدار اور فروخت کنندگان ورچوئل وسیلہ سے ملتے ہیں اور کسی بھی وقت لین دین کر سکتے ہیں
6	خوردہ بازار	ملک کی سرحدوں کے اندر رہتا ہے



Integrating Artificial Intelligence (AI)

R2T9Q9

Learning Outcomes : The student will be able to:

1. Understand AI terms such as Artificial Intelligence, digital data, algorithm, dataset, pattern recognition, and automation while explaining social science concepts.
2. Explain how digital maps, weather stations, satellites, and online systems collect data using sensors.and convert it into digital information.
3. Describe how AI analyses geographical, historical, political, and economic data to identify patterns and support decision making.
4. Differentiate between human observation (reading maps, studying history) and digital detection, (Satellite mapping, AI analysis).
5. Explain the role of datasets and machine learning in weather forecasting, map creation, governance systems, and economic transactions.

Introduction:

Students we often see google maps giving live traffic updates, news applications suggesting important headlines, weather forecasts predicting rainfall, or digital platforms showing election results instantly. These are not coincidences. They are examples of Artificial Intelligence (AI) in daily life. We may think AI belongs only to computers or robots. However, the skills used in AI are similar to the skills we develop in Social Science.

When we analyse historical events, compare geographical regions, interpret maps and data, understand rights and duties, classify economic activities, we are thinking logically and systematically. AI systems also work in a similar way. They collect information, identify patterns, compare data, and produce results.



In this chapter we will see how the skills developed in History, Geography, Civics, and Economics connect with intelligent systems. Step by step, through simple examples, we will understand how AI analyses information related to society and how it must be used responsibly. Learning about AI in Social Science will prepare us for a future where technology supports governance, environmental planning, economic development, and historical research.

Disclaimer : "The use of AI tools by students must be strictly under the direct guidance and supervision of teachers and parents / guardians".



مصنوعی ذہانت کا انضمام (AI)

اکتسابی نتائج : طلبا اس قابل بنیں گے کہ:

1. سماجی علوم کے تصورات کی وضاحت کرتے ہوئے مصنوعی ذہانت (AI) کے اصطلاحات جیسے کہ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ڈیٹا، الگوریتھم، ڈیٹاسیٹ، پیٹرن کی شناخت اور آٹومیشن کو سمجھ سکیں گے۔
2. یہ وضاحت کر سکے کہ ڈیجیٹل نقشے، موسم کے اسٹیشن سلاٹ ئٹ اور آن لائن سسٹم کا استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا کیسے اکٹھا کرتے ہیں اور اسے ڈیجیٹل معلومات میں کیسے تبدیل کرتے ہیں۔
3. اس بات کی وضاحت کر سکیں گے مصنوعی ذہانت کے پیٹرن کی شناخت کرنے کی اور فیصلے کرنے میں مدد کے لیے جغرافیائی تاریخی، سیاسی اور معاشی ڈیٹا کا تجزیہ کیسے کرتا ہے۔
4. انسانی مشاہدے (نقشے پڑھنا، تاریخ کا مطالعہ کرنا) اور ڈیجیٹل کھوج (سلاٹ ئیٹ میپنگ، مصنوعی ذہانتی تجزیہ) کے درمیان فرق کر سکیں گے
5. موسم کی پیش گوئی، نقشہ سازی، گورننس سسٹم اور معاشی لین دین میں ڈیٹا سیٹس اور مشین کا اکتساب کے کردار کی وضاحت کر سکیں گے۔

تعارف

طلبا، اور ہم اکثر گوگل میپس کو ٹریفک کے لائیو اپڈیٹس دیتے ہوئے، نیوز ایپلی کیشنز کو اہم سرخیاں تجویز کرتے ہوئے، موسم کی پیش گوئیوں کو بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے یا ڈیجیٹل پلاٹ فارمز کو فوری طور پر انتخابی نتائج دکھاتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ یہ اتفاقات نہیں ہیں۔ یہ روزمرہ کی زندگی میں مصنوعی ذہانت (AI) کی مثالیں ہیں۔ ہم شاید سوچتے ہیں کہ (AI) کا تعلق صرف کمپیوٹر یا روبوٹ سے ہے۔ تاہم (AI) میں استعمال ہونے والی مہارتیں اور ان مہارتوں سے ملتی جلتی ہیں جو ہم سماجی علوم میں پیدا کرتے ہیں۔



جب ہم تاریخی واقعات کا تجزیہ کرتے ہیں، جغرافیائی خطوں کا موازنہ کرتے ہیں، نقشوں اور ڈیٹا کی تشریح کرتے ہیں، حقوق اور فرائض کو سمجھتے ہیں، معاشی سرگرمیوں کی درجہ بندی کرتے ہیں تو ہم منطقی اور منظم انداز میں سوچ رہے ہوتے ہیں (AI) مصنوعی ذہانت کے نظام بھی اسی طرح کام کرتے ہیں۔ وہ معلومات اکٹھا کرتے ہیں، پیٹرن کی شناخت کرتے ہیں، ڈیٹا کا موازنہ کرتے ہیں اور نتائج پیدا کرتے ہیں۔


اس باب میں ہم دیکھیں گے کہ تاریخ، جغرافیہ، شہریت اور معاشیات میں پیدا ہونے والی مہارتیں ذہنی نظام سے کیسے جڑتی ہیں۔ مرحلہ وار، سادہ مثالوں کے ذریعے، ہم سمجھیں گے کہ مصنوعی ذہانت (AI) معاشرہ سے متعلق معلومات کا تجزیہ کیسے کرتا ہے اور اسے کس طرح ذمہ داری سے استعمال کیا جانا چاہیے۔ سماجی علوم میں مصنوعی ذہانت (AI) کے بارے میں سیکھنا ہمیں ایک ایسے مستقبل کے لیے تیار کرے گا جہاں تکنالوجی گورننس، ماحولیاتی منصوبہ بندی، معاشی ترقی اور تاریخی تحقیق میں مدد فراہم کرتی ہے۔

دستبرداری: "طلبا کی طرف سے مصنوعی ذہانت کے آلات کا استعمال اساتذہ اور والدین / سرپرستوں کی براہِ راست رہنمائی اور نگرانی میں ہونا چاہیے۔"

Foundations of AI in Social Science Learning

Social Science develops essential skills such as observing maps, classifying regions, analysing historical records, comparing systems of government, and interpreting economic activities. These analytical and decision-making skills form the foundation of Artificial Intelligence (AI). AI systems collect Input through Sensors (such as satellites and weather instruments), convert it into Digital Data, process it using Algorithms, identify trends through Pattern Recognition, and generate meaningful Output such as classifications or Predictions. For example, digital maps identify landforms using satellite data, weather systems forecast rainfall using climate datasets, and online platforms analyse transaction patterns using Machine Learning. By studying these lessons, students understand how Social Science thinking connects with modern intelligent systems while recognising that AI supports - but does not replace - human reasoning.


Guidance : Teacher should begin with core Social Science concepts before introducing AI connections. Classroom discussions should focus on textbook content, timelines, case studies, and map interpretation to ensure conceptual clarity. AI should be presented as a supportive tool but not replace the manual abilities of man in learning process. Students should be encouraged to compare human decision-making with algorithm-based systems and must always verify AI-generated responses with textbook content and teacher guidance.



سماجی علوم کے اکتساب میں مصنوعی ذہانت کی بنیادیں

سماجی علوم ضروری مہارتیں پیدا کرتی ہے جیسے کہ نقشوں کا مشاہدہ کرنا، خطوں کی درجہ بندی کرنا، تاریخی ریکارڈس کا تجزیہ کرنا، حکومتی نظاموں کا موازنہ کرنا اور معاشی سرگرمیوں کی تشریح کرنا۔ یہ تجزیاتی اور فیصلہ سازی کی مہارتیں مصنوعی ذہانت کی بنیاد بناتی ہیں۔ مصنوعی ذہانت کا نظام سینسر (جیسے سلاٹ ئٹ اور موسم کے آلات) کے ذریعے معلومات اکٹھا کرتے ہیں، اسے ڈیجیٹل ڈیٹا میں تبدیل کرتے ہیں، الگوریتھم کا استعمال کرتے ہوئے اس پر کارروائی کرتے ہیں، پیٹرن کی پہچان کے ذریعہ رجحانات کی نشان دہی کرتے ہیں اور معنی خیز Output تیار کرتے ہیں جیسے کہ درجہ بندی یا پیش گوئیاں۔ مثال کے طور پر ڈیجیٹل نقشےسلاٹ ئٹ ڈیٹا کا استعمال کرتے ہوئے زمینی اشکال کی نشان دہی کرتے ہیں، موسم کے نظام اور موسمیاتی Datasets کا استعمال کرتے ہوئے بارش کی پیش گوئی کرتے ہیں اور آن لائن پلاٹ فارم، Machine Learning کا استعمال کرتے ہوئے لین دین کے پیٹرن کا تجزیہ کرتے ہیں۔ ان اسباق کا مطالعہ کرنے سے طلبا یہ سمجھتے ہیں کہ سماجی علوم کی سوچ کس طرح جدید ذہین نظام سے جڑتی ہے جب کہ وہ یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مصنوعی ذہانت انسانی سوچ اور دلیل کی مدد کرتا ہے لیکن اس کا متبادل نہیں۔

رہنمائی : اساتذہ کو مصنوعی ذہانت کے روابط متعارف کرانے سے پہلے سماجی علوم کے بنیادی تصورات سے شروعات کرنی چاہیے۔ نصابی کتاب کے مواد، وقوعی ترتیب، کیس اسٹڈی اور نقشے کی تشریح پر کمرۂ جماعت میں بحث ہونی چاہیے تاکہ تصوراتی وضاحت کو یقینی بنایا جاسکے۔ مصنوعی ذہانت کو ایک معاون آلے کے طور پر پیش کیا جانا چاہیے لیکن یہ سیکھنے کے عمل میں انسان کی دستی صلاحیتوں کی جگہ نہ لے۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ وہ انسانی فیصلہ سازی کا موازنہ الگوریتھم پر مبنی نظام سے کریں اور انھیں ہمیشہ نصابی کتاب کے مواد اور اساتذہ کی رہنمائی کے ساتھ مصنوعی ذہانت کے تیار کردہ جوابات کی تصدیق کرنی چاہیے۔




Example 1: Mapping Landforms

India has diversified physical features mountains, plains, plateaus, deserts, and coastal regions. These landforms are studied using maps and atlas. Satellites capture images of Earth's surface. AI analyses these images and identifies minute details of landforms. This process is called computer vision and geospatial data analysis. This data will help in various studies like resource identification, developing infrastructure, planning etc.

Thus, how AI created digital maps of landforms helps in understanding the detailed analysis etc.. with the study of AI digital maps.

Thinking with AI :	If satellites capture thousands of images, how does AI identify mountains, plains, and rivers automatically? AI compares shapes, colours, height data, and patterns to classify landforms just like students compare map symbols.
Key Words:	**Satellite Imagery** – Images of the Earth's surface captured by satellites from space. **Geospatial Data** – Location-based data that describes features and positions on the Earth's surface. **Digital Maps** – Computer-generated maps created using satellite data and digital technology.

Example 2: Climate Pattern Recognition.




مثال(1) : زمینی اشکال کی نقشہ بندی

ہندوستان میں متنوع جغرافیائی خصوصیات جیسے کہ پہاڑ، میدان، سطح مرتفع، ریگستان اور ساحلی علاقے پائے جاتے ہیں۔ ان زمینی اشکال کا مطالعہ نقشوں اور نقشوں کی کتاب کی مدد سے کیا جاتا ہے۔سلاٹ زمین کی سطح کی تصاویر لیتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت ان تصاویر کا تجزیہ کرتا ہے اور زمینی اشکال کے باریک ترین تفصیلات کی نشان دہی کرتا ہے۔ اس عمل کو کمپیوٹر ویژن اور جغرافیائی ڈیٹا تجزیہ کہا جاتا ہے۔ یہ ڈیٹا مختلف قسم کے مطالعہ میں مددگار ثابت ہوگا جیسے کہ وسائل کی نشان دہی، بنیادی ڈھانچہ کی ترقی اور منصوبہ بندی وغیرہ۔

اس طرح AI کے ذریعہ تیار کردہ زمینی اشکال کے ڈیجیٹل نقشے، AI ڈیجیٹل نقشوں کے مطالعے کے ساتھ تفصیلی تجزیہ وغیرہ کو سمجھنے میں مدد کرتے ہیں۔

AI کے ساتھ سوچنا :	اگر سلاٹ ہزاروں تصویریں لیتے ہیں تو AI خودکار طور پر پہاڑوں، میدانوں اور ندیوں کی نشان دہی کیسے کرتا ہے؟ جس طرح طلبہ نقشے کی علامتوں کا موازنہ کرتے ہیں، بالکل اسی طرح مصنوعی ذہانت (AI) بھی زمینی خدوخال کی درجہ بندی کرنے کے لیے اشکال، رنگوں، اونچائی کے اعداد و شمار اور پیٹرن کا موازنہ کرتی ہے۔"
کلیدی الفاظ :	**سلاٹ تصاویر۔** خلا سے سلاٹ کے ذریعہ لی گئی زمین کی سطح کی تصویر۔ **جیو اسپیشل ڈیٹا۔** مقام پر مبنی ڈیٹا جو زمین کی سطح پر موجود خصوصیات اور مقام کی وضاحت کرتا ہے۔ **ڈیجیٹل نقشے۔** کمپیوٹر کے ذریعہ تیار کردہ نقشے جو سلاٹ ڈیٹا اور ڈیجیٹل تکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بنائے جاتے ہیں۔

مثال۔2 : موسمیاتی نمونوں کی شناخت



Climate refers to long-term weather patterns. Seasons in India are monsoon, summer and winter. AI studies large climate datasets collected over many years. It finds patterns and groups areas into climate regions. This process is called pattern recognition and machine learning. Thus, climate study helps us understand AI pattern analysis.

Thinking with AI :	How does AI identify monsoon patterns from 50 years of rainfall data? AI analyses long-term datasets and recognises repeated seasonal patterns using machine learning.
Key Words:	**Climate Dataset** – A large collection of climate information such as temperature, rainfall, and wind recorded over many years. **Pattern Recognition** – The ability of a computer to identify repeated trends or patterns in data. **Machine Learning** – A method where computers learn from data and improve their predictions without being directly programmed.

Example 3: Identifying Cultural Heritage Sites (Linked to Lesson 8: How the Land Becomes Sacred)



Temples and monuments are part of our cultural heritage. To recognise them, we observe their architectural features and design patterns. Digital systems study visual features such as shape, symmetry, and design elements to help identify monuments.

آب وہوا سے مراد طویل مدتی موسم کے نقوش ہیں۔ ہندوستان میں موسموں میں مانسون، گرمی اور سردی شامل ہیں۔ AI کی سالوں کے دوران جمع کیے گئے بڑے آب وہوا Datasets کا مطالعہ کرتا ہے۔ یہ نقوش تلاش کرتا ہے اور علاقوں کو آب وہوا کے خطوں میں تقسیم کرتا ہے۔ اس عمل کو نمونوں کی شناخت اور مشین لرننگ کہا جاتا ہے۔ اس طرح آب وہوا کا مطالعہ ہمیں AI کے نمونوں کا تجزیہ کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔

AI کے ساتھ سوچنا :	AI بارش کے پچاس (50) سال کے ڈیٹا سے مانسون کے پیٹرن کی شناخت کیسے کرتا ہے؟ AI طویل مدتی Datasets کا تجزیہ کرتا ہے اور مشین لرننگ کا استعمال کرتے ہوئے بار بار دہرائے جانے والے موسمی پیٹرن کی شناخت کرتا ہے۔
کلیدی الفاظ :	**آب وہوا کا Dataset:** آب وہوا کی معلومات کا ایک بڑا مجموعہ جیسے درجہ حرارت، بارش اور ہوا جو کئی سالوں کے دوران ریکارڈ کی گئی ہو۔ **نمونوں کی شناخت:** ڈیٹا میں بار بار دہرائے جانے والے رجحانات یا پیٹرن کو پہچاننے کی کمپیوٹر کی صلاحیت۔ **مشین لرننگ:** ایک ایسا طریقہ جس میں کمپیوٹر ڈیٹا سے سیکھتے ہیں اور براہِ راست پروگرام کے بغیر پیش گوئیوں کو بہتر بناتے ہیں۔

مثال۔3 : ثقافتی ورثے کے مقامات کی شناخت (باب 8 سے منسلک: زمین کیسے مقدس بنتی ہے)



مندر اور یادگاریں ہمارے ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں۔ انھیں پہچاننے کے لیے ہم ان کی تعمیراتی خصوصیات اور ڈیزائن کے پیٹرن کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل نظام بصری خصوصیات جیسے شکل، ہم آہنگی اور ڈیزائن کے عناصر کا مطالعہ کرتے ہیں تاکہ یادگاروں کی شناخت میں مدد مل سکے۔

Thinking with AI :	How can a digital system identify a temple from a photograph?
Key Words:	Digital Systems – Computer systems that process and analyse visual or written information. Visual Features – Important visible characteristics such as shape, colour, or design used to identify objects. Symmetry Detection – The process of identifying balanced and similar patterns in images or structures."Pattern Recognition – A method used by AI to identify repeated shapes or designs in images or data..

Example 4: Decision making in Government



Governments make decisions by following established rules and procedures. Polices are implemented based on strctured frameworks. Similiarly, digital systems follow predefined logical sequences to arrive at outcomes. AI enhances learning about democracy by creating interactive simulations where students participate in virtual elections and understand how people choose their representatives. Through smart visuals and speaking pictures, AI helps learners explore concepts like equlity, voting and fundamental rights in an engaging way.

Thinking with AI :	How do structured rules guide both government decisions and digital systems?
Key Words:	**Logical frame work** – A structured method for decision making. **Policy Model** – A structred plan that guides decisions. **Sequential Processing** – Performing steps in a fixed order. **Descision Logic** – The reasoning process used to reach conclusions. **Interactive Simulations** – Realistic digital activities with user participation.

AI کے ساتھ سوچنا :	ایک ڈیجیٹل نظام تصویر سے مندر کی شناخت کیسے کر سکتا ہے؟
کلیدی الفاظ :	**ڈیجیٹل نظام:** ایسے کمپیوٹری نظام جو بصری یا تحریری معلومات کا تجزیہ اور ان پر کام کرتے ہیں۔ **بصری خصوصیات:** اہم نظر آنے والی خصوصیات جیسے شکل، رنگ یا ڈیزائن جن کا استعمال اشیا کی شناخت کے لیے کیا جاتا ہے ہم آہنگی کی پہچان: تصاویر یا ڈھانچوں میں متوازن یا یکساں نمونوں کی شناخت کا عمل۔ **نمونوں کی شناخت:** تصاویر یا ڈیٹا میں بار بار دہرائی جانے والی شکلوں یا ڈیزائنوں کی شناخت کے لیے AI کا استعمال کردہ ایک طریقہ۔

مثال۔4 : حکومت میں فیصلہ سازی



حکومت قائم کردہ قوانین اور طریقہ کار پر عمل کرتی ہوئی فیصلے لیتی ہے۔ پالیسیوں کو منظم ڈھانچے کی بنیاد پر نافذ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ڈیجیٹل نظام نتائج تک پہنچنے کے لیے پہلے سے طے شدہ منطقی ترتیب پر عمل کرتے ہیں۔ AI ایسی آپسی بحث و مباحثے بنا کر جمہوریت کے بارے میں سیکھنے کے عمل کو بہتر بناتا ہے۔ جہاں طلبا ورچوئل انتخابات میں حصہ لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ لوگ اپنے نمائندوں کا انتخاب کیسے کرتے ہیں۔ اسمارٹ بصری تصاویر اور بولتی ہوئی تصاویر کے ذریعہ، AI سیکھنے والوں کو ایک پُرکشش انداز میں مساوات، ووٹنگ اور بنیادی حقوق جیسے تصورات کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔

AI کے ساتھ سوچنا :	منظم قوانین حکومت کے فیصلوں اور ڈیجیٹل نظام دونوں کی رہنمائی کیسے کرتے ہیں؟
کلیدی الفاظ :	**منطقی فریم ورک:** فیصلہ سازی کے لیے ایک منظم طریقہ کار۔ **پالیسی ماڈل:** ایک منظم منصوبہ جو فیصلوں کی رہنمائی کرتا ہے۔ **ترتیب وار عمل کاری:** ایک مقررہ ترتیب میں مراحل کو انجام دیتا ہے۔ **فیصلے کے منطق:** نتائج یا نتائج تک پہنچنے تک استعمال ہونے والے استدلال کا عمل۔ **انٹراکٹیو سمیلیو مشینز:** صارف کی شمولیت کے ساتھ حقیقت پسندانہ ڈیجیٹل سرگرمیاں۔

Example 5: Market Analysis and Product Suggestions



Markets involve buying and selling goods. Online platforms study consumer preferences and purchasing habits to improve their services. Digital systems analyse user behaviour and find similar patterns among customers to suggest suitable products as part of recommendation systems.

Thinking with AI :	How does an online platform understand customer preferences?
Key Words:	**User Behaviour Analysis** – Studying how users interact with websites or apps. **Consumer Preferences** – Information about what products customers like or choose. **Recommendation Systems** – Digital systems that suggest products based on user data and behaviour.

Exploring with AI

Understanding AI in Social Science Learning

AI helps students to expand learning experiences by exploring new methods and innovative activities under the guidance of teachers or parents. But AI can generate explanations, maps, and charts. However, AI does not replace textbooks, teachers, or classroom learning.

Accessing AI for Social Science Learning

Accessing AI for Social Science learning introduces students to modern digital tools that support and encourages learners to explore information from diverse sources and develop inquiry-based learning habits. Students become aware of how technology is shaping the way knowledge is created and shared. This also helps build responsible learning practices and awareness of digital resources in education.AI tools should be used only under teacher or parental guidance. AI must be used for educational purposes only.

مثال۔5 : بازار کا تجزیہ اور پیداوار کی تجاویز



بازاروں میں اشیا کی خرید و فروخت شامل ہوتی ہے۔ آن لائن پلیٹ فارمز اپنی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے صارفین کی ترجیحات اور خریداری عادات کا مطالعہ کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل نظام صارف کے رویہ کا تجزیہ کرتے ہیں اور تجویزی نظام کے ایک حصہ کے طور پر مناسب مصنوعات تجویز کرنے کے لیے صارفین کے درمیان یکساں نمونے تلاش کرتے ہیں۔

AI کے ساتھ سوچنا :	ایک آن لائن پلیٹ فارم صارف کے ترجیحات کو کیسے سمجھتا ہے؟
کلیدی الفاظ :	**صارف کے رویہ کا تجزیہ:** اس بات کا مطالعہ کرنا کہ صارفین ویب سائٹس اور Apps کے ساتھ کس طرح تعامل کرتے ہیں۔ **صارف کی ترجیحات :** اس بارے میں معلومات کہ صارفین کی مصنوعات کو پسند کرتے ہیں یا منتخب کرتے ہیں **تجویزی نظام :** وہ ڈیجیٹل نظام جو صارف کے ڈیٹا اور رویہ کی بنیاد پر مصنوعات تجویز کرتے ہیں

AI کے ساتھ تلاش کرنا

سماجی علوم میں AI کو سمجھنا :

اساتذہ اور والدین کی رہنمائی میں نئے طریقوں اور اختراعی سرگرمیوں کو تلاش کر کے طلبا کو سیکھنے کے تجربات کو وسعت دینے میں AI مدد کرتا ہے لیکن AI وضاحتیں، نقشے اور چارٹ تیار کر سکتا ہے۔ تاہم درسی کتابوں، اساتذہ یا کمرۂ جماعت کی تعلیم کا AI متبادل نہیں ہے۔

سماجی علوم کے اکتساب کے لیے AI تک رسائی :

سماجی علوم سیکھنے کے لیے AI تک رسائی طلبا کو جدید ڈیجیٹل آلات سے متعارف کرواتی ہے جو سیکھنے والوں کو متنوع ذرائع سے معلومات تلاش کرنے اور تحقیق پر مبنی سیکھنے کے عادات تیار کرنے کی حمایت اور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ طلبا اس بات سے واقف ہو جاتے ہیں کہ تکنالوجی کس طرح علم کی تخلیق اور اشتراک کے طریقے کو تشکیل دے رہی ہے۔ یہ تعلیم میں ذمہ دارانہ سیکھنے کے طریقوں اور ڈیجیٹل وسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ AI آلات کا استعمال صرف استاد یا والدین کی رہنمائی میں کیا جانا چاہیے۔ AI کو صرف تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے

Safe and Responsible Use of AI Students must

- Never share personal information
- Compare and verify AI responses with textbooks
- Use AI only for learning
- Donot use AI during examinations

Responsible use of AI strengthens discipline, honesty, and scientific thinking.

Using AI responsibly develops discipline and honesty. Students learn to verify information instead of copying blindly. Responsible use of AI also promotes ethical behaviour and respect for knowledge. AI should be used to improve understanding, not to replace learning.

Writing Effective Prompts in Social Science

A prompt is the instruction given to an AI tool.

A good Social Science prompt should include:

- Class level (Class 7)
- Lesson name
- Clear concept
- Request for explanation

Example Prompt: Note: I am a 7th class student. Create a visual classroom chart format of a timeline of historical events in Indian history during 11th & 12th centuries.



Types of prompts in social science learning

1. **Prompt for Conceptual Understanding :** Used to understand a Social Science concept clearly.

   Example: "Explain geospatial data in simple language with one example."

2. **Comparison or Analytical Prompt :** Used to compare governance systems or historical changes.

   Example: "Compare human decision-making in democracy with algorithm-based decision systems."

3. **Application or Activity-Based Prompt :** Used to apply knowledge in real-life contexts.

   Example: "Design a simple survey to collect market data and explain how AI can analyse it."

APSCERT

AI کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال طلبا کے لیے ضروری ہے کہ

- AI کا استعمال صرف سیکھنے کے لیے کریں۔
- اپنے ذاتی معلومات کبھی دوسروں کو نہ دیں۔
- امتحانات کے دوران AI کا استعمال نہ کریں۔
- درسی کتاب کے ساتھ AI کے جوابات کا موازنہ اور تصدیق کریں۔

AI کا ذمہ دارانہ استعمال نظم وضبط، ایمان داری اور سائنسی سوچ کو مضبوط کرتا ہے

AI کا ذمہ دارانہ استعمال نظم وضبط اور ایمان داری کو فروغ دیتا ہے۔ طلبا اندھی تقلید کرنے کے بجائے معلومات کی تصدیق کرنا سیکھتے ہیں۔ AI کا ذمہ دارانہ استعمال اخلاقی رویہ اور علم کے احترام کو بھی فروغ دیتا ہے۔ AI کا استعمال تفہیم کو بہتر بنانے کے لیے کیا جانا چاہیے نہ کہ اکتساب کے عمل کو بدلنے کے لیے۔

بہترین سماجی علوم کے پرامپٹ میں یہ ہونا چاہیے :

ایک پرامپٹ وہ ہدایت ہوتی ہے جو کسی AI آلے کو دی جاتی ہے۔ سماجی علوم کا ایک اچھا پرامپٹ درج ذیل چیزوں پر مشتمل ہونا چاہیے۔

- واضح تصور
- جماعت کی سطح (جیسے ساتویں)
- وضاحت کے لیے درخواست
- سبق کا نام

پرامپٹ کی مثال : میں ساتویں (7) جماعت کا طالبِ علم ہوں۔ گیارہویں (11) اور بارہویں (12) صدی کے دوران ہندوستانی تاریخ کے تاریخی واقعات کی ایک ٹائم لائن کا بصری کلاس روم چارٹ فارمیٹ بنائیں۔



سماجی علوم سیکھنے میں پرامپٹس کی اقسام

1۔ **تصوراتی تفہیم کے لیے پرامپٹ :**
سماجی علوم کے کسی تصور کو واضح طور پر سمجھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : ”جیو اسپیشل ڈیٹا کی ایک مثال کے ساتھ سادہ زبان میں وضاحت کریں۔“

2۔ **موازنہ یا تجزیاتی پرامپٹ :** حکومتی نظام یا تاریخی تبدیلیوں کا موازنہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : ”جمہوریت میں انسانی فیصلہ سازی کا الگوریتھم پر مبنی فیصلہ سازی کے نظام سے موازنہ کریں۔“

3۔ **عملی اطلاق یا سرگرمیوں پر مبنی پرامپٹ :** حقیقی زندگی کے سیاق وسباق میں علم کا اطلاق کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : ”بازار کا ڈیٹا جمع کرنے کے لیے ایک سادہ سروے ڈیزائن کریں اور وضاحت کریں کہ AI اس کا تجزیہ کیسے کر سکتا ہے۔“

Can AI Make Mistakes?

Yes. AI systems depend on the data they receive. If the data is incomplete or incorrect, AI may produce wrong answers. AI cannot think like humans.

Therefore, AI responses must always be compared and verified with the textbook and teacher guidance.

AI supports learning but does not replace human thinking.

Myth	Fact
AI predictions are always fair.	If the data is unbalanced, AI predictions can be unfair
Using AI means we do not need	AI supports learning, but teachers guide, teachers. explain and correct us.

Do You Know?

AI Time Travelers: Using Text Mining, AI can "read" through thousands of ancient historical documents in seconds to find hidden patterns in how different empires managed their laws and taxes. For more information ask AI about this topic.

Guidance:

Before allowing any AI-based activity, instruct learners to read the relevant textbook section thoroughly. Demonstrate how to frame clear, subject-specific prompts including class level, chapter name, and concept. Monitor student interactions with AI tools and ensure that responses are verified with textbook content. Reinforce that AI generated answers must not be copied without understanding. Promote responsible digital behaviour and academic honesty. AI should be used only to improve conceptual clarity and not to complete work mechanically.

Chapter-wise AI-Supported Exploration

Tasks for Students to Explore with AI (Social Science – Semester 1)

Chapter	Foundational Level	Analytical Level	Creative Level
Lesson 1: Geographical Diversity of India	• Identify major landforms of India. • List mountains, plains, plateaus, deserts, and coastal regions.	• Compare different landforms and their features. • Analyse how topography affects human life.	• Compare physical maps with digital maps (Google Maps). • Explain how AI uses satellite images to identify landforms.
Lesson 2 : Understanding the weather	• Define weather. . • List elements of weather (temperature, rainfall, wind).	• Compare weather conditions of different regions. • Analyse weather reports.	• Explore weather apps and identify AI-based forecasting. • Compare human observation and sensor-based weather detection.

کیاAI غلطیاں کر سکتا ہے؟

جی ہاں۔AI نظام اس ڈیٹا پر منحصر ہوتے ہیں جو انھیں ملتا ہے۔اگر ڈیٹا نامکمل اور غلط ہو تو AI غلط جوابات دے سکتا ہے۔ AI انسانوں کی طرح نہیں سوچ سکتا۔ اس لیے AI کے جوابات کا موازنہ اور تصدیق ہمیشہ درسی کتاب اور استاد کی رہنمائی سے ہونی چاہیے۔

AI سیکھنے میں مدد کرتا ہے لیکن انسانی سوچ کی جگہ نہیں لے سکتا۔

وہم	حقیقت
AI کی پیش گوئیاں ہمیشہ منصفانہ ہوتی ہیں	اگر ڈیٹا غیر متوازن ہو تو AI کی پیش گوئیاں غیر منصفانہ ہو سکتی ہیں
AI کے استعمال کا مطلب ہے کہ ہمیں (اساتذہ کی) ضرورت نہیں	AI سیکھنے میں مدد کرتا ہے لیکن اساتذہ رہنمائی کرتے ہیں، اساتذہ وضاحت کرتے ہیں اور ہماری اصطلاح کرتے ہیں

کیا آپ جانتے ہیں؟

AI ٹائم ٹراویلرس : ٹیکسٹ مائننگ کا استعمال کرتے ہوئے AI سیکنڈوں میں ہزاروں تاریخی دستاویزات کو "پڑھ" سکتا ہے تاکہ یہ پوشیدہ نمونے تلاش کر سکے کہ مختلف سلطنتوں نے اپنے قوانین اور ٹیکسوں کا انتظام کیسے کیا؟اس موضوع کے بارے میں مزید معلومات کے لیے AI سے پوچھیں۔

رہنمائی :

کسی بھی AI پر مبنی سرگرمی کی اجازت دینے سے پہلے، طالبِ علم کو ہدایت دیں کہ وہ درسی کتاب کے متعلقہ حصہ کو اچھی طرح پڑھیں۔یہ عملی مظاہرہ کریں کہ کلاس کی سطح، باب کا نام اور تصور سمیت واضح، موضوع کے لحاظ سے مخصوص پرامپٹس کیسے تیار کیے جائیں۔AI آلات کے ساتھ طلبا کے تعاملات کی نگرانی کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ جوابات کی تصدیق درسی کتاب کے مواد سے کی گی ہے۔اس بات پر زور دیں کہ AI کے تیار کردہ جوابات کو سمجھے بغیر کاپی نہیں کیا جانا چاہیے۔ذمہ دارانہ ڈیجیٹل رویہ اور تعلیمی ایمان داری کو فروغ دیں۔AI کا استعمال صرف تصوراتی وضاحت کو بہتر بنانے کے لیے کیا جانا چاہیے نہ کہ میکانکی طور پر کام مکمل کرنے کے لیے۔

باب وار AI کی مدد سے کی جانے والی تلاش

طلبا کے لیے AI کے ساتھ تلاش کرنے کے کام (سماجی علوم، سمسٹر۔1)

باب	بنیادی سطح	تجزیاتی سطح	تخلیقی سطح
باب۔1 ہندوستان جغرافیائی تنوع	• ہندوستان کے بڑے زمینی خطوں کی شناخت کریں۔ • پہاڑوں، میدانوں، سطح مرتفع، ریگستان اور ساحلی علاقوں کی فہرست بنائیں	• مختلف زمینی خطوں اور ان کی خصوصیات کا موازنہ کریں۔ • تجزیہ کریں کہ بلندی انسانی زندگی پر کیسے اثر انداز ہو سکی ہے۔	• طبیعی نقشوں کا ڈیجیٹل نقشوں سے موازنہ کریں • وضاحت کریں کہ AI زمینی خطوں کی شناخت کے لیے سلائٹ تصاویر کا استعمال کیسے کرتا ہے
باب۔2 موسم کو سمجھنا	• موسم کی تعریف کریں۔ • موسم کے عناصر (درجہ حرارت، بارش، ہوا) کی فہرست بنائیں	• مختلف علاقوں کے موسم کے حالات کا موازنہ کریں • موسم کی رپورٹوں کا تجزیہ کریں	موسم کے ایپس کو دریافت کریں اور AI پر مبنی پیش گوئیاں کی شناخت کریں انسانی مشاہدے اور سینسر پر مبنی موسم کی شناخت کا موازنہ کریں

Lesson 3 : Climates of – India	• Define climate. • List seasons of India.	• Compare weather and climate. • Analyse monsoon patterns.	• Explore how AI Predicts climate change using long-term data. • Create a climate data chart.
Lesson 4 : New Beginnings; Cities and States	• Define city and state. • Identify early settlements.	• Compare rural and and urban settlements. • Analyse reasons for city development.	• Study digital maps showing city growth. • Explain how AI analyses population and settlement data.
Lesson 5 : The Rise of Empires	• Identify major empires (Mauryan Empire). • List important rulers.	• Analyse reason for empire expansion. • Compare different rulers administration.	• Create a digital time line of empires. • Explain how AI organises historical data.
Lesson 6 : The Age of Tireless Creativity.	• Identify regional kingdoms. • List important dynasties.	• Compare admini-stration systems. • Analyse political changes.	• Prepare a classification chart of kingdoms. • Analyse historical classification with AI data classification.
Lesson 7: How the Land Becomes Sacred?	• Identify sacred places and monuments. • Define pilgrimage.	• Analyse importance of religious places. • Compare cultural traditions.	• Explore digital images of monuments. • Explain how AI recognises monuments using image recognition.
Lesson 8: From the Rulers to the Ruled; Types of Governments.	• Define government. • List types of governments.	• Compare democracy and monarchy. • Analyse features of democracy.	• Create a flow chart of government types. • Compare human decision-making and AI decision systems.
Lesson 9: From Barter to Money	• Define barter system. • Identify types of money.	• Compare barter and money systems. • Analyse advantages of money.	• Explore digital payment apps • Explain how AI detects fraud in transactions.
Lesson 10: Understanding Markets	• Define market. • Identify buyers and sellers.	• Compare different types of markets. • Analyse role of markets in economy.	• Explore online shopping platforms. • Explain how AI recommends products based on user data.

باب۔3 ہندوستان کی آب وہوا	• آب وہوا کی تعریف • ہندوستان کے موسموں کی فہرست بنائیں	• موسم اور آب وہوا کا موازنہ کریں • مانسون کے نمونوں کا تجزیہ کریں	• دریافت کریں کہ AI طویل مدتی ڈیٹا کا استعمال کرتے ہوئے آب وہوا کی تبدیلی کی پیش گوئی کیسے کرتا ہے • آب وہوا کے ڈیٹا کا چارٹ بنائیں
باب۔4 نئی ابتدا: شہر اور ریاستیں	• شہر اور ریاست کی تعریف کریں • ابتدائی انسانی بستیوں کی شناخت کریں	• دیہی اور شہری بستیوں کا موازنہ کریں • شہر کی ترقی کی وجوہات کا تجزیہ کریں	• شہر کی ترقی کو ظاہر کرنے والے ڈیجیٹل نقشوں کا مطالعہ کریں • وضاحت کریں کہ AI آبادی اور بستیوں کے ڈیٹا کا تجزیہ کیسے کرتا ہے
باب۔5 سلطنتوں کا عروج	• اہم سلطنتوں (جیسے موریا سلطنت) کی شناخت کریں • اہم حکم رانوں کی فہرست بنائیں	• سلطنت کی توسیع کی وجہ کا تجزیہ کریں • مختلف حکم رانوں کے نظام حکومت کا موازنہ کریں	• سلطنتوں کی ایک ڈیجیٹل ٹائم لائن بنائیں • وضاحت کریں کہ AI تاریخی ڈیٹا کو کس طرح منظم کرتا ہے
باب۔6 تنظم نو کا دور	• علاقائی سلطنتوں کی شناخت کریں • اہم شاہی خاندانوں کی فہرست بنائیں	• انتظامی نظاموں کا موازنہ کریں • سیاسی تبدیلیوں کا تجزیہ کریں	• سلطنتوں کی درجہ بندی کا ایک چارٹ تیار کریں • AI ڈیٹا کی درجہ بندی کے ساتھ تاریخی درجہ بندی کا تجزیہ کریں
باب۔ 7 زمین کس طرح مقدس بنتی ہے	• مقدس مقامات اور یادگاروں کی شناخت کریں • زیارت کی تعریف کریں	• مذہبی مقامات کی اہمیت کا تجزیہ کریں • ثقافتی روایات کا موازنہ کریں	• یادگاروں کی ڈیجیٹل تصاویر کو دریافت کریں • وضاحت کریں کہ AI تصویر کی شناخت کا استعمال کرتے ہوئے یادگاروں کو کیسے پہچانتا ہے
باب۔8 حکم راں سے رعایا تک: حکومت کی اقسام	• حکومت کی تعریف کریں • حکومتوں کی اقسام کی فہرست بنائیں	• جمہوریت اور بادشاہت کا موازنہ کریں • جمہوریت کی خصوصیات کا تجزیہ کریں	• حکومت کی اقسام کا ایک فلوچارٹ بنائیں • انسانی فیصلہ سازی اور AI کے فیصلہ ساز نظام کا موازنہ کریں
باب۔9 مبادلہ کاری سے زر تک	• تبادلہ کاری کی تعریف کریں • زر کی اقسام کی شناخت کریں	• یارٹر سسٹم اور زر کے نظام کا موازنہ کریں • زر کے فوائد کا تجزیہ کریں	• ڈیجیٹل ادائیگی کی ایپس کو دریافت کریں • وضاحت کریں کہ AI لین دین میں دھوکہ دہی کا پتا کیسے لگتا ہے
باب ۔10 بازاروں کو سمجھنا	• بازار کی تعریف کریں • خریداروں اور فروخت کرنے والوں کی شناخت کریں	• بازاروں کے مختلف اقسام کا موازنہ کریں • معیشت میں بازاروں کے کردار کا تجزیہ کریں	• آن لائن شاپنگ پلیٹ فارم کو دریافت کریں وضاحت کریں کہ AI صارف کے ڈیٹا کی بنیاد پر مصنوعات کی سفارش کیسے کرتا ہے

Guidance: Teacher should first explain Social Science concepts using textbook examples, maps, and activities. After students understand the concept, the connection to AI should be introduced.


Students should be encouraged to:

- Compare human observation with digital systems
- Use AI tools under teacher or parent's supervision
- Verify AI responses with textbook content
- Explain AI connections in their own words

AI should support learning but not replace textbooks or teachers.

Conclusion :

The first ten lessons of Grade 7 Social Science develop essential skills such as observation, classification, comparison, interpretation, and decision-making. These same skills form the foundation of Artificial Intelligence. Understanding geography, history, civics, and economics helps students understand how machines collect and analyse data. Responsible use of AI strengthens knowledge, discipline, and ethical behaviour. With proper guidance, AI becomes a supportive tool that enhances Social Science learning and prepares students for future technological environments.




رہنمائی: استاد کو پہلے درسی کتابوں کی مثالوں، نقشوں اور سرگرمیوں کا استعمال کرتے ہوئے سماجی علوم کے تصورات کی وضاحت کرنی چاہیے۔ طلبا کے تصور کو سمجھنے کے بعد، AI کے ساتھ تعلق کو متعارف کر لیا جانا چاہیے۔

طلبا کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ وہ :

- انسانی مشاہدہ کا ڈیجیٹل نظام کے ساتھ موازنہ کریں۔
- استاد یا والدین کی نگرانی میں AI آلات کا استعمال کریں۔
- درسی کتاب کے مواد سے AI کے جوابات کی تصدیق کریں۔
- AI کے روابط کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
- AI کو سیکھنے میں مدد کرنی چاہیے لیکن اسے درسی کتابوں اور اساتذہ کی جگہ نہیں لینی چاہیے۔

خلاصہ :

ساتویں (7) جماعت سماجی علوم کے پہلے دس (10) اسباق ضروری مہارتیں جیسے مشاہدہ، درجہ بندی، موازنہ، تشریح اور فیصلہ سازی کو فروغ دیتے ہیں۔ یہی مہارتیں مصنوعی ذہانت AI کی بنیاد بناتی ہیں۔ جغرافیہ، تاریخی، شہریت اور معاشیات کو سمجھنا طلبا کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ مشینیں کس طرح ڈیٹا اکٹھا اور تجزیہ کرتی ہیں۔ AI کا ذمہ دارانہ استعمال علم، نظم وضبط اور اخلاقی رویہ کو مضبوط کرتا ہے۔ مناسب رہنمائی کے ساتھ، AI ایک مددگار آلہ بن جاتا ہے جو سماجی علوم سیکھنے کے عمل کو بہتر بناتا ہے اور طلبا کو مستقبل کے تکنیکی ماحول کے لیے تیار کرتا ہے۔



GLOSSERY

1. **AGMARK:** Stands for Agricultural Marketing, and it is a certification mark used in India to ensure the quality of agricultural products
2. **Alliance:** A group of countries, political parties, or people who have agreed to work together because of shared interests or aims
3. **Amendment:** A change or changes made to the words of a text
4. **Arbitrary:** Not seeming to be based on any reason or plan, and sometimes seeming unfair
5. **Ascetics:** Avoiding physical pleasures and living a simple life, often for spiritual reasons
6. **Auspiciousness:** Suggesting a positive and successful future
7. **Bustling:** If a place is bustling, it is full of busy activity
8. **Certification:** The process of earning an official document, or the act of providing an official document, as proof that something has happened or been done
9. **Classical Age:** A period in history marked by great cultural, artistic, scientific, and political achievements that set lasting standards
10. **Confluence:** The place where two rivers flow together and become one larger river
11. Contemporary: Belonging to or occurring in the present
12. **Corrosion:** The gradual destruction of a material, usually a metal, caused by a chemical reaction with its environment, like air or water, leading to deterioration
13. **Crucial:** Extremely important or necessary
14. **Degenerate:** Having lost the physical, mental, or moral qualities considered normal and desirable; showing evidence of decline
15. **Descendant:** A person who is related to you and who lives after you, such as your child or grandchild
16. **Devastate:** To destroy a place or thing completely or cause great damage
17. **Devout:** Believing strongly in a religion and obeying all its rules or principles
18. **Diplomatic:** Managing situations among people without upsetting anyone; usually involving the management of the relationships between countries
19. **Disintegrate:** To break into many small pieces
20. **Ecology:** A subject that studies living things and their relationship with the environment
21. **Entail:** Involve (something) as a necessary or inevitable part or consequence
22. **Epigraph:** A saying or a part of a poem, play, or book put at the beginning of a piece of writing or a film, to give the reader some idea of what the piece is about
23. **Evacuate:** To move people from a dangerous place to somewhere safe
24. **Fierce:** Physically violent and frightening
25. **Flourish:** To grow or develop successfully
26. **Foreign accounts:** Written records of the experience of foreigners in a country
27. **FSSAI:** Food Safety & Standards Authority of India
28. **Gregorian Calendar:** The system now used in most parts of the world to divide the 365 days of the year into weeks and months, and to number the years
29. **Hereditary:** Passing from a parent to a child through the genes
30. **Heritage:** Property that is or may be inherited; an inheritance
31. **Instasable:** something that cannot be physically touched such as digital money or feelings
32. **Inscribe:** Write or carve (words or symbols) on something, especially as a formal or permanent record
33. **Intricate:** Having a lot of small parts that are arranged in a complicated or delicate way
34. **Invoke:** Call upon (a deity or spirit) in prayer, as a witness, or for inspiration
35. **Legend:** A key or guide on a map that explains the symbols, colors, or markings used; another meaning - a story about a famous person or place
36. **Livid:** Extremely angry
37. **Majestic:** Having or showing impressive beauty or scale
38. **Matrimonial alliances:** A matrimonial alliance is a strategic marriage between members of royal families to strengthen political ties, secure peace, expand influence, or form military and economic partnerships between different rulers or states

فرہنگ

1. **AGMARK:** اس سے مراد زرعی مارکیٹنگ ہے اور یہ ہندوستان میں زرعی مصنوعات کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے استعمال ہونے والا ایک تصدیقی نشان ہے۔
2. **اتحاد:** ممالک، سیاسی جماعتوں یا لوگوں کا ایسا گروپ جو مشترکہ مفادات یا مقاصد کی وجہ سے مل کر کام کرنے پر متفق ہوا ہو۔
3. **ترمیم:** کسی تحریر کیے جانے والے الفاظ میں کی جانے والی تبدیلی یا تبدیلیاں۔
4. **من جانا/بے جا:** جو کسی معقول وجہ یا منصوبہ پر مبنی معلوم نہ ہو اور بعض اوقات غیر منصفانہ لگے۔
5. **صوفیا/ترکِ دنیا:** جسمانی لذتوں سے پرہیز کرنا اور سادہ زندگی گزارنا جو کہ اکثر روحانی مقاصد کے لیے ہوتا ہے۔
6. **خوش بخت:** ایک مثبت اور کامیاب مستقبل کا اشارہ دینا۔
7. **پُررونق:** اگر کوئی جگہ پُررونق ہو تو وہ مصروف سرگرمیوں سے بھری ہوتی ہے۔
8. **تصدیق نامہ:** ایک سرکاری دستاویز حاصل کرنے کا عمل یا ایک سرکاری دستاویز فراہم کرنے کا عمل، اس ثبوت کے طور پر کہ کچھ ہوا ہے یا کیا گیا ہے۔
9. **کلاسک دور:** تاریخ کا ایک ایسا دور جو عظیم ثقافتی، فنی، سائنسی اور سیاسی کامیابیوں کے لیے جانا جاتا ہے جنھوں نے پائیدار معیار قائم کیا۔
10. **سنگم:** وہ جگہ جہاں دو دریا مل کر بہتے ہیں اور ایک بڑی دریا بن جاتی ہے۔
11. **ہم عصر:** موجودہ دور سے تعلق رکھنے والا یا اس میں واقع ہونے والا۔
12. **زنگ لگنا:** کسی مادّہ، عام طور پر دھات کی، اس کے ماحول (جیسے ہوا یا پانی) کے ساتھ کیمیائی رد عمل کی وجہ سے بہ تدریج تباہی، جو بگاڑ کا باعث بنتی ہے۔
13. **انتہائی اہم:** انتہائی اہم یا ضروری
14. **زوال پذیر:** عام اور مطلوبہ سمجھی جانے والی جسمانی، ذہنی یا اخلاقی خصوصیات کو کھو دینا، زوال کے آثار دکھانا۔
15. **نسل:** وہ شخص جو آپ سے رشتہ رکھتا ہو اور آپ کے بعد زندہ ہو، جیسے آپ کا بیٹا یا پوتا یا پوتی۔
16. **تباہ و برباد کرنا:** کسی جگہ یا چیز کو مکمل طور پر تباہ کرنا یا بہت زیادہ نقصان پہنچانا۔
17. **عقیدت مند:** کسی مقصد پر پختہ یقین رکھنا اور اس کے تمام قوانین یا اصولوں کی اطاعت کرنا۔
18. **سفارتی:** کسی کو ناراض کیے بغیر لوگوں کے درمیان حالات کو سنبھالنا، عام طور پر مختلف ممالک کے درمیان تعلقات کے انتظام سے متعلق۔
19. **ٹکڑے ٹکڑے ہونا:** کئی چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں ٹوٹ جانا۔
20. **ماحولیات:** ایک ایسا مضمون جو جانداروں اور ماحول کے ساتھ ان کے تعلق کا مطالعہ کرتا ہے۔
21. **لازم ملزوم ہونا:** کسی چیز کو ایک لازمی یا ناگزیر حصہ یا نتیجہ کے طور پر شامل کرنا۔
22. **کتبہ / اقتباس:** کسی قول، نظم، ڈرامہ یا کتاب کا حصہ جو کسی تحریر یا فلم کے شروع میں رکھا جاتا ہے تاکہ قاری کو یہ اندازہ ہو سکے کہ وہ تحریر کس بارے میں ہے۔
23. **محفوظ جگہ منتقل کرنا:** لوگوں کو کسی خطرناک جگہ سے کسی محفوظ جگہ منتقل کرنا۔
24. **خوف ناک:** جسمانی طور پر منتشر دار اور خوف زدہ کرنے والا۔
25. **پروان چڑھنا:** کامیابی کے ساتھ بڑھنا یا ترقی کرنا۔
26. **غیر ملکی احوال:** کسی ملک میں غیر ملکی تجربات کے تحریری ریکارڈ۔
27. **FSSAI:** ہندوستانی ادارہ برائے تحفظ غذا و معیارات۔
28. **عیسوی کیلنڈر:** دنیا کے بیش تر حصوں میں سال کے 365 دنوں کو ہفتوں اور مہینوں میں تقسیم کرنے اور سالوں کو شمار کرنے کے لیے استعمال ہونے والا موجودہ نظام۔
29. **موروثی:** جینز کے ذریعہ والدین سے بچے میں منتقل ہونے والا۔
30. **ورثہ:** وہ جائیداد جو وراثت میں ملی ہو یا مل سکتی ہو۔
31. **غیر مادی:** کوئی ایسی چیز جسے جسمانی طور پر چھوا نہ جا سکے جیسے ڈیجیٹل رقم یا جذبات۔
32. **کندہ کرنا:** کسی چیز پر (الفاظ یا علامات) لکھنا یا تراشنا، خاص طور پر ایک باضابطہ یا مستقل ریکارڈ کے طور پر۔
33. **پے چیدہ:** بہت سے چھوٹے چھوٹے حصوں کا ہونا جو پے چیدہ یا نازک انداز میں ترتیب دیے گئے ہوں۔
34. **دعا کرنا:** دعا میں (کسی دیوتا یا روح) کو بہ طور گواہ یا الہام کے لیے پکارنا۔
35. **علامات کی فہرست:** نقشہ پر موجود ایک کلید یا گائیڈ جو استعمال شدہ علامات، رنگوں یا نشانات کی وضاحت کرتی ہے، دوسرا مطلب کسی مشہور شخص یا جگہ کے بارے میں ایک کہانی۔
36. **شدید غصہ میں:** انتہائی غضب ناک یا غصہ میں ہونا۔
37. **عظمت والا:** متاثر کن خوب صورتی یا شان و شوکت کا حامل ہونا۔
38. **شادی کے ذریعہ اتحاد:** شاہی خاندانوں کے ارکان کے درمیان ایک حکمت عملی کے تحت شادی تاکہ سیاسی تعلقات کو مضبوط کیا جا سکے، اس کو محفوظ بنایا جا سکے، اثر و رسوخ کو بڑھایا جا سکے یا مختلف

39. **Meteorologists:** Someone who studies meteor Iology (the scientific study of the processes that cause particular weather conditions)
40. **Moat:** A long, wide drain-like structure that is dug all around a place, such as a fort, and usually filled with water, to make it more difficult to attack
41. **Motif:** A decorative image or design, especially one that is repeated or has symbolic meaning
42. **Negotiation:** The process of discussing something with someone in order to reach an agreement with them, or the discussions themselves
43. **Obverse:** The front side of a coin or medal, usually bearing the main design
44. **Oppress:** To govern people in an unfair and cruel way and prevent them from having opportunities and freedom
45. **Patronising:** Patronising means supporting or sponsoring someone or something, often with a sense of authority or superiority. When kings used to patronise someone, it meant they provided support, protection, or funding for activities like religion, art, literature, or trade
46. **Phenomenon:** Something that exists and can be seen, felt, tasted, etc., especially something unusual or interesting
47. **Postulate:** To suggest a theory, idea, etc., as a basic principle from which a further idea is formed or developed
48. **Preamble:** An introduction to a speech or piece of writing
49. **Precipitation:** Water that falls from the clouds towards the ground, especially as rain or snow
50. **Preserve:** Maintain (something) in its original or existing state
51. **Privileged:** Having or showing a special advantage
52. **Quails:** A small, brown bird
53. **Ramparts:** A large wall built around a town, castle, etc. to protect it
54. **Rejuvenescence:** A renewal of youthfulness
55. **Relics:** An object, tradition, or system from the past that continues to exist; usually to refer to the remains of a renowned thinker or spiritual leader like the Buddha.
56. **Repression :** The use of force or violence to control a group of people
57. **Righteousness:** The quality of being morally right or justifiable
58. **Rock-Cut Architecture:** Rock-cut architecture is when temples or other structures are made by carving or cutting into solid rock. Instead of building with bricks or stones, artists shape the rock itself to create things like caves, walls, or sculptures. It is like creating a temple or artwork directly from a mountain or a large rock!
59. **Rugged:** Rough and uneven, often used to describe land that is full of rocks and hills
60. **Satraps:** Someone who governed a province (= political area) in ancient Persia
61. **Schist:** A type of rock that breaks easily into thin layers, formed of mica or other minerals
62. **Shaft:** A pole or a rod that forms the handle of a tool or weapon
63. **Siege:** The surrounding of a place by an armed force in order to defeat those defending it
64. **Silk Route:** The Silk Road was an ancient network of trade routes that connected Asia, Europe, and Africa. It got its name because 'silk' -a valuable and luxurious fabric from China - was one of the main goods traded along these routes. The route played a major role in connecting different parts of the world
65. **Splendour:** Great beauty that attracts admiration and attention
66. **Tarmac:** A black material used for building roads, etc., here refers to the paved surfaces at an airport where aircraft operate
67. **Testament:** Proof
68. **Travelogue:** A film, book, or illustrated lecture about the places visited by or experiences of a traveller
69. **Tributary:** A river or stream that flows into a larger river or a lake
70. **Turmoil:** A state of confusion, uncertainty, or disorder
71. **Uninterrupted:** Without any pauses or interrup -tions

39. **ماہرینِ موسمیات:** وہ شخص جو موسمیات کا مطالعہ کرتا ہے (موسمیاتی حالات کا سبب بننے والے عمل کا سائنسی مطالعہ)۔

40. **خندق:** ایک لمبی، چوڑی نالی نما ساخت جو کسی جگہ (جیسے قلعہ) کے ارد گرد کھودی جاتی ہے اور عام طور پر پانی سے بھری جاتی ہے تاکہ اس پر حملہ کرنا مشکل ہو جائے۔

41. **نمونہ / نقش:** ایک سجاوٹی تصویر یا ڈیزائن خاص طور پر وہ جو دہرایا گیا ہو یا جس کا کوئی علامتی معنی ہو۔

42. **مذاکرات** : کسی کے ساتھ کسی بات پر بحث کرنے کا عمل تاکہ ان کے ساتھ کوئی معاہدہ تک پہنچا جا سکے یا خود وہ بحث و مباحثہ۔

43. **سیدھا رخ** : کسی سکّہ یا تمغہ کا سامنے والا حصہ جس پر عام طور پر مرکزی ڈیزائن ہوتا ہے۔

44. **مظلوم بننا** : لوگوں پر غیر منصفانہ اور ظالمانہ طریقہ سے حکومت کرنا اور انھیں مواقع اور آزادی حاصل کرنے سے روکنا۔

45. **سرپرستی کرنا:** سرپرستی کرنے کا مطلب کسی شخص یا چیز کی حمایت یا اسپانسر کرنا ہے جو اکثر اتھاریٹی یا برتری کے احساس کے ساتھ ہوتا ہے۔ جب بادشاہ کسی کی سرپرستی کرتے تھے تو اس کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ وہ مذہب، آرٹ، ادب یا تجارت جیسی سرگرمیوں کے لیے مدد، تحفظ یا فنڈز (Funds) فراہم کرتے ہیں۔

46. **مظہر / رجحان:** کوئی ایسی چیز جو موجود ہو اور جسے دیکھا، محسوس کیا، چکھا جا سکے وغیرہ، خاص طور پر کوئی غیر معمولی یا دل چسپ چیز۔

47. **دلیل پیش کرنا:** کسی خیال وغیرہ کو ایک بنیادی اصول کے طور پر تجویز کرنا جس سے مزید کوئی خیال تشکیل دیا جائے یا تیار کیا جائے۔

48. **تمہید:** کسی تقریر یا تحریر کا تعارف۔

49. **بارش:** وہ پانی جو بادلوں سے زمین کی طرف گرتا ہے، خاص طور پر بارش یا برف کی شکل میں۔

50. **محفوظ کرنا** : کسی چیز کو اس کی اصل یا موجودہ حالت میں برقرار رکھنا۔

51. **مراعات یافتہ:** کوئی خاص فائدہ حاصل ہونا یا دکھانا۔

52. **بٹیر:** ایک چھوٹا، بھورے رنگ کا پرندہ۔

53. **فصیل:** ایک بڑی دیوار جو کسی قصبہ، قلعہ وغیرہ کے گرد اس کی حفاظت کے لیے بنائی گئی ہو۔

54. **دوبارہ جوانی حاصل کرنا:** جوانی یا تازگی کی تجدید۔

55. **تبرکات:** ماضی کی کوئی چیز، روایت یا نظام جو اب بھی موجود ہو، عام طور پر اس کا اطلاق کسی مشہور مفکر یا روحانی رہنما (جیسے بدھ) کے مادی باقیات پر ہوتا ہے۔

56. **جبر:** لوگوں کے ایک گروپ کو کنٹرول کرنے کے لیے طاقت یا تشدد کا استعمال۔

57. **راست بازی / نیکی:** اخلاقی طور پر پُر درست یا جائز ہونے کی صفت۔

58. **چٹان تراش فنِ تعمیر:** چٹان تراش فنِ تعمیر تب ہوتا ہے جب مندر یا دیگر ساختیں ٹھوس چٹان کو تراش کر یا کاٹ کر بنائی جاتی ہیں۔ اینٹوں یا پتھروں سے تعمیر کرنے کے بجائے فن کار غاروں، دیواروں یا مجسموں جیسی چیزیں بنانے کے لیے چٹان کو خود شکل دیتے ہیں۔ یہ ایک پہاڑ یا بڑی چٹان سے براہِ راست مندر یا آرٹ ورک بنانے جیسا ہے۔

59. **ناہموار:** کھردار اور ناہموار اکثر ایسی زمین کو بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جو چٹان اور پہاڑوں سے بھرا ہو۔

60. **صوبہ دار:** وہ شخص جو قدیم فارس (ایران) میں کسی صوبہ پر حکومت کرتا تھا۔

61. **ابرقی چٹان :** ایک قسم کی چٹان جو آسانی سے پتلی تہوں میں ٹوٹ جاتی ہے جو ابرک یا دیگر معدنیات سے بنی ہوتی ہے۔

62. **دستہ / ڈنڈا :** ایک پول یا راڈ جو کسی اوزار یا ہتھیار کا ہینڈل بناتی ہے۔

63. **محاصرہ:** کسی جگہ کو مسلح فوج کے ذریعہ گھیر لینا تاکہ اس کا دفاع کرنے والوں کو شکست دی جا سکے۔

64. **شاہ راہ ریشم** : سلک روڈ تجارتی راستوں کا ایک قدیم نیٹ ورک تھا جس نے ایشیا، یوروپ اور آفریقہ کو جوڑا۔ اس کا یہ نام اس لیے پڑا کیوں کہ "ریشم" چین کا ایک قیمتی اور پُر تعیش کپڑا ان راستوں پر تجارت کی جانے والی اہم اشیا میں سے ایک تھا۔ اس راستہ نے دنیا کے مختلف حصوں کو جوڑنے میں اہم کردار ادا کیا۔

65. **شان و شوکت:** زبردست خوب صورتی جو تعریف اور توجہ کو اپنی طرف راغب کرے۔

66. **پکی سڑک کا مواد:** سڑکیں بنانے کے لیے استعمال ہونے والا ایک سیاہ مواد وغیرہ، یہاں اس کا اشارہ ہوائی اڈہ کی پکّی سطحوں کی طرف ہے جہاں طیارے چلتے ہیں۔

67. **ثبوت / گواہی:** ثبوت یا دلیل۔


68. **سفر نامہ:** ایک فلم، کتاب یا تصویری لیکچر جو کسی مسافر کے ذریعہ گھومی گئی جگہوں یا اس کے تجربات کے بارے میں ہو۔


69. **معاون ندی :** ایک دریا یا ندی جو کسی بڑے دریا یا جھیل میں گرتی ہے۔

70. **ہنگامہ آرائی :** الجھن، غیر یقینی صورتِ حال یا بدامنی کی حالت۔

71. **بلا تعطل:** بغیر کسی وقفہ یا رکاوٹ کے۔


A R C T I C O C E A N
Greenland (Denmark)
Russia
Canada
Alaska (USA)
United States of America
China
India
Australia
Indonesia
Kazakhstan
Mongolia
Brazil
Argentina
Chila
Peru
Bolivin
Uruguay
Guyana
Ecuador
Colombia
Mexico
Norden
Finland
Norway
Sweden
Poland
Ukraina
Germany
Spain
Portugal
Turkey
Bulgaria
Algeria
Libya
Egypt
Sudan
Niger
Chad
Nigeria
Mali
Iran
Iraq
Pakistan
Saudi Arabia
Oman
Japan
North Korea
South Korea
Myanmar
Bangladesh
Thailand
Malaysia
Singapore
Philippines
Papua
Timor-Lorce
New Caledonia
New Zealand
South Island
Tasmania
Madagazar
Angola
Zambia
Tanzania
Kenya
Ethiopia
South Africa
Sesotho
Liberia
Sierra Leone
Ireland
Iceland
Denmark
Belarna
Kytonia
Latvia
Black Sea
Caspian Sea
Aral Sea
Barents Sea
Kara Sea
Lapter Sea
East Siberian Sea
Wrangel
Beaufort Sea
Baffin Bay
Hudron Bay
Labrador Sea
Gulf of Alaska
Norwegian Sea
Arctic Circle
Tropic of Cancer
Tropic of Capricorn
Equator
Prime Meridian
NORTH PACIFIC OCEAN
SOUTH PACIFIC OCEAN
NORTH ATLANTIC OCEAN
SOUTH ATLANTIC OCEAN
INDIAN OCEAN
PACIFIC OCEAN
S O U T H C A N O C E A N
A N T A R C T I C A
Autarctic Circle
Weddell Sea
Falkland Islands (U.K.)
South Georgia (U.K.)
0 2,000 4,000 Miles
0 3,000 4,000 6,000 8,000 Kilometers
1. Netherlands
2. Belgium
3. Luxembourg
4. Switzerland
5. Cwaania
6. Croatia
7. Bosnia and Herzagovina
8. Czechia
9. Slovakia
10. Austria
11. Dungary
12. Serbia
13. Narsinea
14. North Mecedonia
15. Albania
16. Cyprus
17. Labanon
18. Uniited Blatan
19. Guinea
20. Ghana
21. Togo
22. Benin
23. Cameroon
24. Equatorial Guinea
25. Bownda
26. Cambodia
27. Panama
28. Malawi
20. Liechtenshits
30. Montenegre
31. Kezovo
32. Palestinian Territories
33. St. Vincent & the Grenadines


TAJIKISTAN
AFGHANISTAN
PAKISTAN
CHINA (TIBET)
NEPAL
BHUTAN
BANGLADESH
MYANMAR (BURMA)
SRI LANKA
INDIAN OCEAN
ARABIAN SEA
BAY OF BENGAL
LADAKH
Srinagar
Leh
JAMMU & KASHMIR
Jammu
HIMACHAL PRADESH
Shimla
PUNJAB
CHANDIGARH
Dehradun
UTTARAKHAND
HARYANA
DELHI
New Delhi
UTTAR PRADESH
Lucknow
Jaipur
RAJASTHAN
BIHAR
Patna
SIKKIM
Gangtok
Itanagar
ARUNACHAL PRADESH
Dispur
ASSAM
NAGALAND
Kohima
Shillong
MEGHALAYA
Imphal
MANIPUR
Agartala
TRIPURA
Aizawl
MIZORAM
JHARKHAND
Ranchi
WEST BENGAL
Kolkata
Gandhinagar
GUJARAT
Bhopal
MADHYA PRADESH
CHHATTISGARH
Raipur
Bhuvaneswar
ODISHA
Daman
DADRA & NAGAR HAVELI AND DAMAN & DIU
MAHARASHTRA
Mumbai
TELANGANA
Hyderabad
Amaravati
Yanam (Puducherry)
Panaji
GOA
ANDHRA PRADESH
KARNATAKA
Bengaluru
Chennai
Mahe (Puducherry)
PUDUCHERRY
Kavaratti
LAKSHADWEEP (INDIA)
KERALA
TAMIL NADU
Karaikal (Puducherry)
Thiruvananthapuram
ANDAMAN & NICOBAR ISLANDS (INDIA)
Port Blair
International Boundary
State/UT Boundary
Country Capital
State/UT Capital



© NCERT

MIND MAP

The Class 7 Social Science curriculum explores critical themes (Themes A to E), covering India's history in a global context, its cultural development, the structure of governance, and the aspects of economic life, providing a foundation for understanding society and citizenship.

SEM - 1

Class 7 – Social Science

CG 1: Understanding Human life
- Trace origins of societies
- Map human development over time
- Study basic needs
- Analyze site expressions

CG 2: Continuity/ social change
- Identify major historical shifts
- Examine long-term processes
- Compare different historical periods
- Evaluate experiences of change

CG 3: Social changes
- Understand social structures
- Analyze causes & dynamics
- Explore roles in society
- Investigate transformations over time

CG 4: India's geography
- Locate key geographical features
- Study diverse landscapes
- Learn about major river systems & regions

CG 5: Analyzing society
- Define societal systems
- Critically evaluate institutions
- Learn sustainable management
- Study economic resources

CG 6: Resources
- Classify natural resources
- Analyze resource distribution
- Learn sustainable management
- Study economic resources

CG 8: Livelihoods
- Explore various occupations
- Understand local economies
- Compare urban vs rural livelihood
- Analyze production & consumption

CG 9: Governance
- Learn democratic principles
- Study political systems & structures
- Investigate systems of governance

THEME A — INDIA AND THE WORLD: LAND & THE PEOPLE
Chapter 1 - Geographical Diversity in India
Chapter 2-Understanding the Weather
Chapter 3 - Climate of India

THEME B — TAPESTRY OF THE PAST
Chapter 4 - New Beginings; Cities and States
Chapter 5 - The Rise of Empire
Chapter 6 - The Age of Reorganisation

THEME C — OUR CULTURAL HERITAGE & KNOWLEDGE TRADITIONS
Chapter 8 – How the Land Becomes Sacred

THEME D — GOVERNANCE AND DEMOCRACY
Chapter 9 – From the Rulers to the Ruled Types of Governments

THEME E — ECONOMIC LIFE AROUND US
Chapter 11 – From Barter to Money
Chapter 12 - Understanding Markets

FUNDAMENTAL DUTIES

Fundamental duties: It shall be the duty of every citizen of India-

(a) to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;

(b) to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;

(c) to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;

(d) to defend the country and render national service when called upon to do so;

(e) to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;

(f) to value and preserve the rich heritage of our composite culture;

(g) to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers and wild life, and to have compassion for living creatures;

(h) to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;

(i) to safeguard public property and to abjure violence.

(j) to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement;

(k) who is a parent or guardian, to provide opportunities for education to his child or, as the case may be ward between the age of six and fourteen years.

- Constitution of India,
Part IV A (Article 51 A)

Right of Children to Free and Compulsory Education (RTE) Act, 2009

The RTE Act provides for the right of children to free and Compulsory Education to every child in the age group of 6 – 14 years which came into force from 1st April 2010 in Andhra Pradesh.

Important provisions of RTE Act

- Ensure availability of schools within the reach of the children.
- Improve School infrastructure facilities.
- Enroll children in the class appropriate to his / her age.
- Children have a right to receive special training in order to be at par with other children.
- Providing appropriate facilities for the education of children with special needs on par with other children.
- No child shall be liable to pay any kind of fee or charges or expenses which may prevent him or her from pursuing and completing the elementary education. No test for admitting the children in schools.
- No removal of name and repetition of the child in the same class.
- No child admitted in a school shall be held back in any class or expel from school till the completion of elementary education.
- No child shall be subjected to physical punishment or mental harassment.
- Admission shall not be denied or delayed on the ground that the transfer and other certificates have not been provided on time.
- Eligible candidates alone shall be appointed as teachers.
- The teaching learning process and evaluation procedures shall promote achievement of appropriate competencies.
- No board examinations shall be conducted to the children till the completion of elementary education.
- Children can continue in the schools even after 14 years until completion of elementary education.
- No discrimination and related practices towards children belonging to backward and marginalized communities.
- The curriculum and evaluation procedures must be in conformity with the values enshrined in the constitution and make the child free of fear and anxiety and help the child to express views freely.

© SCERT